# میری محبتیں، تیری عقیدتیں

سجل علی

کیا سوچ کر تم وہاں گئے تھے

کس کی اجازت سے تم نے اس کو دیکھا

میں خون پی جاؤں گا تمہارا

اگر اب کبھی تم مجھے اس کے آس پاس بھی نظر آئے تو

وہ سامنے کھڑے لڑکے کو بُری طرح پیٹتے ہوئے دھاڑا

معاف کر دو۔۔۔

آگے۔۔۔ آگے سے میں کبھی اسے چھیڑنے کی کوشش نہیں کروں گا

وہ لڑکا گڑگڑا کر بولا

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

وہ تو تم تب اسے چھیڑو گے ناجب میں تمہیں اس قابل چھوڑوں گا

سفاکی سے مسکراتے ہوئے اس نے ایک زوردار مکا اس لڑکے کو جڑ دیا

شدت درد کے مارے وہ دبلا پتلا سا لڑکا بلبلا اٹھا

زہریلی مسکراہٹ کو عنابی ہونٹوں پر سجاتے ہوئے اس نے اپنے ساتھ کھڑے عمیر کو مخاطب کیا

عمیر! اسے لے جاؤ فلحال اور خوب مہمان نوازی کرنا

یہ میرا مہمان خاص ہے

اپنے ساتھ کھڑے لڑکے پر حکم صادر کرتا وہ آندھی طوفان کی طرح اس بند کمرے سے باہر نکل گیا

سر! کہاں چلنا ہے

ڈرائیور موعدب طریقے سے پوچھنے لگا

اس کی ذات کی خاصیت تھی یا خامی لیکن


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

ایک وحشت سی تھی

اس کے اندر ملازمین ہو چاہے کوئی اور سب اس کے غصے اور ہمت کی وجہ سے خوفزدہ رہتے تھے

گھر!

مختصر جواب دیا گیا

ساتھ ہی گاڑی کی پشت سے سر ٹکا کر وہ آنکھیں موند گیا

بھوری آنکھوں میں جلن ہونے لگی

پانی کی بوتل دو مجھے

آنکھوں کو مسلتے ہوئے اس نے نیا حکم جاری کیا

جی صاحب!

ڈرائیور نے فورًا اپنے مغرور صاحب کے حکم پر عمل کیا

اور پانی کی بوتل اس کے مضبوط ہاتھ میں پکڑا دی

ٹھنڈے پانی کے چھینٹے اس نے اپنی پر کشش بھوری آنکھوں میں مارے

پانی ٹھنڈا ہونے کی وجہ سے اس کی آنکھوں میں موجود جلن کی شدت میں کچھ کمی آئی

لیکن پوری طرح سے ختم ابھی بھی نہیں ہوئی تھی

اب بھی وہ خود پر ضبط کیے ہوئے تھا

ورنہ اس کا دل تو چاہ رہا تھا سب کچھ ایک جست میں تباہ کر دے

بوتل کو بند کرنے کے بعد اس نے سیٹ پر خالی بوتل کو پھینکا

اور اپنی پیشانی کو مسلتے ہوئے

سیل فون پر کوئی نمبر ڈائل کرنے لگا

پہلی بیل پر ہی کال ریسیو کر لی گئی تھی

کیا وہ گھر پہنچ گئی ہے؟

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/Classicurdumaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

اس نے پوچھا جب کے لہجے میں بیزاری اور اکتاہٹ سی تھی

چلو ٹھیک ہے تم اب واپسی کا راستہ ناپو

دوسری جانب کال پر موجود آدمی نے پتا نہیں اسے کیا کہا تھا

جس کے جواب میں وہ بولا

اور کال بند کر دی

پہلے کی نسبت اس کی پیشانی پر موجود سلوٹوں میں مزید اضافہ ہوا

باقی کا راستہ خاموشی سے گزرا

اور لینڈ کروزر سیاہ ماربل سے مزین وسیع و عریض

شاہ مینشن میں داخل ہو گئی

ایک جاندار سی مسکان اس کے ہونٹوں پر نمودار ہوئی ی

باڈی گارڈ نے لینڈ کروزر کا ڈور کھولا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

حیدر شاہ گاڑی سے باہر آیا

ایک ہاتھ میں کوٹ دوسرے ہاتھ میں قیمتی سیل فون لیے متواتر چال چلتا وسیع لان عبور کرتا ہوا

گھر کے اندرونے حصے کی طرف بڑھا

اور شاہانہ طرز سے بنے لاؤنج میں داخل ہوا

تھکان اور غصے کے ملے جلے تاثرات اس کے وجیہہ چہرے پر تاحال موجود تھے

سرپانی!

سر جھکائے اس کا خاص ملازم پانی کا گلاس ہاتھ میں لیے اس کے پاس آیا

وہ جو تھیری سیٹر صوفے پر آنکھیں موندے خاموش سا بیٹھا تھا

ایک ترچھی نگاہ اپنے سامنے کھڑے ادھیڑ عمر کے اس ملازم کو دیکھا اور اٹھ بیٹھا

شرٹ کے بازو فولڈ کرتا اس نے پانی کا گلاس ہونٹوں سے لگا لیا تھا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اس کے کسرتی بازو نمایاں تھے

سر کھانا لگادوں؟

سامنے کھڑے ادھیڑ عمر کے آدمی نے اس سے پوچھا

نہیں رہنے دو۔۔

بھوک نہیں ہے بعد میں کھالوں گا

وہ کہتا ہوا اٹھ کھڑا ہوا

ایک ہاتھ میں کوٹ اٹھائے دوسرے ہاتھ میں سیل فون لیے وہ اپنے کمرے کی جانب بڑھ گیا

اس کا انداز نا جانے کیوں اس ادھیڑ عمر کے آدمی کو ہمیشہ سے زیادہ شکستہ سا لگا

سب کچھ تو تھا اس انسان کے پاس پیسہ شہرت عزت لیکن پھر بھی اس کی شخصیت میں ایک پراسرار سی کمی موجود تھی

لیکن جو بھی تھا وہ اس کا ملازم تھا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اور حیدر شاہ کے اس قدر قریب نہیں تھا کے اس سے پریشانی یا غصے کی وجہ پوچھ سکتا اس لیے تاسف سے سر جھٹکتا واپس کچن کی جانب مڑ گیا

❦❦❦❦❦

وہ جیسے ہی گھر میں داخل ہوئی ی

اس کے چہرے پر چھائی مسکراہٹ سمٹ گئی

اور اس مسکراہٹ کی جگہ مایوسی اور افسردگی نے لے لی

!آ گئی مادام

میں تو کہتی ہوں پورے دنیا کا ٹھیکا تم نے لے رکھا ہے تبھی تو گھر دیر سے آتی ہو

زہریلے لہجے میں کہتی ہوئی ی نبیلہ بیگم اس کے سامنے دیوار کی طرح بن کے کھڑی ہو گئیں

وہ گڑبڑا کر دو قدم پیچھے ہٹ گئی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

!تائی امی وہ بس میں

خاموش ہو جاؤ بد بخت اور جلدی سے کپڑے بدل کر آ

گھر کا کام تمہارے نوکر آ کر نپٹائیں گے ؟

اس سے پہلے وہ اپنی بات پوری کرتی نبیلہ بیگم نے چنگاڑتے ہوئے اسے بیچ میں ٹوک دیا

وہ محض فضا میں سرد سانس خارج کرتی اپنے کمرے کی جانب بڑھ گئی

اور کر بھی کیا سکتی تھی

نبیلہ بیگم کا یہ روز کا معمول تھا یہ

وہ نازک سی لڑکی

انہیں کبھی انسان نظر ہی نہیں آئی تھی

اس لیے ہر وقت وہ اسے ربورٹ کی طرح کام کرواتی تھیں

ناجانے میری زندگی سے یہ عذاب کب ختم ہوں گے

وہ بیگ صوفے پر پھینکتی ہوئی ی بڑبڑائی

وارڈروب سے کپڑے نکال کر وہ فریش ہونے چلی گئی

فریش ہو جانے کے بعد وہ پھر نیچے لاؤنج میں داخل ہوئی ی

کھانا کیا بنا تھا آج؟

سامنے کھڑے ملازمہ سے وہ گویا ہوئی ی

سلکی دراز بال پشت پر کسی آبشار کی طرح پھیلے ہوئے تھے

جی ہاں اس گھر میں ملازمہ بھی تھی لیکن پھر بھی نبیلہ بیگم کو وہ کسی ملازمہ سے کم نہیں لگتی تھی

زرد رنگ کے ڈریس میں ملبوس نکھری نکھری سی وہ کسی پری پیکر سے کم نہیں لگ رہی تھی

! بریانی بنائی تھی آپ بیٹھ جائیں میں ابھی آپ کا کھانا لے کر آتی ہوں

ملازمہ نے نرمی سے کہا

وہ سراثبات میں ہلاتی ڈائیننگ روم میں داخل ہوگئی

ناجانے کتنے دنوں بعد وہ ڈائیننگ روم میں بیٹھ کر کھانا کھا رہی تھی

اور یہ کرم نوازی بھی صرف اسی لیے ہو رہی تھی کیوں کے احتشام صاحب گھر پر موجود تھے آج

نبیلہ بیگم کا بس نہیں چل رہا تھا

ورنہ وہ اسے ڈائیننگ روم سے باہر اٹھا کر پھیک دیتیں

کیسی ہیں سندس گڑیا آپ؟

احتشام صاحب نے اپنی حسین ترین بھتیجی کو محبت سے دیکھتے ہوئے پوچھا

ٹھیک ہوں بڑے ابو!

زبردستی کی مسکان کو ہونٹوں پر سجاتے ہوئے اس نے جواب دیا

ڈائیننگ روم میں موجود تمام نفوس کی توجہ کا مرکز سندس کی ذات تھی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

وہ سب کی نگاہیں خود پر جمی محسوس کر رہی تھی جس کی وجہ سے وہ پزل ہونے لگی

جب کے نبیلہ بیگم کی طرف دیکھنے کی غلطی اس نے ابھی تک نہیں کی تھی

کھانے کے مختلف لوازمات سب کے آگے موجود تھے

سب نے ہی پیٹ بھر کر کھانا کھایا تھا لیکن اس نے محض چند لقمے ہی حلق میں اتارے تھے

اپنے کمرے میں واپس آنے کے بعد اس نے سکون کا سانس لیا اور صوفے پر لیٹ گئی

تھکان کی وجہ سے اس کی دودھیا رنگت سرخی مائل ہو گئی تھی

اس کی آنکھوں کے سامنے چھن سے آج والا منظر گھومنے لگا

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

✿ ✿ ✿ ✿ ✿ ✿ ✿

کالج سے واپسی پر ایک اوارہ لڑکا اس کا راستہ روک کر کھڑا ہو گیا

سنسان سڑک ہونے کی وجہ سے اس لڑکے کی ہمت زیادہ بندھی

کہاں جا رہی ہو جانیمن ہمیں بھی تو بتاتی جاؤ

اچھا چلو آج میرے ساتھ "میں تمہارے اس خوبصورت وجود کو شرف بخشنا چاہتا ہوں

انتہائی واحیات گفتگو کرتا ہوا وہ خباثت زدہ لہجے میں بے ہنگم قہقہہ لگاتے بولا

سندس کی سانس تھمنے لگی

نفی میں سر ہلاتے ہوئے وہ پیچھے کی جانب قدم لے رہی تھی

اور ساتھ ہی ارد گرد نظر دوڑا رہی تھی اس کا وجود لرز رہا تھا اور وہ لفنگا لڑکا بھی اس کی

طرف ہی پیش قدمی کرنے لگا

اللہ پاک اب آپ ہی میر مدد کر سکتے ہیں

اپنے رب کے حضور اس نے فریاد کی

کبوتر کی طرح آنکھیں اس نے میچ لی تھیں

سفید موتی اس کے روئی جیسے گالوں پر بہنے لگے

اور پھر اس نے اپنے نزدیک آتے اس لڑکے کو دیکھا اور اندھا دھن ایک ہی سمت میں بھاگنے لگی

وہ بار بار پیچھے کی جانب بھی دیکھ رہی تھی کہیں وہ لڑکا اس کے پیچھے تو نہیں آرہا

لیکن پھر اس کا سر کسی مضبوط چیز سے ٹکرایا اس سے پہلے وہ خود کو سنبھالتی سامنے والے شخص نے مضبوطی اسے اپنی گرفت میں لے لیا

خوف کے مارے اس کی سیاہ پر کشش آنکھیں بند تھیں

سامنے والا ٹکٹکی باندھے اس کے سحر میں ابھی تک جکڑا ہوا تھا

اور ایک دم اس کے اندر غصے کی شدید لہر دوڑ گئی

اس نے سندس کو خود سے الگ کیا

اب وہ بلکل اس کے پیچھے چھپ گئی تھی

ڈرائیور اسے اس کے گھر چھوڑ دو

بغیر اس کی طرف دیکھے وہ ڈرائیور سے مخاطب تھا

اور خود اس لڑکے کی جانب بڑھا

سندس گھبراہٹ کی وجہ سے لب کچلتی وہاں کھڑی رہی

!مادام چلیں

ڈرائیور نے سر جھکائے ہی اس سے کہا

وہ تو غائب دماغی سے حیدر شاہ کو دیکھ رہی تھی جو اس کے لیے کسی فرشتے کی طرح نازل ہوا تھا

دل ہی دل میں اس نے اپنے مسیحا کو ڈھیروں دعاؤں سے نوازا اور بھاگتے ہوئے وہاں سے چلی گئی

وہ۔مزید وہاں نہیں رکنا چاہتی تھی

اور پھر وہ جیسے تیسے کر کے آخر کار اپنے گھر پہنچ گئی

اگر آج وہ وہاں نہیں پہنچتے پھر؟

اس نے سوچا

اور اس کے آگے سوچتے ہی اس دل نے جھر جھری لی

لیکن کون تھے وہ؟

ایک اور سوال اس کا منہ چڑا رہا تھا

اب وہ بیڈ پر بیٹھ گی اور تکیے کو اپنی گود میں رکھ دیا

اس کی سوچ کا محور وہی اجنبی انسان تھا

جس نے اس کی عزت اور جان کی حفاظت کی تھی

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

⚘ ⚘ ⚘ ⚘ ⚘ ⚘

احتشام ملک اور احمر ملک دونوں بھائی تھے

اور دونوں بھائیوں کا مشترقہ بزنس تھا

جیسے جیسے وقت آگے بڑھ رہا تھا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

ان کا بزنس بھی وسیع تر ہوتا رہا تھا

زندگی ہنسی خوشی بسر ہو رہی تھی

احشام صاحب کی شادی اپنی خالہ کی بیٹی نیبلہ سے ہوئی ی تھی

اور احمر صاحب نے اپنی پسند سے نگار بیگم سے شادی کی تھی

وقت اب پر لگا کے گزر رہا تھا

نبیلہ بیگم ایک تیز تراز عورت تھیں

جب کے نگار بیگم اتنی ہی نرم دل اور صابر عورت تھی

نگار بیگم جب سے رخصت ہو کر ملک ہاؤس آئی تھی

نبیلہ بیگم ان سے کھیچی کھیچی سی رہتی تھیں

اور اس بات کی وجہ جاننے سے نگار بیگم بھی قاصر تھیں

زندگی مزید آگے بڑھی اور احتشام صاحب اور نبیلہ بیگم کی زندگی میں خرم آیا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

خرم کیوں کے نبیلہ بیگم کی پہلی اولاد تھا

توگھر بھر کالاڈلا بھی خرم ہی تھا

خرم کی پیدائش کے چھے سال بعد نگار بیگم نے بیٹی کو جنم دیا

جس کانام احمر صاحب نے سندس رکھا

گول مٹول سی سندس دیکھتے ہی دیکھتے سب کی آنکھوں کا تارا بن گی لیکن کوئی تھا جس کی آنکھوں کو سندس کا وجود ایک آنکھ نہیں بھاتا تھا

زندگی اب ایک سمت پر چل پڑی تھی

سندس جب گیارہ سال کی ہوئی تو ایک دن روڈ حادثے میں احمر صاحب اور نگار بیگم جان بحق ہو گئے

اس ننھی سی شہزادی کی دنیا تو کم عمری میں اجڑ گئی تھی

لیکن احتشام اور خرم کے لیے وہ ننھی سی پری بہت اہمیت رکھتی تھی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

جس طرح خرم ملک سے باہر اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لیے لندن گیا تھا اسی طرح

احتشام صاحب نے سندس کو بھی لندن بھیج دیا تھا

اسے اپنی اعلیٰ تعلیم مکمل کرنے کے لیے

لیکن پھر

بھی اس کی تعلیم مکمل نہیں ہوئی تھی

اور احتشام نے اسے واپس پاکستان بلا لیا اور اب وہ اسلام آباد کے ایک نجی کالج سے اپنی

تعلیم حاصل کر رہی تھی

احتشام صاحب کو مسلسل مالی طور پر نقصان ہو رہا تھا ان کا بزنس ہر گزرتے دن کے ساتھ

گھاٹے میں جا رہا تھا

سندس اپنے بابا کے زیادہ قریب تھی

کبھی کبھی وہ شہزادی اپنے ماں باپ کو یاد کر کے رو دیتی تھی

لیکن کہتے ہیں نا وقت ہر زخم پر مرہم رکھ دیتا ہے

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

وہ بھی اب وقت کے سانچے میں خود کو ڈھال چکی تھی

اس کی خوبصورتی کو دیکھتے ہوئے نبیلہ بیگم اکثر پہلو بدلنے پر مجبور ہو جاتی تھیں

انہیں ڈر تھا کہیں وہ خوبصورت سی شہزادی ان کے اکلوتے سپوت کے دل میں گھر نا کر لے

بڑی بڑی پر کشش سیاہ آنکھیں

دودھیا رنگت کھڑی ہوئی ی چھوٹی سی ناک

روئی جیسے بھرے ہوئے گال وہ خوبصورتی کی مثال تھی

لیکن اپنی تمام تر خوبصورتی کے باوجود وہ عام سی لڑکی تھی

گم صم رہنے والی

خود میں مگن رہنے والی تھی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

حیدر شاہ کہاں ہو تم؟

وہ کمرے میں اندھیرا کیے اوندھے منہ اپنے جہازی سائیز بیڈ پر دراز تھا جب عمیر کی کال اسے موصول ہوئی ی

گھر ہوں!

اور میرے خاص مہمان کے حال دو

مغرور سا شہزادہ اپنے بستر سے اٹھ کر بیٹھتے ہوئے بولا

بیڈ سے اترنے کے بعد اس نے تمام تر لائٹس آن کر دی

جس سے اس کا علیشان کمرا روشیوں میں نہا گیا تھا

حیدر شاہ!

وہ اپنی غلطی تسلیم کر تو رہا ہے

عمیر نے فضا میں گہرا سانس کھینچتے ہوئے اسے سمجھانے کی ناکام کوشش کی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

!تو پھر

اور تم کیوں مجھے اس کی صفائی دے رہے ہو

اس کی سب غلطیوں پر عظیم غلطی ہی یہی ہے

اس نے میری زندگی میری شہزادی کو میلی نظر سے دیکھا

اب سزا کا حق دار وہ ہے اور فلحال مجھے پر سکون کی نیند کرنی ہے بعد میں بات ہو گی

اس کا چہرہ ہنوز سپاٹ تھا

صوفے پر سیل فون پھینکنے کے بعد وہ پھر بیڈ پر دراز ہو گیا

نیند کا خمار اس کی آنکھوں میں موجود تھا

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

حیدر شاہ اپنے ماں باپ کی اکلوتی اولاد تھا

اس کی ابتدائی تعلیم اور زندگی لندن میں گزری تھی

محمود صاحب اور صالحہ بیگم کی قل کائنات ان کا بیٹا حیدر شاہ تھا

جو شروع سے ذہین لڑکا تھا

محمود صاحب لندن کے امیر ترین شخصیات میں سے تھے

حیدر شاہ خوبرو نوجوان تھا

بھوری ذہانت سے بھرپور آنکھیں کھڑی مغرور ناک گولڈن بال سرخ سفید رنگ وہ

مردانہ وجاہت کا شاہکار تھا

غصہ اور ضد اس کی ذات کے اہم پہلو تھے

محمود شاہ کی بڑھتی مقبولیت اور شہرت کو دیکھ کر ان کے دشمنوں کی فہرست میں بھی ہر

گزرتے دن کے ساتھ اضافہ ہوتا چلا گیا

اور ایک دن محمود شاہ پر قاتلانہ حملہ کروایا گیا جس کے نتیجے میں وہ موقعے پر ہی اس فانی دنیا

سے چل بسے

صالحہ بیگم بھی شوہر کی وفات کے تین سال بعد ہی چل بسی

جس کے بعد حیدر شاہ بلکل تنہا رہ گیا تھا

ہر چیز سے اس کا دل اکتا سا گیا تھا

لیکن اس نے خود کو حالات کے آگے گھٹنے ٹیکنے پر مجبور نہیں کیا

اس نے نئے سرے سے اپنے اعصاب کو مضبوط کیا

اور ماں باپ کی جدائی کا صدمہ جھلنے کے بعد ایک نڈر اور مزید سفاک اور ظالم ہو گیا تھا

نا جانے کیوں وہ نرم خو شہزادہ سفاک اور ظالم جیسے القبات اپنی ذات کے ساتھ جوڑ کر

خوش ہوتا تھا

لیکن پچھلے ایک سال سے وہ پاکستان میں ہی مقیم تھا

سب کچھ چھوڑ کر وہ صرف ایک ہی ہستی کے لیے پاکستان آ گیا تھا

کیوں کے وہ لڑکی اس کے رگ رگ میں سما چکی تھی

اور جس سے چاہ کر بھی وہ کنارہ کشی اختیار نہیں کر سکتا تھا

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

---

اگلے دن صبح جلدی جلدی پوری تیاری کرنے کے باوجود اس کی کالج روانگی میں خاصی دیر ہو چکی تھی

اب وہ اپنے نچلے لب کو کچلتی ہوئی گھر سے باہر نکل آئی

ہر طرف گہما گہمی تھی وہ حجاب سے ہی نقاب کیے ہوئے عجلت میں آگے بڑھ رہی تھی

کوئی تھا جو اس کا تعاقب میں تھا

کوئی تھا جو اس کی ہر نقل و حرکت کو باریک بینی سے نظریں جمائے ہوئے تھا

اس کا کالج گھر کے قریب ہی تھا

جس کی وجہ سے وہ بغیر کسی پریشانی کے کالج جایا کرتی تھی

کالج پہنچ کر اس نے سکون کا سانس لیا اور آگے بڑھ گئی

آج دیر کر دی تم نے خیریت؟

اس کی دوست نے سوالیہ نگاہ اس پر ڈالی

صبح آنکھ دیر سے کھلی اس لیے دیر ہو گئ

اب وہ یہ تو بتانے سے رہی کے پوری رات وہ اپنے نامعلوم مسیحا کے بارے میں سوچ سوچ کر حلکان ہوتی رہی

وہی مسیحا جس نے اس کی آبرو بچائی تھی

لیکن اس نے بے نیازی سے ثنا کو جواب دیا

اور دونوں ہی اپنی کلاس کی جانب بڑھ گئیں

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

کیا وہ کالج پہنچ گئی؟

مصروف سے انداز میں اس نے پوچھا

اور جیکٹ پہننے لگا

اس کے خاص آدمی نے اسے جیکٹ پہننے میں مدد دی

خاکی رنگ کے جنس اور سفید بے داغ شرٹ پر جیکٹ زیب تن کیے وہ کسی بھی زی روح کے دل کی ہارٹ بیٹ تیز کرنے کی صلاحیت رکھتا تھا

اچھا ٹھیک ہے پھر

لیکن تم اب بھی وہیں رہو جب تک وہ گھر واپس نا پہنچ جائے

کافی کا مگ ٹیبل سے اٹھاتا ہوا وہ بے لچک لہجے میں بولا

اور رابطہ منقتع کر گیا

اسلام آباد میں ہلکی ہلکی سردی آ گئی تھی

وہ پر سوچ اندار میں کمرے سے باہر نکل آیا

سر!

اس کے خاص آدمی اپنے مخصوص انداز میں سر جھکائے اس سے مخاطب کیا

ہاں بولو؟

ایک نظر عباد کو دیکھنے کے بعد وہ سیڑھیاں پھلانگتا ہوا نیچے لاؤنج میں آگیا

!عمیر آپ سے ملنے آئے ہیں

عباد نے اسے اطلاع دی

ٹھیک

ہے اسے لاؤنج میں بٹھادو میں آتا ہوں

مغرور لب و لہجے میں کہتا ہوا

وہ خود لان کی جانب بڑھ گیا

اس نے اپنے وسیع لان کو پھولوں سے سجایا ہوا تھا

ہر طرف آنکھوں کو ٹھنڈک پہنچانے والا منظر تھا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اپنے اطراف میں پھیلے ان رنگ برنگے پھولوں کے کو دیکھنے کے بعد اس کا موڈ اور دماغ پر سکون ہونے لگا

گلاب کے پھولوں کی خوشبو اپنے اندر اتارتا ہوا وہ پل بھر کو مسکرایا

اس کی مسکراہٹ جان لیوا تھی

وہ بہت آسانی سے کسی کو بھی اپنے سحر میں جکڑ سکتا تھا

اس کی مسکراہٹ پر گلاب بھی گویا مسکرا اٹھے تھے

کچھ دیر اور تمام تر مختلف اقسام کے پھولوں کی خوبصورتی کو دلچسپ نگاہوں سے دیکھنے کے بعد وہ شاہ مینشن کے اندورنے حصے کی جانب بڑھا

جہاں عمیر اس کے انتظار میں بیٹھا تھا

بیٹھو عمیر!

وہ اسے دیکھنے کے بعد اپنی جگہ سے اٹھ کھڑا ہوا اور حیدر سے مصافحہ کیا

جس کے بعد وہ شہزادہ بھی اپنے مخصوص خوبصورت صوفے پر بیٹھ چکا تھا

میرا مہمان کیسا ہے؟

اس نے کل والے آوارہ لڑکے کے متعلق پھر سے دریافت کیا

بیچارے کی ہڈی پسلی تک ایک کر دی ہے تمہارے آدمیوں نے پھر بھلا وہ کیسا ہو گا تم ہی بتا دو؟

عمیر نے اس کی اطلاع میں اضافہ کرتے ہوئے تپ کر کہا

ابھی تک صرف ہڈی پسلی ایک ہوئی ہے نا کونسا اسے موت کی گھاٹ اتار دیا گیا ہے

اس نے سفاکی سے کہا

حیدر شاہ!

تم اتنے سفاک انسان کیوں ہو؟

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

عمیر کو گویا اپنے دوست کا یہ انداز دیکھ کر افسوس ہوا تھا

جو بھی ہوں جیسا بھی ہوں

یہی ہوں اب اس عمر میں تو خود کو بدلنے سے رہا

اس نے عمیر کے افسوس کو گویا ہوا میں اڑایا

اب کیا کرنا ہے اس کا؟

عمیر نے نفی میں سر ہلایا پھر اس سے پوچھا

گویا وہ جانتا تھا کے سامنے بیٹھے اس ضدی اور سفاک انسان کے آگے کچھ بولنا فضول ہے

کچھ نہیں کچھ دن اس کی مزید مہمان نوازی ہو گی

اس کے بعد اسے ہمیشہ کے لیے پر سکون نیند سولا دیا جائے گا

صوفے کی پشت پر بازو ٹکاتا ہوئے اس نے کہا

اور لیپ ٹاک کی اسکرین پر اپنی بھوری آنکھیں مرکوز کر دیں


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

!کاش تم اسے اس دن نا دیکھتے حیدر

عمیر اسے غور سے دیکھتے ہوئے بڑبڑایا جس کی پوری توجہ لیپ ٹاپ پر مرکوز تھی

اگر اس دن میں اسے نہیں دیکھتا تو بھی وہ میری "زندگی" کے نام سے جانی جاتی

اور میں نے شاپنگ مال میں اسے نہیں دیکھا بلکے جب سے وہ لندن آئی تھی

اسی دن ہی ہم دونوں آپس میں ٹکرا گئے تھے

لیپ ٹاپ پر اپنا کام کرتے ہوئے اس نے عمیر کی بڑبڑاہٹ کا جواب دیا

عمیر نے منہ بسورا

کیونکہ وہ اس کی بڑبڑانے کی آواز تک بخوبی سن چکا تھا

کیا اسے تم اب بھی یاد ہو گے؟

عمیر نے بھی پشت صوفے پر ٹکاتے ہوئے اس سے مشکل سوال کیا

'پتا نہیں

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/Classicurdumaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

مختصر جواب دیا گیا

!حد ہے حیدر شاہ

تم جیسا لڑکا جس کے پیچھے ہر لڑکی بڑی آسانی سے بچھ جائے وہ ایک کم عمر اور انجان لڑکی کے پیچھے اتنا پاگل ہے

یہ بات کچھ سمجھ میں نہیں آئی

عمیر نے حیرانگی کا اظہار کرنا لازمی سمجھا تھا

!سمپل سی بات ہے

تم جن لڑکیوں کی بات کر رہے ہو

وہ لڑکیاں مجھ پر مرتی تھیں

اور یہاں جس لڑکی کی بات ہو رہی ہے

اس کے لیے حیدر شاہ مرتا ہے

اس لیے تمہارے سوال میں ہی تمہارا جواب چھپا ہوا تھا

اس نے دھڑلے سے اپنی محبت کا اظہار عمیر کے سامنے کر دیا

وہ بیچارا ایک دھک سا اپنے جگری دوست کو بے یقینی سے دیکھنے لگا

جو اپنا سب کچھ بھلائے بس ایک ہی لڑکی کے پیچھے پاگل تھا

منہ بند کر لو اپنا اب!

اس کی جانب دیکھے بغیر ہی اس نے عمیر کے کھلے ہوئے منہ پر چوٹ کی

تو کیا حقیقت میں تم اس لڑکی سے محبت کرتے ہو؟

گویا اسے اپنی سماعتوں پر یقین نہیں آیا تھا

اب تم دفع ہو جاؤ یہاں سے عمیر!

وہ دبے دبے لہجے میں غرایا

عمیر نے کھسیا کر بالوں میں ہاتھ پھیرا

لیکن حیدر؟

وہ بیچارگی سے کچھ کہنے لگا

میں نے کیا کہا تمہیں؟

وہ اب پہلے سے زیادہ تیز آواز میں دھاڑا

جا رہا ہوں!

عمیر نے دانت پیستے ہوئے کہا اور پھر یہ جا وہ جا

اور اس نے غصے میں لیپ ٹاپ بند کرتے ہوئے مٹھیاں بھینچ لیں

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

کیا ہوا ہے تمہیں

اتنی چپ چپ کیوں ہو؟

وہ دونوں کلاس اٹینڈ کرنے کے بعد کینٹین آ گئیں تھیں


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اوراب ثنانے آخر کاراس کی غائب دماغی اور خاموشی کو نوٹ کرتے ہوئے پوچھا

کچھ نہیں ہوا۔۔۔

بس سر درد جان نہیں چھوڑ رہا

وہ افسردگی سے کہہ کرادھر ادھر نگاہ دوڑانے لگی

تم ایک بار ڈاکٹر سے چیک اپ تو کروالو یار

پھر کم ازکم تمہاری اس بیماری کا علاج تو ہو گا

ثنانے فکر مندسے کہااوراس کا نازک ملائم ہاتھ پر اپنا ہاتھ رکھ دیا

گویاوہ اسے اپنے ہونے کا احساس دلاناچاہ رہی ہو

ثنااس کی زندگی کے ہر پہلو سے باخبر تھی

اس نے اپنی اس معصوم اور پریوں جیسی دوست کو کبھی کھل کر ہنستے ہوئے نہیں دیکھا تھا

!سندس

ثنا کو لگا تھا جیسے اب بھی سندس کا دماغ کہیں اور ہے اس لیے اس نے سندس کا مخاطب کیا

اور یہی ہوا تھا وہ اپنے ہاتھوں کو مسلتی ہوئی ی

سپاٹ چہرے سے ٹیبل سے لکیریں کھینچنے لگی

اس کی آنکھوں میں ویرانی تھی

ایک خالی پن سا تھا اس کے اندر جس کی وجہ ثنا بخوبی جانتی تھی

چلو اٹھو شاپنگ پر چلتے ہیں

اپنا پرس اٹھاتے ہوئے ثنا نے اس کا ہاتھ تھاما اور کینٹین سے باہر نکل آئی

میرا دل نہیں کر رہا ثنا

تم خود چلی جاؤ نا پلیز!!

وہ آہستگی سے بولی مگر اس کی آواز میں تھکان در آئی

تمہارے دل کی تو ایسی کی تیسی!

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/Classicurdumaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

ثنا بھی اسی کی دوست تھی

اس کے تمام تر احتجاج کو نظر انداز کرتی کالج سے باہر نکل آئی

تم کہاں ہو پہنچے کیوں نہیں ابھی تک؟

ثنا ساتھ ساتھ کسی سے فون کال پر بھی محو گفتگو تھی

سندس کا ہاتھ ابھی بھی ثنا کی گرفت میں تھا

کس سے بات کر رہی ہو؟

وہ آنکھوں کو مزید بڑا کرتے ہوئے ثنا کو جانچتی نگاہوں سے دیکھنے لگی

کوئی نہیں یار بس وہ ارسلان کا بچہ آج ہمیں شاپنگ پر لے کر جائے گا

اسی سے بات کر رہی تھی

ثنا نے اس سے کہا

ثنا میں تم دونوں کے ساتھ چل کر کیا کروں گی

اور کباب میں ہڈی بننے کا شوق مجھے بلکل بھی نہیں ہے

وہ صاف گوئی سے بولی

!تم اپنا یہ خوبصورت منہ بند رکھو اچھا

ثنا نے اسے گھورتے ہوئے کہا اور تب تک ارسلان مرزا کی گاڑی ان دونوں کے پاس آکر رک گئی

!اسلام علیکم لیڈیز

وہ شریری سی مسکان چہرے پر سجاتے ہوئے گویا ہوا

لیڈیز کسے کہا تم نے اندھے ہو دیکھائی نہیں دیتا ہم دونوں گرلز ہیں

ثنا نے اس کے پہنچتے ہی بیچارے پر چڑھائی کر دی

اب بھلا پچاس سالہ عورت لڑکی کیسے ہوئی ی؟

ارسلان نے بے حد سنجیدگی سے اس سے پوچھا

CLASSIC URDU MATERIAL
www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

مطلب کیا ہے ارسلان کے بچے تمہارا

وہ اسے مارنے کے لیے لپکی تھی

لیکن سندس نے اسے آگے بڑھنے سے روکا

چھوڑو مجھے یہ ارسلان کا بچہ ہمیشہ میری بڑھتی ہوئی عمر پر چوٹ کرتا ہے

بڑھتی ہوئی عمر نہیں

بلکے بڑھ چکی ہے تمہاری عمر ثنا صاحبہ!

ارسلان نے لقمہ دیا

جس پر وہ مزید بھڑک اٹھی اور خود کو سندس کی گرفت سے آزاد کرتی زوردار دھموکہ ارسلان کے شانے پر رسید کیا

وہ بلبلا اٹھا

"ڈائن عورت"

وہ پھر بھی باز نا آیا اور بڑبڑاتے ہوئے اپنی گاڑی میں بیٹھ گیا

ثنا بھی سندس کا ہاتھ پکڑے گاڑی میں بیٹھ گئی

سندس نے بلو رنگ کا ڈریس زیب تن کیا ہوا تھا

سیاہ رنگ کی چادر سے اس نے اپنے سراپے کو چھپایا ہوا تھا

سرخ سفید پاؤں سینڈل میں قید تھے

لیکن اب اس نے اپنی چادر کو مزید ماتھے پر کھینچ لیا

سندس تمہیں گرمی نہیں لگ رہی اتنی بڑی سی چادر میں کیسے گھوم پھر لیتی ہو؟

ثنا کو اس کی چادر سے الجھن ہونے لگی تو اس نے پوچھ ہی لیا

!پردہ ہر لڑکی کا حسین اثاثہ ہے

گویا اس نے ثنا کی نالج میں اضافہ کیا تھا

ہاں لیکن پھر بھی تم ہر وقت اسی چادر میں خود کو کیسے سنبھالتی ہو

ثنا کو سمجھ نہیں آرہا تھا کے وہ اپنے کوفت کا اظہار سندس سے کیسے کرے جو ہر وقت خود کو سرتاپاڑ ڈھکے رکھتی تھی

!کیوں یے بے تکے سوال کر رہی ہو ثنا

وہ بھی اب اس کے سوال جواب کے سیشن سے جھنجھلا اٹھی تھی

اس لیے بے دلی سے کہا

!ٹھیک ہے میری جان تمہیں جو بھی ٹھیک لگے وہ کرو

ثنا نے اس کے چہرے پر پیار بھری چٹکی کاٹتے ہوئے کہا

اور باقی کا راستہ خاموشی میں گزر گیا

ارسلان کی پوری توجہ کار ڈرائیو کرنے پر مرکوز تھی

!بولو عباد


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

وہ اس وقت اپنے آفس میں موجود تھا

اہم میٹنگ جاری تھی

لیکن اس میٹنگ کی پرواہ کیے بغیر ہی وہ اپنے آفس سے باہر نکل آیا

سر وہ لڑکی تھوڑی دیر پہلے کالج سے نکل چکی ہے اور اب وہ شاپنگ مال کے باہر موجود ہیں

عمر نے اسے بتایا

اس وقت ؟

اس نے ایک نظر دیوار میں نصب وال کلاک پر نگاہ ڈالتے ہوئے کہا

!جی سر

عمیر نے جواب دیا

اور کوئی ہے اس کے ساتھ یا پھر اکیلی ہے ؟

اس نے کی چین اور سیل فون کو ہاتھ میں اٹھاتے ہوئے پوچھا

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

کوٹ وہ پہلے سے اپنی چیئر کی پشت پر ڈال چکا تھا

اس لیے بلیک رنگ کی شرٹ اور بلیک ہی پینٹ میں بازو فولڈ کرتا ہوا وہ اپنے شاہانہ آفس سے باہر نکل آیا

سر! اس لڑکی کے ساتھ ایک لڑکا اور ایک لڑکی بھی موجود ہیں

عباد نے بلکل رٹے ہوئے سبق کی طرح اسے سب کچھ بتایا

لڑکا!

وہ بڑبڑایا

غصے کے مارے اس کے دماغ کی رگیں تن گئیں

لیکن فلحال اسے تحمل سے کام لینا تھا وہ پارکنگ کی طرف بڑھا

اور اپنی لینڈ کروزر میں بیٹھا

بھوری آنکھوں میں ناگواری اور غصہ تیرنے لگا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

وہ زن سے گاڑی کو شاپنگ مال کے راستے پر ڈالتا ہوا خود پر ضبط کرنے لگا

عمیر کی کالز بار بار اسے موصول ہو رہی تھیں

لیکن وہ تو جیسے کان ہی بند کیے ہوئے تھا

مال پہنچتے ہی وہ عجلت میں گاڑی سے باہر نکلا اور اپنے مخصوص مغرور پر وقرار چال چلتا ہوا

مال کے اندر داخل ہوا

پیشانی پر لاتعداد بل پڑنے لگے

اس کی نگاہیں سندس کے سراپے پر مرکوز تھیں اب

وہ جا کر ایک کونے میں کھڑا ہو گیا

اور فرصت سے سندس کی ہر نقل و حرکت پر اپنی بھوری آنکھیں جمائے ہوئے تھا

یہ اس کی آنکھوں کی تپش کا اثر تھا کے سندس نے فورََ مڑ کر پورے مال میں طائرانہ نظر

دوڑائی اسے خود پر کسی کی نظریں گاڑھی ہوئی سی محسوس ہو رہی تھیں

پر پھر اسے کوئی بھی ایسا انسان نظر نہیں آیا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

جو اسے گھور رہا ہو

وہ کچھ پر سکون ہو گئ

!سندس یہ کلر تم پر سوٹ کرے گا یہ لے لو

ثنا نے خوبصورت سرخ شارٹ شرٹ اس کے شانے سے لگاتے ہوئے پر جوش طریقے

سے کہا

مجھے کچھ بھی نہیں لینا

تم اپنے لیے ہی کچھ پسند کر لو پھر مجھے گھر بھی پہنچنا ہے اگر آج دیر سے گھر پہنچی تو تائی امی

نے دھکے مار کے گھر سے باہر نکال دینا ہے

اس نے تلخی سے کہا

اور ساتھ ہی اپنی آنکھوں میں آئی نمی کو نا محسوس انداز میں صاف کیا

لیکن کوئی تھا جس کی چمکتی نگاہوں سے یہ حرکت چھپ نہیں سکی

وہ اپنی جگہ سے اٹھ کر عین اس کی پشت پر کھڑا ہو گیا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اب وہ شہزادی پوری طرح سے اس شہزادے کے کسرتی وجود میں چھپ سی گئی

وہ گڑبڑا کر تین چار قدم پیچھے ہٹ گئی

ورنہ دونوں کا ایک دوسرے سے تصادم لازمی ہونا تھا

یہ سب جلدی سے پیک کردیں

اس نے مغرور انداز میں اپنے سامنے کھڑے شخص کو مخاطب کیا

واؤ!

ثنا نے اس خوبرو لڑکے دیکھتے ہی بے ساختہ کہا

اور ثنا کی آواز حیدر شاہ تک آسانی سے پہنچ چکی تھی

اس نے ایک نظر ثنا کو دیکھا جو جگر جگر کرتی نگاہوں سے اس کے سحر میں جکڑنے لگی تھی

ہیلو!

اس نے اپنا نازک ہاتھ حیدر شاہ کے سامنے کیا

اسلام علیکم!

وہ اس کے ہاتھ کو یکسر نظر انداز کرتا ہوا بولا

اور اپنا پیک شدہ سامان لے کر واپس مڑ گیا

سندس یار یہ لڑکا کتنا ڈیسنٹ تھا

وہ کھوئے کھوئے سے لہجے میں بولی

لیکن جب اس نے پیچھے مڑ کر دیکھا تو وہ سندس اپنی جگہ پر موجود ہی نہیں تھی

اب یہ کہاں چلی گئی!

وہ بڑبڑاتے ہوئے سندس کو ڈھونڈنے کے لیے آگے بڑھ گئی

ارسلان بھی اپنی شاپنگ کرنے میں مگن تھا

وہ فیس واش کرنے کے لیے واش روم آگئی تھی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اور تازہ دم ہونے کے بعد وہ جیسے ہی باہر واش روم سے باہر نکلی

سامنے کھڑے انسان کو دیکھ کر اس کی آنکھوں کے سامنے کل والا منظر لہرایا

وہ ہلکا سا مسکرائی

اسلام علیکم

بہت شکریہ آپ نے کل میری مدد کی اس کے لیے!

وہ لہجے میں چاشنی سموئے حیدر شاہ سے مخاطب ہوئی ی

ناجانے کیوں اسے یہ چہرہ جانا پہچانا لگا تھا

سندس احمر!

آج کے بعد میں تمہیں کسی غیر لڑکے کے ساتھ نا دیکھوں

ورنہ تمہیں خود نہیں معلوم میں کیا کچھ کر سکتا ہوں

وہ اس کی مسکراہٹ اور خوبصورت لہجے پر کان دھرے بغیر ہی آہستگی سے غرایا

سندس نے حیرانگی اور خوف زدہ نگاہوں سے اپنے سامنے موجود اس مغرور شہزادے کو

دیکھا

جس کی آنکھیں شعلہ بار تھیں

لیکن کیوں ؟

اور آپ ہوتے کون ہیں مجھ پر حکم صادر کرنے والے

وہ بھی اب تپ کر گویا ہوئی

مطلب تم پیار سے میری بات نہیں سمجھو گی

وہ شیطانی مسکراہٹ عنابی ہونٹوں پر سجائے اس کے قریب ہونے لگا

آپ چل۔۔۔چلے جائیں یہ۔۔۔یہاں سے

اس نے ہکلاتے ہوئے حیدر شاہ کو اپنے نزدیک آنے سے روکنا چاہا

!چلا جاؤں گا

بس تم بتا دو آگے سے کسی غیر لڑکے کے ساتھ یوں سیر تفریح کرنے آؤ گی؟

وہ دو قدم مزید اس کے قریب ہوا

ان دونوں کے درمیاں فاصلہ کافی کم رہ گیا تھا

نہیں!

آج کے بعد میں کبھی کسی لڑکے کے ساتھ باہر نہیں نکلوں گی

اس نے تھوک نگلتے ہوئے سر کو زور زور سے اثبات میں ہلاتے ہوئے کہا

حیدر کے مطلب کا جواب دیا

اس کے یوں بچوں کی سر ہلانے پر حیدر شاہ کے ہونٹوں پر جاندار سی مسکان ابھری تھی

جیسے بڑی مہارت سے وہ چھپا گیا

اور سندس سے دور ہوتا ہوا غائب ہو گیا

اس کے جاتے ہی سندس نے اپنا رکا ہوا سانس بحال کیا

لیکن اب بھی اس کے پرفیوم کی مخصوص خوشبو وہ اپنے آس پاس محسوس کر سکتی تھی

سندس تم یہاں ہو اور میں کب سے تمہیں ڈھونڈ رہی ہوں

ثنا کی آواز سنتے ہی اس نے سکون کا سانس لیا اور بغیر کچھ کہے ہی مال سے باہر کی جانب رخ کیا

ثنا اس کی جانب لپکی تھی پر وہ لمبے لمبے ڈگ بھرتی آگے بڑھ گئی

اور ثنا نے حیرانگی سے اسے دیکھا جواب اس کی آنکھوں سے اوجھل ہو چکی تھی

!مادام

!آپ کو اس گاڑی میں بیٹھنا ہوگا

اس سے پہلے وہ ایک اور قدم آگے کی جانب لیتی سیاہ رنگ کی چمچماتی لینڈ کروزر اس کے پاس آکر رک گئی

اور سر جھکائے ہوئے ادھیڑ عمر کا آدمی اس کے سامنے کھڑا تھا

کون ہو اب تم؟

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

اور مجھے کیا لاوارث سمجھا ہوا ہے جو بھی آتا ہے حکم صادر کرتا ہوا چلا جاتا ہے

وہ تو بھنا ہی گئی تھی

مادام یہ ہمارے سر کا آرڈر ہے کے آپ کو باحفاظت گھر تک پہنچا دیا جائے

ڈرائیور نے اس کی اطلاع میں مزید اضافہ کرتے ہوئے کہا

کون ہے تمہارا سر؟

اور بھلا میں ان کے آرڈر پر عمل کیوں کروں؟

سندس کے پلے کچھ بھی نہیں پڑ رہا تھا

اب اس کا سر بھی گھن چکر ہونے ہو گیا تھا

مادام پلیز آپ گاڑی میں بیٹھ جائیں ورنہ ہمیں آپ کے ساتھ سختی سے پیش آنا پڑے گا

ڈرائیور کی آواز میں پہلے والی نرمی مقصود تھی

وہ بھی کان بند کیے کھڑی رہی گویا اس نے کچھ سنا ہی نا تھا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اسی لمحے ڈرائیور کے سیل فون پر غالبً اس کے سر کی کال موصول ہوئی ی جس کے بعد

ڈرائیور نے اپنا سیل سندس کی جانب بڑھا دیا

مرتا کیا نا کرتا کے مصداق اس نے سیل فون کو اپنے کان سے لگا لیا

جلدی سے گاڑی میں بیٹھ جائیں

اور یقین رکھیں آپ کو کسی بھی قسم کا کوئی نقصان نہیں پہنچایا جائے گا

وہی مخصوص بھاری آواز اس کی سماعتوں سے ٹکرائی

اور اگر میں اس کھٹارا گاڑی میں نا بیٹھوں پھر ؟

وہ اس کی نیو ماڈل لینڈ کروزر کو کھٹارا کہہ رہی تھی

ڈائیور نے ایک نظر اس لڑکی کو دیکھا جو اس کے مغرور سر سے کتنے دھڑلے اور نڈر طریقے سے محو گفتگو تھی

وہ غراتے ہوئے حیدر سے گویا ہوئی ی

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

پھر جو ہو گا اس کی ذمے دار آپ خود ہوں گی کیوں کے بیٹھنا تو آپ کو اسی کھٹارا میں پڑے گا

اس نے گھٹارا پر زور دیتے ہوئے کہا

اس کی گھبیر آواز سندس کو اس وقت زہر سے کم نا لگی تھی

آپ کیوں ہاتھ دھو کے میرے پیچھے پڑ گئے ہیں

جان چھوڑ دیں میری اور ہاں میں کسی صورت آپ کی اس کھٹارا میں نہیں بیٹھوں گی

وہ دھیمے مگر سرد لہجے میں کہہ کر ڈرائیور کو سیل فون پکڑاتی ہوئی آگے بڑھ گئی

ڈائیور ہکا بکا سا اس کی بے نیازی دیکھتا رہا

اس کے صاحب کے ساتھ اس لہجے میں بات کرنے کا وہ سوچ بھی نہیں سکتا تھا

اگر وہ ایسا کر بھی لیتا تو یقیناً اس کا سر اسے کھڑے کھڑے ہی شوٹ کر دیتا

..................................


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

آپی! آخر کب تک وہ چھٹانک بھر لڑکی میرے سینے پر مونگ ڈالتی رہے گی

اس منحوس کو دیکھ کر میرا خون کھول اٹھتا ہے

میں اب مزید اس کو اپنے گھر میں برداشت نہیں کر سکتی

نبیلا بیگم چاول دم پر لگانے کے بعد کچن سے باہر نکل آئی

سیل فون ان کے کان سے لگا ہوا تھا

صرف کچھ دن اور اس جھیل لو میری جان

اسکے حصے کی جائیداد جب تک ہم اپنے نام نہیں کروا لیتے تب تک کوئی ضرورت نہیں اس لڑکی کو گھر سے نکالنے کی

ممتاز بیگم (نبیلا کی بڑی بہن) نے اسے سمجھانے کی چھوٹی سی کوشش کی تھی

لیکن کب تک آپی

اور میری عفت کیسی ہے؟

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

انہوں نے اپنی لاڈلی بھانجی عفت کے بابت پوچھا

ٹھیک ہے وہ۔۔

کچھ دن بعد آئے گی تمہارے گھر اور خرم بیٹے کیسے ہیں

ممتاز بیگم کی آواز میں چاشنی گھلنے لگی تھی خرم کے ذکر پر

وہ بھی ٹھیک ہے بس یہ آفس کا کام ہی اتنا مصروف رکھتا ہے میرے بچے کو

نیلا بیگم نے فکر مند لہجے میں کہا

خیر سے بڑا ہو چکا ہے اب ہمارا بیٹا

اللہ پاک اسے مزید ترقی اور کامیابی سے ہمکنار کرے آمین

ممتاز بیگم نے شہد گیں لہجے میں کہا

اور نبیلا ابھی میں کال بند کر رہی ہوں

دلاور صاحب آ گئے ہیں آفس سے واپس

انہوں نے اپنے شوہر کا ذکر کیا تھا

ٹھیک ہے آپی اللہ حافظ

نبیلا بیگم نے نرمی سے کہا اور اپنے کمرے کی جانب بڑھ گئی

❦ ❦ ❦ ❦ ❦ ❦

کیسے ہو تم؟

نسوانی آواز اس کی کانوں میں گونجی

کھڑکی پر سے پردے ہٹاتا ہوا وہ مڑا اور اپنی چیئر پر بیٹھ گیا

'ٹھیک ہوں

بے نیازی سے جواب دینے کے بعد اس نے لیپ ٹاپ آن کر لیا

لیزا نے اپنے سامنے رکھی چیئر پر جگہ بنائی اور آنکھوں میں چمک لیے

حیدر شاہ کو دیکھنے لگی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

کچھ لمحے دونوں کے بیچ خاموشی بولتی رہی جس کے حیدر نے لیپ ٹاپ پر ہی نگاہیں مرکوز کیے اس سے مخاطب ہوا

لیزا تمہیں میرا ایک کام کرنا ہوگا اور اس کے لیے رقم بھی تمہیں منہ مانگی ملے گی

رقم کو بھاڑ میں ڈالو میں کچھ اور مانگوں تو کیا وہ تم مجھے دے دو گے

لیزا میز پر کہنی ٹکاتے ہوئے مسکراتی آواز میں بولنے لگی

اگر تم کوئی بکواس کرنے والی ہو تو مجھے کوئی انٹرسٹ نہیں ہے اس وقت تمہارے ساتھ بحث کرنے کا

اس نے تحمل سے کہا

کام بتاؤ ؟

لیزا نے خونخوار نظروں سے اس مغرور سے انسان کو دیکھا جو اب بھی اپنے کام میں مصروف تھا

کام تمہیں عمیر سمجھا دیگا

لیکن کوئی ہوشیاری کرنے کا سوچنا بھی مت ورنہ تمہارا سر دھڑ سے الگ کرنے میں ایک منٹ نہیں لگاؤں گا

وہ اب چیئر کی پشت سے کمر ٹکاتے ہوئے اسے وارن کرنے لگا

ایسا کیا اس میں ؟

لیزا نے کھوجتی نگاہوں سے اسے دیکھا

لیزا!

میں نے پہلے ہی کہا تھا کوئی ہوشیاری نہیں کرنا؟

اس نے شعلہ بار نگاہوں سے لیزا کو گھورتے ہوئے کہا

اس میں کونسی ہوشیاری کر رہی ہوں؟

میں بس یہ جاننا چاہتی ہوں تم جیسا سفاک انسان کسی کی محبت میں اتنی آسانی سے کیسے گرفتار ہو سکتا ہے؟

اس نے ایک ایک لفظ پر زور دیتے ہوئے کہا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

کیا تمہیں یہ سب عمیر نے بتایا ہے؟

وہ مشقوق نظروں سے لیزا کے حیسن ترین چہرے کو دیکھتے ہوئے پوچھنے لگا

نہیں اس سے میری بات ہی نہیں ہوئی بہت دنوں سے لیکن خیر میں چلتی ہوں تمہارا

کام ہو جائے گا

اس نے بینڈ بیگ اٹھاتے ہوئے سرد لہجے میں کہا

اور سیل فون ہاتھ میں اٹھا کر کھڑی ہو گئی

حیدر اس کی پشت کو گھور رہا تھا جب وہ پھر سے واپس مڑی اور لمبے لمبے ڈگ بھرتی اس کے

سامنے میز پر ہاتھ ٹکائے جھک کر کھڑے ہو گئی

وہ میں صرف یہ جاننا چاہتی تھی کے مجھ میں کیا کمی ہے

خوبصورت ہوں

تم پر دل و جان سے فدا بھی ہوں پھر بھی آج تک تم نے نظر کرم نہیں فرمایا

اس نے چہرے پر سنجیدگی طاری کرتے ہوئے کہا

جب کے اس کی آنکھوں میں ناچتی شرارت کو وہ پہلے سے ہی دیکھ چکا تھا

لیزا انہیں واحیات حرکتوں کی وجہ سے کسی دن تم میرے ہاتھوں سے ضائع ہو جاؤ گی

اس کی نازک سرہائی دار گردن کو دبوچتے ہوئے وہ دھاڑا تھا

لیزا نے بڑی مشکل سے اس کی مضبوط گرفت سے اپنی گردن آزاد کروائی اور کھانسنے لگی

وحشی انسان!

وہ اب بھی بڑبڑاتے ہوئے کمرے سے باہر نکل گئی

حیدر شاہ کا موڈ مزید خراب ہوا

وہ لیپ ٹاپ بند کرتا ہوا آنکھیں بند کر گیا

وہ جیسے ہی اس کے روم سے باہر نکلی عمیر کو دیکھتے ہی اس کے غصے کا لیول مزید ہائی ہوا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

کیا ہوا سب خیرت؟

عمیر نے چھوٹتے ہی اس سے پوچھا

جو اپنی گردن سہلاتے ہوئے عمیر کو سائیڈ کرتی اور گلاس ڈور دھکیلتی ہوئی لاؤنج

سے باہر نکل گئی

اس نے تمام تر حرکت تعجب سے دیکھی اور سر جھٹکتا ہوا حیدر کے کمرے کا رخ کیا

⚘ ⚘ ⚘ ⚘ ⚘ ⚘

وہ جیسے ہی گھر واپس آئی

تو گھر میں معمول سے زیادہ افراتفری تھی

لیکن وہ تو ایسے بن گئی جیسے اس گھر میں ہونے والی کسی بھی چیز سے اس کا تعلق نا ہو

اپنے کمرے میں داخل ہوتے ہی اس کی آنکھوں سے سفید موتی متواتر بہنے لگے

جتنا اس نے ضبط کیا تھا اب اتنا ہی بکھر چکی تھی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اپنے پنکھڑی جیسے لبوں پر ہاتھ جماتی ہوئی اس نے اپنی ہچکیوں کا دم گھونٹ دیا

اور گرنے والے انداز میں بیڈ پر بیٹھ گئی

اس معصوم شہزادی کی زندگی میں بہت کم ہی ایسے موقعے آئے تھے جس میں اس نے اپنی

ذات پر اور اپنے وجود کو خوشی کا باعث سمجھا ہو

لیکن جب اس کا ضبط ٹوٹتا تھا تو وہ خود بھی اپنے بکھرے وجود کو سمیٹنے میں ناکام ہو جاتی

آج بھی ایسا ہی ہوا تھا پورا دن بھوکے رہنے کی وجہ سے اس کی حالت خراب تر ہونے لگی

پر وہ ڈھیٹ بنی سکڑ کر بیڈ پر دراز ہو گئی

قسمت کی ستم ظرفی تھی

کے اس شہزادی کو تسلی دینے والا بھی کوئی نہیں تھا

بیڈ پر دراز ہوتے ہی نیند کی دیوی نے اسے اپنے آغوش میں لے لیا تھا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

شاہ مینشن اندھیرے میں ڈوبا ہوا تھا

ملازمین بھی اپنے اپنے کام نپٹا کر اپنے کوارٹر چلے گئے تھے

رات کے دو بج کر بیس منٹ پر اس کے سیل فون کا شور کمرے میں گونجا

بیزاری سے اس نے سیل فون سائیڈ ٹیبل سے اٹھایا اور کال ریسیو کرتے ہی سیل کان پر لگایا

بولو عباد؟

سر شاید اس کی طبیعت خراب ہو گئی ہے بے ہوشی کی حالت میں اسے ہسپتال لے جایا گیا

ہے

عمر کی آواز جیسے جیسے اس کے سماعتوں سے ٹکرا رہی تھی

ایسے ہی اس کا وجود طوفانوں کی زد میں آنے لگا

عجلت میں بلینکٹ ہٹا کر بیڈ سے کھڑا ہو گیا

والٹ اور کی چین اٹھاتا ہوا کمرے سے باہر کی جانب بھاگا


Do not copy or distribute without permission of the author
For More Novel Please Visit Our Website
www.classicurdumaterial.com

عباد ہاسپٹل کا اڈریس بھیجو جلدی! پارکنگ سے گاڑی نکالتا ہوا بے چینی سے اس نے کہا

او کے سر!

عباد نے موعدب سے انداز میں جواب دیا جس کے بعد تھوڑی ہی دیر میں اس کے سیل

فون پر ہاسپٹل کا اڈریس موجود تھا

ریش ڈرائیونگ کرتا ہوا وہ ہاسپٹل پہنچ چکا تھا

رات کے تقریباً تین ہو چکے تھے

ہر طرف سناٹے کا راج تھا

اس کی نگاہ جیسے ہی احتشام صاحب پر گئی تو وہ مزید بے چین ہوا تھا

اور اپنی مغرور چال چلتا ہوا احتشام صاحب کے پاس آیا

آپ کو ڈاکٹر اپنے کیبن میں بلا رہے ہیں!

انتہائی سنجیدگی سے کہتا ہوا وہ وہاں سے چلا گیا

جب کے احتشام صاحب کا رخ ڈاکٹر کے کیبن کی جانب تھا

❦❦❦❦❦❦

عمیر کو اس نے کچھ دیر پہلے ہی کال کر کے ہاسپٹل پہنچنے کا کہہ دیا تھا اور اب عمیر ہاسپٹل میں موجود تھا

عمیر میری بات غور سے سنو تم یہی رک کر نظر رکھو کہیں اس کا تایا آنا جائے اور جیسے ہی وہ یہاں آئے تم مجھے کال کرنا

میں فوراً روم سے باہر چلا جاؤں گا

وہ عمیر کے ساتھ سندس کی روم کے باہر موجود تھا

وہ کیسے اپنی زندگی کو ایک نظر دیکھے بغیر چلا جاتا

یہ ناممکن تھا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

عمیر نے تاسف سے اس شہزادے کو دیکھا جس کی آنکھیں شدت ضبط کے مارے سرخ ہوتی جارہی تھیں

ٹھیک ہے

عمیر نے اس کے شانے پر تھپکی دیتے ہوئے کہا

اس کے بعد اس نے ایک منٹ بھی اور ویسٹ نہیں کیا تھا

سندس کے پاس جانے میں

کمرے میں داخل ہوتے ہی اس کی بے چین نگاہیں سندس کے بے حوش سراپے پر جم گئیں

ایک ہی دن میں اس کی دودھیا رنگت زرد پڑ چکی تھی

وہ بلیک ٹراؤزر پر بلیک ہی ٹی شرٹ میں ملبوس بے چینی سے اس کی پاس گیا

جس کے نازک ہاتھ پر ڈرپ لگی ہوئی ی تھی

وہ بغیر کوئی آواز پیدا کیے چیئر پر بیٹھ گیا

اور آنکھوں کے راستے اپنی شہزادی کو دل میں اتارنے لگا

میں تم سے واعدہ کرتا ہوں

جس جس نے تمہیں تکلیف پہنچائی ہے ان سب سے بدلہ لوں گا

اس کی آواز سرگوشی سے زیادہ نہیں تھی

تم میرے لیے کیا ہو اس کا اندازہ مجھے خود بھی نہیں ہے

لیکن اتنا ضرور کہہ سکتا ہوں

تمہارے بغیر حیدر شاہ کچھ بھی نہیں

تم اگر زندہ ہو تو حیدر شاہ کی زندگی خوشنما ہے


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

تمہارے دل کی دھڑکنیں اگر چلیں گی تو حیدر شاہ کا دل بھی زندہ رہے گا لیکن کبھی اگر مجھے تنہا کرنے کا سوچا بھی تو میں تمہیں بہت وحشت ناک سزا دوں گا

تم صرف اپنا خیال رکھو اور باقی سب پریشانیاں مجھے دے دو

میں تمہیں کبھی مایوس نہیں کروں گا

!سندس

اس کے ایک ایک لفظ میں سچائی تھی

جب وہ بول رہا تھا گویا آسماں میں موجود چاند اس شہزادے کی سچائی اور خوبصورت باتوں پر مسکرایا

اور پھر اس سے پہلے اپنے دل کے ہاتھوں مجبور ہو کر وہ اس کے چہرے کو چھوتا عمیر کی کال نے اسے ہوش کی دنیا میں قدم رکھنے پر مجبور کیا

ایک آخری نگاہ اس کے بے خبر وجود پر ڈالتا ہوا وہ کمرے میں موجود واحد کھڑکی سے چھلانگ مارتا ہوا وہاں سے چلا گیا تھا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

❀❀❀❀❀

احتشام صاحب بہت بار نبیلا بیگم سے سندس کے بارے میں پوچھ چکے تھے

اس کی رات کے کھانے پر ڈائینگ ٹیبل پر غیر موجودگی پر وہ پریشان ہو گئے

اور

جس کے بعد انہوں نے خود ہی سندس کے کمرے کا رخ کیا

جب وہ اس کے کمرے میں داخل ہوئے تو وہ خود میں سمٹی ہوئی بیڈ پر دراز تھی

اس کے سلکی دراز بال تکیے پر آبشار کی طرح بکھرے پڑے تھے

سندس بیٹی؟

انہوں نے نرمی سے اسے مخاطب کیا جب ان کے بار بار پکارنے پر بھی سندس کی جانب سے کوئی جواب موصول نہیں ہوا تو وہ فکر مندی سے اس کے پاس آ کر بیٹھ گئے

سندس!


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

انہوں نے جیسے ہی اس کی پیشانی پر ہاتھ رکھا تو وہ سکتے میں آ گئے

سندس بری طرح بخار میں جل رہی تھی

احتشام صاحب نے پورا گھر سر پر اٹھا لیا تھا

اور نبیلا بیگم پر ایک تیکھی نگاہ ڈالتے ہوئے سندس کو لیے ہاسپٹل کی جانب روانہ ہو گئے

اب وہ ہاسپٹل میں موجود تھے

ڈاکٹر نے احتشام صاحب صاف صاف کہہ دیا تھا کے سندس کسی ذہنی دباؤ کا شکار ہے

یہ خبر سننے کے بعد احتشام صاحب مزید پریشان ہو گئے

اور پھر سندس کے پاس جا کر بیٹھ گئے

وہ اب بھی غنودگی میں تھی

احتشام صاحب نے اس کا نازک ملائم ہاتھ تھاما ہوا تھا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

عمیر یہ لو کی چین میری گاڑی پارکنگ سے نکال کر لے آؤ

سپاٹ چہرے کے ساتھ کہتا ہوا وہ خود ہاسپٹل سے باہر نکل آیا

عمیر نے گاڑی اس کے پاس آکر روک دی

تم گھر جا سکتے ہو عمیر

میں آج رات یہی رکنا چاہتا ہوں

اس نے عمیر کو ایک نظر دیکھنے کے بعد کہا

لیکن تم یہاں کیسے رہ سکتے ہو؟

عمیر نے اس دیوانے کو گھورا تھا

عجیب سوال مت کیا کرو

اور جاؤ اب یہاں سے

وہ ناگواری سے کہتا ہوا واپس ہاسپٹل کے اندرونے حصے کی جانب بڑھ گیا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

عمیر نے گاڑی کا رخ واپس ہاسپٹل کی جانب کر دیا

کیونکہ وہ حیدر کو اکیلے چھوڑ کر نہیں جانا چاہتا تھا

..............................

اس کی جاگتے ہوئے گزری تھی

سندس کو فجر کی نماز کے بعد ڈسچارج کر دیا گیا تھا

وہ بھی سکون کا سانس خارج کرتا ہوا گھر واپس آگیا

شاہ مینشن پہنچتے ہی اس کی نگاہ ندا پر گئی

ندا آپی آپ؟

وہ خوشی سے مسکراتا ہوا ان کے پاس آگیا

ندا اس کی خالہ کی بڑی بیٹی تھیں

CLASSIC URDU MATERIAL
www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ بھی لندن میں ہی رہتی تھیں

لیکن حیدر کی وجہ سے وہ پاکستان پہنچ گ ئ ی تھیں

کیسی ہیں آپ؟

اور مجھے بتایا کیوں نہیں

وہ ان کے سامنے رکھے صوفے پر بیٹھتے ہوئے شکوہ کنان لہجے میں بول پڑا

بتا کر آجاتی تو تمہارے چہرے پر یہ خوشی کیسے دیکھ سکتی تھی

جو اتنے سالوں بعد نظر آئی ہے

ندا نے اس کی مخصوص جان لیوا مسکان کو دیکھتے ہوئے کہا

خالہ جان کیسی ہیں آپی؟

وہ ان کی بات کو گول کر گیا تھا

موم ٹھیک ہیں بس اپنے لاڈلے کو لے کر خود کو ہلکان کیے رکھتی ہیں

ندا نے نرمی سے جواب دیا اور اس کے علیشان گھر کو ستائیشی نگاہوں سے دیکھنے لگی

آپ نے بریک فاسٹ کیا؟

اس نے ندا سے پوچھا

ہاں کر لیا ہے میں نے تم جا کر فریش ہو جاؤ باقی کی باتیں بعد میں کریں گے

انہوں نے اس کے تھکے تھکے چہرے کو بغور دیکھتے ہوئے کہا

ٹھیک ہے آپی میں بس آ بھی آیا!

وہ بھی کہتا ہوا اپنے کمرے کی طرف مڑ گیا

ندا نے اپنے وجیہہ اور خوبرو کزن کو دعاؤں سے نوازا

اتنے عرصے بعد نیلم نے اس کے چہرے پر ہلکی سی مسکان کی رمق دیکھی تھی

وہ بھی اب پر سکون ہو کر اپنے کمرے کی طرف بڑھ گئی

میں اسے کسی حال میں نہیں چھوڑں گا

پہنچتا ہوں تھوڑی دیر میں تب تک تم الرٹ رہنا

وہ جیسے ہی فریش ہونے کے بعد کمرے میں داخل ہوا تھا سیل فون پر ناجانے سامنے والے

آدمی نے اسے کیا کہا تھا جس کے بعد وہ بھڑک اٹھا تھا

اور شرٹ کے بازو کہنی تک فولڈ کرتا ہوا کمرے سے باہر نکل گیا

لاؤنج میں دیکھا تو پورے لاؤنج میں ملازمین اپنا روز معمول کا کام سرانجام دے رہے تھے

ندا آپی بھی اپنے کمرے میں اپنے میں آرام کرنے کے غرض سے بند تھیں

وہ مطمئن ہوتا ہوا

گھر سے باہر نکل آیا

غصے کے مارے اس کے دماغ کی رگیں تن چکی تھیں

اپنے طے شدہ مقام پر پہنچنے کے بعد گاڑی سے باہر نکل آیا اور ادھر ادھر نگاہ دڑاتا ہوا اس خستہ حال گھر میں داخل ہوا

!عباد چھوڑ دو اسے

اس نے کمرے میں داخل ہوتے ہوئے عباد کو مخاطب کیا

عباد مودبانہ انداز میں سامنے رسیوں میں جکڑے اس آدمی سے دور ہوا

اس نے اپنی قیمتی واچ اور سیل فون عباد کو تھمایا اور خود اس آدمی کے پاس جا کر کھڑا ہو گیا

!ہاں تو اب بولو

کس کے کہنے پر تم نے اسے تکلیف پہچانے کی کوشش کی تھی؟

میں میری۔۔۔۔کوئی غلطی نہیں ہے اس کام کے لیے مجھے پیسے دیئے گئے تھے

وہ آدمی سامنے کھڑے اس کے سفاک چہرے کو دیکھتے ہی سب کچھ بولتا چلا گیا

تھوڑی دیر پہلے عباد نے بھی پوری کوشش کی تھی کے وہ آدمی اپنے منہ سے اعتراف جرم کرے لیکن اس آدمی نے عباد کو کسی خاطے میں نہیں لیا تھا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اوراب پٹر پٹر سب اگلنے پر مجبور تھا

کس نے تمہیں اس کام کے لیے استعمال کیا تھا؟

وہ اس کی چیئر پر ہاتھ ٹکاتے ہوئے غرایا تھا

وہ۔۔۔۔وہ۔۔۔ایک عورت تھیں نام نہیں معلوم مجھے ان کا؟

اس آدمی نے کانپتے ہوئے جواب دیا

عورت کا نام اور گھر کا اڈریس بتاؤ ؟

وہ اس کی بات پر کان دھرے بغیر ہی بولا

میں سچ کہہ رہا ہوں عورت کا نام مجھے نہیں معلوم

پر اس نے مجھے کہا تھا کے مجھے اس لڑکی کو خوف زدہ کرنا ہے

اس سے پہلے وہ آدمی مزید کچھ کہتا اس کا بھاری ہاتھ اٹھا تھا اور پوری قوت سے اس نے منہ پر مکے برسا چکا تھا

اس آدمی کے منہ سے پھوارے کی صورت خون نکلا تھا

جس کے بعد اس نے انتہائی بے رحمی سے اس آدمی کے بیٹ اور ٹانگوں پر لاتیں ماری جس

کی وجہ سے وہ آدمی اب اوندھے منہ زمین پر گرا ہوا تھا

اس نے عباد کو دیکھا

اس درگت تب بناتے رہو جب تک یہ مزید اپنے منہ سے اگل نا لے

سفاکی سے کہتا ہوا وہ آندھی طوفان کی طرح اس کمرے سے باہر نکل آیا تھا

احتشام صاحب کے بار بار منع کرنے کے باوجود وہ آج کالج آئی تھی

ثنا تو اسے دیکھتے ہی خوشی سے کھل اٹھی تھی

کل کالج کیوں نہیں آئی تھی؟

گرم جوشی سے سندس کے ساتھ ملتے ہوئے اس نے کہا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

تھوڑی طبیعت خراب ہو گئی تھی

اس لیے کل کا دن آرام کرنے میں گزر گیا

وہ منہ بسورتے ہوئے ثنا کو بتانے لگی

اور پھر کچھ دیر اور باتیں کرنے کے بعد وہ لوگ کلاس کی جانب بڑھ گئیں

لیکچر اٹینڈ کرنے کے بعد دونوں نے کینٹین کا رخ کیا

ابھی وہ دونوں اپنی مخصوص جگہ پر بیٹھی ہی تھیں جب ایک خوبصورت اور نازک سی لڑکی

ان کے پاس آگئی

کیا میں یہاں بیٹھ سکتی ہوں؟

اس لڑکی نے آنکھیں پٹپٹا کر دونوں سے پوچھا

جی ضرور کیوں نہیں!

ہمیشہ کی طرح سندس نے اپنے سامنے کھڑی لڑکی کو بیٹھنے کا کہا

میرا نام لیزا ہے

میں لندن میں رہتی ہوں

لیکن پھر مجھے پاکستان دیکھنے کا شوق ہوا تو یہاں آ گئی

لیزا نے اپنی طرف سے بنائی گئی کہانی انہیں سنا دی

سندس نے انتہائی غور سے اس کی بات کو سنا لیکن ثنا کو یہ لڑکی کچھ مشکوک لگ رہی تھی

عجیب بات ہے لندن سے کوئی پاکستان آیا ہے اور تو اور پڑھائی بھی پاکستان میں کرنا چاہتا ہے

اسٹرینج

ثنا نے کافی کا مگ ہونٹوں سے لگاتے ہوئے حیرانگی کا اظہار کیا

لیزا نے گڑبڑا کر اس کی طرف دیکھا جو مسلسل جانچتی نگاہوں سے اسے دیکھ رہی تھی

آپ دونوں میں سے سندس کون ہے؟


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

لیزا نے ثنا کی بات کو اگنور کرتے ہوئے اگلا سوال پوچھا

ایک منٹ آپ کو کیسے پتا کے ہم دونوں میں سے ایک کا نام سندس ہے؟

ثنا کا شک اب یقین میں بدلنے لگا تھا

لیزا نے دل ہی دل میں حیدر شاہ کو کوسا اور پھر کچھ دیر میں خود کو کنٹرول میں کرنے کے بعد بولی

وہ جب میں کینٹین میں داخل ہوئی تھی تو آپ دونوں میں سے کسی ایک کی آواز میری کانوں سے ٹکرائی

تو اس لیے میں نے سوچا پوچھ لوں آپ دونوں میں سے سندس کون ہے

لیزا نے بات کو توڑ مروڑ کر پیش کیا

ثنا اب بھی اس کی وضاحت سے مطمئن نظر نہیں آ رہی تھی

لیکن سندس نے نرمی سے جواب دیا

میں ہوں سندس!

!او!!تو آپ ہیں سندس

لیزا نے مصنوعی مسکراہٹ ہونٹوں پر سجاتے ہوئے کہا

!واہ حیدر

کیا لڑکی پسند کی ہے اللہ کرے یہ تمہارے روز بال نوچے

تمہیں زور سے مکے مارے

تم پر اتنا تشدد کرے کے پھر تمہیں میں یاد آؤں

پھر تمہیں میری قدر ہو گی

وہ دل ہی دل میں حیدر شاہ سے مخاطب تھی

جب کے سندس کا ہاتھ اس نے مضبوطی سے تھاما ہوا تھا

اس کا ہاتھ چھوڑ دیں اب تو

ثنا نے بیزاری سے کہا

اور سندس کا ہاتھ لیزا کی گرفت سے آزاد کیا

اس کی اس حرکت پر سندس نے اسے گھوری سے نوازا پر پرواہ کسے تھی

سندس آپ بہت سوئٹ ہیں کیا آپ میرے ساتھ دوستی کرنا پسند کریں گی؟

لیزا نے مسکینی صورت بناتے ہوئے کہا

!انگریز تو ہوتے ہی ایسے ہیں

بے شرم کہیں کی

ثنا اردو میں بڑبڑائی

لیزا نے اس کی بڑبڑاہٹ سن بھی لی تھی سن بھی لی تھی اور سمجھ بھی بخوبی گئی تھی

سندس نے ثنا کے پھولے ہوئے منہ کو دیکھ کر بمشکل ہنسی کو ہونٹوں تلے دبالیا

!آپ بھی بہت زیادہ پیاری ہیں

اور آج سے آپ بھی میری دوست ہیں


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

سندس نے مسکراتے ہوئے اس کا بڑھا ہوا ہاتھ تھام لیا

ثنا کو عجیب سی جلن محسوس ہو رہی تھی لیزا سے

اس نے بے ساختہ پہلو بدلا تھا اور پھر وہ دونوں ہی لیزا کے ساتھ باتوں میں لگ گئیں

❀❀❀❀❀❀

عمیر فوری طور پر عباد سے کہو کے وہ گھر پہنچے

کار ڈرائیو کرتے ہوئے اس نے عمیر سے کہا

ٹھیک ہے میں کہتا ہوں اسے

عمیر نے کہا

اور دونوں کے بیچ خاموشی چھا گئی

❀❀❀❀❀


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

کالج کی چھٹی ہو چکی تھی

وہ تینوں اپنے اپنے بیگز اٹھاتی ہوئی ی کالج کے خارجی دروازے کی جانب بڑھ گئیں

ثنا نے نامحسوس انداز میں سندس کا ہاتھ پکڑا ہوا تھا

جیسے اسے ڈر ہو کے لیزا اس کی دوست کو چھین لے گی

اچھا دوستوں اب خیال رکھنا اپنا

کل ملاقات ہو گی پھر

لیزا نے کی چین سے کھیلتے ہوئے کہا

اور سندس سے ہاتھ ملانا وہ نہیں بھولی تھی

اس کے جاتے ہی ثنا نے برے برے منہ بناتے ہوئے گویا لیزا کی نقل اتاری

سندس نے اسے دیکھا تو ہلکی سی مسکان اس کے لبوں پر نمودار ہوئی ی

کیا ہے؟

ثنا نے اسے ہنستے ہوئے دیکھا تو چڑ کر پوچھنے لگی

کچھ بھی تو نہیں بس کچھ جلنے کی سمیل آ رہی ہے

چہرے پر سنجیدگی طاری کرتے ہوئے اس نے ثنا کو تنگ کرنے کی سعی کی

لیکن مجھے تو نہیں آ رہی؟

ثنا نے ناک چڑاتے ہوئے ادھر ادھر نگاہ دوڑائی

چھوڑو تم اس سب کو اور جاؤ اب گھر

سندس نے ہنسی دانتوں تلے دباتے ہوئے کہا

اور اپنے وجود کو چادر سے چھپاتی ہوئی ی

گھر کی جانب روانہ ہو گئی

ثنا نے بھی اپنے گھر کی جانب راہ لی

تمہارا سر کہاں ہے؟

شاہ مینشن میں داخل ہوتے ہی اس نے عباد سے پوچھا

وہ بھلا کیا جواب دیتا وہ خود بھی تو ابھی شاہ مینشن پہنچا تھا

کیا ہوا چپ کیوں ہو؟

چپ کا روزہ تو نہیں رکھ لیا تم نے

لیزا نے آنکھیں پٹپٹا کر اس سے کہا

کوئی روزہ نہیں رکھا میں نے اور تم ہمیشہ میرے پیچھے کیوں پڑ جاتی ہو '

عمیر سے کبھی ایسے بات کرتے ہوئے میں نے تمہیں نہیں دیکھا

عباد اب اس سے عاجز آ چکا تھا اسے بیزاری سے کہنے لگا

اس عمیر لوٹے کی تو بات ہی مت کرو

اس سفاک بے رحم اور پتھر دل انسان کے ساتھ وقت گزار کر بلکل اس کی کاپی ہوتا جارہا ہے

اب بندہ کبھی ہنسی مزاق بھی کرلیتا ہے

لیکن یہ بات تمہارے اس مغرور سر کو کون سمجھائے

مجھے تو اس کی ہونے والی بیوی کی ٹینشن ہے اسے تو وہ بلکل خوف زدہ کر کے رکھے گا

ہائے بچی کی قسمت!

وہ پھر سے شروع ہو چکی تھی

عباد نے تاسف سے ایک غلط نظر اس پر ڈالی

اور سر نفی میں ہلاتا ہوا آگے بڑھ گیا

اس کے نفی میں سر ہلانے سے مراد تھی

گویا یہ لیزا نامی حیسن ترین چڑیل کبھی نہیں سدھر سکتی

ارے کہاں چل دیے سر کے پیچھے بات تو سنو؟

لیزا نے اپنے شکار کو ہاتھ سے نکلتے ہوئے دیکھا تو دانت پیس کر رہ گئی

عباد ہی تو تھا جس کے ناک میں وہ ہمیشہ دم کیے رکھتی تھی

لیزا میڈم!

سر آپ کو آفس میں بلا رہے ہیں

وہ جیسے ہی مزے سے صوفے پر بیٹھی تھی

ملازم نے اس تک پیغام پہنچایا

وہ برے برے منہ بناتی ہوئی اس کے آفس کی جانب بڑھ گئی

حیدر شاہ نے گھر کو بھی آفس بنایا ہوا تھا

جب کبھی اس کا دل آفس جانے کا نہیں کرتا تھا پھر باقی سب کے لیے شامت برپا ہوتی تھی

سارے لوگ اس کے گھر ہی آجاتے تھے


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اس کا آفس گھر سے تھوڑے فاصلے پر تھا

جس کی وجہ سے اس نے آفس کا پورشن الگ سے بنالیا تھا

⚘⚘⚘⚘⚘⚘

لیزا نے گلاس ڈور سے جھانکا تو وہ عمیر اور عباد سے انتہائی سنجیدگی سے کسی چیز پر بحث کر رہا تھا

اس نے بے دلی سے دروازہ ناک کیا

اور اس کے آفس میں

داخل ہوئی ی

کیا یہ انسان ہر گرزتے دن کے ساتھ ڈیسنٹ اور وجیہہ ترین ہوتا جارہا ہے

لیزا اسے دیکھتے ہی بڑبڑائی

جب کے وہ اب بھی عمیر اور عباد کی جانب متوجہ تھا


Do not copy or distribute without permission of the author
For More Novel Please Visit Our Website
www.classicurdumaterial.com

سفید بے داغ شرٹ اور بلیک جینز میں ملبوس وہ کسی شہزادے سے کم نہیں لگ رہا تھا

!لیزا ادھر آؤ

عمیر نے اسے ٹکٹکی باندھے حیدر شاہ کو دیکھتے ہوئے کہا

دھیمی مگر سنجیدہ آواز میں اسے مخاطب کیا

حیدر نے اب بھی اسے گردن گھما کر نہیں دیکھا

وہ چھوٹے چھوٹے قدم اٹھاتی اپنی جگہ پر بیٹھ گئی

تم سناؤ اب آج کا دن کیسا گزرا؟

سیل فون سے نظریں ہٹاتا ہوا وہ پوری طرح سے لیزا کی جانب متوجہ تھا

!تم جو سننا چاہتے وہ پوچھو

لیزا نے چیئر کی پشت سے کمر ٹکاتے ہوئے کہا

عمیر تم دونوں ابھی جا سکتے ہو اور جو کچھ سمجھایا اس پر غور کرنا

لیزا کے مسکراتے چہرے پر نظریں جمائے وہ عمیر سے مخاطب ہوا

وہ دونوں اثبات میں سر ہلاتے ہوئے کمرے سے باہر نکل گئے

ان دونوں کو کمرے سے نکالنے کا مقصد صرف ایک ہی تھا کے وہ سندس کو اپنے قریب ترین لوگوں کے سامنے بھی روز روز ڈسکس نہیں کر سکتا تھا

اس کا دل اسے اس چیز کی اجازت نہیں دیتا تھا کے وہ سندس کے متعلق کوئی بھی بات عباد کے سامنے کرے

وہ دونوں اس کے بھائیوں جیسے دوست تھے پر

سندس کا اس کی زندگی میں مقام اور تھا

کیسی تھی وہ؟

اس کا اشارہ سندس کی جانب تھا

اور بغیر کسی تمہید باندھے اس نے مدعے پر بات کی

!حیدر شاہ

لیزا نے اسے بے مقصد مخاطب کیا

لیزا میں نے پوچھا کیا وہ ٹھیک تھی؟

اپنے ایک ایک لفظ پر زور دیتے ہوئے اس نے پوچھا

ٹھیک ہی تھی۔۔

لیزا نے گویا اسے یہ بات بتا کر کوئی احسان کیا تھا

ٹھیک ہی تھی سے کیا مراد ہے تمہاری؟

وہ تیکھی نگاہوں سے اسے گھورتے ہوئے بولا

بور نا کرو حیدر شاہ

تم پرائیویٹ کلر سوٹ کرتا ہے!

اس کے سپاٹ چہرے سے نظریں پھیرتی ہوئی وہ بولی

ہو گئی تمہاری فضول باتیں شروع اسی لیے میں تم سے تمیز سے بات نہیں کرتا

وہ پوری طرح سے بھڑک اٹھا تھا

لیکن وہاں پرواہ کسے تھی

وہ ڈھیٹ بنی دل جلا دینے والی مسکان چہرے پر سجاتے ہوئے مزید بولی

تم کہہ تو ایسے رہے ہو جیسے دن بھر تمہارے منہ سے پھول برستے ہوں

کسی سے ڈھنگ سے بات کرتے ہوئے تمہارا ایسا لگتا ہے

تبھی ہمیشہ کاٹ کھانے دوڑتے ہو

وہ بھی لیزا تھی اتنی آسانی سے اپنی بے عزتی کو فیل کر لے ناممکن سی بات تھی یہ

عمیر سے میں انسانوں والے لہجے میں بات کرتا ہوں

اس نے سرد مہری سے کہا

وہ بیچارا خود ہی سارا دن تمہاری جی حضوری کرتے ہوئے گزار دیتا ہے

اس لیے شاید دو گھڑی ہی تم اپنے شعلہ بار انداز سے پرہیز کر لیتے ہو گے


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اس نے گویا ناک سے مکھی اڑائی تھی

اگر تم اتنی ذہین اور چالاک لومڑی نا ہوتی تو کب کا میں نے تمہیں لندن واپس بھیج دینا تھا یا
پھر جہنم ہی بھیج دیتا

بے زاری سے کہتا ہوا اس نے غصے سے پہلو بدلا

لیزا ہمیشہ اس کا صبر آزماتی تھی

نا جانے کیوں

ندا آپی کب آئی ہیں؟

سوال ہی پیدا نہیں ہوتا کے اس پر حیدر کی تازہ تازہ لعن طعن کا ذرا برابر بھی اثر لیا ہو
آج آئی ہیں

اور اب تم یہاں سے گم ہو جاؤ

جلدی سے


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

کڑے تیور لیے وہ ضبط کرتے ہوئے بولا

کیوں تھوڑی دیر اور رک گئی تو تمہیں پورا یقین ہے کے یہ حیسن لڑکی تمہارے دل اور دماغ پر قابض ہو جائے گی

مصنوعی حیرانگی چہرے پر سجاتے ہوئے وہ اپنا آخری وار کر گئی تھی

حیدر کی برداشت کا پیمانہ لبریز ہوا اس سے پہلے لیزا کی گردن وہ دبوچ لیتا وہ کھلکھلاتی ہوئی کمرے سے باہر نکل گئی

وہ بھی دانت پیس کر رہ گیا

اس کے علاوہ اور کوئی چارہ بھی تو نہیں تھا

❦ ❦ ❦ ❦ ❦ ❦

لنچ اس نے اپنے کمرے میں ہی کر لیا تھا لیکن رات کا کھانا سب ساتھ میں ہی کھاتے تھے

یہ اس گھر کا اصول تھا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

وہ بھی بے دلی سے تیار ہو کر ڈائینگ روم میں داخل ہوئی ی

احتشام صاحب اور خرم نے مسکراتے ہوئے اسے سلام کیا

جس کے جواب میں وہ محض مسکرا کر رہ گئی

ڈائینگ روم میں ایک اور انسان کا اضافہ ہو چکا تھا

عفت بھی اپنی خالہ کے گھر آچکی تھی

اور خونخوار نگاہوں سے اس کا سرتاپا جائزہ لینے میں مصروف تھی

سندس نے اسے سرے سے نظر انداز کیا اور کھانا کھانے میں مشغول ہو گئی

.................................

ندا آپی ! کیسی ہیں آپ؟

لیزا نے گرم جوشی سے ندا آپی کو گلے لگاتے ہوئے پوچھا۔

میں ٹھیک تم سناؤ ؟

ندا نے اس کی گہری آنکھوں میں جھانکتے ہوئے کہا

!میں بھی فرسٹ کلاس آپی

اس کے چہرے پر ندا کو دیکھتے ہی ایک چمک سی نمودار ہوئی ی

حیدر کو تنگ کرنا ترک کر دیا ہے یا ابھی بھی اسے بیچارے کو تنگ کرتی ہو؟

ندا آپی نے شرارتی لہجے میں پوچھا

آپی آپ کے اس سفاک اور خطرناک بھائی سے بات کرتے ہوئے بھی میں

کانپ اٹھتی ہوں

اور آپ کہہ رہی ہیں میں اسے تنگ تو نہیں کرتی

چہرے پر مصنوعی معصومیت طاری کرتے ہوئے آخر میں اس نے اپنا نا نظر آنے والا

آنسوں صاف کیا

عمیر جو اس کی پشت کی جانب رکھے صوفے پر بیٹھا تھا

اس کی ایکٹنگ دیکھ کر عش عش کر اٹھا

لیزا میں تم دونوں کو بچپن سے جانتی ہوں

بس فرق صرف اتنا ہے وہ مغرور تھوڑا زیادہ ہے اور تم شرارتی ہو

نیلم نے اس کی ایکٹنگ کو کسی خاتے میں نہیں لیا تھا اور مسکراتے ہوئے بولی

صرف مغرور آپی؟

آپ کا وہ بھائی مغرور ہونے کے ساتھ ساتھ بد تمیز اور بے مروت بھی ہے

ارے میں تو کہتی ہوں دنیا کی ہر بری عادت آپ کے شریف بھائی کے اندر کوٹ کوٹ کے بھری ہوئی ہیں

لیزا نے ہاتھ جھلا کر اس کی تعریف میں بولتی چلی گئی

عمیر نے دل میں اللہ کا شکر ادا کیا تھا کے وہ شیر ابھی وہاں موجود نہیں تھا

ورنہ لیزا صاحبہ کو اوپر پہنچانے میں وہ ایک منٹ کی تاخیر نا کرتا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

!لیزا

غلط بات ایسے نہیں کہتے وہ تم سے بڑا ہے

ندا نے تنبیہ کی تھی

!سوری آپی

وہ منہ بسورتی ہوئی ہی بیٹھ گئی

عمیر! جلدی سے اسے بلا کر لاؤ

مجھے تو کب کی بھوک لگی ہے پھر کھانا کھا لیتے ہیں

ندا نے عمیر کو مخاطب کیا جو کب سے بیزاری سے لیزا کی حرکتیں دیکھ رہا تھا

اکتایا ہوا لگا وہ لیزا کو

اور عمیر کا نام سنتے ہی لیزا اچھلی

خونجوار نگاہوں سے عمیر کو دیکھتے ہوئے وہ پھر سے ڈھیٹائی دیکھاتے ہوئے ہنس دی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اور عمیر نے اسے ایسے دیکھا

جیسے کہہ رہا ہو

تمہیں تو حیدر جیسا بندہ ہی سدھار سکتا ہے

لیزا نے منہ موڑ لیا

اور اس نے حیدر شاہ کے کمرے کا رخ کیا

❦ ❦ ❦ ❦ ❦

کھانا کھا لینے کے بعد وہ اپنے کمرے میں آ گئی تھی

کل اس کی کلاس میں ٹیسٹ تھی

وہ اپنے نوٹس وغیرہ لے کر دھپ سے بیڈ پر بیٹھی اور پوری توجہ سے ٹیسٹ یاد کرنے لگی

رات اب کافی ہو چکی تھی

نیند کا خمار اس کی سیاہ پر کشش آنکھوں میں نمودار ہوا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

سیاہ رنگ کے ڈریس میں ملبوس سلکی بالوں کا ڈھیلا سا جوڑا بنائے وہ مہوت سے نوٹس پر سر جھکائے بیٹھی تھی

اس کے بالوں کی چند آوارہ لٹیں بار بار اس کے بھولے ہوئے دودھیا رخسار کو چھو رہی تھیں

نیند جب اس کے سر پر سوار ہونے لگی تو وہ بیڈ کی پشت سے سر ٹکا کر بیٹھے بیٹھے ہی سو گئی

✿ ✿ ✿ ✿ ✿

آفس کا ضروری کام نپٹا کر وہ اپنے کمرے کی جانب بڑھی

شاہ مینشن اندھیرے میں ڈوبا ہوا تھا

سیل فون پر سر جھکائے وہ سیڑھیاں پھلانگتا ہوا اپنے کمرے کی طرف بڑھا

گلاس ڈور کو دھکیلتے ہوئے کمرے میں آیا اور وارڈروب سے بلیک ٹاوزر اور گرے رنگ کی شرٹ لیے واش روم کے اندر گھس گیا

کمرے میں ہر چیز نفاست سے موجود تھی

سیاہ اور سلور رنگ کے امتزاج کا فرنیچر اس کمرے کی خوبصورتی کو مزید بڑھا رہا تھا

سامنے والی دیوار پر اللہ پاک کا نام ایک پیارے سے فوٹو فریم میں موجود دیوار پر نصب تھا

ایرانی طرز سے بنا کارپٹ فرش پر بچھا ہوا تھا

اس کا کمرا بھی اپنے مالک کی شخصیت کی طرح بے مثال تھا

عمیر اکثر اس کے کمرے میں داخل ہوتے ہوئے کہتا تھا کے تمہارے کمرے میں جو بھی پہلی دفعہ آئے گا وہ ضرور گم ہو جائے گا

بھلا اتنے بڑے کمرے میں کون رہتا ہے

اس کا اظہار خیال بھی سہی تھا

حیدر کا کمرا حد سے زیادہ وسیع تھا

اور عمیر کے اس تبصرے پر وہ ہمیشہ سے ایک ہی جواب دیتا تھا

کے میں اپنے کمرے میں سکون سے سانس لے سکتا ہوں

اور اتنے بڑے کمرے میں رہنے کی وجہ بھی صرف یہی تھی وہ کھلی فضا اور جگہ پر سکون رہ سکتا تھا

اس کے کمرے بیک ڈور بھی تھا جو سید ھا ٹیرس کی طرف کھلتا تھا

فریش ہونے کے بعد اس نے بالوں کر سیٹ کیا اور پرفیوم چھڑکتا ہوا اپنے جہازی سائیز بیڈ کی طرف بڑھا

وہ مشکل سے چوبیس گھنٹوں میں چار یا پانچ گھنٹے کی نیند کرتا تھا

بیڈ پر دراز ہوتے ہی پہلا خیال اسے سندس کا آیا

صرف اس کے خیال سے ہی اس کے عنابی ہونٹوں پر مخصوص سی جان لیوا مسکراہٹ رینگتی تھی

اور پھر کب نیند نے اسے اپنے حصار میں لیا تھا اسے پتا ہی نہیں لگا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

ثنا اسے زبردستی اسے اپنے گھر لے کر آ گئی تھی

ثنا کے والد صاحب انتقال کر چکے تھے باقی اس کے گھر میں صرف ایک بوڑھی ماں تھی

سندس کو ان سے مل کر بہت خوشی ہوئی ی تھی

بہت عرصے بعد کسی نے اسے محبت دی تھی

لہجے میں پیار سموئے ثنا کی ماں اس سے محو گفتگو تھی

جب ارسلان بھی ثنا کے گھر میں آ گیا

ارسلان اور ثنا کا نکاح دو سال پہلے ہی ہو چکا تھا

سندس اس بات سے باخبر تھی

ارسلان اور ثنا جتنا ایک دوسرے سے لڑائی جھگڑا کرتے تھے اس قدر ہی دونوں کے دلوں میں ایک دوسرے کے لیے محبت تھی

لو جی سندس مادام گرما گرم چائے


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

کیچن سے باہر نکلتے ہوئے ثنا نے مسکراتے ہوئے کہا

اور چائے کا مگ اس کے مرمری ہاتھ میں تھما دیا

ارسلان کو لاؤنج میں بیٹھا دیکھ کر اس نے برے برے منہ بنائے

یہ اس بات کا اشارہ تھا کے اسے دیکھ ثنا کو مزا نہیں آیا

اسلام علیکم!

ارسلان نے فرمانبرداری کے تمام تر ریکارڈ توڑتے ہوئے مودبانہ انداز میں سلام کیا

وعلیکم اسلام

لٹھ مار انداز میں جواب دیا گیا

دوسری جانب ارسلان کو دیکھتے ہی سندس کی آنکھوں میں حیدر شاہ کا سراپا لہرایا

خوف کی شدید لہر اس کے وجود میں دوڑ گئی

چائے کا مگ میز پر رکھتے ہوئے وہ اٹھ کھڑی ہوئی ی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اب میں چلتی ہوں ثنا

اور آنٹی سے مل کر اچھا لگا

ثنا سے کہتی ہوئی ی وہ کانپتی آواز میں بول پڑی

ثنا نے حیرانگی اور ناسمجھ آنے والی نگاہوں سے اسے دیکھا جو اچانک سے گھر واپس جانے کے لیے بضد تھی

لیکن تم اکیلی کیسے جاؤ گی؟

رکو میں بھی چلتی ہوں تمہارے ساتھ

ثنا نے شائستگی سے کہا

نہیں تم رہنے دو

!بچی تھوڑی ہوں میں خود چلی جاؤں گی

وہ اسے مطمئن کرتے ہوئے گھر سے باہر نکل آئی

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

شام ہونے والی تھی

اس نے ایک نگاہ اپنے سیل فون پر ڈالی تو ایک انجان نمبر سے اس کے سیل پر مسیج موصول ہوا

اس نے فوراً ان باکس کھولا

آج کے بعد آپ کسی کے گھر نہیں جائیں گی

ورنہ میں کیا کچھ کر سکتا ہوں آپ سوچ بھی نہیں سکتی ہیں!

مختصر سا مسیج تھا

لیکن سندس کے دل کی دھڑکنوں کو اتھل پتھل کرنے کے لیے کافی تھا

یاخدا یہ کہاں پھنس گئی میں

روہانسا لہجے میں وہ سرگوشی میں بولی

اور سنسان سڑک پر چلنے لگی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

سیاہ پر کشش آنکھوں میں ویرانی اور اجاڑ پن سا تھا

اس نے ارد گرد آٹو یا ٹیکسی کے لیے نگاہ دوڑائی لیکن وہ خالی اور سنسان سڑک کا منہ چڑا رہی تھی

کچھ قدم اور چلنے کے بعد اسے محسوس ہوا کوئی اس کا پیچھا کر رہا ہے

لیکن پھر وہ اپنا وہم سمجھ کر قدم بڑھانے لگی

سندس!

لیزا کی پکار اس کی سماعتوں سے ٹکرائی

حیرانگی اور خوشی کے ملے جلے تاثرات اس کے خوبصورت چہرے پر نمودار ہوئے

تم یہاں کیا کر رہی ہو لیزا؟

اس نے ادھر ادھر دیکھتے ہوئے لیزا سے پوچھا

شاپنگ کرنے کے لئے گھر سے نکلی تھی اس لیے تو آج کالج بھی نہیں آ سکی

لیزا نے اسے کہا اور دونوں ہی ہمقدم ہو کر آگے بڑھنے لگی

لیز ابلو جینز اور سرخ ٹاک میں ملبوس اپنے سنہری بالوں کو سمیٹتے ہوئے بہت پیاری لگ رہی تھی

سندس نے بھی سرخ رنگ کا ڈریس زین تن کیا ہوا تھا

دوپٹے سے سر چھپایا ہوا تھا اور سیاہ چادر میں خود کو چھپا کر رکھا تھا

لیزا نے اس کی آنکھوں میں جھانکا

سندس!

تم بہت پیاری لگ رہی ہو اس ڈریس میں

لیزا نے سچائی سے اس کی تعریف کی

وہ جھنب گئی اور مسکراتے ہوئے تعریف وصولی

سندس میری گاڑی میں چلتے ہیں میں تمہیں گھر تک چھوڑ دوں گی

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

لیزا نے فضا میں گہرا سانس خارج کرتے ہوئے کہا

اچھا ٹھیک ہے!

سندس نے کہا اور دونوں ہی تھوڑی دیر بعد لیزا کی گاڑی میں موجود تھیں

❦ ❦ ❦ ❦ ❦ ❦

کسی ضروری کام کے سلسلے میں اسے فوری طور پر دبئی جانا تھا

رات نو بجے کی فلائیٹ میں اس نے سیٹس بک کروالی تھیں

حیدر شاہ تم اگر چاہو تو میں بھی ساتھ چل سکتا ہوں

عمیر نے اس کا سامان بیگ میں رکھتے ہوئے کہا

نہیں میں خود چلا جاؤں گا

تم صرف یہاں سب کا خیال رکھنا اور لیزا اسے میری بات صبح سے نہیں ہوئی کل شام تک میں خود واپس آجاؤں گا لیکن تب تک تم الرٹ رہنا اس نے شرٹ کی بازو پر کفلینگ لگاتے ہوے کہا

حیدر !

کیا تم وہ سب بھول نہیں سکتے ؟

نیلم آپی کی آواز اس کے کانوں سے ٹکرائی

عمیر نے اس کا اشارہ سمجھتے ہوئے کمرے سے باہر کی راہ لی

آپی ! کیا وہ سب بھولنا آسان ہے میرے لیے ؟

اس نے ندا کے سوال کو نظرانداز کرتے ہوئے زہریلی مسکان ہونٹوں پر سجاتے ہوئے کہا

میرے بھائی !

وہ انسان وہاں کا بادشاہ ہے

پورے لندن میں کوئی ایسا نہیں جو اس سے کسی بھی قسم کا خطرہ مول لے


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

تم میری بات سمجھنے کی تو کوشش کرو

ندا کی آواز آخر میں نم ہو گئی تھی

آپی!

میری دشمنی کسی سے نہیں تھی

ناہی میرے بابا اور موم نے کسی کا کچھ بیگاڑا تھا

میں کیسے سب کچھ جانتے ہوئے بھی کبوتر کی طرح آنکھیں بند کر کے بیٹھ جاؤں مجھے اپنے خدا پر پورا یقین ہے وہ اس لڑائی میں میرا ساتھ ضرور دیں گے

آج تک میں نے صبر کا دامن نہیں چھوڑا

پر میں اسے بھی کسی حال میں نہیں چھوڑوں گا چاہے اس سب میں میری جان ہی کیوں نا چلی جائے

وہ استہزائیہ انداز میں ہنستے ہوئے بولا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

حیدر شاہ تم ہمارے لیے بہت اہم ہو موم اور میں تمہارے بغیر کچھ بھی نہیں ہمارا کیوں نہیں سوچ رہے تم

اسے اگر بھنک بھی پڑی کے تم زندہ ہو تو وہ تمہیں ختم کرنے میں لمحے بھر کی تاخیر نہیں کرے گا

نیلم اب باقائدہ رو دی تھی

آپی!

آپ میری بات کو سمجھنا ہی نہیں چاہتی ہیں

اور رہی بات آپ کی اور خالہ امی کی تو عمیر اور عباد ہیں نا وہ سب کچھ سنمبھال لیں گے

آپ کو کبھی کسی چیز کی کمی محسوس نہیں ہو گی

وہ اپنے بدلا لینے کی آگ میں اس قدم جلا ہوا تھا

کے اسے اپنے علاوہ کچھ دکھائی بھی نہیں دے رہا تھا

میں آج ہی موم سے بات کرتی ہوں

پھر وہ جانے اور ان کا لاڈلا شہزادہ جانے

ندا آنسوں صاف کرتی ہوئی ی کمرے سے باہر نکل گئی

اس نے اپنا غصہ اور طیش دیوار پر مکا جڑ کے نکالا تھا

درد کی شدید لہر اس کے بازو اور ہاتھ میں دوڑ گئی تھی

پر اس کے اندر جو درد اور تکلیف موجود تھی اس کے آگے تو یہ درد کچھ بھی نہیں تھا

!تم اگر واپس پاکستان نہیں آجاتی تو میں ابھی تک اپنا بدلا لے چکا ہوتا

وہ اپنے خیال میں سندس سے مخاطب تھا

جو اس کے دل میں سمائی ہوئی ی تھی

پھر وہ ہر بری یاد سے پیچھا چھڑاتا ہوا گلاس ڈور کھولتا کمرے سے باہر نکل گیا

ساتھ ہی وہ اپنے سیل فون پر کوئی نمبر ڈائل کر رہا تھا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

بس سامنے ہی گاڑی روک دو میں خود ہی چلی جاؤں گی اب گھر

اس نے لیزا کو کہا

ٹھیک ہے لیزا نے اس کے اس کے حکم پر تعمیل کی اور وہ اس سے اللہ حافظ کہتی ہوئی گاڑی سے باہر نکل گئی

اس سے پہلے لیزا پھر سے گاڑی اسٹارٹ کرتی حیدر کی کال اسے موصول ہوئی

اس کے منہ کے زاویے بدلنے لگے

ناک منہ چڑاتی اس نے اپنے سیل کو گھورا

جیسے حیدر شاہ ہی اس کے سامنے موجود ہو

اس نے جان بوجھ کر اس کی کالز ریسیو نہیں کی

اور اگلے ہی پل حیدر کا مسیج اسے موصول ہوا

جس میں کچھ یوں تحریر تھا

اگر تم نے اب کال ریسیو نہیں کی تو میں تمہیں اگلے دس منٹ کے اندر اندر شوٹ کر دوں گا

پھر یہ نہیں کہنا کے خبر نا ہوئی ی

سمائلی ایموجی کے ساتھ یہ مسیج اس کے قیمتی سیل فون کی اسکرین پر جگمگا رہا تھا

ہمیشہ مارنے مرانے پر تلہ رہتا ہے یہ انسان

مجال ہے جو کبھی پیار محبت سے بات کر لی ہو

لیزا نے بھنائے ہوئے انداز میں سوچا اور اس کی کال ریسیو کر لی

جیسے اسے پورا یقین تھا کے اب اگر اس نے کال ریسیو نہیں کی تو اگلے دس منٹ کے اندر وہ اس فانی دنیا سے کوچ کر چکی ہو گی

ہیلو!

دانت پیستے ہوئے اس نے کہا

لاتوں کے بھوت باتوں سے نہیں مانتے یہ تو میں اچھے سے جانتا ہوں لیکن تم اتنی ڈھیٹ کیوں ہو؟

تکریباً ہزار سو دفعہ میں تم سے کہہ چکا ہوں مجھ سے جب بھی بات کیا کرو تو یہ ہیلو ہائے اپنے پاس رکھ لیا کرو

مجھے سخت قسم کی چڑ ہے ان الفاظ سے وہ دھیمے مگر سرد لہجے میں گویا ہوا

اسلام و علیکم و رحمتہ اللہ و بر کاتہ۔۔۔

لیزا نے اب انتہائی فرمانبر داری سے اسے سلام کیا تھا

اور اس کے اس طرح جھٹ سے سلام کرنے پر پل بھر کے لیے ہی سہی اس کے عنابی ہونٹوں پر جاندار سی مسکراہٹ نمودار ہوئی ی اور اگلے ہی پل معدوم بھی ہو گئ

گویا اگر وہ تھوڑی دیر اور مسکراتا اس کے لئے یہ چیز گناہ میں شامل ہو جاتی تھی

وعلیکم اسلام!

کہاں ہو اس وقت تم؟

اپنی مضبوط کلائی پر بندھی واچ پر ایک نظر ڈالتا ہوئے اس نے پوچھا

آپ کی محبت عشق اور زندگی کے گھر کے باہر ہی موجود اگر حکم کریں تو آپ کے ہونے والے سسرال بھی چلی جاتی ہوں

بظاہر لیزا نے تحمل سے کہا تھا

لیکن اس کی آنکھوں میں موجود غصے میں مزید اضافہ ہو چکا تھا

نہیں میرے سسرال سے زیادی فری ہونے کی ضرورت نہیں ان سے میں خود ہی مل لوں گا

اور اس کی طبیعت ٹھیک تھی؟

ناک سے مکھی اڑانے والے انداز میں اس نے لیزا کی بات کو اڑایا تھا

اور اب پھر سے سندس کے بابت دریافت کرنے لگا

بھاڑ میں جاؤ حیدر شاہ تم!


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

وہ بڑبڑائی لیکن دوسری طرف کال پر کوئی عام انسان موجود نہیں تھا اس بات کا اندازہ

اسے تھوڑی دیر میں ہو چکا تھا

نہیں بھاڑ میں جانے کا کام تمہارا ہے میں تو فلحال دبئی جا رہا ہوں اس کا خیال رکھنا

کہتے ساتھ ہی اس نے رابطہ منقطع کر دیا اور لیزا اس کی بے نیازی پر جل بھن کر دانت کچکچا

کر رہ گئی تھی

..............................

اسے دبئی گئے ہوئے دو دن گزر چکے تھے

نمبر بھی اس کا مسلسل بند جا رہا تھا

ندا آپی کو اس بات سے سب نے بے خبر رکھا ہوا تھا

عمیر نے سختی سے لیزا اور عباد سے کہہ دیا تھا

کے کوئی بھی ندا کو اس سب کے بارے میں نہیں بتائے گا

عباد! میرے ساتھ آؤ تم


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

عمیر نے عباد کو اپنے کمرے میں آنے کا کہا

اور خود بھی آگے بڑھ گیا

لیزا کا دماغ بھی سوچ سوچ کر اب پھٹنے لگا تھا

حیدر کی جان کو لاتعداد خطرات تھے

ایسا نہیں تھا کے وہ بے خبر تھا

لیکن اس کا اپنے رب پر گہرہ یقین تھا

کیا تم بھی دبئی جا رہے ہو؟

عباد نے عمیر کو سوٹ کیس میں سامان رکھتے دیکھ کر پوچھا

ہاں یار اس کے علاوہ اور کوئی حل بھی تو نہیں

اس نے مصروف سے انداز میں جواب دیا اور چھوٹا سا سفری بیگ لیے کمرے سے باہر نکل گیا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

عمیر اس کے ساتھ ہی تھا

دونوں ہی ایئرپورٹ کی جانب روانہ ہو گئے

🌹🌹🌹🌹🌹🌹

گڑیا کیا آپ سو گئی ہیں؟

خرم اس کے کمرے میں آتے ساتھ ہی آہستگی سے بولا

وہ محض آنکھیں بند کیے خود کو پرسکون کرنا چاہتی تھی

لیکن خرم کی آواز سنتے ہی وہ بیڈ سے اٹھ بیٹھی

دوپٹے کو سر پر ٹکاتے ہوئے وہ ان کے سامنے کھڑی ہو گئی

کیسے ہیں بھائی آپ؟

اس نے دھیمے لہجے میں ان سے خیریت دریافت کی

"میں ٹھیک ہوں

لیکن میری گڑیا کی طبیعت کچھ ٹھیک نہیں لگ رہی

خرم نے اس کے زرد چہرے کو دیکھتے ہوئے کہا

میں ٹھیک ہوں بھائی!

گویا اس نے خرم کو یقین دہانی کروائی تھی

وہ بھی سر اثبات میں ہلاتے ہوئے سنگل صوفے پر بیٹھ گئے

جلدی سے تیار ہو جاؤ آج کا ڈنر ہم باہر کریں گے

خرم نے بیٹھے بیٹھے ہی پروگرام سیٹ کر لیا تھا

بھائی اس کی کیا ضرورت ہے

اور تائی امی کو بھی برا لگے گا

اس نے ہاتھ مسلتے ہوئے اصل پریشانی بیان کی

امی کی ٹینشن تم چھوڑ دو انہیں میں اور بابا سنبھال لیں گے


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

تم جلدی سے ریڈی ہو کر نیچے آجاؤ

خرم نے اس کے سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے حتمی لہجے میں کہا اور کمرے سے باہر نکل گئے

اس کا دل صبح سے عجیب سی کشمکش میں تھا

لیکن اپنے لیے سوچنے کا وقت اس کے پاس تھا ہی کب

اور وہ خرم کو بھی دکھ نہیں دینا چاہتی تھی

اس لیا سیاہ رنگ کا خوبصورت ڈریس لیے ڈریسنگ روم کی جانب بڑھ گئ

❀❀❀❀❀❀❀

نیند خرگوش کے مزے لوٹنے کے بعد اس کے کانوں میں حیدر کی سرد آواز گونجی

اسے یہ بھی خواب لگا کیونکہ اس کی نظر میں تو یہ ناممکن سا عمل تھا

گویا خوابوں میں بھی اس دیو ہیکل نے مجھے پریشان کیا ہوا ہے

بے مروت نا ہو تو


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

جلتے دل کے ساتھ اس نے سوچا

اور بالوں کو کیچر میں محفوظ کرتی ہوئی ی فریش ہونے چلی گئی

رات کے دس بج چکے تھے

بھوک کی شدت کو محسوس کرتے ہوئے اس نے کیچن کا رخ کیا

لیکن یہ کیا سامنے ہی وہ مغرور بے مروت انسان مگ میں کافی انڈیلتے ہوئے اسے نظر آیا

آنکھوں کو مسلتے اس نے یہ بھی اپنی آنکھوں کا فریب ہی سمجھا تھا

وہ دبئی ہے لیزا فضول میں پاگل ہونے کی ضرورت نہیں

وہ بڑبڑا کر اپنے لیے کھانا نکالنے لگی

اور کھانے لوازمات سے سجی پلیٹ لیے کچن سے باہر جانے لگی

حیدر نے بھی گردن گھما کر اسے دیکھا

وہ ایسے بنا رہا جیسے کچن میں وہ اکیلا ہی ہو


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

لیکن پہلی بار لیزا کو اس طرح چپ چاپ دیکھ کر وہ حیران ضرور ہوا تھا

کوئی تمیز نام کی چیز ہے بھی یا نہیں تمہارے اندر؟

اس نے لیزا کو چنگھاڑتے ہوئے مخاطب کیا

وہ بیچاری تو اچھل ہی پڑی تھی

حیدر کی آواز سن کر

تم کب آئے واپس؟

وہ حیدر کو دیکھ کر زور سے چلائی تھی

کان کے پردے پھاڑ دو تم اب

تمہارے سامنے ہی کھڑا ہوا

اتنی زور سے چلانے کی ضرورت ہی کیا ہے؟

وہ خونخوار نگاہوں سے اسے گھورتے ہوئے بولا

تم سچ میں واپس آ گئے ہو

اور بتایا کیوں نہیں

لیزا نے اس کے شانے پر سر رکھنا چاہا لیکن اس کے متوقع رد عمل کو بھانپ کر رہی

وہ اس سے دو تین قدم فاصلے پر چلا گیا

! کتنے گندے انسان ہو نا تم حیدر شاہ

شعلہ بار نگاہوں سے اسے گھورتے ہوئے لیزا نے کہا

اور تم نے تھوڑی دیر پہلے مجھے

یہ کیوں

کہا کے کوئی تمیز نام کی چیز ہے تمہارے اندر؟

وہ بلکل حیدر کی نقل اتارتے ہوئے اسی کے انداز میں بولی

کیونکہ۔۔

اس سے پہلے وہ اپنی بات پوری کرتا عباد کی کال اسے موصول ہوئی ی

وہ لیزا کو ایک سائیڈ کرتا ہوا خود کچن سے باہر چلا گیا

لیزا نے دل ہی دل میں اسے دو چار مزید اپنے ٹائپ کے تعریفی کلمات سے نوازا اور کھانے

کھانے میں مشغول ہو گئی

خرم بھائی آج موسم کتنا اچھا ہے نا؟

چادر سے اپنے سراپے کو چھپاتے ہوئے اس نے چہکتے ہوئے کہا

چلو شکر اسی بہانے ہی سہی میری گڑیا مسکرائی تو ہے

خرم نے دھیمے مگر شائستہ لہجے میں کہا

اب اس نے محض ہلکا سا مسکرانے پر اکتفا کیا

جس کے بعد دونوں کا آرڈر کیا ہوا کھانا ان کی ٹیبل پر لگ چکا تھا

سندس کو بریانی زیادہ پسند تھی

اس لیے خرم نے اس کے لیے بریانی کا آرڈر کی

وہ پوری توجہ سے بریانی سے انصاف کرنے میں مگن تھی

جب پورا ریسٹورینٹ فائرنگ کی آواز سے گونج اٹھا

چاروں اعتراف میں شیل گیس کا دھواں پھیلنے لگا

سندس نے کھانستے ہوئے خوف زدہ نگاہوں سے ادھر ادھر دیکھا سب لوگ ہی اپنی جان

بچا کر باہر کی جانب بھاگ رہے تھے

خرم نے اس کا ہاتھ مضبوطی سے تھاما اور خارجی دروازے کی جانب بڑھا

فضا میں اب فائرنگ کی تڑتڑاہٹ بڑھنے لگی تھی

خرم خود بھی حواس باختہ ہو چکا تھا

اس سے پہلے وہ سندس کو لیے باہر کی جانب بھاگتا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

سندس کا ہاتھ اس کی گرفت سے کسی نے زبردستی نکالا

اور اگلے ہی لمحے سندس اس کے سامنے سے غائب تھی

دھواں اب بڑھتا جا رہا تھا

اس نے بہت بار سندس کو پکارا لیکن اس کا کوئی جواب موصول نہیں ہوا

اور پھر اسے اپنی جان بچانے کا خیال آیا

وہ بغیر سندس کو ڈھونڈنے کے باہر آ کر کھڑا ہو گیا

پولیس اور نامعلوم افراد کا مقابلہ جاری تھا

پولیس کی بھاری نفری بھی جائے وقوعہ پر موجود تھی

اور پولیس نے عام افراد کو اب وہاں سے ہٹانا شروع کر دیا تھا

کون ہو تم؟


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

چھوڑو مجھے

اندھیرے کے باعث وہ اس کا چہرہ نہیں دیکھ سکی تھی

اس لیے غراتے ہوئے سندس نے اس سے پوچھا

وہ اسے ریسٹورینٹ کے بیک دروازے سے باہر نکال کر لے آیا تھا

اور اس کے ہاتھ کو زور سے جھٹک دیا

بھوری آنکھوں میں چنگھاریاں جل رہی تھیں

آہستہ آہستہ وہ اس کے قریب ہونے لگا

کس کے ساتھ آئی ہو یہاں؟

اس نے سندس کی آواز سے زیادہ تیز لہجے میں پوچھا تھا

میں نے کہا کس کے ساتھ آئی ہو؟

اس کی نازک بازوں پر اپنے فولادی گرفت مضبوط کرتا ہوا وہ دھاڑا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

ک۔۔۔۔کز۔۔۔کزن کے ساتھ،

اس نے خوف زدہ آواز میں جواب دیا

اچھی لڑکیاں رات کے وقت کزنز کے ساتھ بھی سیر و تفریح نہیں کرتی ہیں

اور تم سے مجھے اس حرکت کی امید نہیں تھی سندس صاحبہ

لہجے میں طنز کے تیر سموئے ہوئے اس نے تاسف سے کہا

سندس نے اس کی آواز پہچان لی تھی لیکن چہرہ وہ ابھی بھی اس کا دیکھنے میں ناکامیاب رہی تھی

تو پھر اچھی لڑکیاں نامحرم کے ساتھ سیر تفریح کرنے جا سکتی ہیں

اس نے تمسخرائے لہجے میں کہا

اور آپ ہوتے کون ہیں مجھ پر حکم چلانے والے

یا مجھ پر کسی بھی قسم کی پابندیاں مسلط کرنے والے

اس کا ضبط اب جواب دے چکا تھا

اپنی پوری طاقت لگا کر اس نے اسے دھکا دیا لیکن وہ ایک انچ بھی اس سے دور نہیں ہوا تھا

سندس اس کے سامنے بلکل چھوٹی سے گڑیا کی مانند تھی

چلو آج تمہارا شوق پورا کر دیتے ہیں

پھر تمہیں مجھ سے یہ فضول قسم کے سوال کرنے کی ضرورت نہیں آئے گی

کے "میں کون ہوتا" ہوں

تم پر پابندیاں مسلط کرنے والا

کہاں لے کر جا رہے ہو تم مجھے؟

سندس کا سانس پھولنے لگا تھا

بہت جلد پتا چل جائے گا گاڑی میں بیٹھو

بغیر اس کی طرف دیکھے اس مغرور شہزادے نے نیا حکم جاری کیا

!میں نہیں بیٹھوں گی

اس نے چلا کر کہا اور وہاں سے جانے لگی

پیار کی زباں تمہیں سمجھ میں نہیں آتی تو پھر ایسے ہی ٹھیک ہے

مخصوص جان لیوا سی مسکان اس کے ہونٹوں رقصاں تھی

سندس کو گاڑی میں بٹھانے کے بعد وہ شاہ مینشن روانہ ہوا

!اللہ کرے تم مر جاؤ حیدر شاہ

انتہائی سفاک لہجے میں اس نے حیدر کو ایک عدد بد دعا سے نوازا

اس کے گالوں پر سفید موتی متواتر گرنے لگے تھے

!رونا بند کرو پہلے تم

اس سے کہاں برداشت تھے سندس کے آنسوں

پہلے رلاتے ہیں پھر میرے مسیحا بننے کی ناکام ایکٹنگ بھی کرتے ہیں


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اور کبھی تو خود ہی جان اور عزت کے لیے درندوں کی صف میں کھڑے ہو جاتے ہیں

!تف ہے آپ پر شاہ

اس نے زہریلی آواز میں کہا

وہ خاموش رہا

گاڑی شاہ مینشن کے باہر رک گئی

گارڈز نے اسے دیکھتے ہی خارجی گیٹ کھول دیا تھا

سفید رنگ کی لینڈ کروزر اس علیشان محل میں داخل ہوئی ی

اور پہلی بار اس گھر میں رہنے والے شہزادے کے ساتھ اس کی شہزادی بھی موجود تھی

سیٹ بلٹ کھولنے کے بعد وہ سندس کی طرف آیا

اور اس کا ہاتھ اپنی مضبوط گرفت میں لیے وہ محل کے اندرونے حصے کی جانب بڑھا

وہ اس وقت اپنے حوش میں نہیں تھی ورنہ اس خوبصورت محل نما گھر کو دیکھ کر مسمرائیز ہو جاتی

نکاح خواں کا انتظام پہلے سے ہی عباد نے کر دیا تھا

وہ اپنے آفس کے پورشن کی جانب بڑھا

بغیر کسی چوں چاں کے تم نکاح کے لیے اپنی راضامندی کا اظہار کروگی

راہداری سے گزرتے ہوئے اس نے بے لچک آواز لہجے میں سندس سے کہا

تم سے نکاح تو میں کسی صورت نہیں کروں گی

چاہے کچھ بھی ہو جائے

اس کی سخت گرفت سے اپنے نازک ہاتھ کو وہ آزاد کروانے کی ناکام سعی کرنے لگی

زور زبردستی کا میں پہلے بھی قائل نہیں تھا

اور ناہی اب اس کا قائل ہوں


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

ہم دونوں کی بہتری اسی میں ہے

آج یہ نکاح ہو جانے دو بعد میں تم جیسا چاہو گی ویسا ہی ہو گا

اس نے نرمی سے اسے سمجھانا چاہا

حیدر شاہ میں یہ نکاح مر کر بھی نہیں کروں گی

نا آج نا کل اور نا پھر کبھی

اس نے گردن گھما کر حتمی انداز میں کہا

ٹھیک ہے تمہاری مرضی ایسے تو ایسے سہی

میں ہم دونوں کی چند تصاویر تمہاری تائی امی کے نمبر پر سینڈ کر دیتا ہوں کیا خیال ہے

اس نے شرارتی نگاہوں سے اسے دیکھتے ہوئے پوچھا

کون سی تصاویر؟

سندس نے دانت پیستے ہوئے کہا

وہ میں تمہیں کیوں بتاؤں؟

وہ ایسے بن گیا تھا جیسے یہاں کوئی عام سی بحث چل رہی ہو

!تم کبھی نہیں سدھر سکتے شاہ

نفی میں سر ہلاتے ہوئے وہ اس پر حملہ ور ہونے کے لئے جھپٹی تھی

لیکن اس کی ساری پھرتی حیدر نے دو منٹوں میں ختم کر دی تھی

شادی کے بعد مار لینا ابھی شرافت سے نکاح کے لیے حامی بھر لو

وہ مغرور شہزادہ اس وقت بلکل ایک الگ ہی انسان بنا ہوا تھا

لاچار بے بس منت سماجت کرتا ہوا

لیزا اگر اسے یہ سب کرتے دیکھتی تو صدمے سے بے حوش ہو جاتی

اور آخر کار اس نے ہتھیار ڈال دیئے محض کچھ ہی لمحوں میں وہ سندس احمر سے سندس حیدر شاہ بن چکی تھی

نکاح ہو جانے کے بعد اس نے عمیر سے کچھ کہا

جس کے عمیر سر اثبات مین ہلاتا ہوا کمرے سے باہر نکل گیا

اب تم کوئی بھی تصاویر تائی امی کو نہیں بھیجو گے نا؟

بچوں کی طرح آنکھوں میں خوف سموئے اس نے حیدر سے پوچھا

میں پہلے بھی نہیں بھیجتا چاہے تم آج اس نکاح کے لیے انکار کر دیتی

اس کے برابر بیٹھتے ہوئے وہ سنجیدگی سے بولا

حیدر کے اس طرح اپنے ساتھ بیٹھنے پر وہ گڑبڑا کر اپنی جگہ سے اٹھ کھڑی ہوئی ی

لیکن حیدر نے اسکا ہاتھ نرمی سے تھام کر پھر سے اسے اپنے پاس بیٹھا دیا

تم نے میرے ساتھ زبردستی نکاح کیا ہے

اس بات کو میں کبھی نہیں بھول سکتی

نا چاہتے ہوئے بھی شکوہ اس کی زباں پر آ ہی گیا تھا

CLASSICURDU MATERIAL
www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

فلحال وقت کی ڈیمانڈ یہی تھی زندگی!

وہ گہرا سانس کھینچتے ہوئے ندامت زدہ لہجے میں بولا

مجھے گھر جانا ہے شاہ!

اس کی چہرے سے نگاہیں ہٹاتے ہوئے اس نے دوٹوک کہا

لیکن

اس سے پہلے وہ مزید کچھ کہتا سندس نے ہاتھ اٹھا کر اسے مزید کچھ کہنے سے باز رکھا

اور کمرے سے باہر نکل گئی

اپنے غصے پر ضبط کرتا ہوا وہ کی چین اٹھاتے ہوئے خود بھی اس کی تلقین میں کمرے سے باہر نکل گیا

پورے ادھے گھنٹے کے سفر میں دونوب کے بیچ خاموشی چھائی رہی

ملک ہاؤس پہنچتے ہی اس نے چادر کو سر پر ٹکایا اور گاڑی سے باہر نکلنے لگی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

حیدر نے اس کا سرخ سفید نازک ہاتھ پھر سے تھام لیا

اور اس کی ماتھے پر اپنی محبت کی مہر ثبت کی

سندس کی بھیگی آنکھوں نے اس کی بھوری آنکھوں میں جھانکا

جہاں ویرانی کے علاوہ اور کوئی جزبہ موجزن نہیں تھا

!میرا ہاتھ چھوڑو شاہ

اس نے اپنی آنکھوں امڑ آنے والے لاتعداد آنسوں کو روکتے ہوئے بے تاثر آواز میں کہا

بس کچھ ہی دیر لگی تھی

حیدر کو اپنی شہزادی کے سحر سے نکلنے میں

آہستگی سے اس نے اس کا ہاتھ چھوڑ دیا

اور وہ گاڑی سے باہر نکل کر گھر کی جانب بھاگ گئی

اس نے بھی سپاٹ انداز میں گاڑی اسٹارٹ کی اور فل اسپیڈ میں کار ڈرائیو کرتا ہوا چلا گیا

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

گھر پہنچتے ہی احتشام صاحب اس کی جانب لپکے تھے

سندس!

تم ٹھیک ہو نا؟

خرم نے اس بے چینی سے اس پوچھا جو احتشام صاحب کے سینے سے لگی رونے میں مشغول تھی

نبیلا میری بیٹی کے لیے پانی لے کر آؤ

احتشام صاحب اسے اپنے حصار مین لیے ہوئے صوفے پر بیٹھ گئے

میرے بچے تم اتنا رو کیوں رہی ہو

خرم نے تمہیں اتنا ڈھونڈا تھا تم کہاں چلی گئی تھی

احتشام صاحب نے نرمی سے کہا

بڑے ابو میں۔۔۔۔۔میں نے جب۔۔۔۔وہ دھواں بڑھتا ہوا دیکھا تو۔۔۔۔اس ریسٹورینٹ کے۔۔۔۔۔بیک ڈور کی جانب بھاگ گئی۔۔۔میرا سانس پھولنے لگا تھا اس لیے۔۔۔

اس کے منہ میں جو آیا وہ ہکلاتے ہوئے بولتی چلی گئی

جب کے احتشام کے چہرے پر سکون کی رمق نمودار ہوئی

کوئی بات نہیں بیٹا آپ جا کر آرام کرو رات بھی بہت ہو چکی ہے

احتشام صاحب نے اس کا سر تھپکتے ہوئے نرمی سے کہا

وہ بھی جلد سے جلد اپنے کمرے میں جانا چاہتی تھی

اس لیے سر ہلاتے ہوئے اٹھ کھڑی ہوئی

میں کمرے تک چھوڑ دوں تمہیں؟

خرم نے اس کی غیر ہوتی حالت کے پیش نظر کہا

!نہیں میں خود چلی جاؤں گی

وہ سپاٹ چہرے کے ساتھ کہتی ہوئی اپنے کمرے کی جانب بڑھ گئ

........................

شاہ مینشن پہنچتے ہی اس کا سامنا نداآپی سے ہوا

اس کے سپاٹ چہرے کو دیکھ کر وہ ٹھٹھک گئ

یہ کونسا ٹائم ہے گھر واپس لوٹنے کا شاہ؟

غصیلے لہجے میں پوچھا گیا تھا

ضروری کام کی وجہ سے اس ٹائم جانا پڑا

آپ ابھی تک سوئی نہیں ہیں؟

اس نے اپنے چہرے پر ہلکی سی مسکان سجاتے ہوئے کہا

میں ابھی اٹھی ہوں نیند سے

اور تم جا کر آرام کرو رات بہت ہو چکی ہے

انہوں نے جانچتی نگاہوں سے حیدر کو دیکھتے ہوئے کہا

جیکٹ کو ہاتھ میں اٹھائے شرٹ کے بازو کہنی تک فولڈ کرتے ہوئے وہ اپنے کمرے کی جانب بڑھا

ملک ہاؤس میں صبح کے آٹھ کے بجے کا وقت تھا

جب سب ہی ڈائیننگ روم میں ناشتے کی ٹیبل پر موجود تھے

نبیلا بیگم کی تیکھی نگاہیں سندس پر مرکوز تھیں

سندس نے جب نبیلا بیگم کو ایسے گھورتے ہوئے دیکھا تو ایک عجیب سی کیفیت اس کے اعصاب پر حاوی ہونے لگی

اسے یقین تھا رات والے واقعے کو لے نبیلا بیگم اس پر شک کرنا شروع ہو گئی تھیں

اور ایسی پریشانی میں اس سے کھانا نہیں کھایا گیا

وہ اپنی جگہ سے اٹھ کھڑی ہوئی ی

بیٹا ناشتہ تو کر لو کہاں جا رہی ہو؟

احتشام صاحب نے اسے چیئر سے اٹھتے ہوئے دیکھا تو بول پڑے

بڑے ابو! بھوک نہیں ہے آج

اس نے بیچارگی سے کہا تو احتشام صاحب خاموش ہو گئے

ٹھیک ہے بیٹا جیسے تمہیں ٹھیک لگے لیکن یہ لو پیسے کینٹن سے کچھ کھا لینا ٹھیک ہے

انہوں نے اس کے سر پر دست شفقت سے ہاتھ رکھا

وہ زبردستی ہلکا سا مسکرائی اور ملک ہاؤس سے باہر نکل آئی

مادام!

آپ کو گاڑی میں بیٹھنا ہو گا

وہ چند قدم ہی چل سکی تھی جب سیاہ رنگ کی لینڈ کروزر اس کے قدموں میں آکر رک گئی

اور ڈرائیور نے مودبانہ انداز میں اسے مخاطب کیا

جا کر اپنے سر سے کہہ دو جو کچھ احسان وہ میری ذات پر کر چکا ہے

اس کے بعد میرا ضمیر مزید اس کے کسی احسان کا بوجھ نہیں اٹھا سکتا اس لیے اب بخش دے مجھے

ارد گرد نگاہ دوڑاتے ہوئے اس نے کرب سے کہا اور آگے بڑھ گئی

خرم! کیا کرتے پھر رہے ہو میں نے صرف تمہیں ایک کام کرنے کو کہا تھا

اور تم سے وہ بھی نہیں ہو رہا

نبیلا بیگم نے بیٹے کو گھر کا

موم! جب تک آپ کا شوہر اس کی دیکھ بھال کرنے پر معمور ہے تب تک کچھ نہیں ہو سکتا

میرا دل کرتا ہے مسل کر رکھ دوں اس لڑکی کو جس نے ہمیشہ میرے حصے کا پیار اور

شفقت میرے باپ سے بٹورا

خرم کا مکروہ چہرہ اور انداز صرف نبیلا بیگم کے سامنے تھا

!بس کچھ دیر اور برداشت کر لو میرے لال

نبیلا بیگم نے اس کے شانے پر ہاتھ رکھتے ہوئے زہریلے لہجے میں کہا

کتنا برداشت کروں؟

یہ لڑکی نا جانے کب اپنی جائیداد ہمارے نام کرے گی اور پتا نہیں کب میں اسے اور اس

کے چہیتے تایا ابو کو گھر سے نکال باہر کروں گا

وہ دانت کچکچا کر غصے میں بولا

تم تھوڑا اور اس کے ساتھ شائستگی سے پیش او لڑکی ذات ہے جلدی سے پیار محبت کے

سانچے میں ڈھل جائے گی

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

انہوں نے غرا کر کہا

جس پر خرم نے محض سر ہلا دیا

شیطانی مسکراہٹ دونوں بیٹے اور ماں کے چہروں پر احاطہ کیے ہوئے تھی

لیکن ان کی تمام تر غلاضت ایک اور نفوس نے بھی سن لی تھی

اور اب وہ دروازے کی اوٹ میں چھپ سا گیا تھا

جیسے وہ نہیں تیسرا بندہ نہیں چاہتا تھا کے خرم اور نبیلا بیگم اسے دیکھ لیں

بولو کیسے یاد کیا؟

وہ اس کے سامنے رکھی کرسی پر بیٹھتے ہوئے گویا ہوئی ی

بھوری آنکھیں سکیڑ کر اس نے لیزا کو دیکھا

جس نے بلیک جینز پر پرپل رنگ کی لانگ شرٹ زیب تن کر رکھی تھی

اور حیدر نے بلیک جینز کے ساتھ بلیک ہی شرٹ پہنی ہوئی ی تھی

!پہلے تم سیدھی ہو کر بیٹھو

تم تمیز سے بیٹھ بھی نہیں سکتی کیا؟

سخت لہجے میں اس نے کہا

لیزا اپنا سا منہ لے کر بیٹھ گئی

اور سیدھی ہو کر بیٹھ گئ

اف یہ مغرور اور بے مروت انسان خاموش رہے تو کتنا پیارا لگتا ہے

اور جب بولتا ہے تو دل کرتا ہے اس دنیا سے ہی غائب ہو جاؤں

وہ منہ بسورتے ہوئے خود سے مخاطب تھی

!اب کام کی بات کر لیتے ہیں

اس نے سنجیدگی بات کرنے کا آغاز کیا

ٹھیک ہے!

لیزا نے اس کی بھوری آنکھوں میں دیکھنے سے گریز کرتے ہوئے کہا

اب تمہیں اس کا خیال پہلے سے زیادہ رکھنا ہو گا

اور اسے یہ یقین دلانا ہو گا کے وہ تمہارے لیے خاص ہے

میرا مطلب ہے اس کی بیسٹ فرینڈ بننے کی کوشش کرو

تا کے وہ اپنے خود ساختہ زون سے باہر نکل سکے

اس نے سنجیدگی سے کہا

جب کے اس کی آنکھوں میں سندس کے لیے پاکیزہ محبت صاف دکھائی دے رہی تھی

لیزا نے تاسف سے سر جھکالیا اور جب بولی تو اس کا لہجہ کسی بھی جزبے سے عاری تھا

میں اپنی طرف سے پوری کوشش کروں گی!

مختصر جواب دیتی ہوئی ی وہ چیئر سے اٹھی

اور اس کے آفس سے باہر نکلتی چلی گئی

حیدر بھی اس سے سوال جواب کرنے کے بجائے لیپ ٹاپ کی اسکرین پر جھک گیا

سر وہ اس وقت آئیسکریم پارلر کے باہر موجود ہیں

عباد نے اسے اطلاع دی

کیا لیزا ابھی اس کے ساتھ ہے؟

اس نے سرد لہجے میں پوچھا

جی سر! لیزا ابھی ان کے ساتھ ہی ہے

عباد نے مزید کہا

اوکے!

سپاٹ آواز میں کہہ کر اس نے کال نے کاٹ دی

اور عمیر سے گویا ہوا

تم مجھے اس آدمی کا پورا ڈیٹا نکال کر دو گے

اور وہ بھی آج شام تک

دھمکی آمیز لہجے میں کہ کر وہ اپنی جگہ سے اٹھ کھڑا ہوا

ٹھیک ہے!

عمیر نے سر ہلاتے ہوئے جواب دیا

کالج کے اندر قدم رکھتے ہی لیزا اور ثنا اس کے پاس آ گئیں

کیسی ہو؟

ثنا نے اس کے کملائے ہوئے چہرے کو غور سے دیکھتے ہوئے کہا

ٹھیک ہوں۔

اس نے جلدی سے جواب دیا

اور وہ تینوں اپنی کلاس کی جانب بڑھ گئیں

لیکچر اٹینڈ کرنے کے بعد وہ تینوں کینٹین کی جانب بڑھنے کے بجائے کالج کے خارجی گیٹ کی جانب بڑھ گئیں

کہاں جا رہے ہیں ہم ؟

اس نے اکتائے لہجے میں پوچھا

یار سارا دن پڑھنے اور گھر کے کاموں میں گزر جاتا ہے

انسان زندگی جی نہیں رہا بلکے زندگی کے پیچھے بھاگنے میں اس قدر کھو گیا ہے کے زندگی کو جینے کے اصل اصول تک سے نالاں نظر آتا ہے

ثنا نے اپنے خیال کا اظہار کیا اور تینوں لیزا کی گاڑی کی جانب بڑھیں

ثنا کی بات اس کے دل کو لگی تھی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اس لیے وہ مزید کسی بحث کے ان دونوں کے ساتھ خاموشی سے آگئی

لیزا تم آج اتنی چپ چپ کیوں ہو؟

وہ کب سے نوٹ کر رہی تھی لیزا کا چہرہ مرجھایا ہوا تھا

اس لیے پوچھے بغیر نہیں رہ سکی

بس یار ایسے ہی صبح سے سر درد نے جان ہلکان کر رکھی ہے

باقی تو میں فٹ اینڈ فائن ہوں

لیزا نے اسے مطمن کرنے کے لیے مصنوعی مسکراہٹ ہونٹوں پر سجاتے ہوئے کہا

تو پھر آج تمہیں کالج نہیں آنا چاہیے تھا

آرام کرنا چاہیے تھا تمہیں

اس نے فکر مند لہجے میں کہا

اگر میں آرام کرتی تو میرا کام کون کرتا اور میرے کام کرنے کے مجھے اچھے خاصے پیسے بھی ملتے ہیں

لیزا نے گاڑی کی اسپیڈ کم کرتے ہوئے تلخ لہجے میں کہا

ثنا اور سندس نے نا سمجھ آنے والی نگاہوں سے ایک دوسرے کو دیکھا

گویا وہ لیزا کی بات سن کر حیران ہوئی تھیں

کونسا کام کرتی ہو تم؟

سندس نے بے تاثر لہجے میں کہا

مزاق کر رہی تھی یار

ویسے بھی میرا ایک دوست کہتا ہے لیزا تم پوری کی پوری ڈرامہ کوئن ہو

جب اسے احساس ہوا کے سندس کے سامنے وہ آدھے سے زیادہ باتیں اگل چکی ہے

تو گڑ بڑا کر بات کو گول کرنے لگی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

تمہارے دوست ہیں

توٹھیک ہی کہہ رہے ہونگے

ثنانے بالوں کو ہاتھوں سے سلجھاتے ہوئے کہا

!تم خود کونسا کم ڈرامہ ہو

لیزا سے کہا برداشت تھا کسی کے منہ اپنے لیے برائی سننا

لیکن سندس صاحبہ بڑے مزے سے اس کی اور ثنا کی تکرار سے لطف اندوز ہو رہی تھی

کچھ دیر کے لیے ہی سہی لیکن لیزا نے اس کا موڈ خوشگوار کر دیا تھا

سندس پہلے لنچ کر لیتے ہیں پھر آگے کا لا عمل سوچتے ہیں

لیزا نے فرنٹ مرر سے اس کے پر کشش چہرے کو دیکھتے ہوئے کہا

جیسے تم دونوں کو ٹھیک لگے

اس نے سارا ملبہ دونوں کے اوپر گرا دیا تھا

اور خود پر سکون ہو کر بیک سیٹ سے سر ٹکا کر بیٹھ گئی

لیزا نے اس معصوم سی شہزادی کو دیکھا جو بے انتہاہ خوبصورت تھی

اور اس نے دل سے اس بات کا اعتراف کیا تھا

کے حیدر شاہ کی پسند بھی اسی کی طرح بے مثال اور لاجواب تھی

لنچ کر لینے کے بعد انہوں سے آئیسکریم پارلر کا رخ کیا

آجاؤ سندس!

لیزا نے اس کا ہاتھ پکڑتے ہوئے کہا

نہیں یار میں یہیں ٹھیک ہوں تم دونوں جاؤ

اس نے روہانسی لہجے میں کہا

لیکن تم یہاں گاڑی میں تنہاہ بیٹھی رہو گی؟

لیزا نے اسے گھورتے ہوئے پوچھا

تو پھر کیا کوئی چھوٹی سی بچی تھوڑی ہوں

تم لوگ جاؤ میں یہیں انتظار کرتی ہوں دونوں کا

اس نے ضدی انداز میں کہا تو ثنا اور لیز ابراسامنہ بنا کر رہ گئیں

اور پھر طے یہ ہوا تھا سب ہی گاڑی میں بیٹھ کر آئیسکریم کھائیں گے

سندس اور ثنا نے آئیسکریم پارلر کے اندورنے حصے کی جانب رخ کیا

ابھی کچھ ہی پل گزرے تھے جب گاڑی کا لاک ڈور کھولتے ہوئے دو نقاب پوش آدمیوں

نے اس کا نازک ہاتھ بے دردی سے جکڑا

اور اسے گاڑی سے باہر نکالنا چاہا

وہ اس اچانک افتاد کے لیے تیار نہیں تھی

اس لیے بوکھلا کر رہ گئی

اور جب اسے نازک صورت حال کا اسے اندازہ ہوا خوف کی شدت سے اس کی آنکھیں

پھیل گئی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

سنو لڑکی کسی بھی قسم کی ہوشیاری دکھانے کی کوشش کی تو اس گن سے گولی نکل کر تمہاری کھوپڑی آر پار ہو جائے گی

چلو اب تمیز سے گاڑی سے باہر نکلو

اس میں ایک سیاہ فام آدمی نے ٹوٹی پھوٹی اردو میں اسے وارن کیا

میں نہیں جاؤں گی تم لوگ کون ہو پلیز کوئی مدد کرے میری

اس کا نازک ہاتھ ابھی تک ان میں ایک آدمی نے سختی جکڑا ہوا تھا وہ کراہ کر رہ گئی

اسے گھسیٹتے ہوئے اپنے ساتھ لے جانے کی کوشش کر رہے تھے

وہ متلجی سی کیفیت میں اپنے حلق پر پورا زور ڈالتے زور سے چلائی

اس کی سیاہ چادر اس کے سر سے الگ ہو چکی تھی

کہا تھا نا کسی قسم کی ہوشیاری دکھانے سے پرہیز کرنا

اور یہ کہتے ساتھ ہی اس آدمی نے اپنی پوری طاقت سے اس کے روئی جیسے گالوں پر تھپڑ رسید کیا

اس وار کے لیے وہ تیار نہیں تھی

اس کا ہونٹ پھٹ چکا تھا

خون کا ذائقہ اسے اپنے منہ میں گھلتے ہوئے محسوس ہوا

اللہ کے لیے مجھے چھوڑ دو میں نے تم لوگوں کا کیا بگاڑا ہے

وہ اب سسک اٹھی اور ان کے سامنے گڑگڑانے لگی

پر ان بے رحم آدمیوں کو اس معصوم پر کوئی رحم نہیں آیا

وہ اسے اب ایک سنسان سڑک پر گھسیٹ کر لے آئے

خوف زدہ نگاہوں سے اس اطراف میں دیکھا

اس نے تمام تر ہمت جتا کر اس آدمی کے ہاتھ پر اپنے دانت گاڑھ دیے اس آدمی کی

گرفت ڈھیلی پڑتے ہی

وہ آندھی طوفان کی طرح وہاں سے بھاگی تھی

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

بغیر پیچھے کی طرف مڑ کر دیکھنے سے وہ فل اسپیڈ میں دوڑ رہی تھی

بھاگتے بھاگتے اس کا سانس پھولنے لگا پر اس نے اپنے قدم نہیں روکے

شام سے اب رات ہونے کو تھی وہ یہ اندھیرا اس کی مدد کر سکتا تھا

وہ دونوں جیسے ہی آئیسکریم پارلر سے باہر آئیں تو لیزا کی گاڑی توڑ پھوڑ کا شکار تھی اور سندس بھی گاڑی میں موجود نہیں تھی

لیزا سندس کہاں گئی

اس سے پہلے لیزا اشنا کو حوصلا دیتی جو رونا پیٹنا شروع ہو چکی تھی اسے تسلی دیتی

عباد نے بیک وقت اس سے سندس کے بابت پوچھا

مجھے نہیں پتا لیکن ضرور وہ کسی مشکل میں ہے عباد تم کچھ کرو


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

لیزا نے ضبط کرتے ہوئے چلا کر اسے بولا

جب کے ثناء بیچ سڑک پر کھڑے ہو کر سندس کا نام پکار رہی تھی

پریشانی کے مارے ثنا کے ہاتھ پاؤں پھولنے لگے تھے

ثنا یار تم تو رونا بند کرو مل جائے گی وہ

لیزا نے اس کے شانے پر دباؤ ڈالتے ہوئے کہا

اور عباد بھی اب وہاں سے جا چکا تھا

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اپنے نازک سرخ سفید پاؤں سینڈل سے آزاد کرتی ہوئی اس نے گھنے جنگل کا رخ کیا

وہ اس راستے سے واقف نہیں تھی

اس نے بمشکل پورا اسلام آباد دیکھا ہوا تھا

اور یہ بھی صرف اسی وجہ سے تھا کے وہ سیر و تفریح کرنے سے گریز کرتی تھی

وہ صرف گھر سے کالج اور کالج سے گھر تک آتی جاتی تھی

اس ہیبت ناک جنگل میں داخل ہوتے ہی وہ نیم کے بڑے سے درخت کے ساتھ پشت ٹکا کر زمین پر بیٹھتی چلی گئی

اور اپنی پھولی ہوئی سانس کو بحال کرنے لگی

جنگل میں خطرناک حد تک اندھیرا چھانے لگا تھا

اسے خدشہ تھا کے کہیں اس جنگل میں کوئی جانور نقصان نا پہنچا دے

وہ دونوں آدمی اب اس کے پیچھے نہیں تھے

لیکن اب ایک اور مسئلہ درپیش تھا کے وہ جلد سے جلد اس جنگل سے باہر نکلنا چاہتی تھی

اس نے پھر سے کمر کس لی اور اس ہیبت ناک ماحول سے باہر نکلنے کا راستہ ڈھونڈنے لگی

آہ۔۔۔امی!

اندھیرا ہونے کے باعث وہ راستے میں پڑا ہوا بھاری پتھر نہیں دیکھ سکی

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSICURDU MATERIAL

اوراب اس کا نازک پاؤں پتھر سے لگنے کی وجہ سے بری طرح زخمی ہو چکا تھا

وہ کراہ کر رہ گئ

اس کے منہ سے امی لفظ بہت عرصے بعد ادا ہوا تھا

دکھ کی شدید لہر اس کے وجود میں رینگ گئ

کاش آپ لوگ مجھے یوں تنہا چھوڑ کے نا جاتے امی

اس نے سسکتے ہوئے کرب سے سوچا

سفید موتی اس کے گال بھگونے لگے تھے

وہ پاؤں پر ہلکا سا دباؤ ڈالتی

زمین سے اٹھی اور آہستہ آہستہ چلتے ہوئے جنگل سے باہر نکلنے کے لیے خوف زدہ نگاہوں

سے ادھر ادھر دیکھتے ہوئے آگے بڑھنے لگی

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

تم ایک لڑکی پر نظر نہیں رکھ سکتے اگر اسے کچھ ہوا تو میں تمہیں زندہ زمین گاڑھ دوگا

!یہ یاد رکھنا عباد تم

عباد کے گریبان کو پکڑتے ہوئے اس نے غرا کر کہا

اور اپنی گاڑی کی جانب بھاگا

!حیدر میری بات تو سنو

لیزا نے اس کے شانے پر ہاتھ رکھتے ہوئے ملتجی لہجے میں کہا

دور ہو جاؤ میری نظروں سے تم بھی میں اگر خود پر ضبط نہیں کر سکا تو عباد اور تم آج کی تاریخ میرے ہاتھوں موت کی گھاٹ میں اتر جاؤ گے

اس کی طرف دیکھے بغیر ہی وہ زہریلے انداز میں بولا

اور گاڑی میں بیٹھ کر شاہ مینشن سے روانہ ہوا

اس کے کار ڈرائیو کرنی کی

رفتار کو دیکھ کر لیزا نے آنسوں رگڑتے ہوئے

لیزا اپنی گاڑی کی جانب بڑھی

حیدر اس وقت اپنے کنڑول میں نہیں تھا وہ یہ بات اچھے سے جانتی تھی

اور پھر عباد اور لیزا نے حیدر کی گاڑی کے تعاقب میں لگ گئے

شٹ۔

کاش ہم اتنی کوتاہی نا برتتے تو آج یہ سب نا ہو رہا ہوتا لیزا نے چلا کر کہا

اس کا دل کر رہا تھا حیدر کو اذیت میں دیکھنے کے بعد وہ خود کو نوچ نوچ کر مار ڈالے

یہ بھی حقیقت تھی کے حیدر شاہ نے اپنی زندگی اور محبت کی نگرانی کے لیے اس پر اعتبار کیا تھا

اور وہی اعتبار اب چکنا چور ہو چکا تھا

.................................


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

شہزاد مجھے کچھ نہیں سننا پورے اسلام آباد کو سیل کرنا پڑے تو کرو لیکن مجھے وہ لڑکی کل

صبح تک سہی سلامت چاہیے

شہزاد سے اس کی اچھی دوستی تھی

اور شہزاد پولیس میں تھا

اس وقت وہ ڈی آئے جی کے عہدے پر فائز تھا

حیدر شاہ!

تم۔بے فکر ہو جاؤ کل تک وہ لڑکی تمہارے سامنے سہی سلامت موجود ہو گی

باقی اللہ سے دعا مانگو

شہزاد نے کہا اور

اس نے کال بند کرتے ہی سیل فون کو گاڑی کی ڈیش بورڈ پر پھینک دیا

میری جان حیدر شاہ بہت جلد تمہیں ڈھونڈ لے گا ان شاءاللہ

جب سے اس نے سندس کی گمشدگی کے بارے میں سنا تھا

اسے اپنا دل بند ہوتا ہوا محسوس ہو رہا تھا

بالوں کو مٹھی میں جکڑتے ہوئے اس نے اسلام آباد کی ہر چھوٹی بڑی جگہ چھان ماری تھی

لیکن وہ اسے کہیں نہیں ملی

خرم کچھ پتا لگا کہاں ہے وہ؟

احتشام صاحب نے بے قراری سے خرم سے پوچھا

نہیں بابا فلحال تو اس کا کوئی سراغ نہیں ملا

خرم نے بیزاری سے کہا

یا میرے خدا نجانے وہ کہاں اور کس حال میں ہو گی

احتشام صاحب نے مرے مرے انداز میں کہا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

میرا خیال ہے وہ اس وقت اپنی زندگی کے حسین لمحات گزار رہی ہو گی

اب روز روز تو اتفاق نہیں ہوتے نا

کل بھی وہ اچانک سے غائب ہو گئی تھی

اور پھر جب اس کا دل کیا گھر واپس آ گئی

آج بھی کچھ ایسا ہی ہوا ہے

ہم سب تو فضول میں خود کو ہلکان کر رہے ہیں

جب اس کا دل کرے گا آ جائے گی

نبیلا بیگم نے مسکراتے ہوئے زہریلے لہجے میں کہا

احتشام صاحب اس کا زہریلا لب و لہجہ سن کر تڑپ اٹھے

"بکواس بند کرو تم اپنی

میری بیٹی پر کسی قسم کا اگر الزام لگانے

کی کوشش کی تو ابھی اور اسی وقت اس گھر سے تمہیں نکال باہر کروں گا

اپنا یہ زہر کسی اور سامنے اگرا گلنے کی کوشش بھی کی تو مجھ سے برا کوئی نہیں ہو گا نبیلا

وہ انگلی اٹھا کر انہیں دھمکی دینے والے انداز میں بولے

اور لاؤنج سے باہر نکل گئے

! بابا ہو سکتا ہے موم ٹھیک کہہ رہی ہوں

احتشام صاحب کے بڑھتے ہوئے قدم خرم کی آواز پر جم سے گئے

وہ مڑ کر بے یقینی سے اپنے سپوت کو دیکھنے لگے

کیا بکواس ہے یہ خرم؟

وہ دھاڑے

بابا! یہ بکواس نہیں حقیقت ہے وہ ہمارے ساتھ کھیل رہی ہے

ہو سکتا ہے اس کا کسی کے ساتھ افیئر چل رہا ہو

خرم نے مسخرائے لہجے میں کہا

گھٹیا لڑکے منہ بند کرو اپنا

اس سے پہلے وہ اور کچھ کہتا احتشام صاحب کا ہاتھ اٹھا اور اس کے چہرے پر اپنے نشان چھوڑتا چلا گیا

خرم نے سکتے کی سی کیفیت میں اپنے نرم خو والد کو دیکھا

جو اس وقت آگ بگولا ہو رہے تھے اور کہر برساتی نگاہوں سے اسے گھورتے ہوئے گھر سے ہی باہر نکل گئے

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اللہ کے بعد میرا آخری سہارا تم ہو اب

پلیز میری بچی ڈھونڈ کر لا دو

ناجانے وہ کس حال میں ہو گی

احتشام صاحب کسی سے فون پر بات کر رہے تھے

ان کی آنکھیں بھیگنے لگیں تھی

دوسری جانب سے نا جانے انہیں کیا کہا گیا تھا

جس کے جواب میں انہوں نے مزید کہا

مجھے اللہ سے بھی امید ہے

لیکن اگر سندس کو کچھ ہو گیا تو میں اپنے مرحوم بھائی کو کیا منہ دیکھاؤں گا

انہوں نے آنکھیں صاف کرتے ہوئے بھیگے لہجے میں کہا

تم ہی رکھوالے ہو میری بیٹی کے مجھے مایوس نہیں کرنا

انہوں نے لہجے میں چاشنی گھول کر کہا تو سامنے سے انہیں کوئی آواز سنائی نہیں دی

شاید مخالف سمت والا انسان رابطہ منقطع کر چکا تھا

ان انجان سڑک پر دوڑتے ہوئے اسے نجانے کتنے گھنٹے گزر چکے تھے

سانس ہموار کرتے ہوئے اس نے گھٹنوں پر ہاتھ رکھ کے تھوڑا سا جھکنے کی کوشش کی

اس کے نازک پاؤں اب شل ہونے لگے

اللہ جی یہ کونسی آزمائشیں ہیں جو ختم ہونے کا نام نہیں لے رہیں

آنکھیں زور سے بند کرتے ہوئے اس نے کرب سے سوچا

اب اس کے وجود پر موجود کپڑے تھوڑے سے پھٹ چکے تھے

لیکن دوپٹے سے اپنے سراپے اور سر کو ڈھک کر وہ چھوٹے چھوٹے قدم اٹھانے لگی

لیکن وہ خوف ناک اور پراسرار سڑک ختم ہونے کا نام ہی نہیں لے رہی تھی

اس کے پاؤں سے خون رسنے کے بعد اب جم چکا تھا

سردی کی شدت میں اضافہ ہونے لگا

پولیس موبائل اسے سامنے سے آتی ہوئی دکھائی دی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

تو کیا اس شہزادی کی مشکلیں ختم ہو چکی تھیں

تو کیا اللہ نے اس کے لیے کوئی مسیحا بھیج دیا تھا؟

پولیس موبائل اس کے قدموں میں آ کر جم گئی

ایک باوردی اہلکار گاڑی سے باہر نکلا

کون ہیں آپ اور اس وقت یہاں کیا کر رہی ہیں؟

پولیس اہلکار نے اس سے چبھتے لہجے میں سوال کیا

!مجھے میرے گھر تک چھوڑ دیں پلیز

ان کے سوال کو نظر انداز کرتی وہ ان کے سامنے باقاعدہ ہاتھ جوڑ کر کھڑی ہو گئی

اور اپنے آنسوں پیتے ہوئے کہا

چلیں پھر لیکن آپ اپنا نام تو بتا ہی سکتی ہیں

اس باوردی نوجوان نے پھر سے کہا

سندس!

اس نے کانپتے ہوئے جواب دیا

اومائے گڈ!

کیا آپ حیدر شاہ کو جانتی ہیں؟

اس نوجوان نے پر جوش انداز میں کہا

نہیں! میں کسی حیدر شاہ کو نہیں جانتی

اب مجھے گھر پر چھوڑ دیں مہربانی کر کے

اکھڑے ہوئے لہجے میں کہتی ہوئی ی وہ اس باوردی نوجوان ک معصومیت اور خوبصورتی کی اعلیٰ مثال لگی

لیکن اس کے سراپے سے نگاہیں ہٹاتا ہوا وہ آگے بڑھا اور

سندس نے ڈگمگاتے ہوئے آہستہ سے چلنا شروع کیا

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

ان کی تلقین میں چلتے ہوئے وہ گاڑی میں بیٹھ گئی

ایک آخری آنسوں اس کی رخسار پر پھسلتا چلا گیا

جس کے بعد اس گاڑی میں چھائے سناٹے کی طرح اس کا وجود بھی سناٹے میں ڈھلنے لگا

⚘ ⚘ ⚘ ⚘ ⚘ ⚘

شاہ! تم صبر کرو ان شاءاللہ بھابھی بلکل سہی سلامت ہو گی

عمیر اس کے ساتھ ہی موجود تھا

وہ کب سے اس کا چہرہ دیکھ رہا تھا جہاں سوائے کرب اور اذیت کے کچھ بھی نہیں تھا

عمیر کل ہی تو اسے باضابطہ طور پر اپنی زندگی میں شامل کیا تھا

اور آج ہی یہ سب ہو گیا

اگر اسے کچھ ہو گیا تو؟

اس کی آنکھوں میں خون اترا ہوا تھا

سب ٹھیک ہو جائے گا!

عمیر نے اس کے شانے پر ہاتھ رکھتے تسلی دینے والے انداز میں کہا

ٹھیک؟

وہ زہریلے انداز میں ہنسا

وہ پہلے سے زخمی وجود کے ساتھ زندگی گزار رہی تھی

اب ایک اور قرار اوار اس پر ہوا ہے

اور تم کہہ رہے ہو سب ٹھیک ہو جائے گا

تمہارے لیے یہ سب کہنا آسان ہے عمیر کیوں کہ تم میری جگہ پر نہیں ہو

وہ تلخی سے قہقہہ لگاتے ہوئے بولا

اور گاڑی سے باہر نکل گیا

فجر کی آزان اس کی کانوں میں گونجی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اس کے قدم خود بخود مسجد کی طرف بڑھنے لگے

اس شہزادے کی بھوری آنکھوں میں ویرانی کرب اور ایک طوفان سا برپا تھا

عمیر نے تاسف سے اس وجیہہ اور مضبوط انسان کو دیکھا

جو خود اتنی اذیتیں جھیلنے کے بعد بھی کبھی اف تک نہیں کرتا تھا

لیکن آج وہ ریت کی مانند اپنے ہی ہاتھوں سے پھسلتا چلا جارہا تھا

"صرف اور صرف اپنی محبت کے لیے"

وہ باحفاظت ملک ہاؤس پہنچ چکی تھی

اس کا دل اور دماغ اب پہلے سے زیادہ خوفزدہ تھا

نبیلا بیگم کے متوقع ردعمل کو سوچتے ہی اس کا وجود لرزنے لگا

ڈرتے ڈرتے اس نے پہلا قدم لاؤنج میں رکھا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

لیکن اس کی خدا نے یہاں بھی اس کا ساتھ دیا

سوائے احتشام صاحب کے لاؤنج میں اور کوئی موجود نا تھا

وہ احتشام صاحب کے پاس گئی

بڑے ابو؟

اس نے یہ الفاظ روتے ہوئے ادا کیے

احتشام صاحب کچھ دیر پہلے ہی بیٹھے بیٹھے سو گئے تھے

سندس کی آواز ان کے کانوں میں گونجی

سندس!

وہ زور سے اس کا نام لے کر اٹھ بیٹھے انہیں یہ سب خواب لگ رہا تھا

لیکن سندس کا ہاتھ اپنے ہاتھ پر دیکھ کر وہ سکتے میں رہ گئے

ان کی سندس ان کے پاس ہی تھی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

!میری جان

کہاں چلی گئی تھی تم

اسے اپنے سینے سے لگاتے ہوئے وہ رونے لگے

سندس کی سسکیاں ماحول میں چھائے سکوت کو توڑنے لگیں

احتشام کے سینے سے لگتے ہی اسے احمر صاحب کی یاد شدت سے آئی تھی

لیکن احتشام صاحب کے وجود میں سے اسے احمر صاحب کی خوشبو آتی تھی

روتے روتے ہی وہ بے حوش ہو گئ

احتشام صاحب سے وہ سنبھالی نہیں جا رہی تھی

اس نے آہستگی سے اسے تھری سیٹر صوفے پر لیٹا دیا اور خود ڈاکٹر کو فون کرنے چلے گئے

!وہ گھر واپس آگئی ہے اب تم بھی جا کر آرام کرو

ابھی وہ نماز پڑھ کر مسجد سے باہر نکل ہی رہا تھا

جب اس کے نمبر پر کال موصول ہوئی ی اور ایک بھاری اور شفیق آواز اس کے کانوں میں گونجی

کیسی ہے وہ؟

فضا میں گہرا سانس خارج کرتے ہوئے اس نے سپاٹ انداز میں پوچھا

اس کے تنے ہوئے اعصاب کچھ حد تک ڈھیلے پڑنا شروع ہو گئے تھے

فلحال تو ٹھیک ہے اور میں بعد میں بات کرتا ہوں

تم خیال رکھنا اپنا شفیق لب اور لہجے میں بات کو مختصر کرنے کے بعد

دوسری جانب سے رابطہ منقطع ہو گیا

شکر میرے خدا!

کھلے آسماں پر بھوری نگاہیں جماتے ہوئے اس نے خدا کا شکر ادا کیا

عمیر نے تعجب سے اس کے عمل کو دیکھا

کیا ہوا کوئی سراغ ملا؟

عمیر چھوٹتے ہی پوچھا

ہمممم

!!

وہ گھر پہنچ گئی ہے میں ابھی ایک ضروری کام سے جا رہا ہوں

!تم شاہ مینشن چلے جاؤ عمیر

شرٹ کی آستین فولڈ کرتے ہوئے اس نے سخت لہجے میں کہا

اور اپنی گاڑی کی طرف بڑھا

عمیر سر ہلا کر واپس شاہ مینشن جانے کے لیے مڑ گیا

ڈاکٹر اس کا چیک اپ کر چلا گیا تھا

لیکن وہ اب بھی غنودگی میں تھی

احتشام صاحب اس کے پاس ہی بیڈ پر بیٹھ گئے

ان کے چہرے پر عجیب سا کرب تھا

سندس کے زرد چہرے کو دیکھ کر ان کا دل کٹ کر رہ گیا تھا

میری زندگی کا کوئی بھروسہ نہیں یارب لیکن بس اتنی سے مہلت دے دے میں اسے اس کے اصلی وارث تک پہنچا دوں

پھر شاید سکون سے مرنا نصیب ہو

ان کی پرسوچ نگاہیں سندس پر مرکوز تھیں وہ کانپتے لہجے میں اپنے رب سے مخاطب تھے

اور بیڈ کی پشت سے سر ٹکا کر بیٹھے بیٹھے ہی سو گئے

آپ دونوں کل کراچی جائیں گے

کب کہاں کیسے یہ سب مت پوچھیے گا لیکن پیکنگ کر لیں کل صبح جلد سے جلد آپ کو اسلام آباد سے چلے جانا ہے

سگریٹ سلگاتے ہوئے اس نے سخت لہجے میں کہا

لیکن سندس اتنی جلدی راضی نہیں ہو گی

اور پھر ہم جائیں گے کہاں؟

رہائش کا بندوبست بھی کرنا پڑے گی

احتشام صاحب نے صاف گوئی اختیار کی

یہ آپ کا کام ہے کے اسے کیسے رضامند کریں گے

اور کل صبح ہی گاڑی اور ڈرائیور آپ کے گھر کے خارجی دروازے پر موجود ہو گا

اور کراچی پہنچنے کے بعد آپ کو رہائش وغیرہ کا کوئی بھی مسئلا نہیں ہو گا

اب اللہ حافظ!

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

وہ سخت گیر لہجے میں بولا

اور کال کاٹ دی

احتشام صاحب پیشانی مسلتے رہ گئے

لیکن وہ مطمئن ضرور ہو گئے تھے

🌹🌹🌹🌹🌹🌹

اس آئسکریم پارلر کے باہر سی سی ٹی وی کیمراز ضرور نصب ہوں گے

مجھے ایک گھنٹے میں وہ ساری فوٹیج چاہیے کیونکہ اب یہی ایک راستہ ہے ان دونوں خبیث لڑکوں کو شناخت کرنے کا ورنہ اگلے ایک گھنٹے میں تم اس دنیا سے کوچ کر چکے ہو گے

ابھی سے اپنے کام پر لگ جاؤ شاباس

سفاکی سے کہتے ہوئے اس نے کال کٹ دی

وہ اس وقت اپنے فام ہاؤس پر موجود تھا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

ایک ہی سال میں اس نے پاکستان میں پوری طرح تو نہیں لیکن کچھ حد تک خود اسٹیبل کر لیا تھا

بلیک جینز پر بلیک ہی شرٹ میں وہ اس وقت عام سے حلیے میں ہونے کے باوجود بھی پرکشش لگ رہا تھا

پرسوچ نظروں سے اس نے اپنے سیل فون کو گھورا

جس پر بار بار نجانے کس کے مسیج آرہے تھے

اس نے بیزاری سے سیل فون اٹھایا لیکن

فون کی اسکرین پر موجود تحریر کو پڑھتے ہی ایک جاندار سی مسکراہٹ اس کے عنابی لبوں پر نمودار ہونے کے بعد معدوم بھی ہو گئی

.............................................

"دل سے اتر بھی نہیں جاتا"

"وہ شخص کوئی فیصلہ کر بھی نہیں جاتا"


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

"ہم دوہری اذیت کے گرفتار مسافر"

"پاؤں بھی ہیں شل،اور شوق سفر بھی نہیں جاتا"

"اور دل کو تیری چاہت پہ بھروسہ بھی بہت ہے"

"اور تجھ سے بچھڑ جانے کا ڈر بھی نہیں جاتا"

عام طور پر تو وہ صرف ایک مسیج تھا

صرف چند اشعار تھے

لیکن اس شعر میں چھپی ہوی محبت کرب،اور ڈر وہ بھانپ گیا تھا

بے قراری سے اس نے اس نمبر پر بیک کال کی لیکن نمبر بند تھا

غصے سے اس نے سیل فون دیوار پر دے مارا

کل سے وہ جس تکلیف جس اذیت سے دوچار تھا

یہ صرف وہی جانتا تھا

جینز کی جیبوں میں ہاتھ گھسائے ہوئے وہ لان کی طرف بڑھ گیا

اس کا چہرہ سپاٹ اور آنکھیں کسی بھی تاثر سے پاک تھیں

وہ خود کو پر سکون کرنا چاہتا تھا

اور اسے شدید غصہ آرہا تھا

اس ہستی پر جس نے اپنا حالِ دل بیاں کر دینے کے بعد نمبر کو بند کر دیا تھا

سہی وقت آنے دو پھر میں تم سے بھی چن چن کر بدلے لوں گا

وہ بڑبڑایا

مخصوص سی جان لیوا مسکراہٹ اسکے عنابی لبوں پر رقصاں تھی

❦ ❦ ❦ ❦ ❦ ❦

یہ صبح کے دس بجے کا وقت تھا

اس نے بمشکل اپنی آنکھیں کھولی

اب بھی اس کی آنکھوں اور سر پر بوجھ سا تھا

خود کو اپنے ہی کمرے میں دیکھ کر اس کے اندر ایک نئی زندگی کی رمق دوڑ گئی

اٹھ گئی میری بیٹی!

احتشام صاحب دوستانہ لہجے میں اس سے مخاطب ہوئے

وہ نہیں چاہتے تھے کے سندس پھر وہ سب سوچے یا

پھر سے خود کو زخمی کرے

بڑے ابو!

آپ مجھ سے کوئی سوال جواب نہیں پوچھیں گے؟

وہ بچوں کی طرح آنکھوں میں آنسوں لیے ان سے مخاطب تھی

کیسے سوال جواب؟

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

اور تم اٹھو پہلے جلدی فریش ہو جاؤ پھر ناشتہ بھی تو کرنا ہے نا

انہوں نے نرمی سے اس کے سر پر ہاتھ پھیرتے ہوئے شفیق لہجے میں کہا

ٹھیک ہے!

وہ بھی مزید اب اس بات کو طول نہیں دینا چاہتی تھی

اس لیے کندھے اچکا کر رہ گئی

احتشام صاحب بھی کمرے سے باہر جا چکے تھے

اور تھوڑی ہی دیر میں کھانے کے لوازمات سے سجی ٹرے اس کے کمرے میں ہی لے کر آئے

بڑے ابو آپ میری وجہ سے خود کو ہلکان نہیں کریں

مجھے یہ سب بلکل بھی اچھا نہیں لگ رہا

شرمندہ لہجے میں کہہ کر وہ آنسوؤں پر ضبط کرنے لگی

جو کسی بھی لمحے اس کے گالوں پر بہنے کے لیے تیار تھے

تم پہلے خاموشی سے یہ کھانا ختم کرو پھر کر لینا باتیں بھی میں کہیں بھاگا تھوڑی جا رہا ہوں

انہوں نے اس کے بال بیگاڑتے ہوئے کہا

ہلکی سی مسکراہٹ اس کے لبوں کو چھو گئی

اور سندس کو پر سکون دیکھ کر احتشام صاحب کے اندر تک سکون کی لہر دوڑ گئی تھی

ناشتے سے فارغ ہونے کے بعد احتشام صاحب نے زبردستی اسے دوا دی جس کے بعد

اسے آرام کرنے کی تائید کرتے خود کمرے سے باہر نکل گئے

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

🌹🌹🌹🌹🌹

کیا میں اندر آ سکتی ہوں

وہ فلحال کسی سے بھی بات کرنے کے موڈ میں نہیں تھا

اس لیے فام ہاؤس آ گیا تھا

لیکن لیزا صاحبہ توتوپ چیز تھیں آخر کار وہ اسے ڈھونڈنے میں کامیاب ہو گئی

اور اس وقت اس کے سامنے سیاہ لباس میں ملبوس سپاٹ انداز میں اس سے مخاطب تھی

سنہری بال الجھے ہوئے تھے

گرے آنکھوں میں ویرانی طاری تھی

حیدر نے سنجیدگی سے اسے دیکھا

نہیں آسکتی تم اندر"

"اب جاؤ یہاں سے

بغیر اس کی طرف دیکھے وہ چنگھاڑتے ہوئے بولا

لیکن میری بات تو سن لو!

وہ ڈھیٹ لہجے میں بولی

مجھے کچھ نہیں سننا اب جاؤ یہاں سے

حیدر نے کھڑکی سے خوبصورت اور بھاری پردے ہٹاتے ہوئے سختی سے کہا

لیکن تمہیں میری بات سننی پڑے گی

لیزا نے گہرا سانس خارج کرتے مضبوط انداز میں کہا

مجھ پر حکم چلانے والا آج تک کوئی پیدا نہیں ہوا

اس لیے آگے سے اس لب و لہجے میں اگر میرے ساتھ مخاطب ہونے کی کوشش کی تو

تمہاری یہ زباں کاٹ دینے میں ایک منٹ بھی نہیں لگاؤں گا!

سخت انداز میں کہہ کر وہ اس سے دو قدم دور ہوا

اور لیزا نے خاموشی سے اثبات میں سر ہلا دیا

گویا وہ بھی اپنی غلطی تسلیم کر رہی تھی

کارل کو پتا لگ چکا ہے

کے تم زندہ ہو اور پچھلے ایک سال سے پاکستان مقیم ہو


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

لیزا نے اہم اطلاع اس تک پہنچائی

ہمیشہ کی طرح آگے کالا عمل حیدر شاہ کو ہی طے کرنا تھا

"مجھے معلوم ہے سب

اس لیے مہربانی کر کے اب یہاں سے چلی جاؤ

اکھڑے ہوئے انداز میں کہہ کر

وہ ایڑھیوں کے بل گھوم کر اس کے پاس آیا اور آگ برساتی نگاہوں سے اسے گھورنے لگا

تم بدتمیز اکڑو، بگڑے شہزادے ہو

حیدر شاہ

وہ دل ہی دل میں اس پر تاک تاک کے تیر پھینک رہی تھی

جب حیدر نے میز پر ہاتھ مار کر اسے متوجہ کرنے کی کوشش کی

جا رہی ہوں

اتنی جلدی کیوں ہے مجھے دفع کرنے کی

وہ اس کے سامنے ڈٹ کر کھڑی ہو گئی

!تم میرے کسی ناکردہ گناہوں کی سزا ہو لیزا

وہ بھوری آنکھوں میں دنیا جہاں کی ناگواری سموئے بولا

لیزا نے گردن جھکا کر شانے بے نیازی سے سر جھٹکا

گویا وہ اس کے کمنٹ کو اپنے لیے اعزاز سمجھ کر وصول کر رہی تھی

تم جا رہی ہو یا پھر میں اپنا طریقہ استعمال کروں؟

وہ عاجز آچکا تھا

اور انتہائی اکتاہٹ بھرے لہجے میں وہ بات کر رہا تھا

نہیں جا رہی کیا کر لو گے؟

میں ویسے بھی جا رہی تھی

تمہاری یہ تڑیاں دینے والا انداز مجھے زہر لگتا ہے حیدر شاہ

اب تو میں یہاں سے ہلنے والی ہوں نہیں

وہ اسے نظر انداز کرتی اس کے ہی بیڈ پر بیٹھ گئی

گویا حیدر کی دھمکی اس کے لیے ناک سے مکھی اڑانے کی حثیت رکھتی تھی

ٹھیک ہے پھر تمہیں تو ویسے بھی بچپن سے پیار کی زبان سمجھ میں نہیں آتی

وہ اس کا ہاتھ سختی سے پکڑ کے گلاس ڈور کی جانب بڑھا

تم تو ہو ہی ظالم، سفاک، بدتمیز اول اور ر کو ابھی میں ایک لفظ بھول رہی ہوں

وہ حیدر شاہ کے ہاتھ پر دباؤ ڈال کر اسے تھم جانے کا کہہ رہی تھی

حیدر تو اس کی ہمت اور نڈر انداز دیکھ کر دم بخود رہ گیا

گویا وہ اس کے سامنے ہی بغیر کسی جھجھک یا خوف کے اسے بے عزت کرنے پر بضد تھی

ہاں یاد آ گیا تم ایک پتھر دل اور بے رحم مرد ہو


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

جو اتنی خوبصورت اور حیسن لڑکی کے ہوتے ہوئے بھی دیار غیر سے ایک معمولی سی لڑکی کے لیے پاکستان میں ہی سر بھوڑ رہا ہے

اور مزے کی بات تو یہ ہے سندس مادام آپ کو دیکھنا تک گوارا نہیں کرتی

وہ اپنے سنہری بالوں کو شرارتی انداز میں سمیٹ کر خود ہی کمرے سے باہر جا چکی تھی

حیدر اس کی سراہی دار گردن دبوچنے کے لیے لپکا

لیکن وہ جھپاک سے غائب بھی ہو چکی تھی

دنیا جہاں کے سارے بدتمیز اور بے حیا ایک طرف اور لیزا نامی بلا ایک طرف

وہ مٹھیاں بھینچ کر زور سے بڑبڑاتے کمرے سے باہر نکل گیا

تم اپنی امانت کب لے جاؤ گے ؟

وہ تمہارے نکاح میں ہے

اس بند کمرے میں دو آدمی موجود تھے

احتشام صاحب نے چبھتے لہجے میں سامنے بیٹھے سفاک انسان سے پوچھا

وہ میرے ساتھ جانے کے لیے کبھی راضامند نہیں ہو گی

اس نے کندھے اچکاتے ہوئے جواب دیا

لیکن کیوں نہیں جائے گی

میں اسے ساری سچائی بتادوں گا

اور سچ سننے کے بعد وہ تمہارے ساتھ ہر حال میں جانے کے لیے تیار ہو جائے گی

ابھی اسے کوئی سچ جھوٹ نہیں بتایا جائے گا

سہی وقت آنے پر میں اسے خود سب کچھ بتاؤں گا

لیکن تب تک وہ آپ کے پاس ہی رہے گی

غصے سے کہا گیا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اس نے اپنا فیصلہ سنا دیا تھا

سامنے بیٹھے درمیانی عمر کے آدمی نے تاسف سے اسے دیکھا

جو اپنا فیصلہ ان پر مسلط کرنے کے بعد اپنی جگہ سے اٹھ کھڑا ہوا تھا

اب چلتا ہوں!

اور اب اگر اس پر کسی نے بھی تھرڈ کلاس کی الزام تراشی کرنے کی کوشش کی تو میں یہ بھول جاؤں گا

کے وہ جو کوئی بھی ہستی ہے آپ کو کتنی عزیز ہے

اور سندس سے اس کا کیا تعلق ہے

کیوں کے مجھے اس پوری کائنات میں سوائے اپنی محبت اور اپنی زندگی کے کوئی بھی عزیز نہیں

اور میری محبت اور زندگی صرف ایک ہی ہستی ہے

امید کرتا ہوں آگے سے اس بات کا خاص خیال رکھا جائے گا

اس نے تحکم بھرے لہجے میں کہا

پھر میز پر ہاتھ جما کر تھوڑا سا جھکا

اور ہاں اس رات ہاسپٹل میں وہ جس حالت میں تھی

میرا پورا ارادہ تھا آپ کی زوجہ محترمہ کو قتل کر دوں

لیکن پھر آپ کا خیال آیا تو سوچا ایک آخری موقعہ دے دیا جائے

سندس کی تائی امی کو

لیکن تم کب آئے تھے ہاسپٹل؟

اور تمہیں نبیلا کے بابت کس نے بتایا یہ سب

احتشام ہکا بکا ہو گئے تھے

اس رات میں ہی تھا جس نے آپ کو ڈاکٹر سے ملنے کا کہا تھا

میری پشت آپ کی جانب تھی تبھی آپ کو پتا نہیں لگا

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

اور دوسری اور اہم بات

آپ کے گھر میں کب کیا ہو رہا ہے

اور کس وقت میری بیوی کے خلاف سازشیں کی جاتی ہیں

میرے لیے یہ سب معلومات اکٹھا کرنا کوئی مشکل کام نہیں

لیکن اب اور نہیں

سمجھا دیں اپنی بیوی کو کے وہ میری بیوی سے دور رہے

ورنہ بیٹے کی شادی کے جو وہ خواب دیکھ رہی ہیں نا

وہ پورے ہونے سے پہلے ہی نبیلا بیگم کو میں موت کی گھاٹ اتار دوں گا

سفاک لہجے میں

اس نے اپنی بات مکمل کی

جس کے بعد جیکٹ کو ہاتھ میں لیا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اور سیل فون اٹھا کر وہاں سے آندھی طوفان کی طرح غائب بھی ہو گیا

احتشام صاحب اس کی دھونس زبردستی کے بعد بھی مسکرا اٹھے تھے

وہ اس کی شدت پسندی سے بچپن سے واقف تھے

ایک گھنٹے مکمل ہو گیا ہے اب تم بتاؤ کام ہوا کے نہیں

آنکھوں پر گلاسس لگاتے ہوئے اس نے سپاٹ انداز میں پوچھا

سر! کام ہو گیا ہے

دوسری جانب موجود آدمی نے تھوک نگلتے ہوئے جواب دیا

ایکسیلینٹ!

میں دیکھتا ہوں تھوڑی دیر میں فوٹیج

فام ہاؤس سے باہر نکلتے ہوئے اس نے بے تاثر لہجے میں کہا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

گرے شرٹ اور بیلک جینز میں وہ گریس فل لگ رہا تھا

!شاہ مینشن چلو

ڈرائیور سے تفاخر زدہ انداز میں کہہ کر وہ سیل فون کی اسکرین پر سر جھکا گیا

اس کی بی ایم ڈبلیو اب شاہ مینشن کے راستے پر گامزن تھی

❀ ❀ ❀ ❀ ❀ ❀

بڑے ابو کیا سوچ رہے ہیں آپ؟

کب سے میں محسوس کر رہی ہوں کوئی بات ہے جو آپ کو تنگ کر رہی ہے کیا؟

زرد رنگ کے کاٹن کے ڈریس میں ملبوس وہ بے حد معصوم اور حسین لگ رہی تھی

اس کا مرمری ہاتھ احتشام صاحب کے ہاتھوں پر تھا

ایسی کوئی بات نہیں تم سناؤ طبیعت کیسی ہے اب؟

وہ لہجے کو ہشاش بشاش کرتے ہوئے گویا ہوئے

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

آپ میرے ساتھ جھوٹ بول رہے ہیں نا؟

آنکھوں میں ڈھیر ساری خفگی سموئے وہ منہ بسورتے ہوئے بولی

نہیں بیٹا سچ ہی بیان کر رہا ہوں

لیکن تم ان سب باتوں کو چھوڑو

انہوں نے اس کے ہاتھوں کو تھپکتے ہوئے نرمی سے کہا

تائی امی کہاں ہیں بڑے ابو؟

نبیلا بیگم کے ذکر پر اس کے چہرے پر ایک سایہ سا لہرایا تھا

اس کی آنکھوں میں تھکان در آئی

پتا نہیں کہاں ہے وہ عورت

لیکن تم آج کے بعد اس کمرے سے باہر نہیں نکلو گی

نبیلا بیگم کے ذکر پر احتشام صاحب کے لہجے میں کڑواہٹ گھلنے لگی

میں سوچ رہا تھا ہم دونوں کچھ عرصے کے لیے کراچی شفٹ ہو جاتے ہیں

دن بعدن بزنس بھی خسارے میں جا رہا ہے

میں کراچی میں اپنی فرم کی ایک برانچ کھولنا چاہتا ہوں

ان کی گھبیر آواز کمرے میں گونج رہی تھی

بڑے ابو؟ کون کون جائے گا کراچی؟

اس نے ڈرتے ہوئے پوچھا

حقیقت میں وہ نبیلا بیگم کے متلق پوچھنا چاہتی تھی

لیکن پھر اسے ڈر بھی تھا کے کہیں احتشام صاحب کو کوئی شبہ نا ہو

وہ بچپن سے لے کر آج تک احتشام صاحب سے نبیلا بیگم کی تعریفیں کرتی آئی تھی

وہ نہیں چاہتی تھی کے اس کی وجہ سے اس کے بڑے ابو کا گھر خراب ہو

فلحال تو میں اور تم ہی جائیں گے!

تم اپنی تیاری کر لو کل صبح ہی ہمیں یہاں سے روانہ ہونا ہوگا

احتشام صاحب نے اس کے سر پر ہاتھ رکھتے ہوئے دوستانہ انداز میں کہا

تو وہ بھی سر اثبات میں ہلا کر رہ گئی

..............................

فجر کی نماز اور قران پاک کی تلاوت کرنے کے بعد احتشام صاحب اور وہ اپنے سوٹ کیس

اٹھائے خاموشی سے ملک ہاؤس سے باہر نکل آئے

وہ ایک الجھن بھری نگاہ احتشام صاحب پر ڈال کہ رہ گئی

اسے احتشام صاحب کچھ پریشان اور بے چین دکھائی دے رہے تھے

بڑے ابو! کیا ہم بائے روڈ کراچی جائیں گے؟

اس نے احتشام صاحب کا ہاتھ تھامتے ہوئے پوچھا

وہ دونوں ہی پیدل چل رہے تھے


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

!سندس بچے

اس سے پہلے وہ کوئی جواب دیتے سفید رنگ کی چمچماتی لینڈ کروزران کے پاس آکر رک گی

اوراحتشام اسے ایک جانب کھڑا ہونے کا کہہ کر خود ڈرائیور کی جانب بڑھ گئے

پر سندس ایک عجیب سی کیفیت کے زیراثر تھی

اوراحتشام صاحب کے چہرے کو بغور دیکھنے لگی

جو ڈرائیور سے ناجانے کونسی اہم میٹنگ میں مصروف تھے

اوراگلے دس منٹ ایسے ہی گزر گئے

اس نے اکتاہٹ سے اپنا سیل فون نکالا

اوراس پر اپنی پسندیدہ گیم کھیلنے میں مشغول ہو گئی

!چلو بیٹا بیٹھو گاڑی میں

احتشام صاحب اس کا ہاتھ مضبوطی سے پکڑتے ہوئے کہا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

گویا نہیں ڈر تھا اگر آج انہوں نے اس کا ہاتھ نہیں تھاما

تو وہ اس دنیا میں تنہا رہ جائے گی

لیکن بڑے ابو یہ گاڑی کس کی ہے؟

وہ حیرانگی سے پوچھنے لگی

میرے دوست کے بیٹے کی ہے

اور اب ہم اسی گاڑی میں کراچی روانہ ہوں گے

ڈرائیور کے مطابق وہ گاڑی بلٹ پروو تھی

احتشام صاحب سنتے ہی تھوڑے سے حیران رہ گئے

حیدر اس قدر فکر مند تھا سندس کے لیے؟

لیکن دل ہی دل میں وہ مسرور بھی ہونے لگے

ٹھیک ہے چلیں پھر!

احتشام صاحب کی باتوں کو سن کر وہ کچھ پر سکون ہو گئی

اور پھر وہ دونوں ہی کراچی کے لیے روانہ ہو گئے

عباد! اس کے پاؤں پر پہلے پیٹرول انڈیل دو!

اس ہیبت ناک کمرے میں اس سفاک انسان کی بے تاثر اور بھاری آواز ابھری

وہ ان سیاہ دونوں فارم لڑکوں کو ڈھونڈنے میں کامیاب رہا تھا

جنہوں نے سندس کو حراساں کرنے کی کوشش کی تھی

اور ساتھ ہی سندس خوف زدہ کرنے کی سعی بھی کی تھی

عباد نے اس کے حکم کے مطابق اپنے سامنے رسیوں میں جکڑے اس لمبے چوڑے سیاہ فام

لڑکے کو تاسف سے دیکھا

گویا وہ بھی اس بات سے باخبر تھا

کے حیدر جیسا بے رحم انسان کس حد تک جا سکتا ہے

اس نے جینز کی جیب سے لائیٹر نکالا

عباد اس کی جیکٹ لے کر تھوڑا سا دور جا کر کھڑا ہو گیا

گرے رنگ کی شرٹ کی آستین ہمیشہ کی طرح فولڈ کرتا ہوا

جیل سے بالوں کو اچھے سے سیٹ کیے وہ اس وقت بھی ڈیسینٹ لگ رہا تھا

لائیٹر جلانے کے بعد وہ سیاہ فام لڑکے کی جانب تھوڑا سا جھکا

آنکھوں میں روشنی پڑتے ہی رسیوں میں جکڑے وجود نے جھٹ سے آنکھیں کھول دی

اور اپنے سامنے اس خوبرو شخص کو دیکھ کر غرایا

کون ہو تم اور کیوں مجھے یہاں قید کر رکھا؟

اس آدمی نے چیختے ہوئے پوچھا

انٹرسٹنگ! مطلب آج کھیل میں مزا آنے والا ہے

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

ابھی میں نے تمہیں کچھ کیا بھی نہیں اور

تم ہو کے پہلے سے گلا پھاڑ کر چیخ چلا رہے ہو؟

وہ تمسخرانہ لہجے میں بولا

اس کی سنہری آنکھوں میں غصہ، آگ، جنون، اور سفاکی موجزن تھی

تم ہو کون؟

اس لڑکے نے اب تحمل کا مظاہرہ کیا

میرا چھوڑو اپنا تعارف کراؤ کون ہو کہاں سے آئے ہو کس نے بھیجا ہے؟

وہ ایک ہی سانس میں سپاٹ لہجے میں پوچھ رہا تھا

میں کیوں بتاؤں تمہیں یہ سب؟

اس لڑکے نے ڈھٹائی سے کہا

اور تفاخر زدہ انداز میں منہ پھیر گیا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اس نے لائیٹر جلایا اور بے رحم اور سفاکی کا عملی مظاہرہ کر کے دکھایا

دل کو دہلا دینے والی دل خراش چیخیں اور کراہیں اس ہیبت ناک ماحول کو مزید خوف زدہ بنا رہی تھیں

اس لڑکے کے پاؤں آگ کی لپیٹ میں تھے

کمرے میں چھایا اندھیرا اب آگ کے شعلوں سے روشن تھا

لڑکے نے کراہتے ہوئے اس کے آگے ہاتھ جوڑ دیے

جو اس کی طرف دیکھنا بھی گوارا نہیں کر رہا تھا

اس آگ کو بجھا دو۔۔۔۔۔۔۔میں بتاتا ہوں سب۔۔۔۔۔۔۔۔کچھ۔۔۔۔اس لڑکے نے تڑپتے ہوئے کہا

حیدر نے عباد کو ترچھی نگاہ سے دیکھا

گویا وہ عباد کو آگ بجھانے کا حکم صادر کر رہا ہو

اور پھر سے اپنی چیئر سے اٹھ کر اس آدمی کی طرف آیا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اب بتاؤ شاباس کون ہو تم؟

کہاں سے آئے ہو؟

کس نے بھیجا ہے تمہیں یہاں؟

اس کے جلے ہوئے پاؤں پر اپنا بوٹ میں مقید پاؤں جماتے ہوئے اسنے سفاکی سے پوچھا

لڑکا پھر سے تڑپنے لگا اور ہاتھ جوڑ کر اس سے منت سماجت کرنے لگا

لیکن اس نے اپنا پاؤں نہیں ہٹانا تھا اور اس نے نہیں ہٹایا

الٹا اس نے اپنا پورا وزن اپنے ایک ہی پاؤں پر منتقل کر دیا

جس سے اس لڑکے کے پاؤں سے باقائدہ گوشت اور ہڈیاں صاف نظر آنے لگیں

عباد نے اس سیاہ فام کا پاؤں دیکھا تو اس کا دل خراب ہونے لگا

جس کی وجہ سے وہ اپنی آنکھوں کا زاویہ بدل گیا

!کارل نے بیھجا ہے مجھے


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اوراس کا حکم تھا کے ہم اس لڑکی کو یہاں سے کڈنیپ کر کے لندن لے جائیں گے

بے حوش ہونے سے پہلے اس نے ایک ہی سانس میں اپنا رازا گل دیا تھا

جس کے بعد حیدر نے پوری قوت سے اس کی ٹانگوں پر لات رسید کی اور کمرے سے باہر نکل گیا

عباد ! جب یہ ہوش میں آئے تو اس کے ہاتھ بھی جلا دینا

اور ہاں اس بار اگر کوئی کوتاہی یا لاپرواہی تمہاری طرف سے ہوئی تو یہی حال کروں گا جو اس کا کیا ہے

اس لڑکے کے نیم مردی وجود کی طرف اشارہ کرتے ہوئے اس نے سخت لہجے میں کہا

اور کمرے سے باہر نکلتا چلا گیا

عباد نے ایک نظر اس لڑکے کی جگہ خود کو تصور کیا

اور پھر خوف کی شدید لہر اس کے وجود میں دوڑ گئی

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

حیدر شاہ سے کچھ بھی بعید تھا

اس نے اگر کہا تھا تو یقیناً وہ اس کی یہی حالت کرتا بھی

کیونکہ حیدر کو ایسے لوگوں سے نفرت تھی جو اپنا کام ایمانداری اور دیانتداری کے ساتھ نہیں کرتے تھے

اور یہ بات عباد اچھے سے جانتا تھا

کارل تم جیسے واحیات انسان ہمیشہ بزدلانہ کام کرتے ہیں اور تم جیسے لوگوں کو یہ سب کر کے مزہ بھی آتا ہو گا

لیکن اس بار میں چال پہلے سے چل چکا ہوں

تمہیں اگر منہ کی کھانی پڑے تو میرا نام بھی حیدر محمود شاہ نہیں

گاڑی میں بیٹھنے سے پہلے وہ خود سے مخاطب تھا

اسے پہلے سے شک تھا کے اس سب کے پیچھے کارل ہی ہے

کیوں کہ لندن میں ہی کارل نے حیدر کو خبردار کر دیا تھا سندس کے متعلق

اوراب کارل نے اس طوطے کو اپنی پنجرے میں بند کرنا تھا

جس کے اندر حیدر کی جان بستی تھی

کراچی میں رات کے سائے ہر سو پھیلنے لگے

کراچی شہر کو روشنیوں کا شہر کہا جاتا ہے

سندس نے دلچسپ نگاہوں کے ساتھ بھاگتے دوڑتے منظر کو کیمرے کی آنکھ میں قید کیا

www.classicurdumaterial.com

رات کے ایک بجے بھی کراچی شہر میں دن کا سا سما تھا

support@classicurdumaterial.com

رمضان کا چاند نظر آچکا تھا

https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

کراچی میں بسنے والے لوگ سحری کرنے مختلف ریستورنٹ پر موجود تھے

اس نے جگر جگر کرتی نگاہوں سے سارے منظر دلچسپی سے دیکھنے لگی

اوراگلے کچھ ہی لمحوں میں ان کی گاڑی ایک علیشان اور محل نما گھر میں داخل ہوگئی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

ڈرائیور نے ان کا سارا سامان اٹھا کر گھر کے اندرونے حصے کی جانب بڑھ گیا

اور احتشام صاحب اس کے شانے پر ہاتھ پھیلاتے ہوئے

گاڑی سے باہر نکل کر اس عالیشان گھر کے اندر داخل ہوئے

سندس نے پسندگی اور چمکتی نگاہوں سے اس محل کو دیکھا

! بڑے ابو ! یہ گھر کتنا پیارا ہے نا

اس نے مسمرائیز لہجے میں کہا

ہاں بچے پیارا تو ہے

لیکن ابھی تم جاکر آرام کرو

تھک گیا ہو گا میرا بچہ

احتشام صاحب نے اس کے پیشانی چومتے ہوئے سفیق انداز میں کہا

صرف آخری سوال بڑے ابو؟

وہ منمنائی

اچھا بابا پوچھو۔۔۔

احتشام صاحب نے ہار مانتے ہوئے کہا

یہ اتنا بڑا گھر کس کا ہے؟

اس نے تجسس سے پوچھا

یہ اسی دوست کے بیٹے کا گھر ہے

جس کی گاڑی میں سفر کر کے ہم کراچی پہنچے ہیں

لیکن ابھی تم جلدی سے جاؤ اپنے کمرے میں

وہ اس وقت لاؤنج کی وسط میں کھڑے ہو کر باتیں کر رہے تھے

سندس کا کمرہ اوپر والے فلور پر تھا احتشام صاحب نے اسے اس کے کمرے کے باہر چھوڑا


Do not copy or distribute without permission of the author
For More Novel Please Visit Our Website
www.classicurdumaterial.com

اور خود اپنے کمرے کی طرف بڑھے ان کے چہرے پر چھائی مصنوعی مسکراہٹ اور تازگی

یکایک غائب ہونے لگی

مسکراہٹ کی جگہ کرب اور پچھتاوے نے لے لی تھی

کچھ ہی قدم وہ آگے بڑھے تھے

جب خرم کی کال ان کے سیل فون پر موصول ہوی

انہوں نے کال کٹ کر کے سیل فون ہی آف کر دیا

پھر کچھ حد تک پر سکون ہونے کے بعد وہ اپنے کمرے میں آنے کے بعد نیند کی وادی میں

اتر گئے

مجھے واپس لندن جانا ہے حیدر شاہ

اس نے گہرے آنکھوں میں خفگی سموئے پیپر ویٹ سے کھلتے ہوئے کہا

کس خوشی میں واپس جانا ہے؟

اور تم میرے تابع ہو یہ مت بھولا کرو

وہاں جاؤ گی تو کارل تمہیں ایئرپورٹ پر ہی تین چار بلٹس کا نشانہ بنا کر اللہ کے پاس رخصت کر دے گا

حیدر نے تفاخر زدہ لہجے میں اسے دوسرے پہلو سے آگاہ کیا

لیکن مجھے پھر بھی واپس جانا ہے

تم ہلکان نہیں ہو میرے پیچھے مر و یہی اپنی سنڈس کے پاس

اس نے اکھڑے لہجے میں کہا

انکل اپنی زندگی کے آخری لمحات میں مجھے تمہاری ذمے داری سونپ کر گئے ہیں

انکل کا قول کی بڑی قدر ہے تمہیں

لیزا نے آنکھیں سکیڑ کر طنزیہ کہا

ہمممم! ٹھیک ہے باقی باتیں بعد میں تم جاؤ اب یہاں سے؟

پیشانی مسلتے ہوئے اس نے اکھڑے لہجے میں کہا وہ مزید لیزا کے ساتھ بحث کرنے کے موڈ میں نہیں تھا

لیزا پیچ تاب کھا کر رہ گئی

نیلم آپی! آج کل تمہاری وجہ سے پریشان ہیں

تم شاہ مینشن واپس کب آؤ گے؟

اس نے ایک اور سوال داغا

!آپی سے میں خود بات کرلوں گا

اس کی طرف بے تاثر نگاہوں سے دیکھتے ہوئے وہ بولا

بلیک شرٹ اور بلیک پینٹ میں اس کا کسرتی سراپا نمایاں تھا

لیزا کے دل نے ایک بیٹ مس کی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

پر وہ جلد ہی خود پر کنٹرول کر چکی تھی

"بے مروت بد تمیز نا ہو تو

وہ دھیمی مگر تیز آواز میں بڑبڑاتے

کمرے سے باہر نکل گئی

حیدر نے بھی کندھے اچکا بیڈروم کا رخ کیا

تین دن سے اس نے ایک منٹ بھی نیند نہیں کی تھی

اب اس کا سر درد سے پھٹ رہا تھا

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

شادی کر کے فرار ہو گیا بھگوڑا کہیں کا؟

کمرے میں آنے کے بعد وہ مسلسل اس کے بارے میں سوچ رہی تھی

حیدر شاہ قیامت کے روز تمہیں اس چیز کا حساب الگ سے دینا ہو گا

نخوت زدہ انداز میں اس نے سوچا

سفید کاٹن کی لانگ شرٹ پر سفید ہی رنگ کے پجامے میں ملبوس وہ شہزادی اپنے شہزادے سے ناراض دکھائی دے رہی تھی

سلکی دراز بالوں میں برش کرتی ہوئی ی وہ جہازی سائیز بیڈ کی جانب بڑھی

اس محل نما گھر کی طرح سندس کا کمرہ بھی کافی کشادہ اور شاندار تھا

اسے یہ کمرہ پہلی نظر میں ہی بے حد پسند آیا تھا

بے مثال کمرہ جس میں جہازی سائیز کا بیڈ اور سیاہ رنگ کا نفیس تھیری سیٹر صوفہ موجود تھا

سامنے والی دیوار پر گول شیپ میں وال کلاک نصب تھا

اور بائیں جانب والی دیوار پر ڈریسنک ٹیبل موجود تھی

ایک جانب وارڈروب موجود تھی

وہ کمرا اس کی سوچ سے زیادہ خوبصورت تھا

CLASSIC URDU MATERIAL
www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اپنے مزاجی خدا سے خیالوں میں الجھتے

وہ نیند کی وادی میں اتر گئی

کھڑکی سے نظر آتا چاند بھی مسکراتے ہوئے بادلوں کے پیچھے چھپ گیا تھا

لیکن اب بادل زور شور سے برسنے کو تیار تھے

کل کی صبح شاید پھر سے شہزادی کے کسی عزیز جان ہستی کو اس سے ہمیشہ ہمیشہ کے لیے

دور کر دینے والی تھی

شاید کل کا دن اس شہزادی کی زندگی کا ایک اور سیاہ ترین دن ثابت ہونے والا تھا

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

وہ گہری نیند میں تھا

جب اس کے نمبر پر عمیر کی کال موصول ہوئی ی

اور جو خبر اسے عمیر نے سنائی تھی وہ خبر سنتے ہی حیدر شاہ کو چھت اپنے اوپر گرتے ہوئے محسوس ہوئی ی

اس نے خود پر سے بلینکٹ ہٹایا سفید پاؤں چپل میں اڑستہ ہوا ڈریسنگ روم کی طرف بڑھا

سنہری آنکھوں میں غصہ تکلیف اور چنگھاریاں جل رہی تھیں

شاید وہ بھی ضبط کی آخری سطح پر موجود تھا

سخت سیکیورٹی ہونے کے بعد بھی یہ سب کیسے ہو سکتا ہے

وہ ہر چیز تحث نحث کر چکا تھا

اور پھر کی چین اٹھاتا کمرے کے باہر کی جانب بھاگا

........................................

رات گئے اسے گھر میں ایک عجیب سا شور سنائی دیا

آنکھوں کو مسلتے ہوئی ی اس نے بلینکٹ خود سے ہٹایا

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

دوپٹہ سر پر ٹکا کر وہ کمرے سے باہر نکل آئی

احتشام صاحب کے کمرے میں سے اسے عجیب و غریب آوازیں سنائی دے رہی تھیں

سفید رنگ کے ڈریس میں ملبوس اس کے چہرے پر خوف چھایا ہوا تھا

دل کی دھڑکنیں مزید تیز ہو رہی تھیں

کانپتے ہاتھوں کے ساتھ اس نے احتشام صاحب کے روم کا دروازا ناک کیا

اب کمرے سے آنے والی آواز کا گلا گھٹ چکا تھا

بڑے ابو؟

وہ اپنی تمام تر ہمت جتا کر انہیں پکارنے لگی

اندر سے کوئی آواز نہیں آئی

اس کا دل بند ہونے لگا

اسے کسی بڑی گڑبڑ کا احساس ہو رہا تھا

بڑے ابو مجھے ڈر لگ رہا ہے دروازا کھولیں نا؟

اس نے کانپتے ہوئے بے قراری سے کہا

اور ڈرتے ڈرتے اس نے گلاس ڈور پر دباؤ ڈالا

تو احتشام صاحب کے کمرے کا دروازہ کھلتا چلا گیا

اور کمرے کا منظر دیکھ کر زندگی میں پہلی بار اس نے اپنے رب سے دعا کی تھی

کے اس کی زندگی ابھی اور اسی وقت ختم ہو جائے

یا پھر اس کی بینائی چلی جائے

احتشام صاحب کا مردہ وجود اس کی پتھرائی آنکھوں کے سامنے تھا

اس کی زندگی سے ایک اور شفیق اور محبت دینے والی ہستی خالق حقیقی سے جا ملی تھی

کرب سے اس نے آنکھیں میچ لی

گویا وہ اب بھی صرف اور صرف یہی چاہ رہی تھی

کے اس کی آنکھوں کے سامنے جو منظر ہے

یہ صرف ایک براخواب ہو

اس میں کوئی سچائی ناہو

"لیکن ہر گھڑی قبولیت کی نہیں ہوتی"

بڑے ابو؟

آپ مجھ سے بات کیوں نہیں کرتے دیکھیں

آپ کی سندس پریشان ہو رہی ہے

احتشام صاحب کے خون آلود ہاتھوں کو تھامتے ہوئے وہ ہنستے ہوئے بولی

وہ ہنس رہی تھی اور اب اس کی ہنسی قہقہوں میں بدلنے لگی

اس کے بلند کرب زدہ قہقے کمرے میں چھائے سکوت اور وحشت کو مزید بڑھا رہے تھے

بڑے ابو؟


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

آپ اٹھ کیوں نہیں رہے؟

کیا میں نے کوئی غلطی کی ہے

آپ سب لوگ مجھ سے اتنی جلدی ناراض کیوں ہو جاتے ہیں

اس نے بمشکل اپنی ہنسی کو روکتے ہوئے مسخرائے لہجے میں کہا

دوپٹہ اب اس کے قدموں میں آ گرا تھا

کرب زدہ اور کملائے سے چہرے کے ساتھ

وہ حسین شہزادی اپنوں کے ساتھ شکوہ کناں تھی

احتشام صاحب کو بے دردی سے قتل کر دیا تھا

ان کے سینے پر دو فائر کیے گئے تھے

ان کا خون اب بیڈ پر بچھی بیڈ شیٹ کو بھی رنگ چکا تھا

بڑے ابو!

اٹھیں ناکب سے بلا رہی ہوں

ایک آپ ہی تو ہیں جو مجھے سنتے ہیں اب کیوں میرے ساتھ یہ ناانصافی کر رہے ہیں

ان کے بے جان وجود کو جھنجھوڑتے ہوئے وہ رو دی

بڑے ابو؟

اس نے چیختے ہوئے احتشام صاحب کے شانے پر سر رکھ دیا

وہ بے آواز رو رہی تھی

اس سے پہلے وہ بے ہوش ہو کر زمین پر گرتی

مضبوط ہاتھوں نے اسے سنبھال لیا

اور انتہائی آہستگی اور نرمی کے ساتھ اس کا وجود اپنے ہاتھوں میں اٹھائے وہ سندس کے

کمرے کی جانب بڑھنے لگا

اس نے کسی کانچ کی گڑیا کی طرح اٹھایا ہوا تھا

گویا وہ سندس کے معاملے میں خود کو بھی ایک حد تک رکھنا پسند کرتا تھا

اسے بیڈ پر لٹانے کے بعد اس نے تائرانہ نگاہ کمرے میں دوڑائی جس کے بعد خود بھی اس کے پاس ہی بیٹھ گیا

!پرنسز

اس کی پیشانی سے بال ہٹا کر اس نے سرگوشی سے اسے مخاطب کیا

لیکن پھر وہ ڈاکٹر سے رابطہ کرنے کے لیے خود کمرے سے باہر چلا گیا

کچھ ہی دیر میں ڈاکٹر اس کا چیک اپ کرنے آ گئے تھے جس کے بعد انہوں نے سندس کو ذہنی سکون دینے کی تائید کر کے چلے گئے

ڈاکٹر صاحب کے مطابق سندس کو آدھے گھنٹے بعد ہی ہوش آ جانا تھا

لیکن یہ کچھ لمحے ہی سہی وہ اس کے پاس رہنا چاہتا تھا

کہتے ہیں عشق محبت اچھے خاصے انسان کو بھی ذلیل کروا سکتی ہے

اور شاید یہ مثال میرے لیے ہی تخلیق کی گئی ہے

سندس حیدر شاہ!

وہ یہ بات سندس کو بے ہوشی میں سنا رہا تھا یا خود کو اس کا اندازہ لگانا مشکل تھا

تمہارے بڑے ابو کو نہیں بچا سکا لیکن میرا اپنی زندگی سے وعدہ ہے کے ایک دن ان کے قاتل کو عبرت ناک سزہ دوں گا

ان کے قاتل کی موت کو دیکھنے کے بعد ہر ذی روح کانپ اٹھے گی لیکن میں اس دن خوشی کے شادیانے بجانے کا حکم دوں گا

ایک علیشان جشن منقعد ہو گا اس دن لیکن فلحال اپنے دوست پلس شوہر کو اجازت دو

بعد میں ملاقات ہو گی جب تم اپنے ہوش و حواس میں میرے سامنے آؤ گی

اور میں بھی اپنی زندگی کو تب آسانی سے سمیٹ سکوں گا میں اپنی پرنسز کو ہر وہ خوشی دوں گا جس کی وہ مستحق ہے

وہ سندس سے زیادہ اپنے آپ کو تسلی دے رہا تھا

کے وہ سندس کو ٹھیک کر دے گا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اس کے اوپر بلینکٹ درست کرنے کے بعد گہری نگاہوں سے

اس کے صبیح چہرے کو گھورنے کے بعد وہ دل کی ہاتھوں مجبور ہو کر سندس کے ماتھے پر

جھک گیا

محبت کی مہر ثبت کرنے کے بعد وہ کمرے سے باہر نکل گیا

اس کا دل کر رہا تھا وہ سندس کو ابھی جھنجھوڑ کر ہوش میں لے کر اور پھر اس کا سارا دکھ درد

اپنے پاس بٹور کر رکھ دے

اور اس کی پرنسز بھی بغیر کسی کرب یا تکلیف میں زندگی بسر کرے

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

عمیر عباد سے کہو لیزا کو جلدی یہاں بھیج دے!

وہ عمیر سے مخاطب ہوا

عمیر نے کھوجتی نگاہوں سے اسے دیکھا

پر اس کا چہرہ کسی بھی جزبے سے پاک تھا

وہ اپنے احساسات کو چھپانے میں ماہر تھا

احتشام صاحب کے مردہ وجود کو دیکھنے کے بعد

پل بھر کو اس کا دل دھڑکا تھا

یا شاید احتشام صاحب کو دیکھ اسے کوئی المناک سانحہ یاد آیا

لیکن پھر وہ نارمل سے انداز میں چلتا ہوا

احتشام صاحب کے پاس گیا اور ان کے چہرے کو ڈھک دیا

بھوری آنکھیں سپاٹ تھیں

عمیر نے عباد سے بات کر لی تھی

جس کے بعد وہ کچھ پر سکون ہو کر لاؤنج میں آ گیا

عمیر نے اسے لاؤنج میں رکھے صوفے پر دراز ہوتے دیکھا

تو حیرانگی سے بولا

یہ وقت نیند پوری کرنے کا نہیں ہے حیدر !۔

اور انکل کی تدفین جلد سے جلدی ہونی چاہیے

ورنہ بات اور خراب ہو گی تم سمجھ رہے ہو نا میری بات کو؟

عمیر سامنے رکھے صوفے پر بیٹھتے ہوئے بولا

ہمممم ! سمجھ رہا ہوں میں سب کچھ اور موت برحق ہے

آج وہ وفات پا چکے ہیں

کل میں یا تم ان کی جگہ پر ہوں گے

لیکن یہ دنیا کسی کے چلے جانے سے رک تھوڑی نا جاتی ہے

بھلے جانے والا انسان آپ کے زندہ رہنے کی وجہ ہو


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

لیکن جو انسان ماں باپ کی موت کا صدمہ برداشت کر لیتا ہے پھر اس کے اندر موجود دل خود بخود ڈھیٹ بن جاتا ہے یا پھر اس کے اندر برداشت بڑھ جاتی ہے

اس لیے یہ سب عام سی باتیں ہیں

اس کے لہجے کو دیکھ کر عمیر کی آنکھیں باہر کو نکل آئیں

وہ کتنی آسانی سے احتشام صاحب کی دل کو دہلا دینے والی موت پر تبصرہ کر رہا تھا

عمیر نے اسے گھورا

خیر میری باتوں کو چھوڑو تم اور احتشام صاحب کے سفر آخرت کی تیاری شروع کرو

وہ کندھے اچکاتا ہوا اپنی جگہ سے اٹھ کھڑا ہوا

عمیر نے محض تاسف سے اسے جاتے دیکھا

کیا وہ پھر سے کراچی شفٹ ہو گیا ہے؟

لیزا نے عباد سے پوچھا

نہیں!

اور اگر ہوئے بھی ہیں تو مجھے نہیں پتا

تم انہیں سے پوچھ لینا

اب چلو اندر

عباد نے تیکھی نگاہوں سے اسے دیکھنے کے بعد گھر کے اندورنے حصے کی جانب رخ

کیا

لیزا اس کے ساتھ ہی ہم قدم تھی

عمیر! سب ٹھیک تو ہے؟

عباد نے فکر مند لہجے میں پوچھا

ہاں سب ٹھیک ہے تم آؤ میرے ساتھ

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

اور

لیزا تم حیدر کے کمرے میں جاؤ

انتظار کر رہا ہے وہ تمہارا

عمیر نے عباد سے نظریں ہٹاتے ہوئے اسے کہا

جو آنکھیں سکیڑ کر دونوں کو دیکھنے میں مصروف تھی

تم دونوں مجھے اس شیر کے پاس اکیلے بھیج رہے ہو

اس نے سرد آہ بھرتے ہوئے دونوں کو گھورتے ہوئے کہا

وہ شیر تو ہے اس میں کوئی شک نہیں

لیکن تم جو بلی سے شیرنی بننے کی کوشش کرتی ہو نا

کسی دن جان سے ہاتھ دھو بیٹھو گی ؟

عمیر نے سنجیدگی سے اسے باور کروایا

گویا عمیر نے اس کی مسکینی صورت کو دیکھ کر بھی احساس نہیں کیا تھا

اور کرتا بھی کیوں؟

وہ خود ہی دھڑلے سے حیدر سے ملنے کے لیے اکیلے ہی اس کے کمرے میں گھس جاتی تھی

یہ الگ بات تھی کے اس حرکت کے بدلے میں حیدر اس پر خوب لعن تعن بھی کرتا تھا

پر وہ کہاں باز آنے والوں میں سے تھی

دو سن لیتی تھی تو ایک سنا بھی دیتی تھی

چاہے اس کے مقابل میں حیدر ہی کیوں نا ہو

تم سے تو بات کرنا ہی فضول ہے

میں جا کر خود ہی اپنے دِفع کر لوں گی

ڈرپوک لوگ


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

سیل فون کو صوفے پر پھینکتے ہوئے اس نے دونوں کو لتاڑا اور بڑبڑاتی ہوئی وہاں سے نو دو گیارہ ہو گئی

عباد اور عمیر نے تاسف سے اس کو دیکھا اور آگے بڑھ گئے

گویا وہ دونوں اب اس کے روز روز کے ڈراموں سے تنگ آ چکے تھے

کاش میں اُڑ کر لندن واپس چلی جاؤں

یہی ہوتا ہے

جب ہم کسی سے سوچے سمجھے بغیر ہی محبت کر بیٹھتے ہیں

پتا نہیں کونسا بھوت سوار تھا

اس سفاک اور بے مروت انسان کے ساتھ دل لگانے کا

یہی سب سوچتے ہوئے وہ اس کے کمرے کے باہر پہنچ چکی تھی

گلاس ڈور ناک کرنے کے بعد

حیدر کی مخصوص سرد آواز

لیزا کی سماعتوں سے ٹکرائی

بُرے بُرے منہ بناتے اس نے کمرے میں قدم رکھا

پر اس کے بے مثال اور شاہانہ طرز سے سجے اس کمرے کو دیکھ کر وہ مسمرائیز سی ہو گئی

حیدر نے چھبتی نگاہوں سے اسے دیکھا جو اسے فراموش کیے کمرے کو یک ٹک دیکھنے میں مگن تھی

لیزا صاحبہ!

اس کے دھاڑنے پر وہ ہوش کی میں دنیا میں آئی

اور اس کی خونخوار آنکھیں اور غصے سے بھبوئے چہرے کو دیکھ کر سٹپٹا کر سیدھی ہو گئی

حکم۔۔۔

لیزا نے اس کو جواب طلب نظروں سے دیکھتے ہوئے بے زاری سے کہا

سندس اوپر والے فلور پر جو فرسٹ والا روم ہے

اس میں موجود ہے

اور اس کی طبیعت ٹھیک نہیں

تم اس کا پورا پورا خیال رکھو گی

اور ہاں ایک اور بات پہلے میری بات کو کمپلیٹ ہونے دیا کرو

لیزا کے لب ہلتے دیکھ کر وہ اکتائے ہوئے لہجے میں بولا

لیزا اب خاموشی سے اس کو سننے لگی

آج سے بلکے ابھی سے تم کراچی میں شفٹ ہو رہی ہو

اور جب تک وہ ٹھیک نہیں ہو جاتی تم اس کے پاس رہو گی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اپنی بات مکمل کرنے کے بعد وہ کھڑکی کے سامنے گرے خوبصورت پردوں کو ہٹانے کے بعد لیزا کی جانب پشت کر کے کھڑا ہو گیا

لیکن اچانک سے ایسا کیا ہو گیا ہے

جس کی وجہ سے تم مجھے کراچی شفٹ ہونے کا آرڈر دے رہے ہو

اور تمہارے اس عمل سے سندس کی فیملی کیا سوچے گی

لیزا نے اسے تحمل سے سمجھانے کی کوشش کی

کیونکہ اسے یہ سب ٹھیک نہیں لگ رہا تھا

جو بھی تھا وہ بھی ایک لڑکی تھی

اور سندس کو پہلی نظر دیکھنے کے بعد ہی وہ سمجھ گئی تھی کے وہ بہت معصوم اور سادہ سی لڑکی ہے

اس سب کے پیچھے خود کو ہلکان کرنے کی ضرورت نہیں

کے اس کی فیملی یا دنیا کیا سوچے گی اور


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

مجھ سے زیادہ تمہیں اس کی خیر خواہ بننے کی بھی ضرورت نہیں

"اب تم جا سکتی ہو یہاں سے

سخت اور سرد مہر لہجے میں اس نے کہا

گویا اس نے بات ہی ختم کر دی

اور اب سیل فون پر کسی سے بات کرتا ہوا کمرے سے باہر نکلتا چلا گیا

دل ہی دل میں لیزا نے اسے خوب گالیاں بکی

اس کے سامنے تو وہ کبھی خواب میں گالیاں نہیں بک سکتی تھی

تو اس لیے دل ہی دل اپنا یہ مشغلہ استعمال کر لیتی تھی

جب اس کے دل کو تسکین پہنچی

تو پھر اس نے سندس کے کمرے کا رخ کیا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

حیدر!

احتشام صاحب کی تدفین کب تک کرنی ہے

عمیر نے اس کے پاس آکر پوچھا

اگلے آدھے گھنٹے میں سب کام نپٹا لو پھر میت کو قبرستان لے چلیں گے

اب تم جاؤ یہاں سے میں بھی نیچے لاؤنج میں ہی آتا ہوں

سگریٹ کو بوٹ تلے مسل کر اس نے کہا

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

ہوش میں آنے کے بعد وہ حواس باختہ سی کیفیت میں تھی

چند لمحے تو صرف اس نے چھت کو گھورتے ہوئے گزار دیے

جس کے بعد اس کے دماغ نے کام کرنا شروع کیا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

آہستہ آہستہ سب ہی منظر اس کی آنکھوں کے سامنے آنے لگے

اس کی آنکھوں میں پہلے تڑپ پھر کرب کا سایہ لہرایا

پھر خفگی اور غصہ نمودار ہوا اور آخر اس کی پر کشش سیاہ آنکھوں میں ڈھیر ساری نمی جمع ہونے لگی

اس نے زور سے آنکھیں میچ لیں

اور سر کو تکیے پر پٹخنا شروع کر دیا

لیزا نے اس کی غیر ہوتی حالت دیکھی تو اس کی جانب لپکی

!کیا ہوا اسندس

تم ایسے رو کیوں رہی ہو

اسے پاگلوں کی طرح روتے دیکھ کر لیزا اوسان خطا ہونے لگے

وہ اپنی تمام تر ہمت جتا کر اسے قابو کرنے کے چکر میں ہلکان ہوتی جا رہی تھی

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

پر سندس اس کی سن کب رہی تھی

اس کی گرفت سے خود کو آزاد کرواتی وہ گلاس ڈور کی جانب بھاگی

اس کے سر پر ہمیشہ موجود رہنے والا دوپٹہ آج پہلی بار غائب تھا

احتشام صاحب کے کمرے میں جانے کے بعد اس نے خالی کمرا کو دیکھا

اب وہ کملائے سے انداز میں سیڑھیاں پھلانگی ہوئی ی اس وسیع لاؤنج میں داخل ہوئی ی

احتشام صاحب کی میت اس کی آنکھوں کے سامنے موجود تھی

لیزا بھی دوڑتے اس کے پیچھے ہی لاؤنج میں داخل ہوئی ی

لاؤنج میں ایک دو ہی خواتین موجود تھیں

جو قران پاک کی تلاوت کرنے میں مشغول تھیں

وہ گرنے کے انداز میں احتشام صاحب کے پاس گھٹنوں کے بل بیٹھ گئی

آنسوں متواتر اس کے روئی جیسے نرم ملائم گالوں پر بہتے چلے جا رہے تھے

وہاں موجود خواتین نے افسوس اور ہمدردی سے اس کو افسردگی سے دیکھا

❦ ❦ ❦ ❦ ❦ ❦ ❦

اپنے کمرے میں واپس آنے کے بعد اس نے لاؤنج میں کسی کے رونے کی آواز سنی

یہ آواز وہ کیسے بھول سکتا تھا

صرف یہی آواز تو اسے زندہ رہنے پر مجبور کرتی تھی

اسی آواز اور شخصیت کے لیے وہ زندہ تھا

وہ چاہ کر بھی خود کو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتا تھا

کیونکہ اسے سندس کے لیے اور اس کی حفاظت کرنے کے لیے جینا تھا

کھڑکی کھولنے کے بعد وہ تھوڑا سا جھک کر لاؤنج کی طرف جھانکنے لگا

سندس کو ڈھونڈنے کے لیے اسے زیادہ محنت نہیں کرنی پڑی

وہ سامنے ہی تو بیٹھی ہوئی ی تھی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اپنی عزیز جان ہستی کے بچھڑ جانے کا کرب اور دکھ حیدر شاہ سے بہتر کون سمجھ سکتا تھا

پر وہ تو ایسے بنا ہوا تھا

جیسے یہ سب اس کی نظروں میں عام سی بات ہے اس کے دل میں اگر تکلیف ہو بھی رہی تھی

تو صرف اور صرف اس وجہ سے کے سندس رو رو کر خود کو ہلکان کر رہی ہے

وہ بے تحاشہ رو رہی تھی

وہ بے قراری سے کمرے سے باہر آیا اور سیڑھیاں عبور کرتا

آخری تین چار سیڑھیوں پر اس نے بڑھتے قدموں کو روک دیا

اور اب جینز کی جیبوں میں ہاتھ گھسائے دیوار کے ساتھ ٹیک لگائے تاسف زدہ نگاہوں سے سندس کو گھورنے لگا

اس کی آنکھوں میں بیک وقت خفگی بھی در آئی تھی

یہ خفگی اس وجہ سے تھی کے سندس نے رو رو کر خود کو غنودگی میں دھکیلنا شروع کر دیا تھا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اس نے سیل فون پر لیزا کا نمبر ڈائل کیا وہ آسانی سے لیزا کو سندس کے پاس بیٹھے دیکھ سکتا تھا

فلحال وہ سندس کے سامنے نہیں جانا چاہتا تھا

اس لیے اس نے لیزا کو کال کی

بولو؟

لیزا نے دبی دبی آواز میں اس سے استفسار کیا

اور ساتھ ہی سندس کے شانے پر ہاتھ پھیرنے لگی

اس کو کوئی دوپٹہ اوڑھ دو

اور کچھ بھی کر کے اسے یہاں سے لے جاؤ فلحال

یہ سیڑھیاں چڑھنے کی حالت میں نہیں ہے

اسے میرے کمرے میں لے کر جاؤ

اور اگلے بیس منٹ میں یہ کام ہو جانا چاہیے

بات مکمل ہونے کے بعد اس نے کال کٹ کر دی

لیزا کے دل میں تیر سا چبھا تھا

حیدر شاہ کے لہجے اور انداز کو سن کر وہ کتنی آرام سے بات کر رہا تھا

لیزا دم۔بخود ہو کر رہ گئی

جس لڑکی کے لیے اس نے اپنا سکون چین تک برباد کر رکھا تھا

اسے روتے تڑپتے دیکھ کر بھی وہ اس کو تسلی کے چند بول بھی کہنے نہیں آیا

!تم میری سمجھ سے باہر ہو حیدر شاہ

آنسوں صاف کرتے ہوئے اس نے کرب سے سوچا

اور سندس کے ساکت وجود کو ہلانے لگی لیکن

وہ بے حوش ہو چکی تھی

بمشکل اس نے سندس کو چند اور خواتین کی مدد سے اٹھایا

اور حیدر شاہ کے کمرے کی جانب بڑھ گئی

✿✿✿✿✿✿

احتشام صاحب کی تدفین ہو چکی تھی

محض چند ہی افراد نے جنازہ نماز میں شرکت کی تھی

یہ واضح طور پر پولیس کیس تھا

لیکن وہ نہیں چاہتا تھا کے پولیس کے کسی بھی قسم کے جھنجھٹ میں پڑ ا جائے

احتشام صاحب کے قاتل کو وہ بہت اچھے سے جانتا تھا

اس لیے اب وہ صرف اور صرف سہی موقع کے تلاش میں تھا

جس کے بعد اس نے اپنی طرف سے پتے پھیکنے تھے

اور شئے اور مات کا فیصلا بھی آخر میں حیدر کو ہی کرنا تھا

.......................................

سندس!

اٹھو کھانا کھالو تھوڑا سا

لیزا نے اسے زمین پر بچھے ایرانی طرز کے خوبصورت کارپٹ پر بیٹھے دیکھا تو اس کے سامنے بیٹھتے ہوئے رسان سے بولی

جواب ندارد

لیزا نے تاسف سے اس کے سپاٹ اور کرب زدہ چہرے کو دیکھا

سندس؟

اس نے پھر سے کہا

پلیز مجھے اکیلے چھوڑ دو کچھ وقت کے لیے

اس کی طرف دیکھے بغیر ہی وہ سرد لہجے میں بولی

پر تم اکیلے رہ کر کیا کرو گی؟

اس نے فکر مند لہجے میں کہا

لیزا پلیز!

ہاتھ اٹھاتے ہوئے اس نے لیزا کو بھیگی آواز میں کہا

اس نے بھی بغیر کسی بحث کے کمرے سے باہر کا رخ کیا

ادھر آؤ عباد!

سندس کے کمرے سے باہر نکلتے ہی اس نے لان کا رخ کیا

عباد کو لان میں داخل ہوتے دیکھ کر اس نے ہاتھ کے اشارے سے اسے اپنے پاس بلایا

وہ جو سمجھ رہا تھا کے آج اس لیزا نامی لڑکی کی عجیب و غریب باتیں سننے سے بچ جائے گا

لیکن اب وہ اپنی سوچ پر جل بھن کر گیا

اور دنیا جہاں کی بے زاری چہرے پر سجائے لیزا کے پاس گیا

تم مجھ سے چھپتے کیوں پھر رہو ہو؟

اپنے سنہری بالوں میں مرمری ہاتھ پھیرتے ہوئے اس نے تیکھے چتوں سے پوچھا

میں تم سے چھپ نہیں رہا تھا

بلکے جان چھڑا کر بھاگ رہا تھا

عباد نے اس کی بات کی تصیح کی

لیزا نے خفگی سے اسے گھورا

یہ جو تم اس کے ساتھ زیادہ وقت گزارنے لگے ہونا

بس اسی صحبت کا اثر ہے اور کچھ نہیں

لیزا نے ہاتھ نچا نچا کر گویا افسوس کا اظہار کیا

کس کے ساتھ ہوتا ہوں میں؟

اور یہ تم کس کے بابت بات کر رہی ہو؟

عباد نے اس کی گہرے آنکھوں میں اپنی زہانت سے بھرپور سیاہ آنکھیں گاڑھتے

ہوئے پوچھا

وہی تمہارا ظالم، بے رحم، اور سفاک سر

میرا دل تو چاہتا ہے اس سر کے ساتھ اپنا سر پھوڑ ہی دوں

پر ایسی قسمت کہاں!

اور بھلا کون اس کا مقابلہ کر سکتا ہے

لیزا نے پھر سے حیدر کی ذات پر تاک تاک کے تیر پھینکے

عباد یک دھک سا منہ کھولے

اس کی زبان درازی پر پہلو بدل کر رہ گیا

یہ جو تم اس قدر منہ پھٹ ہوتی جا رہی ہو نا

ایک دن جان سے ہاتھ دھو بیٹھو گی اس لیے میں پہلی اور آخری بار کہہ رہا ہوں اس سے

دور رہو

اور اس کے لیے ایسے القبات استعمال کرنا بھی بند کر دو

عباد نے اسے مفید مشورے سے نوازہ

!ہو گئے تم شروع

وہ عمیر کم تھا کیا مٹھو کی طرح اس کی زبان بولنے لگ گئے ہو

اب تو تم بھی مٹھو کی مینا بننے کی پوری پوری کوشش کر رہے ہو

لیزا نے آنکھیں سکیڑ کر جل کر کہا

ایک منٹ مٹھو تو عمیر ہے سمجھ بھی آگیا لیکن

یہ مینا کس کو کہہ رہی ہو؟

عباد نے تھوڑی سہلاتے ہوئے الجھن بھری نگاہوں سے اسے دیکھا

عباد میرے پیارے دوست تم اتنے دماغ سے پیدل کب سے ہو گئے

اب ظاہر سی بات ہے مٹھوا گر عمیر کو کہہ رہی ہوں

تو مینا تم ہی ہوئے نا

لیزا نے اپنا قہقہہ ہونٹوں تلے دباتے ہوئے سنجیدگی کے سارے رکارڈ توڑتے ہوئے کہا

!تم انتہائی فضول قسم کی لڑکی ہو لیزا

عباد نے اسے کھا جانے والی نگاہوں سے گھورتے ہوئے واک آؤٹ کر گیا

جب کے وہ ہاتھوں کو جھلاتی ہوئی ی پر سکون ہو کر لان میں موجود چیئر پر بیٹھ گئی

آنکھوں میں پھر سے مخصوص سی چمک سمٹ گئی تھی

⚘ ⚘ ⚘ ⚘ ⚘

سر! آپ نے مجھے بلایا؟

وہ اس کے آفیس میں داخل ہوتے مودب انداز میں بولا

ہاں عباد آ جاؤ!

لیپ ٹاک کے کیبورڈ پر اس کی انگلیاں بڑی تیزی سے چل رہی تھیں

عباد سامنے رکھی چیئر پر جگہ بناتے ہوئے اس کے فارغ ہونے کا انتظار کرنے لگا

ان دونوں لڑکوں کے حال دو؟

اس دن کے بعد کچھ اور بھی راز فاش کیے یا

پھر اب بھی خاموش ہیں

لیپ ٹاپ کی اسکرین سے اپنی بھوری نظریں ہٹا کر اس نے سپاٹ لہجے میں کہا

فان رنگ کی شرٹ پر بلیک رنگ کی جینز میں وہ عام دنوں سے زیادہ نکھرا نکھرا سا لگ رہا تھا

عباد نے اس کے وجیہہ اور کسرتی سراپے سے نگاہوں کا زاویہ بدلتے ہوئے بات کا آغاز کیا

سر! دونوں ہی ڈھیٹ ہڈی ثابت ہوئے ہیں

اس دن کے بعد سے دونوں نے صرف تمام تر تشدد کو برداشت کیا ہے

لیکن اپنی زبان پر موجود قفل کو نہیں توڑا

عباد نے رسان سے کہا

پھر تو اچھی بات ہے یہ میں نے ان سے کہہ دیا ہے

وہ کل ہیلی کاپٹر کے زریعے ان دونوں کو کراچی پہنچا دے گا

انہیں پہنچنے دو کراچی پھر میں دیکھتا ہوں دونوں کو

اور تم حوال دو نئے تازے عمیر آج صبح سے غائب ہے وجہ؟

تھوڑے تلے ہاتھ ٹکاتے ہوئے بے تاثر لہجے میں عمیر کے بابت دریافت کر رہا تھا

سر! اس نے کہا کوئی ضروری کام ہے جس کی وجہ سے اسے اسلام آباد جانا ہو گا

اور آج صبح ہی اسلام آباد روانہ ہوا ہے

عباد نے آہتسگی سے جواب دیا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

!اوکے دین اب تم جا سکتے ہو

عباد سے نگاہیں ہٹاتے ہوئے اس نے کندھے اچکاتے ہوئے کہا

اسے وہاں سے جانے کا اشارہ کیا

عباد سر ہلا کر کھڑا ہو گیا

اور وہاں سے چلا گیا

✾ ✾ ✾ ✾ ✾ ✾ ✾

اللہ پاک کی طرف سے جب ہم پر کوئی آزمائش آتی ہے

تو ایک اچھے مسلمان کا فرض ہے کے وہ صبر و تحمل سے اس آزمائش کا ڈٹ کر مقابلا کرے

تم خود کو وقت اور حالات کے آگے جھکنے پر مجبور کر رہی ہو

کتنی بری بات ہے یہ

!اس لیے کہہ رہا ہوں اٹھو اور نئے سرے سے زندگی کا آغاز کرو

انجان نمبر سے اس کے سیل فون پر یہ مسیج موصول ہوا تھا

بمشکل کل سے اس نے خود کو سنبھالا ہوا تھا

اور ضبط پھر سے ٹوٹنے کو تھا

اس کی آنکھوں میں کرب تکلیف خفگی اور آخر میں غصے کے عنصر نمودار ہوئے

"یہ سب جو تم میرے ساتھ کر رہے ہو نا قیامت کے روز اللہ پاک تم سے اس سب کا الگ

!سے حساب لیں گے

اس نے تیزی سے ٹائپنگ کی اور اس اجنبی نمبر پر ٹیکس بھیج دیا

اس کی سیاہ پرکشش آنکھوں میں غم و غصہ تھا

اور ہاتھ کی پشت سے اپنے گالوں سے سفید موتی صاف کیے۔۔۔

اس انجان انسان نے اس کے ٹیکس کا کوئی جواب نہیں دیا

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

جس پر اس کا پارہ مزید ہائے ہوا

ناگواری اور بے زاری سے اس نے سیل کو گھورا اور مرمری پاؤں میں سلپر زاڑستی

ہوئی ڈریسنگ روم کی جانب

بڑھی

❦ ❦ ❦ ❦ ❦ ❦

کیا وہ ٹھیک ہے اب؟

لیزا کو سپاٹ لہجے میں اس نے مخاطب کیا

مجھ سے کیوں پوچھ رہے ہو

جب اتنی ہی محبت ہے اس سے تو اس کے پاس جاؤ نا

اس کی دل جوئی کرو

اسے اپنے ہونے کا احساس دلاؤ

لیزا ابھی جو اتنی دیر سے بھری پڑی تھی

آخر پھٹ پڑی

ہزار بار کہا ہے میں نے کے جتنا پوچھا جائے اتنا ہی جواب دیا کرو

اس نے سخت گیر انداز میں کہا اور ساتھ ہی ناپسندیدہ نگاہوں سے لیزا کو گھورنے لگا

کوئی انسان اپنے عزیز جان ہستی کے بچھڑ جانے سے خوشی میں بھنگڑے توڑا لنے سے رہا

اس نے استہزائیہ انداز میں ہنس کر کہا

میں اس کی طبیعت کے بارے میں پوچھ رہا ہوں

وہ مٹھیاں بھینچ کر رہ گیا

گویا وہ سوال اسے کرتا تھا تو لیزا جواب ہمیشہ زیڈ ہی دیتی تھی

اس بات کو لے کر غصہ تو آنا ہی تھا

طبیعت بھی ٹھیک ہے لیکن اس حسین دوشیزہ کو میری حسد بھری نگاہوں سے بھی چھپا ہی لو تو بہتر ہو گا اور میں تو پہلے سے تمہیں وارن کر رہی ہوں

لیزا نے سنجیدگی سے کہا

وہ گردن گھما کر اس برائے راست اس کی گرے آنکھوں میں شعلا بار نظروں سے گھورنے لگا

اس سے دور رہنا لیزا

چاہے تم نے مزاق میں بھی یہ بکواس کی ہے لیکن پھر بھی اس کے سامنے کبھی کوئی بکواس یا فضول قسم کی باتیں کرنے سے گریز کرنا

وہ اس دھیمے پر سخت لہجے میں غرایا

تمہیں مجھ سے اپنی محبت چھپانی چاہیے حیدر شاہ۔

نجانے کیوں وہ ایک ہی بات پر بضد تھی

حیدر کے چہرے پر چھائے اطمینان پر رتی برابر بھی فرق نہیں آیا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

گویا اسے لیزا پر پورا یقین ہو کے وہ اس کی سندس کو کبھی کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتی

پنک ٹاپ اور بلو جینز میں اس کا نازک سراپا نمایاں تھا

لیکن حیدر تو اس کے چہرے کو محضوظ آنکھوں سے گھور رہا تھا

ایسے بغیر پلکیں جھپکائے اگر مجھے گھورتے رہو گے تو ہو سکتا ہے تمہارا پتھر دل بہک جائے

شاہ صاحب!

وہ شرارتی لہجے میں میز پر ہاتھ ٹکا جھکی اور اس آنکھوں کے سامنے اپنا ہاتھ لہرانے لگی

گویا اسے شبہ ہو کے حیدر اسے ہی دیکھنے میں کھو گیا ہو

میری ٹیسٹ لیزا نہیں ہو سکتی

اس کے مرمری ہاتھ کو اپنے ہاتھ سے ہٹا کر وہ محضوظ انداز میں بولا

بلکل لیزا کے لیے تو دنیا کا حسین ترین لڑکا بھی فضول لگتا ہے تمہاری اتنی ہمت بھی نہیں

کے مجھ سے عشق محبت کرتے پھر ویسے بھی تمہارا ٹیسٹ بھی ٹھیک ہی ہے پر لیزا پھر بھی

بے مثال ہی رہے گی

وہ محض اسے چڑانے کے لے لیے ہانک رہی تھی

نکلو میرے آفس سے ابھی کے ابھی میں نے پہلے بھی کہا تھا مجھے جو دل میں آئے کہو

لیکن اس کا نام بھی نہیں لینا پر تم سدا کی ڈھیٹ واقعی ہوئی ی ہو میں ہی جو کچھ زیادہ خوش فہم ہو گیا تھا

وہ غصے میں کہہ کر خود بھی سیل فون میں مصروف ہو گیا

تجھے شاید پیار کی زباں سمجھ میں نہیں آتی؟

اپنی مضبوط کلائی سے رسٹ واچ اتارتے

اس نے نخوت زدہ لہجے میں کہا

سامنے کرسی پر بیٹھا رسیوں میں جکڑا وجود خوف کی شدت کے مارے سر کو مسلسل نفی میں ہلانے لگا


Do not copy or distribute without permission of the author
For More Novel Please Visit Our Website
www.classicurdumaterial.com

او تو تم کچھ کہنا چاہتے ہو؟

چلو ٹھیک ہے میں یہ ٹیپ اتار دیتا ہوں

کس نے یہ ٹیپ لگائی ہے تمہارے لبوں پر؟

اس ظالم کے چہرے پر مصنوعی ہمدردی اور رحم دلی کی رمق چمکنے لگی

پر وہ سیاہ فام لڑکا خوف کے مارے چیئر کو پیچھے دھکیلنے لگا

گویا وہ اس سفاک انسان سے کسی قسم کی رحم دلی کی توقع نہیں رکھتا تھا

اب یہاں سے ہلنا نہیں سمجھ میں آئی میری بات؟

اس کے سامنے جھکتے ہوئے وہ سرگوشی سے بولا

سیاہ فام لڑکے نے جھٹ سے سر کو اثبات میں ہلایا

!شاباش

چلو اب اچھے بچوں کی طرح مجھے مزید بکواس کرو

یا پھر کارل نے جو کچھ تم سے ڈسکس کیا ہے وہ بتا دو

شرٹ کی آستین فولڈ کرتے ہوئے اس نے نرمی سے کہا

مجھے صرف اتنا پتا ہے وہ اس لڑکی کو تم سے چھیننا چاہتا ہے بس!

سیاہ فام لڑکے نے تھوک نگلتے ہوئے آدھا سچ بتایا

اور یہی چیز اسے بھاری پڑی تھی

اس کا ہاتھ اٹھا اور ایک ہی وقت میں تین چار تھپڑ اس لڑکے کے منہ پر جڑ دیے

وہ لڑکا کراہنے لگا

سچ کہہ رہا ہوں

کارل نے صرف اتنا ہی میرے سامنے کہا تھا

اس لڑکے نے اس سے آگے تڑپ اٹھا

کیا کہا تھا میں نے ابھی

کے جو کچھ اس نے تمہارے ساتھ ڈسکس کیا ہے وہ سب بتاؤ

اس لڑکے کے بالوں پر اپنی گرفت سخت کرتے ہوئے وہ دھیمے لہجے میں غرایا

اور ایک زوردار مکا اس ناک پر مارا جس سے اس لڑکے کا نچلا ہونٹ پھٹ چکا تھا

میں سچ کہہ رہا ہوں

مجھے بخش دو

لڑکے نے اس کے بھاری بوٹوں پر ہاتھ رکھنا چاہا

وہ سرعت سے پیچھے کی جانب ہوا

!جلدی کانچ کے زرے لے کر آؤ

اپنے ساتھ کھڑے عباد سے کہہ کر وہ واپس اس لڑکے کے قریب گیا

!آخری بار پوچھ رہا ہوں جو

بتاؤ کارل کا آگے کا لا عمل کیا ہے؟

وہ ماتھے پر بل ڈالے تفاخر زدہ آنداز میں غرایا

" میں نہیں جانتا

اس لڑکے نے ثابت کیا تھا کے اسے اپنی زندگی پیاری نہیں

ایک شیطانی مسکراہٹ اس کے عنابی ہونٹوں پر رینگ گئی

!ٹھیک ہے ایسے تو ایسے سہی

اور یہ کہتے ہی اس نے کانچ کے ٹکڑے اس سیاہ فام لڑکے کی آنکھوں میں دے مارے

پل بھر کو عباد کا دل بند ہونے کو تھا

اس سیاہ فام لڑکے کی آنکھوں سے خون کا پھوارا نکلنے لگا

وہ لڑکا تڑپ رہا تھا رسیوں کی جکڑ سے اپنے ہاتھوں کو آزاد کروانا چاہتا تھا

پر افسوس کے وہ عظیم ترین

ظالم سفاک اور بے رحم انسان کی قید میں تھا

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/Classicurdumaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

اب بتاؤ کارل کا آگے کا لا عمل کیا ہے

اس کے ہونٹوں پر محضوظ کن مسکان رقصاں تھی

وہ نیکسٹ ویک پاکستان آرہا ہے

جس کے بعد وہ سب سے پہلے اس لڑکی کو زیادتی کا نشانہ بنانا چاہتا ہے اور اس کے بعد وہ

تمہیں مار ڈالنے کا پلان طے کر رہا تھا

وہ لڑکا اب پٹر پٹر اے ٹو زی تک سب اگلنے لگا

اس کی باتیں سننے کے بعد حیدر شاہ کی پیشانی پر لاتعداد بل نمودار ہوئے پر فلحال اس نے

مٹھیاں بھینچتے ہوئے جینز میں چھپا چھوٹی سائیز کا پسٹل باہر نکالا

اور اس لڑکے کے سینے پر تین چار گولیاں اتار دیں

سر!

عباد نے اسے ٹشو پکڑائے وہ اپنے خون سے رنگے ہاتھوں کو صاف کرتا

ہوا اس ہیبت ناک کمرے سے باہر نکل گیا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

عباد نے اس کی تلقین میں کمرے سے باہر کا رخ کیا

میں گھر جا رہا ہوں تمہاری بھابھی سے آج باضابطہ ملاقات ہو ہی جانی چاہیئے آج

پھر ملتے ہیں

وہ جیکٹ پہنتے ہوئے گاڑی میں بیٹھ گیا

عناد نے ہلکی سی مسکراہٹ کے ساتھ اسے رخصت کیا

🌹🌹🌹🌹🌹🌹

سوئیٹی! تم یہاں کیا کر رہی ہو؟

لیزا نے اسے لان میں تنہا ٹہلتے ہوئے دیکھا تو پوچھ بیٹھی

کچھ نہیں بس ایسے ہی سوچ رہی ہوں کل واپس اسلام آباد چلی جاؤں

بے تاثر لہجے میں اس نے کہا

لیزا نے اس کے اندر کا خالی پن بڑی شدت سے محسوس کیا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

جب کے سندس نے آپنے آنسوں پر بند باندھ رہی تھی

جو کے کب سے پلکوں کی باڑ توڑ کر باہر آنے کو بے قرار تھے

تمہیں اسلام آباد جانے کی کیا ضرورت ہے تم یہاں بھی تو رہ سکتی ہو نا!

لیزا نے اس مرمری ہاتھ تھامتے ہوئے پیار سے کہا

یہ گھر میرا نہیں!

اور کسی اجنبی کے گھر میں رہنا اس چیز کی اجازت میرا ضمیر مجھے نہیں دیتا

اس نے تلخی سے مسکراتے ہوئے لیزا کو باور کروایا

یار جب تک اس گھر کا مالک تمہیں خود سے کہہ نا دے یہ گھر چھوڑنے کو تب تک تم یہی پر رہو نا

لیزا نے اس آہستگی سے سمجھانا چاہا

لیکن میں نے فیصلا کر لیا ہے کل صبح ہی میں یہاں سے چلی جاؤں گی

اس نے حتمی اور دو ٹوک کہا

کہاں جاؤ گی پھر ؟

لیزا نے سرسری سا پوچھا

پتا نہیں کہاں جاؤں گی

لیکن یہاں سے ضرور چلی جاؤں گی

اس سب کو چھوڑو تم سناؤ تم یہاں کیسے ہو

میرا مطلب ہے تم تو اسلام آباد میں تھیں نا

سندس نے مشکوک نظروں اسے دیکھا

یہ گھر میرے انکل کے بیٹے کا ہے!

لیزا نے مضبوط لہجے میں جواب دیا

اوا چھا!

سوری لیزا اگر تمہیں میری کوئی بات بری لگی تو

میں تو بس اس لیے پوچھ رہی تھی کیونکہ تمہارا یہاں اچانک پہنچ جانا مجھے ٹھٹکنے پر مجبور کر رہا تھا

اس نے فورن سے ندامت زدہ انداز میں کہا

!کوئی بات نہیں چلو اندر چلیں

کل سے کچھ نہیں کھایا تم نے تھوڑا سا کچھ کھا لو

لیزا نے اسے اپنے حصار میں لیتے ہوئے پیار سے کہا

اور دونوں ہی اس محل نما گھر کے اندورے حصے کی جانب بڑھ گئیں

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

موسم ابر آلود تھا

چڑیوں کی چہچہاہٹ اسے بے زار کرنے کے لیے کافی تھی

کھڑکی سے آتی ٹھنڈی ہوا اسے منہ چڑانے پر مجبور کر رہی تھی

سلکی بال آبشار کی طرح اس کی پشت پر احاطہ کیے ہوئے تھے جنہیں سمیٹنے کا اسے ہوش نہیں تھا

وہ تو گم صم سی بیڈ پر آنکھیں بند کیے بیٹھی تھی

پھر اسے احساس ہوا کوئی دبے پاؤں کمرے میں داخل ہوا ہے

مخصوص سی پرفیوم کی خوشبو اسے ٹھٹھکنے پر مجبور کرنے لگی

دل کی دھڑکنیں تیز ہونے لگیں

بند آنکھوں سے سفید موتی رواں ہونے لگے

اس کی سسکیاں بندھنے لگیں

اس نے اپنی سسکیوں کا گلہ نہیں گھونٹا

تو کیا وہ صرف مجھے خوابوں میں ہی میسر ہے


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

صرف نکاح کرنے کا شوق تھا موصوف کو

ظالم انسان

وہ بڑبڑا کر رہ گئی

..............................................

اسلام علیکم!

کمرے میں داخل ہوتے ہی لیزا نے سر سری سی نگاہ سب پر دوڑائی

عباد اور عمیر نے بے زاری اس کے پھولے ہوئے چہرے کو دیکھا

جواب بلکل حیدر شاہ کے سامنے بیٹھ چکی تھی

وہ اب بھی عمیر پر اپنی بھوری آنکھیں جمائے ہوئے تھا

وہ نا ہی کچھ کھا رہی ہے اور نا ہی اپنا خیال رکھ رہی ہے

اور اب اس کے دماغ میں یہی بات سوار ہے

کے اسے کل صبح ہی اس گھر سے جانا ہے

لیزا نے پشت چیئر سے ٹکاتے ہوئے حیدر کے سپاٹ چہرے کو آنکھوں کے حصار میں لیا

پنک لانگ شرٹ اور وائٹ ٹائٹس میں وہ خفا خفا سی لگ رہی تھی

عباد اور عمیر بھی اب خاموش تماشائی بنے باری باری لیزا اور حیدر کی جانب دیکھ رہے تھے

!عباد

میرے خیال میں آگے اب کیا کرنا ہے یہ تم دونوں اچھے سے جانتے ہو

اور اگر پھر بھی کوئی بات سمجھ میں نا آئے تو رابطہ کر لینا مجھ سے

اور عمیر تم بھی اب عباد کی پوری مدد کرو گے

!باقی اللہ بہتر کرے گا سب

لیزا کی باتوں اور لیزا کی موجودگی کو نظر انداز کرتا وہ سنجیدگی سے عباد اور عمیر کو سمجھا رہا تھا

لیزا نے بھنائے ہوئے انداز میں پہلو بدلا

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

عباد اور عمیر دونوں ہی اس کشادہ اور شاہانہ طرز سے سجائے گئے اس کمرے سے باہر جا چکے تھے

اب کمرے میں صرف وہ دونوں ہی رہ گئے

میں تم سے بات کر رہی ہوں!

اب بندہ اتنا بھی مغرور نا ہو

لیزا نے منہ بسورتے ہوئے اپنی دل کی بات کہہ ڈالی

اس میں مغرور ہونے کی بات کہاں سے آگئی

اور حیرت ہے مجھے تم

پر وہ انیس برس کی لڑکی تم سے نہیں سنبھالی جا رہی ہے لیزا

خشمگیں نگاہوں سے لیزا کو گھورتے ہوئے

وہ غصے میں بولا

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

میرے ساتھ جو کچھ تم کرتے ہو نا

میں تو چلو دل تم پر وار بیٹھی ہوں تبھی خاموش ہو جاتی ہوں

لیکن وہ تمہاری "بیوی" پوری کی پوری تمہاری کاپی ہے

اگر اس نے تمہیں تگنی کا ناچ نچایا تو کہنا

لیزا نے میز پر کہنی ٹکاتے ہوئے پر یقین انداز میں کہا

اور پیچھے کی جانب کھسکی

حیدر شاہ اس کے پر یقین لہجے کو دیکھنے کے باوجود بھی کندھے اچکا کر رہ گیا

گویا اسے کوئی فرق ہی نہیں پڑتا تھا لیزا کی باتوں سے

لیزا نے مٹھیاں بھینچ لی

اور بغیر کسی شعلہ بیانی کے غصے میں پاؤں پٹختے ہوئے وہاں سے نکلتی چلی گئی

اس نے کچھ دیر تک پر سوچ نظروں سے لیپ ٹاپ کی روشن اسکرین کو دیکھا اور چیئر کی

پشت سے جیکٹ اٹھا کر گھر کے اندرونے حصے کی جانب بڑھا

چہرے پر دنیا جہاں کی بے زادی اور ناگواری تاحال موجود تھی

❦❦❦❦❦❦

اس نے اپنی سیاہ پر کشش آنکھیں کھولیں

لیکن وہ کمرے میں وہ نہیں تھا

پر اس کی خوشبو پھر بھی تھی

نکاح کرنے کا شوق تھا صرف!

اس کے بعد میں مروں یا جیوں اسے کیا

یہی دکھ کرب اور غصہ اسے بار بار کسی زہریلے سانپ کی طرح ڈس رہے تھے

حیدر شاہ کے لیے نفرت کا گراف مزید بڑھا

سفید رنگ کی گھٹنوں تک آتی فراک میں ملبوس مرجھائے اور کملائے ہوئے چہرے کے ساتھ وہ سادگی میں بھی غضب ڈھا رہی تھی

بیڈ سے دوپٹہ اٹھانے کے بعد اس نے شانوں پر دوپٹہ پھیلایا

اور کھڑکی کے سامنے جا کر کھڑی ہوئی ی

شام کے سائے اپنے پر پھیلانے لگے تھے

سرسبز لان میں چڑیوں کی سریلی آوازیں اب بھی گونج رہی تھیں

پرندے بھی اپنے اپنے گھروں کو واپس لوٹ رہے تھے

اس نے بے بسی اور ترستی نگاہوں سے ان اڑتے ہوئے پرندوں کو دیکھا

گویا وہ بھی اپنے گھر کو یاد کر رہی تھی جہاں اس کے بابا امی اور بڑے کے ساتھ حسین یادیں باقی تھیں

پھر بہت سے آنسو اس کی سیاہ پرکشش آنکھوں میں جمع ہونے لگے

اس کے ضبط کا پیمانا لبریز ہوا تھا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

کھڑکی پر پردے گراتی ہوئی وہ بیڈ پر گرنے والے انداز میں بیٹھی

سفید نرم رخسار ضبط کی شدت سے سرخ ہو رہے تھے

پنکھوڑی جیسے لب پھڑ پھڑا رہے تھے

ایک ایک کرکے سب کے چہرے اس کی آنکھوں کے سامنے آنے لگے

احمر صاحب کو یاد کر کے اسے چیخ چیخ کر رونے کا دل چاہا

پر لبوں پر اپنے مرمری ہاتھوں کو جماتے ہوئے اس نے سسکیوں کا گلا گھونٹ دیا

ابو!

آپ سب نے میرے ساتھ ٹھیک نہیں کیا پہلے موم اور آپ نے مجھے اکیلا چھوڑ دیا

اور اب بڑے ابو بھی مجھے چھوڑ کر چلے گئے

کیا میں اتنی بری ہوں میرے رب؟

وہ سرگوشی میں بول رہی تھی

کمرے میں موجود ہر ایک چیز اس شہزادی کو

دکھ میں دیکھ کر افسردہ سی ہو گئی تھی

اب پرندے بھی مایوسی سے اپنے گھروں کی جانب لوٹ رہے تھے

شام کا سایہ اب تاریکی کی صورت اختیار کر رہا تھا

خود ساختہ تنہائی میں اب اس کا دم گھٹنے لگا

گردن کو آہستہ سے سہلاتے ہوئے وہ کھڑی ہو گئی

اور اس سے پہلے وہ کمرے سے باہر نکلتی

کسی نے نرمی اور آہستگی سے اسے اپنے حصار میں لے لیا

اس کے وجود میں اٹھتی مخصوص خوشبو

سندس کو اور بکھرنے پر مجبور کر رہی تھی

اس کا دل چاہ رہا تھا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

وہ اپنے سارے اندر کا غبار اور کرب اس کے ظالم اور سفاک انسان کے سامنے نکال دے

لیکن

پھر انا کی شدید لہر اس کے اندر دوڑ گئی

اور اپنے دل سے آتی آوازوں کو دبا کر اس نے پوری قوت سے اسے دھکا دینا چاہا

پر وہ ایک انچ بھی اپنی جگہ سے ہلا تک نہیں

اس کے سینے پر اپنے مرمری ہاتھوں سے دباؤ ڈالتی ہوئی ی

اس سے دور ہونے کی ناکام کوشش کی

اب کیوں آئے ہیں آپ؟

یہ دیکھنے آئے ہوں گے کے مر بھی گئی ہوں یا نہیں

تو افسوس کے ساتھ کہنا پڑ رہا ہے

آپ کی جان اب بھی نہیں چھوٹی میرے منحوس وجود سے


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

ابھی تک زندہ ہوں میں

زہریلے لہجے میں کہ کر وہ اب زور زور سے ہنسنے لگی

حیدر کو اس کی ذہنی حالت پر شبہ ہوا

اس پر اپنی گرفت مضبوط کرتے ہوئے اب وہ نرمی سے اس کے سلکی بالوں میں ہاتھ پھیر رہا تھا

!شاہ! میرے بڑے ابو

اس کی شرٹ کو مضبوطی پکڑتے ہوئے اس نے آخر کار تڑپ کر سسکتے ہوئے کہا

پرنسز! ہمارے رب کو یہی منظور تھا

میں ہوں نا اپنی جان کے پاس

اس کے شانے پر تھپکی دیتے ہوئے اس نے کہا

جب کے بیک وقت سندس کی آنکھوں میں آنسوؤں کا ایک سمندر سا موجزن تھا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

!بس کرو نا

اس کے ماتھے پر بوسہ دینے کے بعد اب وہ اس کے گالوں پر بہتے سفید موتیوں کو چننے لگا

جب کے وہ اب بھی اس کے ساتھ لگی کھڑی تھی

حیدر شاہ کے اندر تک سرشاری سی پھیل گئی

سندس کو اپنے حصار میں لیے ہی وہ بیڈ کی جانب بڑھا

پانی پینا ہے؟

اس کے جھکے ہوئے چہرے پر سنہری نگاہیں جمائے اس نے پوچھا

!نہیں

نفی میں زور زور سے سر ہلا کر سندس نے انکار کیا

حیدر نے گہرا سانس ہوا میں سپرد کیا

پرنسز؟

اس کے خوبصورت اور سرخ چہرے پر سے بال ہٹاتے ہوئے وہ اس سے مخاطب تھا

لیکن وہ اپنے حواس میں ہوتی تو جواب دیتی نا

سندس کو اس کے مضبوط حصار میں ہی نیند آگئی تھی

حیدر نے محبت پاش نگاہوں سے اس کو دیکھا

پھر کسی کانچ کی گڑیا کی طرح اسے سمیٹ کر بیڈ پر لیٹا دیا

اور اس کے اوپر بلینکٹ درست کرتا ہوا صوفے پر جا کر بیٹھ گیا

وہ بھی اب کچھ حد تک پر سکون ہو گیا

تھا سندس کو دیکھ کر

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

!عمیر

!بات تو سنو یار

عباد نے کھوئے کھوئے سے لہجے میں عمیر کو مخاطب کیا

جو گاڑی ڈرائیو کرنے میں مگن تھا

خیرت۔؟

ایسی کونسی بات ہے جو تم اتنی آہستگی سے مجھے بتانا چاہ رہے ہو

عمیر نے مسکرائے لہجے میں کہا

!تم طنز کے تیر چلالو پہلے

عباد نے دانت کچکچا کر کہا

اچھا یار سوری اب بتاؤ کیا بات ہے؟

عمیر نے بمشکل اپنی قہقہہ کو بریک لگاتے ہوئے سنجیدگی سے کہا

یار آج سر نے اس لڑکے کی آنکھوں میں کانچ کے ٹکڑے گھسا دیے

اور تو اور جاتے جاتے بھی اسے بڑی بے رحمی سی قتل کر دیا

عباد نے اسے بتایا جب کے اس کے عباد کے بے یقین اور ساکت نگاہوں کو دیکھ کر عمیر کو بھی حیدر کی سفاکیت پر افسوس ہوا

اس کا روز کا معمول ہے

اور تم تو اس کے پرانے ساتھی ہو پھر بھی اس قدر رحم دل ہو

عمیر نے استہزائیہ انداز میں ہنستے ہوئے کہا

عباد نے تاسف سے عمیر کو گھورا

گویا اسے بھی یے سب نارمل سی بات لگ رہی تھی

زیادہ نہیں سوچو اب

اس کارل نامی دوٹکے ہیرو کو کیسے سہی سلامت حیدر کے حوالے کرنا ہے اس پر غور کرو

عمیر نے سر جھٹکتے ہوئے اسے یاددہانی کروائی

انشااللہ! ہمیں کامیابی نصیب ہو گی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

عباد نے پر یقین لہجے میں کہا

اور گاڑی میں خاموشی چھا گئی

🌹🌹🌹🌹🌹🌹

حیدر ! مجھے تم سے ضروری بات کرنی ہے جلدی سے لاؤنج میں آؤ

عمیر نے اسے کال کر کے عجلت میں انے کا کہا

کیا ہوا ہے ؟

نیند خرگوش کے مزے لیتی سندس کو نرم گرم نگاہوں سے دیکھتے ہوئے اس نے کہا

کال پر نہیں بتا سکتا تم جلدی سے آؤ لاؤنج میں

عمیر نے اس پر زور ڈالا

اچھا ٹھیک ہے ابھی آتا ہوں !

کہہ کر اس نے سیل فون کو ہاتھ میں لیا سوئی ہوئی اپنی شہزادی کے پاس گیا

اور بے ساختہ اس کے ماتھے پر محبت کی مہر ثبت کی

!!مائن پرنسز

سرگوشی میں کہا گیا

اور شاہانہ چال چلتا ہوا وہ کمرے سے باہر نکل گیا

لیزا سمیت عباد اور عمیر بھی لاؤنج میں بیٹھے اس کا انتظار کر رہے تھے

اسے لاونج میں داخل ہوتے دیکھ کر سوائے لیزا کے باقی سب کے چہرے پر ہلکی مسکراہٹ نمودار ہوئی ی

جب کے لیزا پہلو بدل رہ گئی

سر! اس لڑکے نے ہمیں غلط انفارمیشن دی ہے

کارل نیکسٹ ویک نہیں بلکے کل رات اسلام آباد پہنچے گا

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

اور اسلام آباد میں ہی اس نے اپنا ایک گھر خرید لیا ہے

عباد نے بغور اس کے وجیہہ چہرے کو دیکھتے ہوئے سنجیدگی سے کہا

جیسے جیسے عباد تمام تر اطلاع اس کے گوش گزار کر رہا تھا

ویسے ہی اس کے چہرے کے تاثرات بدلتے جا رہے تھے

غصہ، ناگواری، سفاکی بیک وقت یہ سارے تاثرات اس کی آنکھوں میں جھلکنے لگے

کیا تمہیں پورا یقین ہے عباد؟

وہ سپاٹ اور سخت لہجے میں بولا

جی سر! میری انفارمیشن کے مطابق یہی سب سچ ہے عباد نے پراعتماد انداز میں کہا

وہ کچھ دیر چپ رہا

لیزا جب کے اس کے بدلتے تاثرات سے محضوظ ہو رہی تھی

سر! آگے کیا کرنا ہوگا اب؟


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

عباد نے پھر سے کہا

فلحال اسے اڑنے دو

پاکستان کی رنگینیاں دیکھنے دو

یہاں کے ماحول میں لطف اندوز ہونے دو

پھر میں طے کروں گا کے اس کے پر کب کاٹنے ہیں

اور کب اس کی آزادی کو خود ساختہ قید میں بند کرنا ہے

اس کی آنکھوں میں پر اسرار سی چمک تھی

عنابی ہونٹوں پر بھی اس کی مخصوص سی جان لیوا مسکراہٹ رقصاں تھی

لیزا نے آنکھیں مزید بڑی کر کے اسے مسکراتے ہوئے دیکھا

اس مسکراہٹ کے پیچھے چھپی

اس کی سوچ کو وہ اب بھی نہیں پڑھ سکی تھی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

عباد!

لیزا نے عباد کو کہنی ماری

وہ گڑبڑا کر تھوڑا سا اپنی جگہ سے کھسک کر عمیر کے ساتھ لگ کر بیٹھا

لیزا نے نا محسوس انداز میں اپنی تھوڑی پر ہاتھ رکھا

گویا یہ اشارہ تھا کے اب وہ اسے چھوڑے گی نہیں

عباد نے اسے سرے سے اگنور کر دیا

اس سے کیا بات کرنی ہے تمہیں؟

مجھ سے ہی کر لو!

حیدر کی بھاری گھمبیر آواز لاؤنج میں گونجی

عباد اور عمیر نے مسکینی صورت بنا کر لیزا کو دیکھا

میں نے کب کہا مجھے عباد سے بات کرنی ہے

اس نے آنکھیں پٹپٹا کر کہا

جب کے اپنے سنہری بالوں کو ایک ادا سے جھٹکنے لگی

جہاں تک مجھے معلوم ہے تم اسے جان سے مارنے کی دھمکیاں تک دے چکی ہو

وہ مزید بولا

اس کے لہجے میں ہمیشہ کی طرح سختی اور رعب زیادہ تھا

ایک تو اس کی بلے والی آنکھیں

وہ بڑبڑائی

!بلے کی نہیں تم چیتے کی کہہ سکتی ہو

لیزا کا تو منہ ہی کھل گیا

یے سامنے بیٹھا خوبرو سا لڑکا کس قدر ہوشیار تھا

لیزا کی بڑبڑاہٹ تو عباد اور عمیر نے بھی نہیں سنی ہو گی

جو اس کے ساتھ ہی بیٹھے تھے

لیکن وہ تو گویا اڑتے ہوئے پرندے کے بھی پر گن سکتا تھا

یہ لیزا صاحبہ نے دل میں سوچا

لیکن منہ سے صرف اتنا سا کہا

!تم بہت برے انسان ہو

لیزا آنکھیں سکیڑتے ہوئے گویا پھر سے اس کی نالج میں اضافہ کیا

!اس میں کوئی شک نہیں ہونا چاہیے تمہیں

وہ ڈھیٹائی سے بولا

لیزا نے عمیرا اور عباد کو ایسے دیکھا جیسے کہہ رہی ہو

!دیکھ لو اپنے اس سر کو

جو خود ہی اپنے منہ سے تسلیم کر رہا ہے کے وہ براترین انسان ہے

ان دونوں کو گھورنا بند کرو تم

اور اب تمہیں بھی کل سے ان کے ساتھ ہی اسلام آباد روانہ ہونا ہے آئی سمجھ؟

ٹانگ پر ٹانگ رکھتے ہوئے وہ خوبصورت اور نفیس سے صوفہ پر پشت ٹکا کر بیٹھ گیا

اور ہاتھوں کو بھی صوفے کی پشت پر پھیلا دیا

لیکن میں کیوں جاؤں گی اسلام آباد؟

اس نے خشمگیں نگاہوں سے حیدر کو گھورتے ہوئے پوچھا

کیونکہ میں چاہتا ہوں تم اسلام آباد واپس جاؤ

جس کام کے لیے تمہیں کراچی بلایا گیا تھا

وہ کام اب میں خود ہی سرانجام دے دوں گا

لیزا کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے وہ کندھے اچکا کر بول رہا تھا

تم ایک غیر لڑکی کے ساتھ اس گھر میں اکیلے رہو گے؟

تفاخرزدہ لہجے میں کہہ کر لیزا کے ہونٹوں پر شیطانی اور تفاخر زدہ مسکراہٹ نمودار ہوئی ی

میں تمہیں کسی بھی سوال کے جواب دینے کا پابند نہیں ہوں

وہ سخت لہجے میں بولا

اس کا انداز بے لچک ہی رہا

لیکن اسلام تو کسی بھی مسلمان مرد کو ایک غیر لڑکی کے ساتھ رہنے کی اجازت نہیں دیتا

!چچ چچ چچ

لیزا کے ہونٹوں پر سے مسکراہٹ دور ہی نہیں ہو رہی تھی

اسے اپنی زندگی پیاری نہیں ہے کیا؟

عباد نے عمیر کے کان کے قریب جا کر سرگوشی میں کہا ظاہر سی بات ہے اس کا اشارہ لیزا

کی جانب تھا

جو پٹر پٹر اپنی ہی ہانکے جا رہی تھ

اس سے پہلے میں تمہاری یے چلتی ہوئی زباں کے کئ ٹکڑے کر دوں یہاں سے گم ہو جاؤ لیزا

وہ دھیمے لہجے میں غصے سے بھرپور انداز میں غرایا

لیزا کا پھیکا تیر ٹھیک نشانہ پر جا لگا تھا

اس لیے ہاتھ جھاڑتی وہ کھڑی ہو گئ

اور اب اس کی ہیلز کی ٹک ٹک کی آواز لاؤنج میں تھوڑی دیر تک گونجتی رہی اس کے بعد بند ہو گئ

تم دونوں بھی جاؤ فلحال یہاں سے

پیشانی کو مسلتے ہوئے وہ سرد مہری سے بولا

عباد اور عمیر مودبانہ انداز میں سر ہلا کر وہاں سے چلے گئے

اس نے بھی صوفے کی پشت سے سر ٹکا دیا

بھوری آنکھوں میں چنگھاریاں جل رہی تھیں

اپنے سنہری بالوں میں ہاتھ چلاتا وہ آنکھیں موند گیا

.......................................

سر! کام ہو چکا ہے اور رات کی اہم میٹنگ بھی ہے واٹسن کے ساتھ

عباد نے جلدی جلدی میں اسے بتایا

ایک ناگوار اور سرد سی نگاہ اس نے عباد پر ڈالی

عباد! کیا تمہیں اتنا بھی نہیں معلوم کے میں اس وقت مانچسٹر میں نہیں بلکے پاکستان میں

موجود ہوں

وہ برہمی سے گویا ہوا

سر! لیکن مجھے لگا آج آپ لندن روانہ ہوں گے

عباد نے ڈرتے ڈرتے ہوئے پھر سے کہا

اور یہ خاص اطلاع تمہیں کس نے دے دی؟

چہرے پر ہنوز بے زاری اور سختی نمایاں تھی

!سوری سر

عباد اب ندامت زدہ انداز میں بولا

!آگے سے فضول سوال جواب سے گریز کرنا عباد

بھوری آنکھوں میں تنبیہہ تھی

جی سر! آگے سے آپ کو شکایت کو موقع نہیں ملے گا

عباد نے عام سے لہجے میں کہا

!سہی ہے اب جا سکتے ہو تم

!اور ہاں شام تک عمیر اور لیزا کو بھی یہاں سے لے کر جانا ہے اسلام آباد

مخصوص سرد لہجے میں کہتے ہی وہ اٹھ کھڑا ہوا

آنکھیں اور چہرے پر پہاڑوں سی سختی تھی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

عباد نے حیرانگی اور سہمی نگاہوں سے اپنے سر کو دیکھا

جو پل میں تولہ اور پل میں ماشا کی مہاورے پر پورا اترتا تھا

جیکٹ کو ہاتھ کی مدد سے ٹھیک کرتا وہ گھر کے اندورنے حصے کی جانب بڑھا

نیند سے اٹھتے ہوئے ہی اس کے اوسان کچھ کچھ بحال ہوئے

بلیک اور ہاف وائیٹ امتزاج کے پینٹ شدہ اس کشادہ اور شاہانہ طرز سے سجائے گئے

اس کمرے میں وہ تنہا تھی

رات والا منظر اس کی آنکھوں کے سامنے کسی مووی کے سین کی طرح چلنے لگا

اور یہ سوچ جیسے ہی اس کے دماغ میں آئی

کے اس نے خود سے رات اس کے سینے پر سر ٹکا دیا تھا

خفت اور غصے کے مارے اس کے دماغ کی رگیں تن گئی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اتنی جلدی اس نے خود کو اس کے آگے بچھا کیوں دیا تھا

یہ سوچ اسے کسی زہریلے سانپ کی طرح اپنے وجود میں رینگتی ہوئی ی محسوس ہوئی ی

کمرے کے باہر سے کسی کے بھاری قدموں کی آواز اس کی سماعتوں سے ٹکرائی

وہ جانتی تھی یہ آہٹ کس کے قدمو کی ہے

دوپٹے کو شانے پر پھیلانے کے بعد وہ بیڈ سے اٹھی

مرمری پاؤں میں نازک سی چپل پہنی اور آگے بڑھنے لگی

لیکن تب تک وہ کمرے میں داخل ہو چکا تھا

اسلام علیکم!

گلے کو ہکارتے ہوئے اس نے سندس پر سلامتی بھجی

وعلیکم اسلام!

لٹھ مار والے انداز میں سلام کا جواب دیا گیا

سندس کے اکھڑے اکھڑے لہجے کو دیکھتے ہوئے وہ سارا ماجرہ سمجھ چکا تھا

لیکن پھر بھی کندھے اچکا کر گویا

ہوا

کیا تمہاری طبیعت اب بھی ٹھیک نہیں ہے؟

اس پاس جا کر وہ بولا

جب کے آنکھیں میں نرمی کا عنصر نمایاں تھا

اور اس کا لہجہ ہمیشہ کی طرح سخت ہی رہا

حیدر شاہ صاحب! میں رات والے اس خرافات کے بعد بہت پیشماں ہوں

لیکن اس کا ہرگز بھی یہ مطلب نہیں آپ نے جو کچھ میرے ساتھ کیا وہ سب میں بھول

جاؤں گی

بھلے میں آپ کے نکاح میں ہوں

لیکن زور زبردستی اور دھمکی سے آپ نے مجھے ڈرایا دھکایا اور اپنی ضد پوری کی وہ سب کسی صورت بھول جانے کے قابل نہیں

اس لیے آج کے بعد آپ اپنے راستے اور میں اپنے راستے

چہرے پر چٹانوں جیسی سختی لیے وہ تڑخ کر گویا ہوئی ی

حیدر شاہ کی آنکھوں میں جو ہلکی سی نرمی تھی

اب وہ بھی سرے سے غائب ہو چکی تھی

اور نرمی کی جگہ غصے نے لے لی تھی

یقیناً یہ لڑکی میرے لیے الٹی کھوپڑی کی ثابت ہوئی ہے

خود کے دل پر ملامت کرتے اس نے گہرا سانس ہوا میں خارج کیا

تم کبھی سدھر بھی سکتی ہو یا نہیں اور میں نے جو قدم اٹھایا ہے

اس پر زرا برابر بھی مجھے پچھتاوا نہیں


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

!لیکن اب تم خود پر کنڑول کر لو تو بہتر ہے سندس حیدر

ڈھکے چھپے الفاظ میں وہ اسے بہت کچھ باور کروا چکا تھا

اور جیکٹ اتار کر صوفے پر پھینک دی

میں یہاں سے جانا چاہتی ہوں

برائے کرم اپنی یہ خود ساختہ قید سے مجھے رہائی دے دیں

میرا دم گھٹ رہا ہے یہاں

اس کا انداز اور لہجہ مضبوط تھا

اس نے بھویں اٹھا کر اسے محض گھوری سے نوازا

گویا سندس کی خواہش اسے پسند نہیں آئی تھی

رہائی؟

قید؟

کہاں سے سیکھ لیے ہیں یہ الفاظ تم نے؟

اور خود کو جتنی جلدی اس ماحول کے سانچے میں ڈھال لو تمہارے لیے بہتر ہو گا

غصے کی شدید لہر کو دبا کر اس نے اب بھی نرمی سے کہا

یہاں رہتی ہے میری جوتی

آئی سمجھ اب مجھے یہاں سے دفع کرو جلد سے جلد

وہ چنگھاڑتے ہوئے گویا ہوئی ی

آنکھیں اور اس کے پھولے ہوئے گلابی گال سرخی مائل تھے

وہ مبہوت زدہ سا اس کے بھبوئے چہرے میں کھو سا گیا

جب کے آنکھیں اور عنابی ہونٹوں پر محضوظ کن مسکراہٹ نے قبضہ کر لیا تھا

میں نے کوئی مزاحیہ بات نہیں کی جس پر آپ کی مسکراہٹ ہی نہیں سمٹ رہی

اکتائے ہوئے لہجے میں اس نے تپتے ہوئے کہا

تو مطلب تم نے فیصلہ کر لیا ہے کے پیار اور محبت کی زباں کو تم نہیں سمجھو گی

قدم قدم اس کی پاس جانے لگا

مخصوص سی جان لیوا مسکراہٹ اس کے ہونٹوں پر رقصاں تھی

!مسٹر حیدر

مجھے کوئی شوق نہیں آپ کی نام نحاد محبت کا

وہ استہزاہیہ انداز میں ہنستے ہوئے بولی

!ٹھیک ہے پھر

!ایزیووش پرنسز

اب مجھ سے بھی کسی قسم کی رعایت کہ توقع اپنے اس دل اور دماغ سے نکال دو

حیدر شاہ نے آج تک کسی کے ترلے نہیں کیے

تم وہ واحد ہستی ہو جس کے آگے میں بے بس ہو جاتا ہوں


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

لیکن اب ایسا نہیں ہو گا

یادرکھنا اور آج کے بعد اگر تم نے یہ سب خرافات اور فضول قسم کی باتوں کو دماغ میں جگہ

دی تو انجام بہت برا ہو گا

اس کا اشارہ سندس کی ضد کی جانب تھا

جو وہ کب سے کیے جارہی تھی

کے اسے یہاں سے جانا ہے

مجھ پر رعب جمانے والے تم ہوتے کون ہو؟

بازو لپیٹتے ہوئے وہ آندھی طوفان کی طرح اس کے قریب گئی

اور یہی اپنا نقصان کروا کر بیٹھی

حیدر نے استحقاق سے بھرپور نگاہوں سے سر تا پاؤں تک اسکا جائزہ لیا

سفید رنگ کے چکن کے ڈریس میں ملبوس اسکے پھولے ہوئے گال


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

جواب سرخ ہو چکے تھے

حیدر کو کوئی اسکارہے تھے

حیدر نے اسے معنی خیزی سے دیکھا

میں کون ہوں اس کو جواب مجھے لگتا ہے اب عملی طور پر دے دینا چاہیے دل فریب مسکان

لبوں پر سجائے وہ قدم قدم اس کے قریب ہونے لگا

سندس کو اب سہی معنوں میں اپنی لمبی زباں کے سو ٹکڑے کر دینے کا دل چاہا

لیکن اب کیا ہو سکتا تھا تیر کمان میں سے نکل چکا تھا

میرے کہنے کا وہ مطلب نہیں تھا

ناک چڑا کر وہ منمنائی

اور خود کو اس سے دور کرنا چاہا

جو ہر بڑھتے قدم کے ساتھ اس کے اور اپنے بیچ کے فاصلے کو ختم کرنے پر بضد تھا

تمہارے اسی سوال کی وجہ سے میں نے تم سے نکاح کرنے کا فیصلہ کیا تھا

اور وہی سوال تم نے نکاح کے بعد آج پہلی بار دہرایا ہے

تو تمہیں اس سوال کا مفہوم سمجھانا میرا حق بنتا ہے

اس کا وجیہہ اور خوبرو چہرہ سنجیدگی طاری کیے ہوے تھا

سندس کی پلکیں سیافگن تھیں

!آپ مجھ سے دور رہ کر بھی بات کر سکتے ہیں

سندس نے کمزور سا احتجاج کیا

ناجانے کیوں وہ بھی اس سفاک اور سخت انسان کے سامنے اپنے لفظوں کا خزانہ ختم ہوتے محسوس کر رہی تھی

دور رہنے سے مسائل حل ہی نہیں ہوئے تو اب بھی کیا فائدہ دور رہنے کا

اس نے لو دیتی نگاہوں سے سندس کو دیکھا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

شاہ!

اس کی سیاہ پر کشش آنکھوں میں گزارش اور التجا سی تھی

جیسے حیدر نے بہت غور سے پڑھا اور اس سے دور ہوا

سندس نے بے ساختہ سکون کا سانس لیا جب کے وہ سیل فون ہاتھ میں لیے کمرے سے ہی باہر نکل گیا

اب اس کی لبوں پر سے دل فریب اور جان لیوا مسکراہٹ پھر سے سمٹ گئی تھی

آپی! نے کہا ہے کل صبح آپ کو ہر حال میں اسلام آباد پہنچنا ہے

لیزا نے بغیر دروازا ناک کیے ہانک لگائی

اس کی شعلہ بار نگاہوں کو دیکھ کر اسے اپنی عظیم ترین غلطی کا احساس ہوا

میں بھول گئی ڈور ناک کرنا

گویا ڈھیٹائی کی حد تھی

ابھی اور اسی وقت میرے آفس سے باہر نکلو اور پھر ڈور ناک کرو

!گو

اس کے دھیمے مگر سرد انداز پر وہ برے برے منہ بناتی

آفس سے باہر نکل گئ

اور اب فرمانبرداری کے تمام تر ریکارڈ توڑ کر ڈور ناک کر رہی تھی

!آجاؤ

بے زار اور سخت لہجہ اس کی سماعتوں سے ٹکرایا

لیزا کا دل کیا ابھی کے ابھی سامنے بیٹھے

اس خوبصورت اور وجیہہ انسان کو لاسٹ والے فلور سے دھکا دے

لیکن ضروری نہیں ہماری ہر خواہش پوری ہو


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اس لیے مرجھائے مکھڑے کے ساتھ وہ گویا ہوئی ی

!آپی نے کہا ہے کل تک اسلام آباد پہنچے آپ

لیزا نے سرسری سا کہا

جب کے اس کی آنکھوں میں مخصوص سی چمک تھی جو ہمیشہ حیدر کو دیکھنے کے بعد نمودار ہوتی تھی

میں خود بات کرلوں گا

!آپی سے تم اپنے کام سے کام رکھا کرو

سخت لہجے میں تنبیہہ کی گئی

!اچھا جی

لیزا نے اچھا جی پر زور دے کر کہا

ویسے سب لوگ یہاں مجھے عجیب و غریب نگاہوں سے کیوں گھورتے ہیں

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

لیزا نے جل کر پوچھا

جب کے حیدر کے سر کے اوپر سے اس کا سوال گزرا تھا

بھلا اسے کیا پتا تھا کے لیزا صاحبہ کو لوگ عجیب غریب نگاہوں سے کیوں گھورتے ہیں

لیکن پھر بھی وہ دنیا جہاں کی بے زاری طاری کرتے گویا ہوا

شاید انہیں تمہیں دیکھنے کے بعد یہ شرف نصیب ہوا ہو کے

چڑیلیں بھی عام لڑکیوں کی طرح زندگی بسر کر سکتی ہیں

اس نے تو گویا صاف گوئی سے لیزا کی عزت افزائی کی

لیزا نے خونخوار آنکھوں سے اسے گھورا

تمہاری بیوی ہو گی چڑیل اور تم خود بھی جن ہو

تم دونوں کی جوڑی کو رب نے بنادی جوڑی کا لقب دیا جائے گا

سہی کہہ رہی ہوں نا میں؟


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

آنکھیں پٹپٹا کر اس نے معصومیت سے پوچھا

آج ایک بات لکھوا کر رکھ لو تم

کے لیز انامی جو چڑیل اللہ پاک نے اس دنیا میں بھیجی ہے

نا اس کا قتل حیدر شاہ کے ہاتھوں ہو گا

سنجیدگی سے کہتے ہوئے آخر میں اس کی بھوری آنکھوں میں سرد مہری نمودار ہوئی ی

اب میں نے کیا کیا؟

صرف اتنا سا کہا ہے کے آپ اور آپ کی زوجہ محترمہ کی جوڑی رب نے ملادی جوڑی ہے

گرے آنکھوں میں یک دھک مایوسی اور ویرانی نے پنجے گاڑھے

مجھے آج رات لندن واپس جانا ہے

اور پھر کچھ دن مانچسٹر میں اہم کانفرس میں شرکت بھی کرنی ہے عمیر سے کہہ دو کے

رات کی فلائیٹ کی ٹکٹس بک کروادے


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

سر جھٹکتے ہوئے وہ مختصر بولا

لیزا نے سنہری بالوں کو جھٹکا اور چیئر دھکیل کر اپنی جگہ اٹھ کھڑی ہوئی ی

کیا تم سچ میں لندن واپس جا رہے ہو؟

ناچاہتے ہوئے بھی اس نے مایوسی اور منہ بسورتے پوچھا

تمہارا اس سب سے کوئی تعلق نہیں میری مرضی میں جو چاہے کروں

جتنی لیزا کے لہجے میں فکرمندی تھی اتنی ہی اس کی لہجے میں درشتی اور سردمہری تھی

تلخ سی مسکان لبوں پر سجاتے ہوئے وہ وہاں سے چلی گئی

اس نے پر سوچ نگاہوں سے سیل فون پر کچھ تحریر پڑھی

اور آہستہ آہستہ اس کی پیشانی پر بل نمودار ہوئے

غصے پر بند باندھتے ہوئے وہ سندس کے کمرے کی جانب روانہ ہوا

اس کی چال میں ایک عجیب سی تھکان اور تیزی تھی

تمہارے ساتھ نرمی سے پیش ہونے کا کوئی فائدہ ہی نہیں سندس حیدر شاہ

وہ بڑبڑانے لگا

اس کی آنکھ سپاٹ

اور چہرے پر سخت تاثر نمودار ہوئے

اور اس کا رخ اپنے کمرے کی جانب تھا

🌹🌹🌹🌹🌹🌹🌹

کتوں والی موت مرے گا یہ لڑکا بہت شوق چڑھا ہے نا اسے بھی باپ کی طرح خدائے خلق کی خدمت کرنے کا اب اگر اسے اس کی باپ کی محبت سے زیادہ عبرت ناک سزا ملے گی

وہ خباثت زدہ لہجے میں غرایا

درمیاں ی عمر کے اس وحشی کے چہرے پر درشتی نمایاں تھی

وہ غیض غضب کے تاثرات کے ساتھ اسلام آباد ایئرپورٹ پر موجود تھا

تمہاری زندگی کی الٹی گنتی آج سے شروع مسٹر حیدر شاہ

بے ہنگم سا قہقہہ وہاں گونجا

آتے جاتے لوگ اس آدمی کو پاگلوں کی طرح ہنستے دیکھ رہے تھے

جو خود اپنی موت کے پاس آیا تھا

اور یہ ہنسی اسے آگے چل کر کتنی بھاری پڑنے والی تھی یہ اس کی سوچ سے بھی باہر تھا

وقت ہمیشہ ایک سا نہیں رہتا

کفر کا بھی بت ٹوٹ ہی جاتا ہے اور جب کفر ٹوٹتا ہے تو فلک سے لے کر فرش تک روح زمیں پر خوشی اور سرشاری سی پھوٹتی ہے


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

وائٹ شرٹ اور بلک جینز اور بلیک ہی جیکٹ میں وہ اپنی پر وقار چال چلتا سیڑھیاں چڑھنے لگا

سنہری آنکھوں میں طیش اور سختی نمایاں تھی

محل نما گھر میں اس کی مہور کن خوشبو پھیلتی چلی جا رہی تھی

شہزادہ اپنی شہزادی کے پاس جا رہا تھا

لیکن عباد کی فون کال پر اس کے قدم رک گئے

..............................,..............

تم اپنے یہ گندے سے باڈی گارڈ جلدی سے فارغ کرو

اس سے پہلے وہ اس پر اپنا غصہ نکالتا وہ خود ہی شروع ہو چکی تھی

تمہارا دماغ تو نہیں خراب؟

آتے ساتھ ہی وہ اس کو اپنی آہنی گرفت میں لے چکا تھا

لہجے میں درشتی تھی

مجھے جب یہاں رہنا نہیں تو کیوں زبردستی کر رہے ہو

اس کی دھاڑ سن کر وہ پل بھر کو اچھل کر اس سے دور ہونے لگی

لیکن سامنے والے کا ارادہ فلحال اسے معاف کرنے کا نہیں تھا

کیوں نہیں رہنا یہاں؟

اور جہاں جانے شوق تمہیں ستائے جا رہا ہے نا

وہاں پر سب تمہیں چیونٹی کی طرح مسل کر رکھ دیں گے عقل سے پیدل لڑکی

اور گارڈز کے ساتھ بھی آج تم نے غصے میں بات کی

اسے اپنے مقابل کھڑا کرتے وہ تقا خرزدہ انداز غرایا

میں آپ کی ملازمہ نہیں ہوں

اس لیے میرے ساتھ اس لہجے میں بات کرنے سے گریز کریں

آنکھوں میں آنسوں اور ہونٹوں کو سختی سے بھیچے اس نے کہا

میں کب سے تمھارے پیچھے جھک مار رہا ہوں

اور تم ہو کے ضد چھوڑنے کو تیار ہی نہیں ہو

رعب دار آواز پر سندس کو اپنا دل بند ہوتا محسوس ہوا

پر کر بھی کیا سکتی تھی

اسی لیے آنسوں پیتی سخت گیر اور سفاک انسان کے سامنے لرزتے وجود کے ساتھ کھڑی تھی

وہ دنگ رہ گئی تھی حیدر شاہ کا یہ انداز دیکھ کر

پہلی اور آخری غلطی سمجھ کر معاف کر رہا ہوں

اس کے بعد اگر تم نے اس گھر سے چور دروازے سے فرار ہونے کی کوشش کی تو تمہارا

دماغ اچھے سے ٹھکانے لگاؤں گا

سندس کے چڑیا کی طرح سہمے اور گھبرائے سراپے پر تیکھی نگاہ ڈالتا ہوا کمرے سے ہی باہر نکل گیا

یہ فرنگی ہوتے ہی بد تمیز ہیں

منہ بسور کر دل کی بھڑاس نکالی گئی

اور اس نے آگ برساتی نگاہوں سے لمبے چوڑے اور سفاک شوہر کو گھورا

آج وہ سہی معنوں میں خوف زدہ اور حواس باختہ ہو گئی تھی

اور ہاں ہم چاہے جیسے بھی ہوتے ہیں مقابلہ کرنا پھر بھی جانتے ہیں

سندس حیدر کی طرح رائے فرار اختیار نہیں کرتے

گلاس ڈور کے کھولتے اس نے بغیر گردن گمائے ہی اس کی بڑبڑاہٹ کا جواب دیا

سندس کا منہ حیرت کے باعث کھل گیا

لیکن اب وہ زور سے گلاس ڈور بند کر کے غائب ہو گیا

کراچی کے مشہور اور مہنگے ریسٹورنٹ میں وہ موجود تھا

اس اتنے بڑے ریسٹورنٹ پر صرف دو ہی لوگ موجود تھے

ویٹر ان کا آرڈر میز پر سجا کر چلا گیا تھا

میری کزن کہاں ہے

خرم نے اس کی آنکھوں میں دیکھتے ہوئے پوچھا

سامنے والا لبوں پر محظوظ مسکراہٹ لیے کندھا اچکا کر رہ گیا

میں تم سے بات کر رہا ہوں

حیدر شاہ صاحب!

خرم نے ایک ایک لفظ چبا چبا کر ادا کیا

تم یہ بتاؤ کیا چاہیے تمہیں؟

اور تمہاری ماں کو

ٹانگ پر ٹانگ رکھ کر وہ سخت لہجے میں پوچھ رہا تھا

آنکھوں میں کوفت بے زاری اور ناگواری کا عنصر نمایاں تھا

مجھے میری منہ مانگی قیمت دو

اور اس کو اپنے پاس رکھ لو

بات ختم

خرم نے دانتوں کی نمائش کی

اور خباثت سے کہا

لیکن اگلے ہی لمحے وہ اوندھے منہ زمین پر جا گرا

حیدر شاہ کا بھاری ہاتھ اس کے ناک کی ہڈی توڑ چکا تھا

اب وہ میری عزت ہے


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اوراس کے بارے میں کوئی بھی بکواس کرنے سے پہلے ہزار بار سوچنا

ورنہ آج صرف ناک کو زخمی کیا ہے

لیکن اگلی بار سیدھا شوٹ کر دوں گا

گھٹنوں کے بل اس کے سامنے بیٹھ کر وہ سفاکی سے بول رہا تھا

خرم نے ناک پر ہاتھ رکھ لیا

جیسے خون بہنا بند ہو جائے

یہ لو چیک بک جتنی رقم چاہیے بتا دو لیکن اس کے بعد تم یا تمہاری ماں مجھے اس کے آس پاس بھی نظر آئے

زمین کے اندر گاڑھنے میں ایک سیکنڈ بھی نہیں لگاؤں گا

اس کی سنہری آنکھوں میں چنگھاریاں جل رہی تھیں

خرم وحشت زدہ چہرے کو سختی سے دبوچتے ہوئے غرایا

پانچ کروڑ دے دو مجھے

خرم نے بلکتے ہوئے کہا

چیک بک پر اس کی منہ مانگی رقم تحریر کرنے کے بعد اس نے چیک خرم کے منہ پر دے ماری

پھر بھاری بوٹوں سمیت ہی اس کے پیٹ کے اوپر پاؤں رکھ کر وہ ریسٹورینٹ سے باہر نکل گیا

پیچھے وہ دوہری تکلیف میں مارے تڑپنے لگا

یہ گھر کس کا ہو سکتا ہے؟

سوچ کے تانے بانے بنتے ہوئے وہ اپنے کمرے سے باہر آ گئی

پورا گھر سائیں سائیں کر رہا تھا


Do not copy or distribute without permission of the author
For More Novel Please Visit Our Website
www.classicurdumaterial.com

کوریڈور عبور کرنے کے بعد وہ کچن کی طرف بڑھی

اتنے دن سے اس نے بمشکل چند ہی نوالے حلق میں اتارے تھے

کچن میں گھستے ہی اسے ایک درمیان عمر کی خاتون نظر آئی

جو کے یقین گھانا بنانے میں مگن تھی

اب وہ اسی سوچ میں گم تھی

کے کچن میں داخل ہو یا واپس اپنے کمرے کی میں چلی جائے

سامنے کھڑی عورت کو وہ پہلی بار اس گھر میں دیکھ رہی تھی

اس لیے کنفیوز ہونا اسکا فرض تھا

لیکن اس سے پہلے کے وہ واپس مڑتی اس عورت نے سندس کو دیکھ لیا تھا

ہلکی سی مسکراہٹ نے اس عورت کے چہرے کا احاطہ کیا

مادام!

کچھ چاہیے آپ کو؟

شفیق سی آواز اس کی کانوں تک پہنچی

جی! وہ دراصل مجھے بھوک لگی ہے کچھ کھانے کو مل سکتا ہے

منہ پر بیچارگی طاری کردی گئی تھی

!جی ضرور

میں بس ابھی آپ کے لیے کھانا گرم کر دیتی ہوں

اس عورت نے بریانی کو دم پر لگا کر کہا

آپ کا نام کیا ہے؟

جھجھکتے ہوئے اس نے پوچھا

"مریم! نام ہے میرا

مریم نے شائستگی سے جواب دیا

آپ کا نام سندس ہے نا؟

اس عورت نے اب مسکراتے ہوئے اس سے دریافت کیا

سندس کو حیرانگی ضرور ہوی تھی

مریم کے پریقین لہجے کو دیکھ کر پر فلحال اسے بھوک نے تپایا ہوا تھا

اس لیے محض اثبات میں سر ہلا کر رہ گئی

آپ ڈائینگ روم میں جائیں میں ابھی کھانا لے کر آتی ہوں

مریم نے کہا

وہ ڈائینگ روم کی طرف بڑھی

پہلے دن ہی احتشام صاحب نے اسے پورے گھر کا معائنہ کرا دیا تھا

اس لئے وہ تھوڑا بہت اس محل نما گھر سے مانوس ہو چکی تھی

مریم نے کھانا لگا دیا تھا

بریانی بہت لزیز بنائی گئی تھی

اوپر سے بھوک کی شدت

وہ اپنی طرف سے بریانی کے ساتھ پورا پورا انصاف کررہی تھی

کھانے سے فارغ ہونے کے بعد لاؤنج میں نصب ایل ای ڈی آن کر کے وہ مہوت سے اپنے پسندیدہ چینلز سرچ کرنے لگی

مریم بی سارے کام نپٹا لینے کے بعد اس کے پاس آکر بیٹھ گئی

مریم بی!

اس گھر میں کام کرتے ہوئے آپ کو کتنا عرصہ ہوا ہے؟

وہ آنکھوں میں تجسس لیے گویا ہوئی ی

بہت سال پہلے چھوٹے صاحب کے بابا سے میری ملاقات ہوئی ی تھی

بڑے صاحب بہت اچھے اور رحم دل انسان تھے

مانچسٹر میں ان کا گھر تھا

اور اس کے بعد میں نے ان سے گزارش کی کے وہ مجھے اپنے گھر میں ملازمہ کی حیثیت سے رکھ لیں

اور پھر تب سے لے کر ابھی تک میں حیدر صاحب کے ساتھ ہوں

مریم نے اسے تفصیل آگاہ کیا

جب کے حیدر کے ذکر پر اس کے منہ کا ذائقہ کڑوا ہو چکا تھا

وہ فرنگی میرا مطلب ہے

انگریز ہونے کے باوجود بھی اردو اتنی اچھی کیسے بول لیتے ہیں

ایک اور سوال سندس کی جانب سے ہوا

وہ اس لیے کیونکہ بڑے صاحب ہمیشہ گھر میں اردو ہی بولا کرتے تھے

اور چھوٹے صاحب کو بھی اردو میں ہی بولنا سیکھائی ی گ ئی ی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

مریم نے مزید کہا

مریم بی!

ایک اور بات پوچھوں؟

انگلیاں مروڑتے ہوئے وہ منمائی

جی جی پوچھیں!

مریم نے اسے ہلکے پھلکے لہجے میں کہا

شاہ! ہر وقت اتنے غصے میں کیوں رہتے ہیں

بچپن میں تو وہ ایسے نہیں تھے

"تھوڑے بہت ہی جلاد تھے"

یہ بات اس نے دل میں ہی کہی تھی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

زندگی ہمیں وقت سے پہلے بہت سے تلخ اور خوف ناک سانحہ دکھادیتی ہے جس کے بعد

انسان بلکل توڑ پھوڑ کا شکار ہو جاتا ہے

اتنا کچھ چھوٹے شاہ کی زندگی میں ہوا ہے

لیکن پھر بھی میں کبھی کبھی انہیں زندگی کو گزارتے دیکھ حیران رہ جاتی ہوں

پر آپ بے فکر رہیں وہ غصے کے تیز ضرور ہیں

لیکن ان کا دل صاف ہے

مریم بی نے اسے یقین دلایا

لیکن ایسا کیا ہوا تھا ان کی زندگی میں؟

اس نے بے بسی سے پوچھا

لہجے میں بے قراری سی تھی

رات بہت ہو چکی ہے

آپ کو اب اپنے کمرے میں جا کر سو جانا چاہیئے

مریم بی نے اس کے سوال کو نظر انداز کر دیا

اور صوفے سے اٹھ کھڑی ہوئیں

اسے شب بخیر کہہ کر وہ اپنے کوارٹر کی جانب چل دیں

اس کے حسین چہرے پر یکا یک مایوسی چھا گئی

!پتا نہیں شاہ تم اتنے مشکوک کیوں لگتے ہو مجھے

وہ سرگوشی میں بولی آنکھوں میں تھکان نے ڈیرا ڈال لیا تھا

وہ پیشانی مسل کر اپنے کمرے کی طرف بڑھی

تم نے آپی سے یہ سب بکواس کی ہے نا؟

اس کی سراہی دار گردن کو دبوچے ہوئے وہ دھاڑا

آنکھوں میں جنگھاریاں جلنے لگیں

میں۔۔۔۔۔۔ک۔۔۔کیوں بتاؤں۔۔۔۔گی انہیں؟

اس نے اپنی گردن سے اس کے بھاری ہاتھ ہٹانے چاہے پر سامنے والے کی آنکھوں میں

چھائی سرخی اور ہیبت کو دیکھ کر اس کا وجود لرزنے لگا

کیونکہ میں نے اس کے ساتھ رہنے کا فیصلہ کیا ہے

اور جہاں تک مجھے تمہاری سوچ کا علم ہے

تم سے یہ برداشت نہیں ہوا کے میں اسے اہمیت دوں

اسے خود سے دور کرنے کے بعد اس نے سامنے پڑی ٹیبل کو لات رسید کی

شدید غصے اور طیش میں تھا وہ

تم مجھے ایسا سمجھتے ہو؟

اس نے گردن کو سہلاتے ہوئے تیز آواز میں کہا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

ہاں میں ایسا ہی سمجھتا ہوں تمہیں بلکے نہیں۔۔۔میری سوچ سے کئی زیادہ گری ہوئی ی لڑکی ہو تم

مٹھیاں بھینچے وہ زہریلے لہجے میں بولا

اگر تمہیں ایسا ہی لگتا ہے

تو ٹھیک ہے میں نے ہی آپی سے کہا ہو گا کے آپ اس وقت ایک غیر لڑکی کے ساتھ اکیلے رہ رہے ہو

لیزا نے تڑخ کر کہا

آنکھوں میں نمی سی تھی

نجانے کیوں آج وہ اس کے الزام اور زہریلے لہجے کو دیکھ کر ضبط کا دامن چھوڑ رہی تھی

اس کا وجود دھیرے دھیرے آگ کی لپیٹ میں جھلستا ہوا محسوس ہونے لگا

پر سامنے کھڑا انسان اگر انسان ہوتا تب ہی وہ اس کی آنکھوں میں تیرتے کرب کو دیکھ سکتا

وہ حقیقت میں بھی ایک بے رحم اور سفاک انسان تھا

اگر تمہارے یہی کام رہے تو وہ دن دور نہیں جب میں تمہیں کسی بھی لڑکے کے ساتھ نکاح کے دو بول پڑھا کر چلتا کروں گا

اور تمہیں پتا ہے کے میں نے آج تک کسی کو دھمکی نہیں دی بلکے سیدھا سیدھا اپنے کہے پر عمل کیا ہے

اس کے ضبط سے سرخ ہوتے چہرے پر نگاہیں گاڑھنے کے بعد وہ سختی اور پر یقین انداز میں بولا

میں تمہارے علاوہ اور کسی سے شادی نہیں کروں گی

لیزا نے اس سے بھی تیز آواز میں کہا

ناگواری اور غصے کی لہر اس کے وجود میں دوڑ گئی

آنکھوں میں ناگواری تھی

جب کے وہ کہہ رہا تھا

میں تم سے شادی مر کر بھی نہیں کر سکتا اور شادی تو تمہیں کرنی ہی پڑے گی

پھر چاہے تم خود کشی ہی کیوں نا کر لو

ہو سکتا ہے پھر تمہارا شادی نہیں کرنے والا خواب بھی پورا ہو جائے

اور جب تمہیں خود کشی کرنے کا دل کرے تو بے جھجک مجھے بتا دینا

میں ہی تمہارا کام آسان کر دوں گا

اس پر سخت نگاہ ڈال کر وہ اپنے آفس سے باہر چلا گیا

!حیدر شاہ

تمہیں اندازہ بھی نہیں کہ آج تمہارے لہجے اور طنزیہ جملوں نے میرے دل کے کتنے ٹکڑے کیے ہیں

لیکن پھر بھی یہی دعا کرتی ہوں کے تم ہمیشہ خوش رہو

ہاتھ کی پشت سے روئی جیسے گال خشک کرنے کے بعد وہ خاموشی سے اپنی گاڑی کی طرف چل دی

رات کے آخری حصے میں وہ گھر واپس لوٹا

جیکٹ کو اتارنے کے بعد اس نے تائرانہ نگاہ وسیع و عریض لاؤنج میں دوڑائی

ہر سو اندھیرے کا راج تھا

سیل فون کی ٹارج آن کر کے وہ سیڑھیاں پھلانگتا ہوا

اپنے کمرے کی جانب چل دیا

چال میں دبدبا اور ہیبت سی تھی

بھوری آنکھیں سپاٹ تھیں

کھڑی ہوئی ی مغرور ناک پر ہلکی ہلکی سرخ ہو چکی تھی

لیزا کی باتیں سننے کے بعد اس کا دل چاہ رہا تھا

بغیر کوئی وقت ضائع کیے

وہ اسے کھڑے کھڑے ہی شوٹ کر دے

کمرے میں داخل ہوتے ہی اس کے چہرے پر چھائی سختی اور سلوٹوں میں مزید اضافہ ہو چکا تھا

سندس صاحبہ! آڑی ترچھی جہازی سائیز بیڈ پر دراز تھی

سلکی دراز بال آدھے بیڈ سے نیچے تک جھول رہے تھے

اس کے چہرے پر معصومیت کے علاوہ اور کوئی عنصر موجود نا تھا

لیکن مسئلہ یہ تھا کے وہ سفاک انسان اب کسی بات پر طیش کے عالم میں تھا

جیکٹ کو صوفے پر پھینک کر وہ بیڈ کے قریب گیا

پہلے کمبل کو لپیٹ کر بیڈ پر رکھا جو آدھا بیڈ سے نیچے ہی پڑا تھا

اور پھر اس کا مرمری ہاتھ آہستگی سے تھام کر بیڈ پر رکھا

اب باری تھی بالوں کی

وہ گھٹنوں کے بل زمیں پر بیٹھا

اوراس کے سلکی دراز بال احتیاط سے سمیٹ کر تکیے پر ڈال دیے

اب وہ کچھ مطمئن نظر آرہا تھا

فضا میں گہرا سانس خارج کیا گیا

گویا جیسے اس نے کسی بہت بڑے مار کے کو سرانجام دیا ہو

اور ڈریسنگ روم میں گھس گیا

ٹائٹ ڈریس میں ملبوس بالوں کو ہاتھوں کے مدد سے سیٹ کرنے کے بعد وہ ڈریسنگ ٹیبل

کے سامنے کھڑا ہوا

چہرے پر تاحال سختی ہی موجود تھی

ساری مصروفیات سے فارغ ہو کر وہ بیڈ کی طرف بڑھا

ایک اچٹکتی نگاہ سوئی ہوئی ی سندس پر ڈالنے کے بعد وہ سیدھا ہو کر بیڈ پر دراز ہو گیا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

ایک ہاتھ سر کے نیچے رکھنے کے بعد دوسرے ہاتھ سے اس نے سندس کا مرمری ہاتھ تھاما

اور کچھ ہی دیر میں وہ پرسکون انداز میں آنکھیں موند گیا

.......................................

سر وہ پاکستان پہنچ گیا ہے

فجر کی نماز پڑھ لینے کے بعد وہ پچھلے ایک گھنٹے سے لان میں جاگنگ کر رہا تھا

چوڑی پیشانی پر پسینے کے ننھی ننھی بوندیں چمکنے لگیں

بھوری آنکھوں میں مخصوص سی چمک تھی

بہت اچھی خبر دی ہے عمیر تم نے!

لیکن اب اس پر نظر رکھو

اس بار شکار خود شکاری کے پاس چل کر آیا ہے

تو اسے مایوس تو نہیں کر سکتے نا

لہجے میں ایک عجیب سی سرشاری سموئے اس نے کہا

حیدر شاہ!

تم اللہ پر کیوں نہیں چھوڑ دیتے ہو

جو ہوا اسے اللہ کی حکمت سمجھ کر بھول جاؤ

ایک دوست کی حثیت سے کہہ رہا ہوں کے کارل کے ساتھ دشمنی مول لے کر ہمیں کچھ حاصل نہیں ہو گا

اور میں تمہیں یوں اس طرح اپنی جان کے ساتھ کھیلنے نہیں دے سکتا

عمیر نے روہانسا ہو کر کہا

یہ جو تم اس قسم کی باتیں کرتے ہو نا دل ہی نہیں کرتا کے پھر تمہاری شکل تک دیکھی جائے

اور ہاں آج کے بعد میرے ساتھ یہ سب بکواس نہیں کرنا

اسے لاسٹ وارنگ سمجھ لو


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اس نے سختی سے کہا

اور ساتھ ہی رابطہ بھی منقطع کر دیا

وہ عمیر دل بسور کر رہ گیا

❦❦❦❦❦❦

!میں کارل

تمہارا خیر خواہ

!پاکستان پہنچ چکا ہوں

ٹاول سے بالوں کو رگڑتے ہوئے اس نے سیل فون کی اسکرین پر سرسری سی نظر دوڑائی

جب اسے یہ میسج موصول ہوا

آنکھوں میں چھائی بے زاری اور سختی کی جگہ چمک نے لے لی

!خوش آمدید

مختصر جوابی کاروائی کی گئی

کچھ ہی لمحوں میں اسے ایک ہی نمبر سے کال موصول ہوئی ی

قیمتی فون کو گھورا گیا

غصے اور طیش کو دبانے کے بعد اس نے کال ریسیو کی

!تمہاری موت اب تم سے دور نہیں حیدر شاہ

بے ہنگم سا قہقہہ لگا کر کارل نے کہا

مجھے میری موت کے سامنے آنے کا بے صبری سے انتظار ہے

وہ کارل کی بات سے محضوظ ہوا تھا اس لیے مسکراتے لہجے میں بول پڑا

تم یہ سب کہہ کر کیا ثابت کرنا چاہتے ہو

جب میں نے تمہارے باپ کو بے دردی سے مار ڈالا

تمہاری ماں اپنے شوہر کی جدائی کو سہتے سہتے تڑپ تڑپ کر مر گئی

لیکن پھر بھی تم اس قدر ہشاش بشاش لہجے میں بات کر رہے ہو

کارل نے استہزائیہ انداز میں کہا

وہ کیا ہے نا کارل

میں تم جیسوں کو بوٹ کی نوک پر رکھتا ہوں

اور اگر میرے ماں باپ کی موت ابھی تک تمہیں سکون بخشتی ہے

تو ایک اور مزے کی بات بھی سن لو

فون کو کان سے لگائے وہ

مخصوص سے انداز میں صوفے پر بیٹھا

بھوری آنکھیں مسکرا رہی تھیں

مسکراہٹ بھی کوئی عام سی مسکراہٹ نہیں تھی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اس کی مسکراہٹ کے پیچھے ہزاروں پر اسرار کہانیاں موجود تھیں

!تم چاہ کر بھی اب مجھے زیر نہیں کر سکتے شاہ

اس کی خباثت زدہ آواز اس کی کانوں میں گونجی

ہاہاہاہا۔۔۔ تقریباً دس سال بعد اس نے زندگی سے بھرپور قہقہہ لگایا

کمرے میں چھائی اداسی نے کروٹ بدلی

اداسی بھی گویا اس شہزادے کو مسکراتے دیکھ کر کھکھلا اٹھی

لان میں موجود گلاب بھی شرارتیں کرنے پر بضد تھے

محل میں موجود ہر چیز جھوم اٹھی تھی

کارل! میرے دشمن۔۔

بازی تو کب کی الٹ چکی ہے

حیدر شاہ! کی زندگی کا مقصد صرف کارل کی تباہی ہے

اور افسوس کے ساتھ کہنا پڑتا ہے

تم اسے خوش قسمتی سمجھو یا بد قسمتی لیکن اب تمہاری موت میرے ہاتھوں سے لکھی جا چکی ہے

بد قسمتی کا تو نہیں پتا لیکن خوش قسمتی اس لیے کہہ رہا ہوں کیونکہ تم جیسے گھٹیا بے غیرت اور کمینے انسان کو موت حیدر شاہ کے ہاتھوں لکھی گئی ہے

اور ہاں میں تمہاری گیدڑ بھپکیوں سے نہیں ڈرتا

مسکراتے لہجے میں کہہ کر وہ لان کی جانب بڑھا

عنابی ہونٹوں پر بے رحم سی مسکراہٹ رقصاں تھی

بکواس بند کرو اپنی اور یہ تو اب آنے والا وقت بتائے گا کون کس کا پہلے شکار کرتا ہے

کارل نے غرا کر کہا

شکار جب اتنا نالائق ہو کے خود ہی شکاری کے دیس میں چل کر آئے

تو بھلا کیا شکاری اسے چیر پھاڑ دینے میں وقت لگائے گا؟

تمسخرانہ لہجے میں جوابی کاروائی کی گئی

اور اس سے پہلے کارل کچھ بولتا وہ کال کٹ کر چکا تھا

مغرور شہزادے کے لب سکڑے آنکھوں میں ناچتی خوشی نے پھر سے سنجیدگی کا لبادہ اوڑھ لیا

ہلکی سی بڑھی ہوئی شیو میں وہ دل کو جھٹکا دینے کی صلاحیت رکھتا تھا

سنہری بالوں میں ہاتھ چلاتا وہ گھر کے اندرونی حصے کی جانب واپس چل دیا

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

عمیر کیا لیزا سچ کہہ رہی ہے؟

ندا آپی کی عدالت لگ چکی تھی

عمیر کی شعلے بار نگاہیں بار بار لیزا کو گھور رہی تھی

جو بڑے مزے جو کڑی مارے سیب کترنے میں مصروف تھی

گویا اسے پرواہ ہی نہیں تھی کے ارد گرد کیا چل رہا ہے

لیکن اس کا چھوٹا سا دل تھوڑا تھوڑا خوف زدہ ضرور تھا

جو کچھ اس نے حیدر کے خلاف جھوٹی اور فضول قسم کی باتیں آپی کے گوش گزار کی تھیں

اگر ان میں سے صرف ایک بات ہی حیدر شاہ سن لیتا

تو اب تک وہ لاؤنج کی چھت پر لٹکتے اس فین پر جھول چکی ہوتی

اور اس کا مردہ وجود سب کے لیے عبرت کا نشان ہوتا

یہ سب سوچتے ہی اس نے جھر جھری لی

آپی! ایسا کچھ بھی نہیں دراصل اس لڑکی کی جان کو خطرہ ہے

اسی لیے حیدر نے محض اسے پناہ دی ہے

عمیر کا بس نہیں چل رہا تھا

کے وہ لیزا کو کہیں منظر سے ہی غائب کر دے

اووو۔۔۔

تواس نے اب معصوم اور بے سہارہ بچیوں کواپنی پناہوں میں لینے کا عہد کر لیا ہے

ہونٹوں کو یو کی صورت میں گول کر کے لیزا نے حیرانگی کا اظہار کیا

لیزا تم خاموش رہو میں بات کر رہی ہوں نا

آپی نے اسے جھڑک دیا

وہ ناک چڑا کر پھر سے سیب کھانے میں جت گئی

عمیر ! صاف صاف بتادو کیا چل رہا

آج کل اس کی زندگی میں اور اگر میں مان بھی لوں

کہ اس لڑکی کی جان کو خطرہ ہے تو حیدر اسے اس گھر میں پناہ کیوں نہیں دیتا

کراچی والے گھر میں اس لڑکی کو رکھنے کا مطلب ؟

آپی نے آبرو اچکا کر مشکوک نظروں سے عمیر کو گھورا

وہ۔۔۔وہ۔۔۔آپی۔۔

وہ گڑ بڑایا

!یہ کیا بتائے گا میں ہی بتا دیتی ہوں آپ کو

اصل میں آپ کے سفاک، ظالم، اور بے رحم بھائی کو وہ لڑکی پسند آ گئی ہے

اور یہ عمیر جو ہانکے جا رہا ہے

اس میں سے ایک پرسنٹ میں سچ نہیں ہے

گرے آنکھیں سکیڑ کر اس نے ایک ایک لفظ پر زور دے کر کہا

سرخ دودھیا رنگ آہستہ آہستہ سرخی مائل ہونے لگی

ڈائی کیے گئے بالوں کو ایک ادا سے جھٹکا گیا

عمیر نے دانت پیس کر اسے تاسف سے دیکھا

اس کا دل تو چاہ رہا تھا

ابھی حیدر کو فون کرے اور لیزا کا ایک ایک الفاظ اس کے گوش گزار ہو

پر اس کا فون صبح سے غائب تھا ضرور یہ حرکت بھی لیزا ماما دام نے انجام دی تھی

تو پھر ٹھیک ہے

اگر وہ اس لڑکی کو پسند کرتا ہے میں آج شام ہی اسلام آباد روانہ ہونا چاہتی ہوں

اس سے زیادہ خوشی کی اور کونسی بات ہو گی کے

وہ شادی کے لیے آمادہ ہو گیا ہے

اس عمر میں ہی سہی

آپی نے تو چٹ منگنی پٹ بیاہ والا شوشہ چھوڑ دیا

لیزا اب بری پھنسی تھی

بے شک وہ سندس کے من موہنے سراپے سے متاثر تھی

لیکن حیدر شاہ کی زندگی میں وہ اپنے علاوہ کسی کو نہیں دیکھ سکتی تھی

آپی ! کے حکم نامے کو سننے کے بعد اس کے منہ میں موجود سیب کا ذائقہ یکا یق کڑوا سا محسوس ہوا

پتھرائی آنکھوں اور بند ہوتے دل کے ساتھ اس نے آپی کو دیکھا جو بڑا سا دوپٹہ سنبھالتی ہوئی ی اپنے کمرے کی جانب بڑھ گئ

چھن سے جو ٹوٹے کوئی سپنا جگ سونا سونا لاگے !۔

عمیر کی مسکراتا لہجہ اس کے کانوں میں گونجا

وہ مسلسل ایک ہی سونگ گائے جا رہا تھا

سونگ تو خیر لیزا کو خاک سمجھ میں آیا

وہ انگریز تھی

تھوڑی بہت اردو بھی اس نے حیدر کی وجہ سے سیکھ لی تھی

لیکن اس کے بر عکس وہ عمیر کے ہونٹوں پر ناچتی شریر سی مسکان کا مفہوم اچھے سمجھ چکی تھی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

گود میں پڑا ہوا کوشن اٹھا کر اس نے عمیر کی جانب پھینکا

وہ اس اچانک افتاد کے لیے تیار نہیں تھا اس لیے دھڑام سے وہ سوفٹ سا کوشن عمیر کے ناک پر آ ٹپکا

!جل ککڑی کہیں کی

ناک کو سہلاتے ہوئے وہ بڑبڑایا

⚘ ⚘ ⚘ ⚘ ⚘ ⚘

آپ؟

اس کے گلے سے زوردار چیخ نکلی

وہ جو سرسری سی نگاہ سامنے رکھی مختلف فائلز پر دوڑا رہا تھا

پل بھر کو سامنے بیٹھی حیران شہزادی کو گھورنے لگا

لیکن کہا کچھ بھی نہیں


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

آپ میرے کمرے میں کیا کر رہے ہیں؟

اس نے "میرے کمرے" کو کھینچ کر کہا

بلیک ٹراؤزر اور سفید رنگ کی شرٹ سنہرے بال چوڑی پیشانی پر بکھرے پڑے تھے

بھوری آنکھوں میں مخصوص سا تیکھا پن تھا

میں آپ سے بات کر رہی ہوں؟

بلینکٹ کو سائیڈ کرنے کے بعد وہ عین اس کے سامنے جا کر کھڑی ہو گئی

ناجانے کیوں وہ ہر وقت اس کا صبر آزمانے پر تلی رہتی تھی

میں سن رہا ہوں!

وہی بھاری آواز کمرے میں گونجی

تو پھر جواب کیوں نہیں دے رہے

آنکھوں میں ڈھیروں خفگی سموئے اس نے پوچھا

کیا جواب دوں؟

فائل کو بند کر دینے کے بعد وہ اطمینان سے صوفے کی پشت پر ہاتھ پھیلا کر بیٹھ چکا تھا

آپ مجھے باتوں میں الجھانا چاہا رہے ہیں؟

آنکھیں سکیڑ کر منہ بسور کر اس نے کہا

!مانا کے تمہارے ساتھ حیدر شاہ

ایک الگ انداز میں رہتا ہے

تمہاری ہر سہی غلط بات کو اگنور کرتا ہے

لیکن فلحال مجھے تنگ نا کرو پلیز

سیاہ پرکشش آنکھوں میں جھانک کر اس نے مخصوص سی جان لیوا مسکراہٹ کے ساتھ کہا

!آپ کو کوئی حق نہیں میری توہین کرنے کا

وہ چنگھاڑتی آواز میں کہا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

توہین؟

اس نے سوالیہ نگاہوں سے سندس کو دیکھا

گویا وہ پوچھنا چاہ رہا تھا کے توہین کب کی؟

آپ نے مجھ سے شادی کیوں کی؟

جب محبت ہی نہیں کرتے

آواز میں سختی در آئی

گویا وہ سب بے باک کرنے پر بضد تھی

ضروری نہیں ہر میاں بیوی کی پسند کی شادی ہو

میں نے تو پھر بھی بھری دنیا میں تمہیں چنا ہے

فائلز اٹھا کر وہ اٹھ کھڑا ہوا

!مجھے آپ کے ساتھ نہیں رہنا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

بھیگے لہجے میں کہہ کر وہ پھر سے وہی ضد کرنے لگی

جس کے بعد حیدر چاہے کتنا بھی خود کو نارمل کر لے

لیکن اس کا غصہ قابو میں نہیں آتا تھا

بہت شوق ہے نا تمہیں یہاں سے جانے کا تو پھر ٹھیک ہے

جیسا میں کہوں ویسا کرو اس کے بعد میں خود تمہیں چھوڑ دوں گا

وہ سرعت مڑا

اور غیض غضب کی تاثرات سے گویا ہوا

آنکھوں میں نرمی کا عنصر دور دور تک نہیں تھا

آپ جو کہیں گے میں کرنے کو تیار ہوں

بالوں کو کیچر میں مقید کرتے ہوئے اس نے چہکتے کہا

عمر کیا ہے تمہاری؟


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

حیدر کے سوال پر اس کی آنکھیں اور منہ کھلا

اس سوال کا مطلب؟

وہ تنگ آچکی تھی اب فضول کے سوالوں سے

جو پوچھا ہے اس کا جواب دو

سختی سے پوچھا گیا

دو ماہ بعد انیس برس کی ہو جاؤں گی

سندس نے عام سے انداز میں جواب دیا

لیکن جو بھی ہے

آپ سے تو بہت سال چھوٹی ہی ہوں

گردن اکڑا کر اس نے کہا

گویا

سندس نے اس کی بڑھتی عمر پر چوٹ کی تھی

لیکن زبان تو تمہاری کینچی کی طرح چلتی ہے

انیس سال کی لڑکیاں اتنی تیز ہوتی ہیں کیا؟

مسکراہٹ دبا کر اس نے سوالیہ نگاہ اس پر ڈالی

!انیس سال کی لڑکیاں

اس بات کا مطلب کیا ہے

میں کوئی چھوٹی بچی نہیں ہوں

اس لیے مہربانی کر کے میرا مزاق اڑانا بند کریں

منہ بسورتے ہوئے وارن کیا گیا

!یونو واٹ

میں چاہے جتنی بھی کوشش کر لوں تم کبھی مجھے سمجھ ہی نہیں سکتی

سر کو نفی میں ہلا کر گویا اس نے تاسف سے کہا

اور کمرے سے باہر جانے لگا

آپ نے مجھے بتایا ہی نہیں کے مجھے آپ کی کونسی بات ماننی ہو گی جس کے بعد آپ مجھے
اس خود ساختہ جیل سے رہا کر دیں گے

وہ عجلت میں بول پڑی

رات تک کا انتظار کرو

پھر ملتے ہیں ان شاءاللہ

جیکٹ میں ہاتھ گھسائے وہ گلاس ڈور دھکیل کر کمرے سے ہی باہر چلا گیا
سندس کی آنکھوں میں امید کی ایک نئی کرن جاگی تھی

کیا بکواس کر رہے ہو تم؟

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
عباد کی آنکھیں کھلے ہوئے دروازے پر مرکوز تھیں

جہاں سے تھوڑی دیر پہلے ہی وہ باہر گیا تھا

کچھ بھی نہیں ہوا عباد

اور تم اپنے دماغ پر زور نہیں ڈالو

عمیر نے سنجیدگی سے کہا

اور اپنے روم کی طرف مڑ گیا

عباد نے پر سوچ نگاہوں سے اس کی پشت کو گھورا

اور سامنے دیوار میں نصب لاتعداد ایل سی ڈیز کی اسکرین پر نظریں جما دیں

جہاں پورے شاہ پلس کے اندر اور باہر کی لائیو سی سی ٹی وی کیمراز سے فوٹیج ہو رہی تھی

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

کراچی میں موسم گرما کی آمد آمد تھی

فضا میں ایک ویرانی سی برپا تھی

ہر طرف سناٹے کا راج تھا

اتنے بڑے سے گھر میں گومگوسی کیفیت تھی

سب ہی اپنے اپنے کمروں میں جا چکے تھے

رات کے تقریباً دو بجے کا وقت تھا

اس کے بھاری قدموں کی آواز لاؤنج میں گونج رہی تھی

ڈریسنگ روم میں جاکر فریش ہونے بعد خود پر پرفیوم اسپرے کر کے وہ کچن کی طرف مڑ گیا

اپنے لیے کافی بنا لینے

کے بعد وہ سیڑھیاں چڑھتا اپنے کمرے کی جانب بڑھا

گرمیوں میں کافی پینا اسے زیادہ پسند تھا

گرے ٹراؤزر اور بلیک ٹی شرٹ میں ملبوس وہ پورے ماحول پر چھایا ہوا تھا

بھوری آنکھوں میں مخصوص سرد مہری تھی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

گلاس ڈور دھکیلتے اس نے کمرے میں پاؤں رکھا

نائٹ بلب کی دھیمی روشنی میں اس نے ایک سرسری سی نگاہ صوفے پر سوئے وجود پر ڈالی

سنہری آنکھوں میں سرد مہری کے ساتھ ساتھ ناگواری، اور غصے نے بھی اضافہ کرلیا

کافی کا مگ سائیڈ ٹیبل پر رکھنے کے بعد اس نے کمرے کا دروازا بند کیا

اور تھیری سیٹر صوفے کی جانب بڑھا

وہ شاید اپنی ناراضگی جتانے کی خاطر صوفے پر ڈیرے ڈال کر دراز ہو گئی تھی

!سندس

اس کا لحاف میں چھپا ہوا سر آہستہ سے ہلا کر اس نے کہا

!مجھے پتا ہے تم جاگ رہی ہو

اس کے لہجے میں جھلکتا یقین محسوس کر کے سندس غش کھا کر رہ گئی

لیکن پھر بھی ڈھیٹ بن کر صوفے پر دراز رہی

لگتا ہے تمہیں میرا تمیز سے ہمکلام ہونا پسند نہیں

وہ کندھے اچکا کر اس کے سر سے بلینکٹ ہٹا کر بولا

سندس نے سختی سے آنکھیں میچ لیں

وہ جھکا اور آہستگی سے اسے اٹھانے کے بعد

جہازی سائیز بیڈ کی جانب بڑھا

یہ کیا طریقہ ہے کسی کو نیند سے جگانے کا؟

سندس نے جھنجلاتے ہوئے کہا

جب سامنے والا خود چاہ رہا ہو کے اسے اسی طریقے سے جگایا جائے

تو سامنے والا کیا کر سکتا تھا

سندس کی آنکھیں پھیلی

گویا وہ کتنے دھڑلے سے سندس پر سارا ملبہ ڈال رہا تھا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

مجھے کسی پاگل کتے نے نہیں کاٹا کے میں ایسی خواہشات دل میں رکھتی پھروں

وہ تڑخ گویا ہوئی ی

لیکن اب وہ اسے بیڈ پر بٹھا چکا تھا

اور ٹیبل سے کافی کا مگ اٹھانے کے بعد اس کے سامنے بیٹھ گیا

سنہری آنکھوں میں چمک تھی

اور ساتھ ہی عنانی ہونٹوں پر محضوظ سی مسکراہٹ

جیسے وہ سندس کی جوابی کاروائی سے محضوظ ہوا ہو

اتنا غصہ؟

وہ اس کی شوخ بالوں کی لٹ کھینچ کر مسکراتے لہجے میں بولا

!اففففففف

!چھوڑو میرے بال

اس نے گھور کر کہا

!میں اس سے بھی زیادہ ظالم انسان ہوں بیگم

وہ اس کے کان کے قریب جا کر سرگوشی میں بولا

سندس نے آنکھیں میچ لیں

اور تمہارے ساتھ تو آج تک احتیاط سے پیش آیا ہوں

اس ڈر سے کہیں میری پرنسز ٹوٹ نا جائے

گھبیر آواز پر اس کا دل پسلیاں توڑ کر باہر آنے کو تھا

.............................................

میں آپ کے ساتھ ایک ہی روم میں نہیں رہ سکتی

آنکھوں میں خفگی لیے وہ منہ بسور کر بولی

اور نامحسوس انداز سے اس سے دور ہو گئی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

میرے ساتھ رہنے میں کیا مسئلہ ہے؟

کہنی کے بل بیڈ پر دراز ہو کر وہ مسکراتی آواز میں جواب طلب نظروں سے اسے دیکھنے لگا

آپ کو میرے ساتھ زبردستی کرنے سے کچھ حاصل نہیں ہو گا

سندس کو اس کی مخصوص خوبصورت سی مسکراہٹ زہر سے کم نہیں لگی

مجھے جو حاصل کرنا تھا

وہ کر لیا

معنی خیزی سے کہہ کر وہ اٹھ کھڑا ہوا

بھوری آنکھوں میں چمک تھی

خفت کے مارے سندس سے کچھ بولا ہی نہیں گیا

یہ فرنگی تو ہوتے ہی بے شرم ہیں!

بڑبڑا کر وہ بیڈ پر ہی دراز ہو گئی

میں معصوم فرنگی ہوں

لیکن تمہیں میری شرافت ہضم نہیں ہو رہی

اپنی جگہ پر دراز ہو کر وہ کہنی کے بل تھوڑا سا اوپر ہوا

سندس نے کانوں پر مرمری ہاتھ جمائے

لائیٹ آف کر دی

خفگی سے بھرپور آواز اس کے سماعتوں سے ٹکرائی

اندھیرے سے ڈر لگتا ہے تمہیں؟

وہ محضوظ کن لہجے میں بولا

آپ کے ساتھ رہنا فضول ہے پتا ہے آپ کو؟

سندس نے اس کی جانب رخ موڑ کر اپنے خیالات کا اظہار کیا

حسین ترین لڑکیاں


Do not copy or distribute without permission of the author
For More Novel Please Visit Our Website
www.classicurdumaterial.com

حیدر شاہ کے ساتھ رہنے کے خواب دیکھتی ہیں

اور ایک میری بیوی ہے جو صرف زبان درازی کے اور کچھ نہیں کرتی

بھوری آنکھوں میں شکایت تھی

سنہری بال چوڑی پیشانی پر بکھرے ہوئے تھے

سندس کا دل پل بھر کو بند ہونے لگا

دماغ کی لاکھ لعن تعن کے باوجود اس نے ہاتھ بڑھا کر حیدر کی پیشانی پر پھیلے بالوں کا سیٹ کیا

زندگی سے بھرپور مسکراہٹ نے اس کے عنابی ہونٹوں کا احاطہ کیا

فرنگی لڑکیاں بھی ایسا ہی کرتی ہیں اپنے مزاجی خدا کے ساتھ

وہ اس کے تھوڑی دیر پہلے کہے گئے الفاظ واپس لوٹا رہا تھا

سندس نے منہ بسور کر ہاتھ کھینچ لیا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

یہ جو آپ فرنگی لڑکیوں کے پیچھے دیوانے ہیں نا

قیامت کے روز اس کا الگ سے حساب ہو گا

اس نے حیدر کو لتاڑا لیکن سامنے والا بے شک سفاک ظالم اور مغرور تھا

پر دل کے آگے تو ہر کوئی مجبور ہوتا ہے

خود کو زلیل کروانے کا دوسرا نام محبت ہے "

سندس حیدر شاہ!

اس کی چھوٹی سی ناک کھینچ کر لہجے میں محبت سموئے کہا

اس کی سحر انگیز اور بھوری چمکتی آنکھوں میں دیکھنے کے بعد سندس کے دل نے ایک بیٹ مس کی

اتنا چاشنی سے بھرپور لب ولہجہ حیدر شاہ کا

وہ مسمرائیز ہو گئی

سو جاؤ!

اس کی آنکھوں پر ہاتھ رکھ کر

اس نے سندس کو آنکھیں بند کرنے کا اشارہ کیا

وہ اس کے شانے پر سر ٹکا کے سو گئی

تھوڑی دیر پہلے یہی انسان اسے زہر سے کم نہیں لگ رہا تھا

لیکن محبت کی آگ جب دونوں جانب بھڑک رہی ہو تو

انا، ناراضگی اور ضد بے معنی ہو جاتی ہے

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ماضی!

کیا تم سو گئی ہو؟

محمود شاہ کی بھاری آواز کمرے میں گونجی

ہممم !آپ فرمائیں۔

صالح نے بیڈ کی پشت سے کمر ٹکا کر سنہری سلکی بالوں کو کیچر میں مقید کرتے ہوئے کہا

میں چاہتا ہوں تم اور حیدر

احمر کے ساتھ پاکستان چلے جاؤ

کچھ دیر کی خاموشی کے بعد اس نے اپنی بات کا آغاز کیا

مطلب ؟

صالح نے سوالیہ نگاہ ان پر ڈالی

مطلب کے پیچھے مت پڑ جاؤ

!میرے لخت جگر کا خیال رکھنا صالح

ان کے لہجے میں بیٹے کے لیے جھلکتی محبت دیکھ کر صالح کی سنہری آنکھیں سفید پانی سے بھرنے لگیں

!جب آپ کو اس کی پرواہ نہیں تو پھر یہ سب باتیں محض دنیاداری کی ہیں محمود

صالح نے تلخی سے کہا

تم تو دماغ کا استعمال کرنا چھوڑ چکی ہو

لیکن میں سرے عام بزدلی کا مظاہرہ نہیں کر سکتا

وہ حتمی اور خشمگیں نگاہوں سے بے حد حسین اور ضدی بیوی کو گھورنے لگا

بزدلی؟

تم اپنے بیٹے اور بیوی کو خود سے الگ کرنا چاہ رہے ہو

اور چلے ہو کسی اور کی بہن بیوی بیٹی کو انصاف دلانے

صالح کا لہجہ تفاخر زدہ تھا

کل رات کی فلائیٹ ہے

حیدر کو میں سمجھادوں گا

وہ میرا سمجھدار اور پیارا بیٹا ہے

اپنے بابا کی بات کو سمجھے گا

محمود نے نائٹ بلب آن کرنے کے بعد پریقین انداز میں کہا

کیا ہمیں ہمیشہ کے لیے پاکستان بھیج رہے ہو؟

صالح نے اپنی آواز کو نارمل کرنے کی کوشش کرتے ہوئے کہا

اس کا دل چاہ رہا تھا

کے اپنی بے بسی پر چیخ چیخ کر روئے

نہیں! صرف ایک ماہ کی بات ہے اس کے بعد میں تم دونوں کو واپس بلا لوں گا

محمود شاہ نے اس کے کانپتے وجود کو تاسف سے دیکھا

اب صالح نے کوئی جواب نہیں دیا

تو محمود نے ہاتھ بڑھا کر اس کے شانوں کے گرد بازو حائل کیے


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

وہ جو کب سے اپنی سسکیاں ضبط کیے بیٹھی تھی

اپنے ہم سفر کا سہارا ملتے ہی بکھرتی چلی گئی

بہت دیر تک اپنے اندر کا غبار نکال لینے کے بعد اس نے شکوہ کناں نگاہوں سے ایک نظر اپنے شوہر کو دیکھا

حیدر کو پاکستان میں مزہ نہیں آئے گا

اگر اس نے مجھ سے تمہارے بابت پوچھا پھر؟

حیدر کی محمود شاہ سے زیادہ کلوز نز تھی

اور یہی بات اب صالح کو خوف میں مبتلا کر رہی تھی

میرا شہزادہ ہے وہ

اور دیکھنا ایک دن وہ بھی بلکل میری طرح ہر درندے صفت انسان کے آگے ڈٹ کے کھڑا ہو گا

محمود نے اس کے بالوں میں نرمی سے انگلیاں چلاتے فخریہ انداز میں کہا

اللہ نا کرے کے وہ بھی تم پر چلا جائے

پھر میرا کیا ہو گا

محمود! اگر وہ بھی تمہاری طرح ہوا تو

میں مر جاؤں گی

اس نے بغیر کسی تمہید باندھے صاف گوئی سے کہا

محمود اب سہی معنوں میں لاجواب ہوا تھا

اس کی بیوی تک اس کی نقل حرکات سے خوش نہیں تھی

پہلے ہی وہ تمہاری طرح جنونی ہے

کل پارک میں اس نے مسٹر واٹسن کی بیٹی لیزا کو پیٹا

صرف اس وجہ سے کے وہ اس کی بائے سائیکل کے ساتھ کھیل رہی تھی

صالحہ نے اپنے اکلوتے بیٹے کی کارستانی سنائی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

وہ بچی تو اتنی پیاری ہے تم نے روکا کیوں نہیں اسے

محمود نے بھی افسوس کیا

میں جب تک پہنچی وہ اس کے بازو زخمی کر چکا تھا

محمود صاحب صالحہ نے افسردگی سے کہا

چلو تم ابھی آرام کرو میں کل خود بات کرتا ہوں اس سے

محمود شاہ نے اسے پر سکون کیا

اور کچھ ہی دیر میں وہ نیند کی وادی میں اتر چکی تھی

جب کے محمود شاہ کے دماغ کے تعنے بانے مختلف پہلو پر الجھ کر رہ گئے

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

🌹🌹🌹🌹🌹🌹🌹

حال

مارننگ واک سے فارغ ہونے کے بعد وہ گھر پچھلے حصے کی جانب بڑھا

سورج کی تمتماہٹ کی وجہ سے شہزادے کی پیشانی پر چند چھوٹے چھوٹے پسینے کے قطرے چمکنے لگے

لان میں موجود پھول اپنے مالک کی موجودگی کی وجہ سے کھل اٹھے

آسمان پر سورج اور بادلوں کی آنکھ مچولی جاری تھی

ٹاول سے بال رگڑتا وہ آفس میں داخل ہوا

کوئی تھا جو اس کا پیچھا کر رہا تھا

وہ بغیر اس انسان کو دیکھے ہی اندازہ لگا چکا تھا

کے اس کا پیچھے اس وقت کون ہے

اسلام علیکم عمیر!

بغیر اس کی جانب دیکھے وہ سپاٹ لہجے میں بولا

وعلیکم اسلام!


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

عمیر نے اس کے آگے کافی کا مگ رکھ دیا

ایکسر سائیز کرنے کے ساتھ ساتھ وہ سرسری سا عباد پر بھی نگاہ ڈال رہا تھا

جس کا چہرہ معمول کے برخلاف آج مرجھایا ہوا تھا

!کیا بات ہے عباد

طبیعت ٹھیک ہے؟

وہی مخصوص سخت لہجے میں دریافت کیا گیا

سر! میں ٹھیک ہوں

ناشتے کی تیاری کروالوں یا گھر جا کر ہی ناشتہ کریں گے

عباد نے مودبانہ انداز میں پوچھا

نہیں تم کروالو ناشتہ تیار

آج ناشتہ میں تم دونوں کے ساتھ ہی کرلوں گا

CLASSIC URDU MATERIAL
www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

عباد پر ایک نظر ڈال کر وہ اپنے روم کی جانب بڑھ گیا

اور عباد نے کچن کا رخ کیا

عباد نے سفید بے داغ شرٹ پر خاکی کلر کی پینٹ زیب تن کر رکھی تھی

عمیر بلیک شرٹ کے ساتھ بلیک ہی پینٹ میں ملبوس تھا

وہ دونوں ہی ڈیسنٹ لگ رہے تھے

جب کے

حیدر شاہ نے بلیک ٹراؤزر پر گرے کلر کی شرٹ پہن رکھی تھی

اس کے سنہری بال پسینے کی وجہ سے پیشانی پر بکھرے پڑے تھے

لیکن اس رف سے حلیے میں بھی وہ بے مثال لگ رہا تھا

عمیر نے دل میں سوچا اور مسکرا کر لاؤنج کی جانب بڑھ گیا

نیند سے اٹھنے کے بعد وہ آنکھیں مسلتے اٹھ بیٹھی

کمرے میں وہ تنہا ہی تھی

رات والی باتیں یاد کرنے کے بعد اس کی پنکھڑی جیسے لبوں پر پیاری سی مسکراہٹ رقصاں تھی

!تم آخر کیا ہو حیدر

رات کے اندھیرے میں جتنے مہربان دن کی روشنی میں اتنے ہی سخت گیر اور ظالم

اس نے دل میں سوچا اور اٹھ کر وارڈروب کی طرف بڑھی

!سر کہہ رہے ہیں دس منٹ میں آفس پہنچیں

عباد نے مصروف سے انداز میں اسے کہا

اپنے سر سے کہو میرا ہاتھ ٹوٹا ہوا ہے

اس نے جلے دل کے ساتھ جواب دیا

صرف ہاتھ ٹوٹا ہوا ہے نا

ابھی تک پاؤں سلامت ہیں

اس لیے ان کا استعمال کر کے آفس پہنچو

حیدر کا گھبیر سخت لہجہ لیزا کی سماعتوں سے اچانک ٹکرایا

میں آتی ہوں

دانت پیستے ہوئے اس نے کہا

جب کے دوسری جانب سے رابطہ منقطع ہو چکا تھا

اس نے گہری نگاہوں سے عباد کو دیکھنے کے بعد عباد کا فون اسے پکڑا کر آگے بڑھ گیا

عباد اس کے دبدبے کی وجہ اپنی پیشانی پر آئے پسینے کو صاف کرتا آگے بڑھ گیا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

وائیٹ جینز پر بلیک ٹاپ میں وہ سادگی میں بھی غضب ڈھارہی تھی

سنہری بالوں کو سمیٹ کر آگے کی جانب کرتی وہ گھر کے پچھے والے حصے کی جانب بڑھ رہی تھئ

آنکھوں میں دنیا جہان کی بے زاری سموئے اس نے عمیر کے کمرے میں قدم رکھا

سفید جو گرز میں اس کے پاؤں مقید تھے

عمیر نے ایک نظر اس کے اکتائے ہوئے انداز کو دیکھا

اور پھر سے اپنے کام میں جت گیا

سر ! نے کہا ہے ان کے روم میں پہنچیں

عباد نیا پیغام لے کر آیا

لیزا بغیر کچھ کہے کمرے سے باہر چلی گئ

عباد اور عمیر نے مسکراتی نگاہوں سے ایک دوسرے کو دیکھا

گویا وہ لیزا کی بے نیازی سے محضوض ہو رہے تھے

اور خود بھی اس کی تلقین میں حیدر کے کمرے کا رخ کیا

سندس! بریک فاسٹ ٹھیک سے کرو!

آپی نے اس کی غائب دماغی پر چوٹ کی

باقی سب کہاں ہیں؟

اس نے لہجے کو سرسری سا رکھا

باقی سب؟

گنے چنے لوگ ہی تو رہتے ہیں اس گھر میں

حیدر، لیزا، میں اور تم

میں تو دو تین دن بعد واپس چلی جاؤں گی

آپی نے اس کی نالج میں اضافہ کیا

لیزا کہاں ہے؟

اس نے کل سے لیزا کو نہیں دیکھا تھا

اسے اب خود پر غصہ آنے لگا

وہ تو یہ سوچ سوچ کر خود کو کوسنے لگی

کے حیدر کی شخصیت میں اہم پہلو ضد،اور سفاکی تھی

لیزا جیسی معصوم لڑکی بھی ضرور اس کی زور زبردستی کے آگے جھکنے پر مجبور ہوئی ہو گی

یہ خیالات سندس کے تھے

لیزا کے متعلق

اگر عباد یا عمیر یہ سن لیتے کے لیزا صاحبہ معصوم ہیں تو ضرور بے ہوش ہو جاتے


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

کہاں کھو گئی ہو؟

کھانا کھالو جلدی سے

آپی نے اس کے کھوئے کھوئے انداز کو دیکھ کر نرمی سے کہا

اور لیزا آرام کر رہی ہو گی

تم بے فکر ہو جاؤ

آپی نے اسے مطمئن کرنا چاہا

اور شاید وہ مطمئن ہو بھی گئی تھی اس لیے خاموشی سے چائے پینے لگی

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

اسلام علیکم!

تینوں نے ایک آواز ہو کر اس پر سلامتی بھیجی

خاکی کلر کی جینز پر سیاہ جیکٹ اور بلیک شرٹ میں ملبوس وہ لیزا کو عام دنوں سے زیادہ پیارا لگا

پرفیوم کی مہور کن خوشبواس کے آفس میں چارسو پھیل چکی تھی

!وعلیکم اسلام

لیپ ٹاک پر سنہری آنکھیں مرکوز تھیں

تینوں نے اپنی اپنی جگہ سنبھالی

!اففففففف

لیزا کے کراہنے پر ایک غلط نظر حیدر نے بھی اس پر ڈالی

جو عمیر کو کھا جانے والی نگاہوں سے گھورنے میں مصروف تھی

سوری مجھے دھیان نہیں رہا وہ اس کا پہلے سے زخمی ہاتھ کود کھا چکا تھا

وہ ندامت زدہ لہجے میں بولا

ظاہر ہے دھیان کیسے ہو گا

!جیسی صحبت ویسی ہی عادتیں


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

وہ استہزائیہ انداز میں کہہ کر چیئر پر بیٹھ گئی تھی

عباد نے تاسف سے اس پاگل دوشیزا کو دیکھا جو دن بادن عجیب ہوتی جارہی تھی

کام کی بات کرلیں اب؟

لیزا کی موجودگی کو فراموش کرتا وہ عمیر اور عباد سے مخاطب تھا

جی سر!

عباد نے فوری کہا

آج رات کارل سے ملنے جب میں جاؤں گا

تو میرے ساتھ سادہ کپڑوں میں گارڈز ہوں گے

اور پھر جب میں کارل سے اچھے ماحول میں ملاقات کرنے میں کامیاب رہا

تو پھر میں تم دونوں کو اوکے کا سائن دوں گا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

لیکن آج صرف ملاقات کرنی ہے کارل کی موت کب اور کیسے واقع ہو گی یہ بعد کالا عمل ہو گا

سخت اور سپاٹ لہجہ بھورے بال جیل سے سیٹ کیے گئے تھے

میرا اس سب میں کیا رول ہو گا؟

لیزا نے میز پر کہنی ٹکا کر سنجیدگی اور جگر جگر کرتی نگاہوں سے اسے دیکھا

عجیب مصیبت ہے!

وہ دل ہی دل میں بڑبڑایا

لیزا کی بے لغام گرے چمکدار نظریں اسے کوفت زدہ کر رہی تھیں

تمہیں یہاں رہ کر آپی اور سندس کا خیال رکھنا ہو گا

اب وہ اس کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر بولا

سنہری آنکھیں بے تاثر تھی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اور گرے آنکھوں میں شکوے، خفگی، شرارت رقصاں تھی

میں ایک ہاتھ سے ان کی حفاظت کروں گی؟

وہ جل کر گویا ہوئی ی

تمہاری میں نے اتنی سخت ٹریننگ اس لیے نہیں کی تھی

ایک دن تم میرے سامنے ہی بہانے بُنتی پھیر و

وہ دبے دبے غصے میں غرایا

تو پھر تم نے مجھے یہ بھی کبھی نہیں سیکھایا

کے ایک ہاتھ سے مقابلہ کیسے کیا جاتا ہے؟

وہ جان بوجھ کر اسے فضول سوالوں میں الجھانے لگی

بازو کیسا ہے اب؟

وہ سنجیدگی سے دریافت کرنے لگا

اس کی توجہ کا مرکز پھر سے لیپ ٹاپ کی اسکرین بن چکی تھی

زخم نئے نئے دیئے ہیں نا

انہیں بھرنے میں وقت لگے گا

اس کے ذو معنی جملے پر حیدر کے ماتھے پر بل پڑے

اب تم سب یہاں سے جا سکتے ہو

وہ اکتاہٹ سے کہنے لگا

عمیر اور عباد چیئر سے کھڑے ہو گئے

وہ اب بھی بیٹھی رہی

ٹکٹکی باندھے اسے گھورنے میں مصروف تھی

شاید تم نے سنا نہیں ہے جو میں نے بکواس کی؟

پیشانی ملتے اس نے پھر سے کہا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

!حیدر شاہ صاحب

اتنا غرور اتنی حقارت آخر کیوں؟

اور کیا

میں اس قابل بھی نہیں کے تم دو بول آرام سے بول لیا کرو

اس نے تلخ مسکراہٹ کے ساتھ کہا

!عمیر اسے لے جاؤ یہاں سے

اس نے غصے میں کہا

اور سامنے رکھی مختلف فائلز میں سے ایک فائل اٹھا کر خود ہی وہاں سے جانے لگا

!چلو لیزا

عمیر نے نرم لہجہ اختیار کیا

!میرے اور حیدر کے بیچ کبھی مت آنا عمیر

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

شہادت والی اٹھا کر اس نے عمیر کو سختی سے کہا

اور خود سنہری بال مٹھی میں بھینچ کر رہ گئی

عمیر نے عباد کو دیکھا

جس کے چہرے پر لیزا کے کرب زدہ چہرے سے زیادہ کرب غصہ اور خوف زدہ تاثرات تھے

عمیر نے گہرا سانس کھینچا

گویا وہ کچھ بھی سمجھنے سے قاصر تھا

یا پھر سب کچھ دیکھتے ہوئے بھی انجان بننے کی کوشش کر رہا تھا

گھر میں داخل ہوتے ہی اس نے سرسری سی نگاہ ڈائننگ روم میں دوڑائی

ڈائننگ روم خالی تھی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

جب کے لاؤنج میں آپی سیل فون کان سے لگائے یقیناً اپنی۔ والدہ سے محو گفتگو تھیں

آپی کے متوجہ ہونے پر اس نے سر کے اشارے سے انہیں سلام کیا اور سامنے رکھے تھری

سیٹر صوفے پر شہانہ انداز میں بیٹھا

آپی نے اپنے مغرور بھائی کو سینجیدگی سے دیکھا

عام مردوں میں وجاہت ہوتی ہے یا پھر مخصوص سی کشش جو کسی بھی لڑکی کو اسیر کر سکتی

ہے

لیکن حیدر شاہ کی شخصیت میں یہ دونوں چیزیں کوٹ کوٹ کر بھری ہوئی تھیں

لیکن جو چیز اسے سب سے الگ دکھاتی تھی وہ

تھا اس کا جنون

آپی کے اس طرح گھورنے پر وہ ہلکا سا مسکرایا

ہلکی شیو میں وہ اس وقت بھی دلکش لگ رہا تھا

ندا آپی نے کچھ ہی دیر میں کال کو مختصر کیا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

صبح سے کہاں غائب ہیں شاہ؟

انہوں نے فکر مند لہجے میں پوچھا

تھوڑا سا کام تھا تو اس وجہ سے دیر ہو گئی

اور میں نے سنا ہے آپ واپس جا رہی ہیں؟

سنہری بالوں میں ہاتھ پھیرتے اس نے سنجیدگی سے کہا

!میں جا رہی ہوں شاہ

موم کی طبیعت ٹھیک نہیں اور تم سے ملنے کے بعد میں مطمئن ہوں اب کے تم کوئی مشکوک حرکتیں نہیں کر رہے

ان کے لہجے میں سچائی تھی

یار آپی اب کیا میں اٹھتے بیٹھتے سوتے جاگتے لوگ قتل کرنے سے تو رہا

آپ نے فضول میں ٹینشن لے لی

وہ ہلکے پھلکے لہجے میں کہنے لگا

حالانکہ آپی کے شارپ مائنڈ کا اندازہ اسے بخوبی تھا

مجھے ایسے باتوں میں ٹرکھانے کی ضرورت نہیں

جیسے میں جانتی نہیں ہوں نا تمہیں

آپی نے اب مصنوئی غصے میں کہا

ظاہر ہے آپ ہی تو جانتی ہوں گی

بچپن سے آپ ہی ساتھ رہی ہیں

اس نے کہا تو نارمل انداز میں تھا

لیکن اس فکرے کے پیچھے ایک کرب زدہ اور دل کو چیر کر رکھ دینے والا راز تھا

!حیدر

انہوں نے بے یقینی سے کہا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

میں تھوڑی دیر میں آتا ہوں

اور عمیر سے کہہ کر آپ کے لیے فلائیٹ کی سیٹس کنفرم کرواتا ہوں

اس سے پہلے آپی کچھ اور کہتی وہ سلیقے سے بات گول کرتا ہوا وہاں سے چلا گیا

آپی نے دیر تک اس شہزادوں جیسی آن بان والے لڑکے کو دیکھا جو اب سیڑھیاں چڑھتا غائب بھی ہو چکا تھا

کہاں جا رہی ہو تم؟

عباد اس کے راستے میں حائل ہو گیا

وہ جو کب سے آنسوؤں پر بند باندھ رہی تھی فلحال خونخوار ظالم نگاہوں سے عباد کو گھورنے لگی

تم کیوں میرے باپ بننے کی کوشش کر رہے ہو

وہ اسی بیچارے پر چڑھ دوڑی

میں ایسا کچھ نہیں کر رہا لیکن تم کہیں نہیں جا سکتی اکیلے

وہ اپنی بات پر زور ڈال کر بولا

تم ہوتے کون ہو مجھ پر حکم چلانے والے بتاؤ ؟

اس نے عباد کو دھکا دیتے سختی سے پوچھا

تم اگر ابھی کہیں گئی

تو ٹانگیں بھی تڑوا کر آؤ گی اس لیے چلو واپس

عباد نے تو اس کی بات کو سرے سے اگنور کیا

اور اس کا ہاتھ تھام کر واپس آفس کی جانب بڑھنے لگا

عباد کا اس طرح ہاتھ تھامنے پر لیزا کا ہاتھ اٹھا اور عباد نے صبیح چہرے پر نشان ضبت کرتا چلا

گیا

وہ ہکا بکا سا اسے دیکھنے لگا

آگے سے مجھے ٹچ کرنے کی کوشش مت کرنا

غراتے ہوئے اس نے قدم گھر کے خارجی دروازے کی جانب بڑھا دیے

کوئی تھا جس نے یہ حرکت باریک بینی سے دیکھی تھی

اور مٹھیاں بھینچ کر رہ گیا

عباد نے صدمے سے نکلنے کے بعد واپسی کو رخ کیا

اس کی آنکھوں میں سرخی تھی

شاید وہ ضبط کی آخری حدود پر تھا

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

کمرے میں داخل ہونے کے بعد مخصوص سی جان لیوا مسکراہٹ اس کے لبوں پر نمودار

ہوئی ی

سندس اس کا سیل فون چیک کر رہی تھی

تو کیا میں یہ سمجھوں کے میری بیوی مجھ پر شک کرتی ہے

اس کے قریب بیٹھ کر وہ سنجیدگی سے گویا ہوا

جی نہیں شک کرنے کی کیا ضرورت ہے

آپ کی تیس چالیس گرل فرنیڈز تو ہوں گیں ہی

تیس چالیس ؟

وہ اس کی ناک کھینچ کر مسکرا کر بولا

جی بلکل تیس چالیس

وہ اپنے کہے پر بضد تھی

اور ان تیس چالیس کے نام بھی تمہیں معلوم ہوں گے پھر

وہ اس کا ہاتھ تھام کر چاشنی سے بھرپور لہجے میں بولا

اب اتنا فضول وقت نہیں ہے میرے پاس

یہ لیں اپنا فون

میں نے آپ کی کانٹیکٹ لسٹ میں سے ساری لڑکیوں کے نمبر ڈلیٹ کر دیئے ہیں

چمکتی نگاہوں سے اس نے کہا

!پرنسز

وہ ہکا بکا سا اسے دیکھے گیا

جی؟

معصومیت کے ریکارڈ توڑ دیئے گئے

تم نے کیوں ڈلیٹ کیے وہ

سب لڑکیاں میرے آفس میں کام کرتی ہیں

اور سب ہی مستحق لڑکیاں ہیں

اس لیے میں نے ان سب کو اپنی فرم میں رکھ لیا

وہ سیل فون کی اسکرین پر آنکھیں مرکوز کیے افسردگی سے بول رہا تھا

سوری! مجھے معلوم نہیں تھا

اس نے ندامت زدہ لہجے میں کہا

!کوئی بات نہیں ہے

سنہری آنکھیں اب بھی سیل فون کی اسکرین پر جمی ہوئی تھیں

سندس نے اس کے بال بیگاڑ کر اس کے ہاتھ سے سیل فون چھین لیا

حیدر نے اسے نا سمجھ آنے والی نگاہوں سے گھورا

گویا وہ پوچھ رہا ہو کے اب کیا ہوا؟

جب آپ میرے پاس ہوں تو باقی چیزوں کو بھاڑ میں ڈال دیا کریں

وہ شان بے نیازی سے گردن اکڑا کر بولی

اوراس کی سنہری آنکھوں کو محبت پاش نگاہوں سے دیکھنے لگی

بہت خراب ہوتی جارہی ہو

حیدر نے مصنوعی خفگی سے کہااوراس کی پیشانی پر محبت کی مہر ثبت کردی

وہ کھلکھائی

یہاں تک کے اس کی کھلکھلاہٹ پروہ بھی مسرور سااس کے ہوش رباسراپے کودیکھنے لگا

سر!سب کچھ ریڈی ہے کب روانگی ہے اب؟

عباد کی کال اسے وصول ہوئی ی

!بس نکلنے ہی والاہوں یار

اس نے سندس کا مرمری ہاتھ سہلاتے ہوئے کہا

جب وہ اس کے شانے پر سر ٹکائے آنکھیں بند کیے بیٹھی تھی

!ٹھیک ہے پھر آفس میں ہی ملاقات ہو گی اب

عبادیہ کہہ کر رابطہ منقطع کر دیا

کچھ ہی دیر میں اس کی کارل کے ساتھ ون ٹو ون ملاقات ہونی تھی

دل میں ایک طوفان سا برپا تھا

آنکھوں میں دل کو ڈگمگا دینے والی چمک تھی

وہ دن آخر آ ہی گیا جس دن کا اسے بے صبری سے انتظار تھا

..............................

عمیر میں کچھ دیر کے لیے آرام کرنا چاہتا ہوں

اس لیے مجھے کسی بھی طریقے سے ڈسٹرب نہیں کیا جائے

ایک ہی تحریر میں اس نے عمیر کو آگاہ کر دیا

عمیر نے اس کا میسج پڑھنے کے بعد اوکے کا ٹیکسٹ سینڈ کر دیا

اور وہ گرنے والے انداز میں بیڈ پر بیٹھا

اس وقت وہ سندس کے کمرے میں موجود تھا

جہاں سندس اس گھر میں آنے کے بعد رہتی تھی

سندس کے پرفیوم کی سحر انگیز خوشبواب بھی کمرے میں چار سو پھیلی ہوئی تھی

سنہری بال پیشانی پر گرائے ہوئے تھے

وہ سوبر اور ڈیسنٹ تو تھا ہی لیکن اس وقت تھکان کی وجہ سے اس کی سنہری آنکھیں نہیں کھل رہی تھیں

اوپر سے اسے شام تک بلکل ہشاش بشاش انداز میں کارل سے ملنا تھا

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

سندس کیا تم تھوڑی دیر کے لیے سب کچھ بھول کر میری بات سن سکتی ہو

لیزا نے اس کے کمرے میں آنے کے بعد سنجیدگی سے کہا

مجھے کسی کی کوئی بات نہیں سننی لیزا

وہ تڑخ کر بولی

!لیکن میری بات سن لو پلیز

وہ منت سماجت بھرے لہجے میں کہنے لگی

تم پھر سے مجھے پاگل بنانے آئی ہو نا

وہ بیڈ سے اٹھ کر اس کے سامنے کھڑی ہو گئی

لیزا کے مقابلے میں اس کے حسن اور خوبصورتی میں زمین آسمان کا فرق تھا

لیزا کی خوبصورتی دیکھ کر آج پہلی بار اس کے دل میں آگ بھڑکنے لگی

تو کیا وہ لیزا کی خوبصورتی سے خائف تھی

یا پھر وہ لیزا کی اس قدر خوبصورتی کے بعد حیدر سے ایک بار پھر بدظن ہو رہی تھی

!میں تم سے جو بھی بکواس کرونگی سب سچ ہو گی سندس


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

لیزا نے روہانسی لہجے میں کہا

اچھا بولو پھر!

وہ مان گئی تھی

اور اب سوالیہ نگاہوں سے لیزا کو دیکھنے لگی

حیدر کو میں بچپن سے جانتی ہوں

وہ تم سے محبت کرتا ہے

اس جیسا انسان کسی سے محبت بھی کر سکتا ہے

یہ بات میں اتنے سالوں میں نہیں جان سکی

کیونکہ اس کے اندر دل نہیں لیکن شاید تمہارے معاملے میں اس نے دماغ سے کام لیا ہے

تم اس کے ساتھ اچھے سے زندگی بسر کرو وہ تمہیں خوش رکھے گا

یہ سب کہتے ہوئے لیزا کا دل چاہ رہا تھا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

وہ خود کو چیر کر رکھ دے

لیکن سامنے اسکی محبت اس کے حیدر کی خوشیوں کا سوال تھا

اور وہ اب بھی حیدر کی زندگی میں خوشیوں کی خواں تھی

تو کیا تم اس کی وکیل بن کر یہ دلیلیں دینے آئی ہو اور ہو سکتا ہے اس کے دل میں کوئی اور بستی ہو؟

اور بے شک میرا بچپن اس کے ساتھ اتنا نہیں گزرا

لیکن تھوڑا بہت میں اسے شادی سے پہلے بھی جانتی تھی

اس نے تمہیں نہیں بتایا شاید؟

وہ استہزائیہ انداز میں ہنسی

نہیں! بلکل بھی نہیں بتایا کچھ کیونکہ وہ مجھے اتنی عزت دینے کے قابل نہیں سمجھتا کے

تمہاری اور اپنی باتیں مجھ سے شیئر کرتا پھرے


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

لیزا کے جواب پر نا جانے کیوں لیکن سندس نے اپنے اندر ایک نئی زندگی کی رمق محسوس کی

!تم مجھ سے زیادہ حسین ہو لیزا

اس کے بے تکے سوال پر لیزا کی آنکھوں میں الجھن ابھری

میرا مطلب ہے

شاید وہ تم سے بھی پیار کرتا ہو

آج وہ سندس تو کہیں سے نہیں لگ رہی تھی

وہ کتنی آسانی سے سامنے کھڑی لڑکی کا زخمی دل اور چھنی کرنے پر بضد تھی

تم مجھ پر شک کر رہی ہو یا اپنے حیدر پر؟

اس نے تلخی سے پوچھا

میں دونوں کو ہی زیادہ نہیں جانتی چند دنوں کی ملاقات اور بچپن کے ساتھ میں فرق ہوتا ہے

اس نے پر اعتماد انداز میں کہا

!مجھے تمہاری سوچ پر افسوس ہو رہا سندس

لیزا نے صوفے سے کھڑے ہوتے کہا

مجھے اب کسی پر اعتبار نہیں

وہ بھی کندھے اچکا کر کہنے لگی

ٹھیک ہے اگر تم خود حقیقت سے آشنا ہونا چاہتی ہو سنو

"میں محبت کرتی ہوں اس سے"

لیکن پتا ہے اس نے میری بے لوث محبت کو کبھی اہمیت دینا ضروری نہیں سمجھا

اس کے لیے میں صرف ایک ذمے داری ہوں

جو میرے ڈیڈ نے اسے سونپی تھی

اور اب وہ نا چاہتے ہوئے بھی مجھے اپنے گھر میں رکھنے کے لیے مجبور ہے

لیزا کے لیے پل بھر کو اس کے اندر ہمدردی نے جگہ لی

لیکن اپنا یقین ٹوٹنے کی تکلیف زیادہ تھی

شاید اسی لیے بغیر لیزا کو کچھ کہے وہ حیدر شاہ کو ڈھونڈنے کے لیے کمرے سے باہر نکل گئی

اور لیزا نے اپنی آنکھوں کے سامنے سے اوجھل ہوتے دیکھا

اسے حیدر سے ایک ہی شکایت تھی کے اس نے لیزا کی یک طرفہ محبت کی بابت سے آگاہ کرنا کیوں ضروری نہیں سمجھا تھا

ماضی

سولا سالہ حیدر پاکستان تو پہنچ گیا تھا

لیکن اسے ہر وقت اپنے بابا کی یاد ستاتی رہتی تھی

اس نے بہت بار اس گھر سے فرار ہونے کی کوشش بھی کی تھی

لیکن سب بے سود وہ ابھی تک کامیاب نہیں ہو رہا تھا

اس نے صالح سے بھی ناراضگی مول لے لی تھی

اب وہ ان سے بھی ہم کلام نہیں ہوتا تھا

صالح بیگم بھی اپنے بیٹے کی ناراضگی دیکھ کر روہانسا ہو جاتی تھیں

لیکن پھر نگار بیگم (سندس کی ماں) انہیں تسلی آمیز لہجے میں سمجھا کر پر سکون کر دیتی تھیں

آج بھی وہ صبح نیند سے اٹھنے کے بعد محمود شاہ کے نمبر پر لا تعداد کالز ڈائل کرتا رہا

لیکن آگے سے کوئی بھی جواب موصول نہیں ہو رہا تھا

وہ جھنجھلاہٹ کا شکار ہونے لگا

لیکن پھر غصے میں لان کی جانب بڑھ گیا

ان کے گھر کے مقابلے یہ گھر چھوٹا سا تھا

لیکن حیدر کو تو صرف اپنے بابا سے دور ہونے کا غم تڑپا رہا تھا

اس چھوٹے سے گھر میں ایک اور بھی وجود تھا

جس سے وہ نالاں رہتا تھا

اور وہ وجود تھا ایک چھوٹی بچی اور احمر کا

--

پانچھ سالہ بچی ہر وقت حیدر کی توجہ حاصل کرنے کے لیے کوشش کرتی رہتی تھی

لان میں ٹہلتے ہوئے اس نے غور سے اس معصوم سی آفت کو دیکھا جو مٹی میں کھیلنے کی وجہ

سے اپنے سارے کپڑے گندے کرنے میں مگن تھی

وہ پہلے تو اس کی حرکت پر ناگواری سے گھورتا رہا

لیکن پھر اس کے قدم خود بخود اس بچی کی جانب بڑھے

حیدر کو دیکھتے ہی سیاہ پر کشش آنکھیں چمک اٹھی

پانچ سالہ بچی نے اپنے ننھے ننھے ہاتھوں سے اسے جھکنے کو کہا

وہ بھی اس کے حکم پر عمل کر کے اس بچی کے سامنے جھکا

اور اس بچی نے مٹی سے بھرے ہاتھوں سے اس کا چہرہ چھوا

اب وہ اپنے ساتھ ساتھ حیدر کو بھی گندا کر چکی تھی

اور حیدر کی نفاست زدہ طبیعت کے لیے ناگزیر تھا

وہ اسے خونخوار نظروں سے گھورنے لگا

میرے ساتھ کھیلو گے آپ؟

ننھی سی پری چھوٹی سی آنکھیں پٹپٹا کر فرمائش کر رہی تھی

یہ کیا کیا تم نے میرے ساتھ؟

وہ بھی اس کے سامنے گھٹنوں کے بل بیٹھ کر پوچھنے لگا

!آپ ابھی زیادہ پیالے لگ رہے ہو

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

وہ شہزادی دل کھول کر اپنی معصومیت اور پیاری باتوں کے ساتھ حیدر کو پہلی بار پیاری لگی تھی

واضح رہے آج سے پہلے وہ اس کو زہر سے کم نہیں لگتی تھی

آپ ویسے بھی مجھے پیالے لگتے ہو

تھلم بھائی بلکل بھی اچھے نہیں

اور ماما تو کہتی ہیں میلے بھائی تھلم ہیں

اس نے اپنے تئیں میں اہم علان کیا تھا

لیکن خرم کو "تھلم" کا لقب ملنے پر حیدر کا جاندار قہقہہ لان میں گونجا

اور اس کے قہقہے کی جلترنگ میں ننھی پری نے اپنے ہاتھ پیٹتے تالیاں بجائی

وہ اس ہنسی کو کوئی موسیقی سمجھ رہی تھی

حیدر نے اس کا سفید اور سرخ رنگ فراک سے مٹی جھاڑتے نرمی سے کہا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

آج کے بعد آپ مٹی میں نہیں کھلیں گی؟

اس نے سرسری سا کہا

مجھے مٹی تھاناپتھند ہے

(مجھے مٹی کھانا پسند ہے)

شہزادی کی آنکھیں بھر آئی

لیکن مجھے نہیں پسند

اگر آپ میری بات نہیں مانے گیں

تو میں آپ سے کبھی بات نہیں کروں گا

اس نے مصنوئی غصے سے کہا

اگر اپنے مغرور بیٹے کو صالح بیگم اس وقت دیکھتی تو وہ بھی آنکھوں دیکھے پر یقین نہیں کرتیں

کیونکہ سندس کے ساتھ جو لڑکا بیٹھا تھا

وہ تو کوئی اور ہی شاہ تھا

جان لیوا مسکراہٹ تو اس کی لبوں سے او جھل ہی نہیں ہو رہی تھی

میں مٹی تھانا چھوڑ دوں گی

پھر تو آپ میلے ساتھ ہی رہیں گے نا ہمیشہ ؟

اس نے اپنی سیاہ آنکھوں سے حیدر کو دیکھا

شہزادی نے اپنے شہزادے کی پہلی ضد کے آگے گھٹنے ٹیک دیے تھے

اور سامنے بیٹھا مغرور شہزادے کی شہد رنگ آنکھوں میں چمک نمودار ہوئی ی

اور پھر تھوڑی دیر بعد وہ سندس کا چھوٹا سا ہاتھ پکڑ کر گھر کے اندر داخل ہوا

سندس بھی اس کی انگلی پکڑے بار بار اپنی گردن اوپر کر کے اپنے نئے نئے دوست کو دیکھ رہی تھی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

فضا میں چھائی خاموشی اور ہیبت کی جگہ کھلکھلاتی ہوا نے لے لیا

پرندے اٹھکلیاں کرتے کچھ نا کچھ سر گوشیاں کر رہے تھے

ایک اور محبت کی داستاں شاید شروع ہونے کو تھی

ان دونوں کی عمر میں دس سال کا فرق تھا

لیکن حیدر بھی اس وقت بچہ ہی بنا ہوا تھا

خود تک محدود رہنے والا وہ لڑکا آج اتنے دن بعد کھل کر مسکرایا تھا

⚘⚘⚘⚘⚘⚘

حال

گلاس ڈور بار بار ناک ہونے کے باوجود بھی اس کے وجود میں کوئی جمبش تک نہیں آئی

لیکن اب وہ جھنجھلانے لگا تھا

کلک کی آواز کے ساتھ دروازا کھلتا چلا

بغیر گردن موڑ کر دیکھنے کے وہ مٹھیاں بھینچ کر رہ گیا

عمیر! میں نے کہا تھا نا مجھے ڈسٹرب نا کیا جائے

وہ دھاڑا

آگے سے موت جیسی خاموشی تھی

جب آپ کی زندگی میں پہلے سے کوئی تھا

تو پھر مجھے کیوں گھسیٹا اپنی زندگی میں

سندس کا زہریلا لہجہ اس کی سماعتوں تک پہنچا

پیٹ کے بل وہ بیڈ پر دراز تھا

ہلکے سنہری بال اور چوڑی پشت کو سندس ایسے گھور رہی تھی

جیسے ابھی وہ آنکھوں ہی آنکھوں میں اس پر سکون آدمی کو کھا جائے گی

حیدر شاہ صاحب!

میں آپ سے مخاطب ہوں

سندس کا وجود لرز رہا تھا

اور پھر حیدر کی لاتعلقی اسے مزید آتش فشاں کرنے کے لیے کافی تھی

!ادھر آؤ

دوسری جانب سے لہجہ بے تاثر تھا

جب کے اس نے حکم نامہ جاری کیا

!میں نہیں آ رہی مجھے صرف جواب چاہیے

اس نے بھیگے لہجے میں کہا

!پہلے تم ادھر آ رہی ہو یا نہیں

اب اس آواز میں نرمی مفقود تھی

آپ لیزا سے محبت کرتے ہیں؟


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

وہ اس کے قریب جا کر کھڑی ہو گئی لیکن

ابھی بھی وہ سراپے سوالیہ نشاں بنی کھڑی تھی

حیدر نے بغیر اس کی جانب دیکھے ہاتھ بڑھا کر اسے کھینچا اور خود سیدھا ہو کر محضوظ نگاہوں سے پھولے ہوئے منہ کو دیکھنے لگا

!میں سندس حیدر شاہ سے محبت کرتا ہوں

سندس کے میک اپ سے پاک چہرے پر آئی آوارہ لٹیں ہٹا کر اس نے سنجیدگی سے کہا

لیکن سنہری آنکھوں میں شرارت رقصاں تھی

!جھوٹ بول رہے ہیں آپ

وہ اس کے سینے پر ہاتھ رکھ فاصلے قائم کر کے دور ہونے کی سعی کرنے لگی

!پھر سچ کیا ہے تم ہی بتا دو

سندس کے دونوں ہاتھ نرمی سے تھامنے کے بعد وہ آہستگی سے بولا

آپ لیز۔۔۔۔۔۔

اس سے پہلے وہ اپنی بات مکمل کرتی حیدر نے شہادت والی انگلی اس کے لبوں پر رکھ دی

وہ صرف میری دوست اور دشمن ہے اس سے آگے اور کچھ بھی نہیں

اب تمہاری مرضی ہے میری بات کا یقین کرو

یا پھر شک کے بیج کو مزید جڑوں میں مضبوط کرو

اس نے مخصوص سرد مہری اختیار کی

سندس بغیر پلکیں جھپکے اس کی شہد رنگ ذہانت سے بھرپور آنکھوں کو بے تاثر انداز میں دیکھنے لگی

!دوستی اور دشمنی ساتھ ساتھ نہیں ہو سکتی شاہ

اس نے روہانسی لہجے میں کہا

!ہو سکتی سندس صاحبہ


Do not copy or distribute without permission of the author
For More Novel Please Visit Our Website
www.classicurdumaterial.com

اگر نہیں یقین تو پھر سے جا کر اس چالاک لومڑی سے پوچھ لو

جس سے باقی جھوٹ سن کر آئی ہو

اس کا اشارہ لیزا کی جانب تھا

جب کے لہجے میں ناگواری اور تلخی نمایاں تھی

لیزا نے یہ تو نہیں کہا تھا کے آپ بھی اسے پسند کرتے ہیں

سندس نے سچائی بیان کی

لیکن پھر بھی تم نے میرے لیے عدالت لگا لی

آگے سے میں کسی بھی بات کی کوئی صفائی نہیں دوں گا

یاد رکھنا کیونکہ حیدر شاہ نے آج تک کسی کو صفائی دینا ضروری نہیں سمجھا

تم میری محبت ہو اتنی رعایت بنتی تھی

لیکن روز روز ایسا نہیں ہو گا

اب مجھے نیند آرہی ہے

اگر دل چاہے تو یہیں سو جاؤ ورنہ مجھے میری نیند پوری کرنے دو

اس کے روئی جیسے گال سہلانے کے بعد وہ سندس کو آزاد کرتا ہوا رخ موڑ گیا

سندس نے اپنی کلائی کو آہستگی سے سہلایا جہاں اب بھی حیدر کی انگلیوں کے نشان تھے

میں تمہیں کبھی سمجھ ہی نہیں سکتی شاہ!

اس کی آواز سرگوشی سے کم تھی

لیکن حیدر نے آسانی سے سن لی

کوئی بات نہیں ہے

دو چار بچے ہو جانے دو

پھر شاید سمجھ جاؤ بچوں کے ابا کو

حیدر کی مسکراتی آواز پر وہ جھنپ گئی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

میں جارہی ہوں لیکن اب بھی میں اپنی بات پر قائم ہوں

دوستی اور دشمنی کبھی بھی ساتھ ساتھ نہیں چل سکتی

وہ شرارتی انداز میں کہہ کر کھلکھلاتی کمرے سے باہر کی جانب بھاگی

وہ جانتا تھا سندس نے محض اسے چڑانے کے لیے یہ سب کہا ہے

اس لیے وہ مسکرا کر آنکھیں موند گیا

چڑیل ڈھیٹ لڑکی

لیزا کے خیال آتے ہی وہ بڑبڑایا

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

سب کچھ پلین کے مطابق تیار ہے؟

اس کی سخت گیر آواز بند کمرے میں گونجی

جی سر لیکن کارل نے ملاقات کے لیے پہلے سے طے شدہ مقام تبدیل کر دیا ہے


Do not copy or distribute without permission of the author
For More Novel Please Visit Our Website
www.classicurdumaterial.com

اچھا ٹھیک مجھے اڈریس میل کردو اور ہاں ہماری طرف سے فلحال کوئی ہوشیاری نہیں کی جائے گی

اس نے شرٹ کی آستین اوپر فولڈ کرتے ہوئے کہا

سفید شرٹ بلیک پینٹ میں ملبوس وہ وجیہہ لگ رہا تھا

اور کچھ دیر میں وہ اپنے سادہ کپڑوں میں ملبوس گارڈز کے ساتھ ریسٹورنٹ پہنچ گیا تھا

اس کے پروٹکول پر معمور گاڑیاں ریسٹورنٹ کے پاس کچھ فاصلے پر موجود تھیں

رات کے آٹھ بجے کا وقت تھا

پروقار چال چلتا وہ آگے بڑھا

اس کے ہر بڑھتے قدم میں شاہانہ انداز تھا

مخالف سمت پر کھڑے کارل کے دل کو پل بھر کو لرزا

لیکن وہ پھر بھی خباثت زدہ مسکراہٹ لبوں پر سجائے حیدر سے مصافحہ کرنے لگا

لیکن حیدر اس کے پھیلے ہاتھ کو سرے سے انداز کر کے چیئر پر بیٹھ گیا

کارل نے اپنی بے عزتی دل اور جان سے محسوس کیا

لیکن وہ محض دانت کچکچا کر رہ گیا

کیا شخصیت اور رعب ہے

محمود شاہ سے بھی کئی گنا زیادہ وحشت ہے تمہارے اندر

وہ شیطانی ہنسی ہنس کر بولا

میں یہاں اپنی ذات کے متلعق تم سے کمنٹس سننے نہیں آیا

اس لیے سیدھے کام کے کام ہو جائے؟ ٹانگ پر ٹانگ رکھے اس نے ناگواری سے کہا

اوکے!

کارل نے اس کی آنکھوں میں دیکھ کر سنجیدگی سے کہا

میرے بابا کو کیوں مارا تھا؟

وہ ایسے بات کر رہا تھا

جیسے کوئی عام سی ہستی ہو

جس کی موت کے بارے میں وہ استفسار کر رہا ہو

تمہارے باپ نے میری بات نہیں مانی تھی

اور میرے خلاف کورٹ گیا

جس کے بعد مجھے یعنی کے لندن کی موسٹ وانٹڈ شخصیت کو چار سال جیل کی سلاخوں کے پیچھے جانا پڑا

اس کے مکرّہ چہرے پر حیوانیت تھی

تم نے چال سال جیل جانے کی سزا میرے باپ کو موت دی؟

وہ استہزائیہ انداز میں گویا ہوا

تمہارے باپ کے بہت سے حساب اور بھی نکلتے ہیں


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اس نے لندن میں آ کر میرے ہی شہر میں مجھ سے زیادہ پیسا بنایا

اور اسکی شہرت کا گراف ہر گزرتے دن کے ساتھ بڑھنے لگا

اور اس کے ساتھ ساتھ میرے دل میں اس کے لیے حسد کا گراف بڑھا

کارل اپنی بات مکمل کر کے خاموش ہو گیا

لیکن حیدر کے فلک شگاف قہقہے نے اسے پہلو بدلنے پر مجبور کیا

تم مجھے بے وقوف سمجھتے ہو؟

شہد رنگ آنکھیں سفید پانیوں سے بھرنے لگیں

لیکن اس کی ہنسی میں کوئی کمی نہیں آ رہی تھی

پتا ہے کارل تم جیسا بے غیرت انسان میں نے آج تک نہیں دیکھا

اس نے چیئر کی پشت سے کمر ٹکا کر طنزیہ کہا

تم میری انسلٹ نہیں کر سکتے

وہ دھاڑا

کہا جاتا ہے انسلٹ اسے محسوس ہوتی ہے

جس کی کوئی عزت ہو

لیکن جو پیدائشی ہی بے غیرت اور بزدل ہو

اسے بے عزتی محسوس نہیں ہوتی

اس نے ٹانگیں میز کے اوپر رکھیں

اور

اس کے بوٹوں کی نوک کارل کے چہرے کے سامنے تھی

کارل کے گارڈز فوری طور حرکت میں آئے

اور سب نے پسٹل کا رخ اس کی جانب کر لیا

کارل نے ہاتھ کے اشارے سے سب کو پسٹل نیچے کرنے کا کہا


Do not copy or distribute without permission of the author
For More Novel Please Visit Our Website
www.classicurdumaterial.com

تمہارے باپ کے اندر بھی یہی غرور تھا

اس نے اب زہریلے لہجے میں کہا

مجھے فخر ہے کے میں محمود شاہ کا بیٹا ہوں

سینا چوڑا کر کے اس بات پر ناز کر سکتا ہوں

لیکن تمہارا کیا؟

تمہیں تو اپنے باپ کی بھی کوئی خیر خبر نہیں

وہ مسخرائے لہجے میں دھیمے پر سخت لہجے میں بولا

ضبط کے مارے کارل کے دماغ کے رگیں تن گئیں

چھٹاک بھر کا لڑکا مسلسل اس کی عزت دو ٹکے کی کرنے پر بضد تھا

غور سے میری بات سنو

جو ڈیل میں نے تمہارے باپ کو دی تھی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

وہی تمہیں دے رہا ہوں

میرے ساتھ پاٹنر شپ کر لو

دونوں کا ہی فائدہ ہے اس میں

نا میں تمہارے راستے میں آؤں گا

اور نا ہی تم میرے راستے میں آنا

کارل نے ایک آنکھ دبا کر اسے بھی اپنے ساتھ شریک ہونے کا مشورہ دیا

یہ جو آنکھ تم نے ابھی دبائی ہے نا

میں اگر چاہوں تو ابھی کے ابھی ہمیشہ کے لیے اس آنکھ کو مردہ کر سکتا ہوں

ایک اور بات تمہاری بیوی اور بیٹی میری تحویل میں ہیں

تمہیں اپنے سارے گناہ ایک بار پھر سے لندن کی عدالتوں میں تسلیم کرنے ہوں گے

اگر ایسا نہیں ہوا تو پھر آج میری موت کے ساتھ ساتھ تم اپنی بیوی بیٹی سے ہاتھ دھو بیٹھو گے

اس نے کارل کو پسٹل نکالتے دیکھ کر مخصوص سی جان لیوا مسکراہات پر سجالی

اب فیصلا تمہارے ہاتھ میں ہے چلتا ہوں

تم میری فیملی کو کوئی نقصان نہیں پہنچا سکتے

کارل غرایا

تم جیسے دو نمبر کے آدمی کو ایسے باتیں زیب نہیں دیتی

جس نے خود ہی کتنے ہی خاندانوں کو اجاڑ کر رکھ دیا ہو اسے حق نہیں وہ اپنی فیملی کے لیے حواس باختہ ہو

وہ ترکی با ترکی بولا

میری بیوی کو چھوڑ دو اس کے بدلے تم جو کہو گے میں کرنے کے لیے تیار ہوں

کارل نے اب آہستگی سے کہا

شرم نہیں آتی جس بیوی کے لیے ترلے کر رہے ہو

اس کے ہوتے ہوئے بھی تم ہر شام ایک نئ لڑکی کے ساتھ نظر آتے ہو

وہ اس کے سارے کچے چھٹے کھولنے پر بضد تھا

اس لیے حقارت زدہ انداز میں ہنسا

دیکھو اس دشمنی کو مزید تول نہیں دو

میں اپنے جرائم تسلیم نہیں کر سکتا

کیوں کے ایسا کرنے سے مجھے سزائے موت ہو جائے گی

زندگی میں پہلی بار اس فرون کی آنکھوں میں التجا سی تھی

میرے پاس زیادہ ٹائم نہیں تمہاری بکواس سننے کا

دن کی مہلت دے رہا ہوں 2

اس کے بعد جو بھی فیصلا ہو بتا دینا

وہ اسے چاروں شانے چت کرتا جیکٹ درست کرتا اٹھ کھڑا ہوا

اب اس نے آنکھیں ترچھی کرکے کارل کے گارڈز کی تعداد چیک کی

صرف تین گارڈز وہاں چاک وچوبند کھڑے تھے

وہ اٹھا اپنی جگہ سے

اور کمر میں چھپا پسٹل نکالنے کے بعد ایک ہی وار میں وہ ان تینوں محافظوں کو ڈھیر کر چکا تھا

کارل کی آنکھیں پھیلی

اس کے وفادار آدمی موت کی گھاٹ اتر چکے تھے

لیکن ان کی اس حالت کا ذمے دار اپنی مخصوص پُر وقار چال چلتا ریسٹورنٹ کے خارجی دروازے کی جانب بڑھ گیا

اس کے ہر بڑھتے قدم کے ساتھ ایک عجیب سا فاتحانہ رعب تھا

جیسے اس دنیا سب سے اعلیٰ وہ خود ہی ہو

زندگی میں پہلی بار کارل خود کو بے بس محسوس کر رہا تھا

تاریخ اپنے آپ کو پھر سے دہرانے کو تیار تھی

لیکن حیدر کا جوش جذبہ بھی اپنے باپ کی طرح بلند تھا

اور یقیناً اس بار شکست کارل کے حصے میں آنی تھی

.............................................

جیکٹ ایک ہاتھ سے شانے پر ڈالے وہ مغرور سے انداز میں آگے بڑھ رہا تھا

عمیر اور عباد نے اس کے چہرے پر غصہ وحشت اور سختی دیکھی تو اس کے پاس جانے سے

ایک دوسرے کو باز رکھا۔ دونوں ہی جانتے تھے جب جب وہ اپنے ماضی کی اوراق میں

جھانکتا تھا

تو اس کا یہی حال ہوتا تھا

وہ اسٹڈی روم کی طرف بڑھا مطلب وہ آج اپنے روم میں بھی نہیں جانا چاہتا تھا سندس کے

عجیب سوال کبھی کبھی اسے جھنجھلاہٹ کا شکار کر دیتے تھے

اس لیے فلحال وہ کسی کا بھی سامنا نہیں کرنا چاہتا تھا

جیکٹ صوفے پر اچھالنے کے بعد وہ فریش ہونے کے لیے واش روم کے اندر گھس گیا

❦❦❦❦❦❦

کیا وہ کارل سے ملا تھا؟

لیزا کی آواز پر عمیر اور عباد نے بیک وقت اسے دیکھا

عباد کے چہرے پر تو ناگواری پھیلی اس لیے وہ اپنی بے لغام نظریں اس کے ہوش ربا

سراپے سے ہٹاتا ہوا لاؤنج سے چلا گیا

لیزا نے بھی اس کی بے نیازی دیکھی تو کندھے اچکا کر رہ گئی

عمیر نے اس کے آگے ہاتھ لہرایا جس سے وہ چونکی

عمیر وہ ملا تھا کارل سے؟

وہ فرنگی چڑیا نا جانے کیوں بے چینی سے عمیر کے جواب کا انتظار کر رہی تھی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

ظاہر ہے لیزا اب وہاں ہم کرکٹ تو کھیلنے گئے نہیں تھے

جو تم یوں بے قراری سے پوچھ رہی ہے

اور وہ خود ملنا چاہتا تھا کارل سے

اتنا تو تم بھی اسے جانتی ہو وہ جو چاہے وہ کر کے ہی رہتا ہے

عمیر نے جینز کی جیبوں میں ہاتھ اڑستے ہوئے کہا

اس نے کارل کے ٹکرے نہیں کیے پھر؟

لیزا نے تجسس سے پوچھا

وہ چاہتا ہے پہلے اس کی روح چھنی کرے

پھر اسے پل پل تڑپائے اس کے بعد بھی پتا نہیں حقیقی موت کارل کو نصیب بھی ہو گی یا نہیں

عمیر نے اندازہ لگایا

وہ اسٹڈی روم میں ہے؟

لیزا کے سوال پر عمیر کے کان کھڑے ہو گئے

تمہیں کیا کرنا ہے یہ جان کر

اس نے لیزا کو گھورتے ہوئے پوچھا

اچار ڈالنا ہے تمہارا عمیر مرزا!

اس نے دانت کچکچا کر جوابی کاروائی کی

ابھی نہیں جانا اس کے پاس ورنہ کل صبح کی جو پہلی تازہ ترین خبر مجھے ملے گی وہ یہی ہو گی

لیزا صاحبہ کو حیدر نے بے دردی سے قتل کر دیا

عمیر نے مسخرائے لہجے میں کہا

اور خود وہاں سے چلا گیا

لیزا بغیر کچھ سوچے سمجھے سیڑھیاں چڑھتی ہوئی اسٹڈی روم کی جانب بڑھی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

رات کے ایک بجے وہ دھڑلے سے اس کے بات کرنے جارہی تھی

اسٹڈی روم میں گھستے ہی اس کا حسین اور خوبصورت چہرہ مرجھا گیا

کمرے میں گہرہ اندھیرہ تھا

جس کا مطلب تھا حیدر اسٹڈی روم میں نہیں آیا

وہ دروازا بند کرتی واپس سیڑجیوں کی جانب بڑھی

پر اس سے پہلے وہ دوڑتے ہوئے سیڑھیاں پھلانگی

سیڑھیاں اترتے ہوئے حیدر نے اسے خونخوار نگاہوں سے گھورا

وہ اسے دیکھ کر یکا یک اپنے بڑھتے قدموں کو بریک لگا کر کھڑی ہوگئی لیکن قسمت میں کچھ اور ہی لکھا تھا

اس کا پاؤں پھسلا اور دو تین سیڑھیاں بال کی طرح اچھلتی ہوئی دھڑام سے گر پڑی

پہلے ہی اس کا ایک بازو کسی کام کا نہیں تھا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اور اب اسے پورا یقین تھا کے وہ اپنا دوسرا بازو بھی توڑ کر بیٹھ گئی ہے

پر جو چیز اسے ڈوب مرنے پر مجبور کر رہی تھی

وہ تھی حیدر کی لاتعلقی اور بے نیازی وہ اس کے سامنے ہی تو پھسل کر گرنے لگی تھی

کیا ہو جاتا اگر وہ اس کا ہاتھ تھام کر اسے گرنے سے بچا لیتا

پر یہ سوچ آتے ہی لیزا نے خود کو تین چار موٹی موٹی گالیوں سے نوازا

حیدر شاہ سے وہ ایسی امیدیں مر کر بھی نہیں لگا سکتی تھی

یہ اس کا ماننا تھا

میں گر گئی ہوں حیدر!

وہ بھیگے لہجے میں پھر بھی اسے اطلاع دے رہی تھی

گویا حیدر سے اسے اب بھی امید تھی

گر جانے کے بعد بھی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

عجیب لڑکی تھی وہ بھی

تو پھر میں کیا کروں؟

میں نے تو دھکا نہیں دیا تمہیں

اور میں تمہیں اگر کبھی دھکا دوں گا بھی تو شاہ مینشن کے لاسٹ والے فلور سے دوں گا

بے فکر رہو

وہ اس کے سامنے جھک کر سنجیدگی سے بولا اور کھڑا ہو گیا

چلو میں بھی ماتم کروا لیتی ہوں تمہارے ساتھ

کے میں آج بھی ان سیڑھیوں سے گر کر مر نہیں گئی

لیکن صرف ایک بار ہاتھ بڑھا دو حیدر میں کھڑی ہونا چاہتی ہوں

اس کی بات کے پیچھے چھپی گہرائی اور اذیت نے حیدر کے بڑھتے قدموں کو تھمنے پر مجبور کیا

وہ واپس مڑا اور اس کے سامنے پھر سے پہلے والے انداز میں بیٹھ گیا

اگر میں تمہاری آج مدد کروں گا کھڑے ہونے میں

تو اس کے بعد تم پھر سے میری وجہ سے زمین بوس نہیں ہو گی؟

وہ اس سے زیادہ اکتائے لہجے میں بات کر رہا تھا

زمین بوس تو میں کب کی ہو چکی ہوں

آج سے نہیں بلکے تب سے جب سے تم نے سندس کو مجھ پر فوقیت دی تھی

پر میں اب بھی تمہاری بیوی کے لیے اپنے دل میں نفرت پیدا نہیں کر پا رہی

اس کی گرے چمکتی آنکھوں میں ڈھیروں پانی جمع ہونے لگا

یہ سب بے مقصد باتیں ہیں لیزا!

وہ اس کے بھیگے چہرے سے نگاہیں پھیر کر کہنے لگا

میں مر جاؤں گی حیدر!

وہ کوئی اور ہی لیزا لگ رہی تھی

اس کے اندر شوخی بچگانہ پن اور چھچھلاہٹ مقصود تھی

عباد تمہیں مرنے نہیں دے گا

وہ ہلکی مسکراہٹ عنابی ہونٹوں پر سجا کر گویا ہوا

عباد کے نام پر لیزا کی آنکھیں پتھرا گئیں

وہ حیدر کے اس طرح کہنے پر طوفان کی زد میں تھی

تم کیا کرنا چاہتے ہو میرے ساتھ؟

وہ غرائی

جو بھی چاہتا ہوں نیک ہی چاہتا ہوں اس لیے چلو جاؤ اب یہاں سے اور سو جاؤ شب خیر

وہ

جینز کی جیب میں ہاتھ ڈال کر سنجیدگی سے کہہ رہا تھا

تم جو چاہتے ہو وہ نہیں ہو گا میں تمہیں قتل کر دوں گی

اس نے حیدر پر جھپٹنے کی کوشش کی لیکن وہ سرعت سے دو تین قدم پیچھے ہوا

!اپنی حد میں رہو

وہ سختی سے گویا ہوا

میں اپنی حد میں ہوں ورنہ ابھی تک تمہاری اس معصوم اور سادہ بیوی کا گلا گھونٹ چکی ہوتی

وہ زہر خند لہجے میں کہہ کر

سیڑھیاں عبور کرتی اپنے کمرے کی جانب بڑھ گئی

حیدر نے پیشانی ملتے ہوئے اسے ناگواری سے گھورا

پھر کندھے اچکا کر رہ گیا

لیکن فلحال وہ نہیں چاہتا تھا کے رات کے وقت وہ لیزا کے ساتھ کسی بحث میں الجھے اس

لیے اپنے کمرے کی جانب بڑھ گیا

ماضی!!

"امی! مجھے تائی امی نے مالا (مارا) ہے

وہ ننھی پری روتی ہوئی اپنی ماں کے پاس آئی جو کچن میں رات کا کھانا بنا رہی تھیں

میری جان تائی امی بڑی ہیں نا اور تم نے کوئی غلطی کی ہو گی

نگار بیگم سب کچھ جانتی تھیں لیکن پھر ہر بار کی طرح اس بار بھی وہ سندس کو سمجھا رہی تھیں

میں تو بس کھیل لہی تھی تائی امی نے مجھے زور سے تھپڑ مارا اور کہا نکلو یہاں سے

سندس نے نگار بیگم کے دوپٹے کا پلو سے کھینچتے ہوئے کہا وہ ان کے ساتھ لگی کھڑی تھی

نگار بیگم نے نہاری میں لہسن ادرک ڈالنے کے بعد کور کر دیا

اور سندس کو اٹھا کر کچن سے باہر آ گئیں

!میری شہزادی ہے سندس


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

امی تو اپنی جان سے پیار کرتی ہیں پھر بھی آپ رو رہی ہیں

نگار بیگم نے اپنی لاڈلی کے گال چومتے ہوئے مصنوئی ناراضگی سے کہا

میں بھی آپ سے اور پاپا سے پیار کرتی ہوں

لیکن تائی امی مجھے اتنی زور سے کیوں مارتی ہیں امی؟

وہ اپنے چھوٹے چھوٹے ہاتھ نگار بیگم کے چہرے پر رکھ کر استفسار کر رہی تھی

نگار بیگم نے آنسوں ضبط کیے وہ بھلا اپنی بیٹی کو کیا جواب دیتیں جب وہ خود کبھی نہیں یہ چیز سمجھ سکی تھیں

کے نبیلا بیگم کا ان کے ساتھ رویہ ہتک آمیز کیوں ہے؟

میری جان تائی امی بھی آپ سے پیار کرتی ہیں

آپ ایسے نہیں سوچا کریں

انہوں نے نرمی سے اس کے پھولے ہوئے گال سہلائے


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

سندس نے زور زور سے نفی میں سر ہلایا

گویا وہ اپنی ماں کے جواب سے مطمئن نہیں تھی

اور پھر وہ نگار بیگم کے گال پر بوسہ دیتی ہوئی اپنے کمرے کی جانب بھاگ گئی

لیکن اس کا شہزادہ بھی اپنی شہزادی کی باتیں سن چکا تھا

نا جانے کیوں سندس کے آنسوں اسے دکھ دے رہے تھے

ایک عجیب سا اپنا پن اسے سندس سے محسوس ہوتا تھا

اسے یہ شرارتی اور کھلکھلاتی بچی بہت عزیز ہو گئی تھی

وہ صوفے سے اٹھ کر سندس کے کمرے کی جانب بڑھا

نگار کو آنسوں پونچھتے اس نے دیکھ لیا تھا

حال


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

وہ اپنے کمرے میں آنے کے بعد مسلسل روئے جا رہی تھی

کیسے حیدر نے موت کی نوید اسے ہنستے ہنستے سنا دی تھی

حیدر کے اس عمل سے اسے اپنی محبت کی تزلیل ہوتی محسوس ہوئی ی

'سمجھتا کیا ہے خود کو

نہیں کرے مجھ سے شادی کونسا میں مری جا رہی ہوں اس کے لیے

وہ اپنی سسکیوں کا گلا گھوٹتی ہوئی ی بڑبڑائی

پر دل تھا

کے کچھ بھی سننے سمجھنے کی صلاحیت کھو چکا تھا

وہ ہر دن اس کے لیے نئی وحشت اور مشکلات حائل کر دیتا تھا

!!اففففففف

اللہ جی میں مر کیوں نہیں جاتی

وہ پہلی بار اتنی شکست زدہ لگ رہی تھی

اس نے اپنے سنہری بالوں کو جکڑا اور اٹھ کر پورے کمرے میں توڑ پھوڑ کرنا شروع کر دی

قیمتی اور برینڈڈ میک اپ کا سامان پرفیومز نفیس سا ڈریسنگ ٹیبل توڑ دینے کے بعد بھی اس کے اندر کی جلن کسی صورت ختم ہونے کا نام نہیں لے رہی تھی

اسے اپنا وسیع و عریض کمرہ بھی مختصر لگ رہا تھا

جہاں اس کا دم گھوٹنے لگا

اور پھر جب وہ تھک گئی تو نیچے کارپٹ پر بیٹھتی چلی گئی

آنسوں متواتر بہے چلے جا رہے تھے

وہ لیزا تو نہیں تھی

دل کے کئی حصے کر دیئے تھے حیدر نے اس کا دل خون کے آنسوں رو رہا تھا

ساتھ ہی اسے اپنے اندر سے تمسخرائی آوازیں آنے لگیں

وہ ان سب سر گوشیوں کو نہیں سننا چاہتی تھی

حیدر نے کبھی اس کی محبت کا جواب محبت میں نہیں دیا تھا

وہ اسے بھی اپنا مجرم نہیں کہہ سکتی لیکن اس دل کا کیا کرتی جو بچپن سے حیدر کا اسیر تھا

سائیڈ ٹیبل پر رکھی چھری نے اس کی توجہ کھینچی

گرے آنکھوں میں تلخی نمودار ہوئی ی

⚘ ⚘ ⚘ ⚘ ⚘ ⚘ ⚘

کمرے میں داخل ہونے کے بعد اس نے ایک نظر سندس کو دیکھا جو دنیا جہاں سے بے خبر پر سکون نیند میں تھی

وہ کافی کا مگ سائیڈ ٹیبل پر رکھنے کے بعد اس کے قریب بیٹھ گیا

آنکھوں کے راستے اس کے من مہنے چہرے کو دل میں اتارا

دلکشش اور جان لیوا مسکراہٹ اس کے عنابی لبوں پر احاطہ کیے ہوئی ی تھی

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

آہستگی سے اس کی چھوٹی سی ناک چھونے کے بعد وہ خود بھی اپنی حرکت پر ملامت کرنے لگا

وہ سندس کی پر سکون نیند خراب نہیں کرنا چاہتا تھا

اس لیے خاموشی سے اٹھ کھڑا ہوا

کافی کا مگ اٹھا کر سامنے رکھے تھری سیٹر صوفے پر بیٹھ گیا

سنہری بال چوڑی پیشانی پر گرے ہوئے تھے

اس کے چہرے پر ایک چمک سی تھی سب کو اپنی جانب کھینچنے والی

شہد رنگ آنکھوں میں سکوت تھا

ماضی

"سندس! دروازا کھولو

وہ تحکم بھرے لہجے میں کہنے لگا

اور اس کی ایک ہی پکار پر دروازا کھل چکا تھا

سامنے آنسوں بہاتی ننھی پری اور زور زور سے رونے لگی

شاہ!۔

تم کہاں تھے؟

وہ اس کا ہاتھ تھام کر سوں سوں کرنے لگی

یہی تھا اپنی دوست کے پاس لیکن پہلے رونا بند کرو جلدی سے

وہ اس کے ننھے ہاتھ سہلا کر نرمی سے بات کر رہا تھا

اس نے بغیر کسی تاخیر کے جلدی جلدی سے اپنے پھولے گال صاف کیے

اب بتاؤ میری پرنسز کو کس نے ڈانٹا ہے


Do not copy or distribute without permission of the author
For More Novel Please Visit Our Website
www.classicurdumaterial.com

وہ ہمہ تن گوش تھا

!تائی امی نے

اس نے آنکھیں ملتے جواب دیا

اچھا ٹھیک ہے ابھی تم رونا بند کرو میں تم سے وعدہ کرتا ہوں میں تمہارا بدلا لوں گا اب سمائل کردو

وہ اس کے سامنے جھک کر بیٹھ گیا

شہزادی مسکرائی آنکھیں بھی مسکرا رہی تھی

حیدر کو یہ منظر دنیا کا خوبصورت ترین لگا

!اب میری بات غور سے سنو

میں جب یہاں سے واپس چلا جاؤں گا تو تم میرے ساتھ چلو گی؟

وہ استفسار کر رہا تھا

ہاں میں اپنے شاہ کے ساتھ چلوں گی لیکن امی ابو بھی ساتھ ہوں گے نا

وہ دلچسپ نگاہوں سے حیدر کی جانب دیکھنے لگی

ان کا نہیں پتا لیکن تم میرے ساتھ ہی چلو گی یہ میرا آخری فیصلا ہے

وہ کھڑا ہو گیا

سندس نے گردن اونچی کر کے اسے دیکھا جو اس کے مقابلے میں کافی بڑا تھا

شاہ! میں امی ابو کو چھوڑ کر نہیں جا سکتی لیکن جب میں بڑی ہو جاؤ ں گی نا تو میں امی ابو کو منا لوں گی پھر وہ بھی میرے ساتھ آئیں گے آپ کے گھر لیکن ابھی تو میں چھوٹی ہوں اور امی ابو مجھ سے پیار بھی کرتے ہیں

ننھی پری نے آنکھیں پٹپٹا کر اپنی مجبوری بیان کی

شاہ بھی اپنی پرنسز سے پیار کرتا ہے اس سے دوستی بھی کر لی اب تو مجھے اکیلا چھوڑ دو گی تم

شاید وہ برا مان گیا تھا۔

لیکن میں آپ کا انتظار کروں گی جب آپ مجھے امی اور ابو کو لینے آئیں گے بہت سالوں بعد

وہ اس کی بات پر دھیان دیے بغیر ہی پر جوش لہجے میں بات کر رہی تھی

حیدر نے اس کے کھلکھلاتے چہرے کو دیکھا تو خاموش ہو گیا

ٹھیک ہے میں اپنی دوست کو بعد میں لے کر جاؤں گا

اس نے مرتا کیا نا کرتا کے مصداق حامی بھر ہی لی تھی

حال

میری پرنسز! امی بابا کے بعد تم ہی حیدر شاہ کی زندگی ہو

وہ سرگوشی میں باتیں کر رہا تھا

ایک بھرپور نگاہ سندس پر ڈالنے کے بعد ایک ہاتھ سر کے نیچے دوسرا سینے پر رکھ کے وہ سو گیا

صبح آنکھ کھولنے کے بعد سندس نے مڑ کر اس کی جانب دیکھا جو گہری نیند میں تھا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

سنہری بال بگڑے ہوئے تھے

اس نے ہاتھ بڑھا کر آہستگی سے اس کے بالوں کو ہٹایا

سرخ و سفید رنگت ہر کسی کو اپنے سحر میں جکڑ سکتی تھی

وہ تو پھر بھی اس کی بیوی تھی

وہ مکمل وجاہت کا شاہکار تھا

حیدر کی آنکھیں لرزی وہ آہستگی سے آنکھیں کھولنے کے بعد سندس کو دلچسپ نگاہوں سے دیکھنے لگا

تو کیا اس کی چوری پکڑی جا چکی تھی

سندس نے دل میں سوچا

اپنے شوہر پر حق جتانے کو چوری نہیں کہتے بیگم صاحبہ وہ شریر انداز میں بولا تو

اس کی آنکھیں پھیلی تو کیا اب وہ اس کی سوچ پڑھنے تک رسائی حاصل کر چکا تھا


Do not copy or distribute without permission of the author
For More Novel Please Visit Our Website
www.classicurdumaterial.com

سندس نے ہاتھ ہٹالیااور جھنپ کر نظریں جھکا گئی

!پرنسز

ادھر دیکھواس میں ایسی تو کوئی حرکت نہیں تھی جس کی وجہ سے تمہیں اپنی آنکھیں جھکانی پڑ جائیں

وہ شرارتی لہجے میں بولا

فرنگی گندالڑکا۔۔۔

وہ بڑبڑائی

حیدر کی زندگی سے بھرپوراور فلک شگاف قہقہہ کمرے میں گونجا

سندس نے خفت مٹانے کے لیے اسے گھورا لیکن

سامنے والا حیدر شاہ تھا

عنابی لبوں پر مخصوص جان لیوا مسکراہٹ رقصاں تھی

یار بلش کرنا بند کرو اب

اس کے سرخ انار جیسے رخسار کو دیکھ کر

وہ سنجیدگی سے گویا ہوا

جب کے سنہری آنکھیں شرارت سموئے ہوئی ی تھیں

عجیب و غریب شوہر ہے میرا

وہ اس پر کشن پھینک کر اٹھ کھڑی ہوئی ی

سرخ ڈریس میں وہ بکھرے بالوں اور سرخ گالوں کے ساتھ اپسرا ہی لگ رہی تھی

حیدر نے کشن سینے پر رکھ کر گہری نگاہوں کے حصار میں لیا

جو ڈریسنگ روم کے اندر گھس گئی تھی

مخصوص سی جان لیوا مسکراہٹ سندس کی کمزوری تھی

وہ تھوڑی دیر مزید اس کی آنکھوں میں دیکھتی تو ضرور مسمرائیز ہو جاتی۔

---

شاہ! میرے بال بنادو گے ؟

وہ اپنے چھوٹے چھوٹے پاؤں میں پائل پہنے بھاگتی ہوئی اس کے پاس آئی

جو محمود صاحب سے فون پر محو گفتگو تھا

حیدر نے اپنے لبوں پر شہادت والی انگلی رکھ کے سندس کو خاموش رہنے کا اشارہ کیا

وہ اب گردن اونچی کیے آنکھیں گول گول کیے اسے فرصت سے دیکھنے لگی

حیدر نے محمود صاحب سے بات کرنے کے بعد کال کاٹ کر سیل جینز کی جیب میں گھسایا

اور گھٹنوں کے بل اس کے سامنے بیٹھ گیا

کیا کام تھا سندس مادام کو مجھ سے ؟

وہ اس کی آنکھوں میں دیکھتے نرمی سے گویا ہوا

امی سب کے لیے کھانا بنا رہی ہیں میرے بال مجھے تنگ کر رہے ہیں تم میرے بال بنا دو گے ؟

وہ اس کے سامنے ہیئر برش اور ہیئر بینڈ آگے کر کے کھڑی ہو گئی

پرنسز بال تو مجھے بھی سنوارنے نہیں آتے

چلو میں تمہیں اپنی موم کے پاس لے کر جاتا ہوں

وہ بنا دیں گی تمہارے بال

اس نے کھڑے ہو کر اسے اپنے ساتھ آنے کا اشارہ کیا

وہ بھی بھی اس کے سنہری بالوں پر نظریں جمائے اس کا ہاتھ تھام کر گھر کے اندرونے حصے کی جانب بڑھی

موم !اس کے بال باندھ دیں آپ

وہ ماں کے سامنے جا کر کھڑا ہوا

صالح نے سوالیہ نگاہوں سے بیٹے کو دیکھا

سندس! آگے آؤ

وہ پیچھے مڑ کر سندس کو صالح بیگم کے سامنے آنے کا کہہ رہا تھا

جب کے وہ اب بھی سیاہ آنکھیں گول گول کر کے حیدر کو دیکھ رہی تھی

سندس! کے بال باندھنے ہیں؟

وہ خوش کن حیرانگی لہجے میں سمو کر بیٹے سے گویا ہوئیں

موم! میرے بال لمبے ہیں کیا؟

وہ چڑ کر بولا

سوری! بوس

صالح بیگم نے مسکراہٹ ضبط کی

آجاؤ شہزادی میں تمہارے بال باندھ دوں

وہ سندس کے سامنے جھک کر کہنے لگیں

سندس نے آہستہ سے سر اثبات میں ہلایا اور ان کے پاس جا کر بیٹھ گئی

اس نے سرسری سی نگاہ سندس پر ڈالی جو بلکل خاموشی سے بیٹھی تھی جب کے وہ صوفے پر جگہ بنا کر بیٹھ گیا

❦ ❦ ❦ ❦ ❦ ❦ ❦ ❦

اپنے وعدے کے مطابق محمود صاحب نے ایک مہینے کے اندر انہیں واپس بلا لیا تھا

اور صالح بیگم نے سندس کا ہاتھ حیدر کے لیے مانگ لیا

وہ اتنی سی عمر میں بھی اپنے بیٹے کی آنکھوں میں سندس کے لیے مخصوص سی چمک بھانپ گئیں تھیں

اور جب انہوں نے محمود صاحب کو آگاہ کیا

تو انہوں نے بھی خوشدلی سے اس رشتے کے لیے حامی بھری

بھابھی! ہماری بیٹی اب آپ کے پاس امانت ہے

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

ہم اسے لینے ضرور آئیں گے

نگار بیگم کا ہاتھ نرمی سے تھام کر صالح بیگم نے کہا

نگار بیگم جزبز کا شکار ہوئیں

کچھ پل خاموشی کی نظر ہو گئے اور نگار بیگم خاموش ہی رہیں

کیا آپ کو اس رشتے پر اعتراض ہے؟

اس دفعہ صالح بیگم نے اپنے خدشے کا اظہار کیا

نہیں صالح! لیکن بچے ابھی چھوٹے ہیں بڑے ہوں گے تو خود فیصلا کر لیں گے

ہمیں ابھی عجلت نہیں دکھانی چاہیے

نگار بیگم نے ان کے ہاتھ کو سہلاتے ہوئے کہا

ٹھیک ہے بھابھی!

مجھے نہیں لگتا کے حیدر سندس پر کسی اور لڑکی کو فوقیت دے گا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

میں اس کی شدت پسندی کو جانتی ہوں

لیکن پھر بھی میں امید کرتی ہوں جب کچھ سالوں میں بعد ہم واپس آئیں گے

تو آپ ہمیں مایوس نہیں کریں گے

وہ اب بھی امید کا دیا روشن کیے نگار بیگم سے مخاطب تھیں

اور بھلا نگار بیگم کو کیا اعتراض ہونا تھا

انہوں نے صالح بیگم کی التجا کو ہنستے ہوئے تسلیم کیا

اور یوں حیدر اپنی پرنسز کو چھوڑ کر لندن واپس چلا گیا

سندس بہت دنوں تک روتی رہی کے اس کا دوست اسے چھوڑ کر کیوں چلا گیا ہے

پھر وہ حیدر سے روز فون پر بات کر لیا کرتی تھی

جس کے بعد دونوں ہی مطمئن ہو جاتے تھے


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

حال

کہاں جارہی ہو؟

اس کا ہاتھ کھینچنے کے بعد وہ محضوظ سی مسکراہٹ لبوں پر سجا کر استفسار کر رہا تھا

آپ پہلے میرا ہاتھ چھوڑیں

وہ دبے دبے غصے میں چلائی

اگر نہیں چھوڑوں پھر؟

وہ چیلنجنگ نظروں سے اسے گھورنے لگا

پھر یہ ہوگا اور کہتے ساتھ ہی اس نے اپنی حرکت پر عمل بھی کیا تھا

اس نے اپنے دانت اس کے بھاری مضبوط ہاتھوں پر گاڑھ دیے

پر یہ کیا ہاتھ چھوڑنا تو دور کی بات

حیدر کے منہ سے سی تک کی آواز نہیں نکلی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

آپ حیوان ہیں کیا؟

وہ حقیقت میں آنکھیں بڑی کر اس سے پوچھ رہی تھی

گویا اسے شبہ سا ہو کے یہ اسکے سامنے بیڈ پر دراز چارمنگ اور مغرور سا انسان حقیقت میں کوئی اور ہی مخلوق ہو

ہو گیا تمہارا؟

یا ابھی اور کوئی بھی حربہ آزمانا ہے

اس نے سندس کو بیڈ پر گراتے ہوئے پوچھا

وہ اس کی بائیں جانب بیڈ پر موجود تھی

جب کے وہ جگر جگر کرتی نگاہوں سے سندس کو دیکھنے لگا

کہنی کے بل اور اس کے مقابل مین دراز تھا

آپ نے میرا ہاتھ کیوں نہیں چھوڑا

اس نے منہ بسورا

!میں یہ ہاتھ زندگی بھر نہیں چھوڑ سکتا سندس حیدر شاہ

تم نے چھوٹی سی کوشش کی ہاتھ چھڑوانے کی وہ میری نظر میں بچگانا حرکت تھی

اور چاہے کوئی میرا سر دھڑ سے الگ کر دے

پھر بھی میں یہ ہاتھ چھوڑنے کی حماقت نہیں کر سکتا

لیکن جس دن میرے وجود میں سے روح قبض ہو جائے

اس دن تم آزاد ہو

پر جب تک حیدر شاہ زندہ ہے وہ سندس حیدر شاہ سے دستبردار ہونے کا سوچ بھی نہیں سکتا

آپ نے اتنے دن تک مجھ سے روڈلی بات کی؟

وہ اس کے سنہری بال جکڑتے ہوئے شکوہ کناں لہجے میں بول رہی تھی

اس کا شکوہ سن کر مخصوص سی جان لیوا مسکراہٹ نے اس کے چہرے لبوں پر احاطہ کیا

پہلی بات تو یہ تم ہی ہر وقت غصے میں رہتی تھی

جس کے جواب میں تھوڑا بہت جزباتی ہو جاتا تھا

کیونکہ میں تمہیں بچپن سے جانتا ہوں

جیسے کچھ بچے پیار کی زبان سمجھتے ہیں

اسی طرح دنیا میں چند بچے میری بیوی کی طرح عقل سے پیدل ہوتے ہیں

جنہیں پیار محبت کی زبان سرے سے سمجھ نہیں آتی

لیکن ڈانٹ ڈپٹ سے وہ سدھر جاتے ہیں

حیدر نے اپنے سنہری بال اس کی گرفت سے آزاد کرتے ہوئے کہا

میں نالائق بچی نہیں تھی کبھی بھی بچپن میں بھی نہیں

وہ اس کے شانے پر ہلکی سی چپت لگا کر مکر گئی

تم بچپن میں کیا کچھ نہیں تھی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اس سب کی ڈیٹیل میں تمہیں کبھی فرصت میں بتاؤں گا

یاتب راض فاش کروں گا جب ہمارے تین چار بچے ہو جائیں گے

وہ اس کی آنکھوں میں اپنی سنہری مسکراتی نگاہیں جما کر معنی خیزی سے بول کر بیڈ سے کھڑا ہو گیا

سندس نے اپنی جھنپ مٹانے کو کشن اس کی پشت پر دے مارا

لیکن وہ اس حملے کے لیے تیار تھا

بغیر گردن گھمائے وہ کشن کو کیچ چکا تھا

کیا تمہارے پیچھے بھی دو آنکھیں ہیں

سندس نے چلا کر پوچھا

لیکن تب تک وہ مسکراتے ہوئے کمرے سے باہر چلا گیا تھا

اس کی بے نیازی پر وہ جل بھن ہی تو گئی تھی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

یہ فرنگی ہوتے ہی بدتمیز ہیں

لو جی پھر سے معصوم فرنگیوں کی شامت آگئی تھی

حیدر کا تکیہ اٹھا کر وہ پھر سے بیڈ پر دراز ہو گئی

لیکن حیدر کے پرفیوم کی مخصوص خوشبو اس کے نتھوں سے ٹکرائی

پیاری سی مسکراہٹ اس کی لبوں جھلک دکھانے کے بعد معدوم بھی ہو گئی تھی

ماضی

وہ اس ننھی سی شہزادی کو بہت سے حسین خواب دکھا کر خود

واپس اپنے ملک چلا گیا تھا

اور وہ گھنٹوں بیٹھ کر اپنے دوست کے لیے روتی رہتی

لیکن اس کا دوست تو ایسے غائب ہوا تھا

جیسے کبھی اس کی زندگی میں آیا ہی نہیں تھا

لیکن اب اس نے اپنے دل اور دماغ کو دوسرے کاموں میں الجھا دیا تھا

کچا دماغ تھا اس لیے

کچھ ہی مہینوں میں وہ اپنی زندگی میں مگن ہو گئی

لیکن اس کا دوست اسے یاد اب بھی تھا

وہ اسے بھول ہی نہیں سکتی تھی

کوئی ایسی کشش تو ضرور اس کے دوست میں تھی

جس کے بعد وہ اس کے کچے دماغ میں بھی کہیں اپنا گھر بنا گیا تھا

احمر صاحب اور نگار بیگم کی موت اس کے لیے کسی المناک سانحے سے کم نہیں تھا

کم عمری میں ہی اتنا بڑا دھچکا برداشت کرنا آسان نہیں ہوتا

اور وہ بھی تب جب ماں باپ جیسے انمول رشتے دائمی جدائی اختیار کر لیں

وہ بھی اپنے باپ اور ماں کی میتیں دیکھ کر روتی تڑپتی رہی

انہیں آنکھیں کھولنے کی منتیں کرتی رہی

لیکن پھر بھی وہ اپنے بابا اور امی کو واپس نہیں بُلا سکی

وہ اسے چھوڑ کر جا چکے تھے

اب وہ ایک بے جان سی زندگی جینے پر مجبور تھی

کتنے ہی گھنٹے وہ ایک ہی زاویے پر گھورتی رہتی

احتشام صاحب کا دل اسے دیکھ کر کٹ رہ جاتا

وہ اپنی بھائی کی آخری نشانی کو ایسے پل پل مرتے نہیں دیکھ سکتے تھے

اس لیے انہوں نے اسے فلحال منظر سے غائب کرنے کا سوچا

وہ اسے لندن بھیجنے کا عہد کر چکے تھے

اس دن بھی وہ لان میں داخل ہوئے تو سندس ملتجے سے کپڑوں میں لان میں رکھی بینچ گم صم سی بیٹھی تھی

کھالی کھالی نگاہوں سے آسمان کو گھورا جا رہا تھا

لان میں موجود مختلف اقسام کے پودے مرجھائے ہوئے تھے

سوگوار سی کیفیت طاری تھی ہر سمت

سورج کی تپش بھی اسے ہوش کی دنیا میں لانے سے قاصر تھی

احتشام صاحب نے اس کی جانب قدم بڑھا دیے

لیکن اس سے پہلے وہ اس کے قریب جا کر اسے گھر کے اندر لے کر جاتے

ان کے سیل پر غیر ملکی نمبر سے کال موصول ہوئی

وہ کال ریسیو کر کے واپس مڑ گئے

اسلام علیکم!

گھمبیر بھاری آواز ان کے کانوں میں گونجی

وعلیکم اسلام کون؟

انہوں نے سوالیہ لہجے میں پوچھا

!حیدر محمود شاہ بات کر رہا ہوں

حیدر نام سن کر احتشام صاحب کے چہرے پر مسکراہٹ ابھری

پورے دس سال بعد محمود شاہ کی فیملی میں سے کسی نے ان سے رابطہ کیا تھا

وہ احمر اور محمود کی آپسی تعلقات سے آگاہ تھے

محمود شاہ کو بھی احتشام صاحب نے ہمیشہ بھائیوں والا پیار اور محبت دی تھی

بیٹے کیسے ہیں آپ؟

اور آپ کے بابا کیسے ہیں؟

انہوں نے خوش دلی سے پوچھا

سب ٹھیک ہیں انکل

اور بابا سے بات کر لیں

حیدر نے سیل محمود صاحب کو پکڑا دیا

محمود صاحب اور احتشام صاحب کے درمیان بہت اچھے ماحول میں گفتگو ہوتی رہی

جس کے بعد انہوں نے احمر صاحب اور ان کی اہلیہ کی موت کی اطلاع محمود صاحب کو دی

کچھ لمحے خاموشی کی نظر ہو گئے

محمود صاحب سکتے میں تھے

لیکن پھر انہوں نے اپنی امانت یعنی کے سندس کی ذمے داری اٹھانے کی گزارش کی

احتشام صاحب کو بھلا کیا اعتراض ہونا تھا

انہوں نے محمود صاحب کو ہاں میں جواب دیا

لیکن فلحال وہ صرف سندس کو پڑھائی کے لیے بھیجنا چاہتے تھے

اس لیے انہوں نے دو دن بعد ہی سندس کو لندن بھیجنے کا فیصلا کیا

اور یوں سندس بغیر کسی چوں چاں کے لندن روانہ ہو گئی

جب احتشام نے اس کے سامنے اپنی خواہش کا اظہار کیا تھا

کے وہ اس کو اعلیٰ تعلیم حاصل کرنے کے لیے مشہور معروف یونیورسٹی بھیجنا چاہتے ہیں تو

وہ صرف

'لندن'

لفظ کو سرگوشی نما آواز میں بڑبڑا کر رہ گئی

اور یوں وہ کچھ ہی دنوں دیار غیر روانہ ہو گئی

اس نے زندگی میں کبھی اپنے شہر سے باہر قدم نہیں رکھا تھا

اور اب وہ تنہا ہی ایک انجان ملک جا رہی تھی

احتشام صاحب نے اسے محمود صاحب کا نمبر دے دیا تھا

محمود صاحب بھی مسلسل اس کے ساتھ رابطے میں تھے

محمود شاہ سے جب اس نے پہلی بار کال پر بات کی تھی

تو وہ اپنے اندر کا سارا غبار ایک کال پر نکال دینا چاہتی تھی

وہ جانتی تھی محمود صاحب اس کے بابا کے بیسٹ فرینڈ تھے

اس کے بابا ہر روز اپنی دوستی کا کوئی نا کوئی قصہ اسے سناتے رہتے تھے

محمود صاحب حیدر شاہ کا والد بھی تھا

شاید اس بڑی اصلیت اور حقیقت کو وہ جھٹلا رہی تھی

یا پھر اس پہلو پر وہ سوچنا ہی نہیں چاہتی تھی

اس کے دماغ کی اسکرین پر دھندلا سا عکس تھا حیدر شاہ کا

لیکن وہ ان سب سوچوں سے خود کو آزاد کرتی

لندن پہنچ گئی تھی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

لندن ایئرپورٹ پر محمود صاحب اور صالح بیگم نے اس کا استقبال بہت گرم جوشی سے کیا

ان کی بے لوث محبت دیکھ کر رو دی

صالح بیگم کے گلے سے لگ کر وہ اپنا ضبط توڑ چکی تھی

محمود صاحب اس کے سر پر نرمی سے ہاتھ پھیر رہے تھے

گویا وہ اسے یقین دلانا چاہتے تھے کے وہ ہیں اس کے ساتھ

اور صالح بیگم اسے اپنے حصار میں لے کر شاہ مینشن روانہ ہو گئیں

شاہ مینشن پہنچتے ہی اس کا دل عجیب ہی انداز میں دھڑکنے لگا

ایک عجیب سا خوف اس کی آنکھوں میں لہرایا

پر کچھ بھی تو نہیں تھا وہاں

یہاں تک کے وہ ہستی بھی نہیں تھی

جس کی وجہ سے


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

جس کی کشش لاشعوری طور پر اسے یہاں تک کھینچ لائی تھی

دن ہفتے یہاں تک کے مہینے گزر گئے

پر وہ اس کے سامنے ایک بار بھی نہیں آیا

سندس نے یونی جانا شروع کر دیا تھا

محمود صاحب اور صالح بیگم نے اسے کسی چیز کی کمی محسوس نہیں ہونے دی تھی

وہ ہر طرح سے اس کا خیال رکھ رہے تھے

دن میں ایک دو بار وہ احتشام صاحب سے لازمی فون پر بات کر لیتی تھی

زندگی ایک ڈگر پر چل پڑی تھی

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

ہانگ کانگ سے واپسی کے بعد اسے اطلاع مل گئی تھی

کے سندس پاکستان سے لندن پہنچ گئی ہے

اور اسی کے گھر میں رہائش پزیر ہے

اب بھی وہ تھکا ہارا اپنے گھر پہنچا تھا

اس نے اپنا الگ گھر بھی تعمیر کروالیا تھا

جب محمود صاحب کی کال اسے موصول ہوئی ی

سلام دعا کے بعد محمود صاحب نے مدعے پر بات کی

شاہ! تم گھر کیوں نہیں آرہے

عمیر نے تو رات ہی کہہ دیا تھا تم گھر آرہے ہو

تمہاری موم ویٹ کرتی رہیں لیکن تم پھر بھی نہیں آئے

وہ اس کی حرکت سے نالاں نظر آرہے تھے

بابا! بہت تھک گیا تھا

لیٹ نائٹ ہی واپسی ہوئی

معذرت خواں ہوں

ان شاءاللہ بہت جلد ملاقات ہو گی

وہ بھی کھسیا کر بولا

دیکھتے ہیں برخودار

تمہارے یہ وعدے کبھی تو وفا ہوں گے

وہ شائرانہ لہجے میں بولے

تو پل بھر کو اس کی سنہری آنکھیں مسکرائی

سفید ٹی شرٹ بلو جینز اور بلیک جیکٹ میں وہ ڈیسنٹ لگ رہا تھا

لیزا کیسی ہے؟

اس کے ساتھ الجھتے تو نہیں ہو؟

محمود صاحب نے شرارتی لہجے میں پوچھا

!توبہ کریں بابا

آپ کی بیٹی نے لوہے کے چنے چبائے ہیں مجھے

اور آپ ہیں کے بیٹی کی ہی فکر میں ہلکان ہو رہے ہیں

وہ شکوہ کنان تھا

عمیر سے آپ سارا انٹریو لے لینا

وہ بھی جانتا ہے آپ کی بیٹی کے کرتوت

وہ اکتا کر گویا ہوا

یار مزاق کر رہا تھا

محمود صاحب نے مسکراتے لہجے میں کہا

خیر میری دوسری بیٹی بھی آگئی ہے

اس کے بارے میں کیا رائے ہے تمہاری؟

وہ سنجیدگی سے پوچھنے لگے

محمود صاحب کی دوسری بیٹی کے ذکر پر اس کا دل پل بھر کو رکا

سانسیں تک چلنے سے انکاری ہونے لگیں

لیکن ایک طویل گہرا سانس کھینچنے کے بعد وہ گویا ہوا

آپ کی بیٹی ہونے کے ساتھ ساتھ وہ میری امانت بھی ہے بابا!

اس کے لہجے میں ایک عجیب سی سرگوشی تھی

بلکل اور تمہاری امانت کو کوئی نقصان نہیں پہنچایا گیا

تمہارے حکم پر ہم نے اسے لندن میں بُلا لیا ہے

لیکن تم خود کب اس کے سامنے آؤ گے؟

انہوں نے اب اسے مشکل میں ڈالنے کی کوشش کی

بہت جلد بابا!


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

مختصر جوابی کاروائی کی گئی اور جس کے بعد وہ چند اور باتوں کے بات رابطہ منقطع کر گیا

✿ ✿ ✿ ✿ ✿ ✿ ✿ ✿

عباد! لیزا نظر نہیں آئی صبح سے؟

عمیر نے اسے کھوجتی نگاہوں سے دیکھتے ہوئے پوچھا

جو لیپ ٹاپ پر آفس کے اہم ای میلز چیک کر رہا تھا

آفس کا زیادہ تر کام اب عمیر اور عباد ہی نمٹا لیتے تھے

اب بھی وہ کام میں غرک تھا

جب عمیر کی پرسوچ آواز اس کی سماعتوں سے ٹکرائی

مجھے کیا پتا

ہو گی یہیں کہیں

عباد نے بے نیازی سے کہا

تمہیں کوئی فرق نہیں پڑتا لیزا کے ہونے یا نا ہونے سے

عمیر نے استہزائیہ لہجے میں کہا

مجھے کیوں فرق پڑنے لگا

اس کے ہونے یا ہونے سے؟

میرا کام صرف حیدر سر کے آفس اور ان کی ذات تک محدود ہے بس

عناد نے لیپ ٹاک سے نگاہیں ہٹا کر عمیر کو تفاخر زدہ انداز میں جواب دیا

تھپڑ نے شاید کچھ زیادہ ہی تمہیں دل برداشتہ کر دیا ہے

میں سمجھ سکتا ہوں

عمیر نے سامنے رکھی چیئر پر جگہ بناتے ہوئے کہا

لیزا نے عباد کو جو تھپڑ جڑ دیا تھا

عمیر اس واقعے کا ذکر کر رہا تھا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

تمہیں کوئی حق نہیں ہے

!! میری زندگی میں دخل اندازی کرنے کا عمیر صاحب

عباد نے غرا کر اسے باور کروایا

تم بکواس بند کرواپنی

ورنہ ابھی منہ توڑ دوں گا تمہارا

عمیر نے دھیمے مگر سخت اواز میں کہا

بے شک توڑ دو منہ، ہاتھ، ناک سب کچھ حاضر ہے

لیکن اس لڑکی کا نام آئندہ میرے سامنے نہیں لینا

میری التجا سمجھ لو اسے

عباد نے سنجیدگی سے کہا

تو کیا تم اس لڑکی کی محبت سے دستبدار ہو رہے ہو

پھر تو اچھی خبر ہے میرا راستہ کلیئر ہے ؟

عمیر نے مصنوعی خباثت زدہ لہجے میں کہا

! کمینے انسان

اس کا صرف کہنا تھا

عباد نے اٹھتے ساتھ ہی اس کے منہ پر زوردار مکا جڑ دیا

بجائے اس کے وہ بھی جوابی کاروائی کرتا

عباد کو دیکھ کر وہ مسکرا رہا تھا

تمہارے اندر کی غیرت کو تھپک تھپک سولا دو

کیونکہ آج میں نے صرف یہ ذکر چھیڑا ہے تو تم آگ بگولا ہو رہے ہو

کل کو توحید راس کی شادی کسی سے بھی کروادے گا

تب کیا کرو گے ؟


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اب ہر لڑکا تو تم جیسے کمینے انسان کا دوست نہیں ہو گا

جو مکے کھا کر جی بسم اللہ کر کے چلتا بنے

عمیر نے اسے مسخرائے انداز میں کہا

لیکن یار وہ مجھے پسند نہیں کرتی

عباد نے اب بیچارگی سے کہا

ایک بار حیدر شاہ کے ترلے کر لو

اسے اپنی صلاحتوں سے متاثر کرنے کی کوشش کرو

ہو سکتا ہے آگے چل کر وہ تمہیں اس لائق سمجھ کے

اس چڑیل کا ہاتھ تمہارے ہاتھ میں خود ہی تھما دے

عمیر نے کندھے اچکا کر کہا

!ٹھیک کہہ رہے ہو تم

میں سر سے بات کروں گا اس معاملے پر

اس نے بھی یکایک حامی بھر لی

عمیر نے چائے کا مگ لبوں سے لگاتے محض سر ہلا دیا

---

صبح عباد نے بہت دیر تک لیزا کے کمرے سے باہر آنے کا انتظار کیا

لیکن وہ گیارہ بجے تک کمرے میں ہی بند رہی

تو اسے تشویش ہونے لگی

وہ اس کے کمرے کی جانب بڑھا

تین چار بار گلاس ڈور ناک کرنے کے باوجود لیزا کی کوئی آواز اسے موصول نہیں ہوئی تو

وہ گھبرایا

اور اسٹور روم سے کیز لے کر آیا

عجلت میں اس نے ڈور کا لاک کھولا

اور کمرے میں دایاں قدم رکھا

کمرے کی ابتر حالت دیکھ کر وہ بھونچال رہ گیا

وہ زمین بوس تھی

اس کی نازک کلائی سے متواتر خون رواں تھا

عباد کو اپنا وجود طوفان کی زد دھنستے محسوس ہوا

وہ اس کی جانب لپکا

!!الیزا

اس نے چیخ کر اسے پکارا

جو دنیا جہاں سے بے خبر بے ہوشی کی حالت میں تھی

میں تمہیں کچھ نہیں ہونے دوں گا

اس کے ہاتھ کانپنے لگے

وہ لمبا چوڑا مرد اس وقت چھوٹا بچہ لگ رہا تھا

روتا تڑپتا اپنی محبت سے آنکھیں کھولنے کی فریاد کرتا

اور جب اس کا دماغ کام کرنے لگا

تو اس نے اپنے آنسوں صاف کیے

اور اس کا بے ہوش وجود اپنی ہاتھوں میں اٹھائے کمرے سے باہر بھاگا

لیزا کی کلائی پر گہرہ زخم تھا

بلیڈنگ رکنے کا نام نہیں لے رہی تھی

عمیر نے عباد کی پشت دیکھی تو وہ بھی اس کی جانت لپکا

عباد!

کیا ہوا کون ہے یہ؟

عمیر نے اس سے بے چینی سے پوچھا

کیونکہ وہ لیزا کو نہیں دیکھ سکا تھا

عمیر

جلدی سے گاڑی لے کر آؤ

عباد نے گردن گما کر کہا

اس کی آنکھوں میں سے آنسوں متواتر رواں تھے

عمیر نے اسے دیکھا تو اسے اپنی آنکھوں کا دھوکا لگا

عباد تو آج کسی اور ہی انداز اور حالت میں اس کے سامنے موجود تھا

لیکن فلحال وہ بھی ہڑ بڑا کر پارکنگ کی جانب بڑھا

گاڑی کو اس نے عباد کے قدموں میں روک دیا

وہ پاگلوں کی طرح اسے اٹھائے بیک سیٹ پر ٹک گیا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

حیدر کو معلوم ہے اس سب کا؟

وہ استفسار کر رہا تھا

نہیں مجھے نہیں پتا

لیکن عمیر جلدی چلو پلیز اس کا خون مسلسل بہے رہا ہے

وہ دھاڑا

تو عمیر نے جلدی گاڑی اسٹارٹ کی اور ہاسپٹل کے راستے پر گاڑی کو ڈال دیا

ماضی

لندن میں ایک دلکش سی شام غائب ہو جانے کو تھی

ہر طرف ایک افراتفری سی تھی

اس بیچ ایک نو سالہ بچی اس کے پاس تم مجھے اپنا سیل فون دے سکتے ہو؟


Do not copy or distribute without permission of the author
For More Novel Please Visit Our Website
www.classicurdumaterial.com

وہ بچی متلجی لہجے میں گویا ہوئی ی

اس کی گرے آنکھوں میں التجا سی تھی

بھوری آنکھوں والے بچے نے اس کی گرے آنکھوں کو گھورا

اور نفی میں سر ہلا کر اس بچی کو ہاتھ کے اشارے سے وہاں سے چلے جانے کا کہا

جب کے ان دونوں کے ماں باپ آپس میں خوش گپیوں میں مصروف تھے

پلیز!

گرے آنکھوں والی ضدی بچی نے اس کی شرٹ کھینچتے ہوئے کہا

حیدر اب اس کی بچکانی حرکتوں سے اکتا گیا تھا

اس لیے واپس اپنے گھر کے اندورنے حصے کی جانب بڑھ گیا

وہ ننھی سی شرارتی بچی بھی

اس کے پیچھے ہی گھر کے اندورنے حصے کی جانب بڑھی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اس نے حیدر کو سیڑھیاں عبور کرتے دیکھا

تو خود بھی سیڑھیوں کی جانب بڑھی

!حیدر

اس بچی کے لہجے میں التجا تھی

وہ اس کا پیچھا کرتے اس کے کمرے تک پہنچ گئی

پر کمرے کا ڈور لاک تھا

وہ اس ڈور کو ناک کرتی رہی اپنے چھوٹے ہاتھوں سے

پر جواب ندارد

آخر کار وہ اپنی گرے آنکھوں میں خفگی اور ہلکی سی نمی لیے وہاں سے چلی گئی

وقت گزرتا گیا

دن ماہ و سال سرکتے چلے گئے


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

وہ دونوں اب بڑے ہو رہے تھے

لیزا نے جب سے ہوش سنبھالا تھا وہ حیدر کے آگے پیچھے گھومتی نظر آتی تھی

حیدر اس کو بے حد عزیز تھا

یہاں تک کے وہ صرف حیدر کی وجہ سے ہر سال پڑھائی میں کم نمبرز سے پاس ہوتی تھی

کیونکہ اس کا تو پورا دھیان حیدر کی شخصیت پر مرکوز ہوتا تھا

پھر حیدر کو اچانک لندن سے پاکستان کے لیے جانا تھا

وہ اس دن بہت روئی تھی

اس نے اپنے ڈیڈ سے منتیں بھی کی

کے اسے بھی حیدر کے ساتھ پاکستان جانا ہے

پر اس کے ڈیڈ نے اسے نرمی سے سمجھا بجھا کر راضی کر ہی لیا

کے وہ پاکستان نہیں جا سکتی

اور ساتھ ہی

یہ بھی یقین دہانی کروائی کے حیدر بہت جلد واپس لندن آجائے گا

پھر وہ دن بھی آگیا

جس دن وہ پاکستان چلا گیا تھا

اس کے بعد سے وہ خاموش ہو گئی تھی

دل کرتا تو بول لیتی دل کرتا تو ہنستی

ورنہ

پورا پورا دن ایک ہی زاویے میں دیکھتے ہی گزار دیتی

وہ دن رات ایک ہی دعا کرتی تھی کے حیدر واپس آجائے

عجیب سی بات تھی

وہ اتنے سالوں میں کبھی اس سے سیدھے منہ بات کرنا گوارا نہیں کرتا تھا

اور ایک وہ پاگل سی لڑکی تھی

جو اس کی ڈانٹ ڈپٹ کو بھی ہنسی خوشی وصول کرتی تھی

پھر اس کی زندگی میں خوشی کی رمق تب ابھری جب محمود صاحب نے اسے اطلاع دی کے

حیدر اور صالح بیگم واپس لندن آرہے ہیں

اس دن وہ بہت خوش تھی

اس کی خوشی آنکھوں میں بھی جھلک رہی تھی

چہرہ تھا کے دمک رہا تھا

وہ جب واپس آیا تو ایئر پورٹ پر محمود صاحب اور اپنے ڈیڈ کے ساتھ وہ بھی انہیں ریسیو کرنے گئی

اس امید کے ساتھ کے اب تو وہ مغرور سالڑ کا اسے دیکھ کر خوش ہو گا

لیکن وہ خوش کیوں ہوتا؟

ایسا بھی کیا تبدیل ہوا تھا ان کی زندگی میں کے وہ پاکستان سے واپس آنے کے بعد لیزا کو دیکھ کر خوش دلی سی مسکراتا

سب کے ساتھ گرم جوشی سے ملنے کے بعد وہ لیزا کے سامنے گیا

لیزا نے پر جوش انداز میں اس کا ہاتھ تھام لیا

جس پر ایک غلط نظر اس نے لیزا پر ڈالی پر

وہ اس کے تاثرات کب دیکھ رہی تھی وہ تو بس اس کی موجودگی کو محسوس کر رہی تھی

حیدر نے ہلکا سا اپنے ہاتھ کو کھینچا جس کے بعد وہ ہوش کی دنیا میں آئی

لیکن اگلے ہی لمحے وہ سب شاہ منشن روانہ ہو گئے

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

ماضی

یونی سے واپسی پر اس نے بے خیالی میں گھر کے اندرونے حصے کی جانب قدم بڑھائے

دو ماہ ہو گئے تھے اسے لندن شفٹ ہوئے

پر صد شکران دو ماہ میں اس علیشان محل میں وہ محمود صاحب اور صالح بیگم کے ساتھ تنہا ہی رہتی تھی

وہ ہوگا اپنی کسی گرل فرینڈ کے ساتھ تبھی تو موصوف دو ماہ سے اپنے والدین سے ملنے تک نہیں آئے

یہ بات اس نے تلخی سے سوچی اور خود اپنے کمرے کی جانب بڑھی حیدر کو لے کر وہ کافی حساس ہو گئی تھی

وہ محل جتنا باہر سے شاہانہ تھا

اندر سے اتنا ہی مسمرائیز ہو جانے کا منظر پیش کرتا تھا

دوپہر کا کھانا اس نے کمرے میں ہی کھا لیا تھا

جب صالحہ بیگم اس کے پاس آ گئیں

آنٹی!

اندر آئیں نا

وہ خوش دلی سے گویا ہوئی ی

کیسی ہیں آپ؟

صالحہ بیگم نے بیڈ پر جگہ بناتے ہوئے اس سے پوچھا

میں ٹھیک آپ سنائیں

کوئی کام تھا

وہ اپنے نوٹس ایک جانب سمیٹ کر رکھتی ان کے پاس بیٹھ گئی

آج حیدر واپس آ رہا ہے

جب سے تم یہاں آئی ہو تمہاری ملاقات نہیں ہو سکی اس سے


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

کیونکہ وہ بھی اپنے بابا کی طرح ایک ہی فارمولے پر چلتا ہے

!کام کام اور بس کام

صالحہ بیگم نے مصنوعی بیچارگی سے کہا

توپل بھر کو اس کے پنکھڑی جیسے لب مسکرا اٹھے

لیکن آج وہ واپس آرہا ہے

یہ دن ہمارے لیے عید جیسا ہوتا ہے

جب وہ کچھ ماہ کے لیے ہی سہی

لیکن گھر واپس لوٹتا ہے

اور تب اس کے بابا اور میں بہت سی تیاریاں کرتے ہیں اس کے استقبال کی

آجاؤ آج تم بھی میرے ساتھ دیکھ لو سب

انہوں نے اس کے گال سہلا کر کہا تو گڑبڑا کر اپنی جگہ سے کھڑی ہو گئی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

جب سے صالح بیگم نے اسے بتایا تھا کے حیدر واپس آرہا ہے

اس کا دل پسلیاں توڑ کر باہر آنے کو تھا

پر پھر بھی وہ صالح بیگم کو انکار کر کے ہرٹ نہیں کرنا چاہتی تھی

اس لیے ان کے ساتھ ہی نیچے لاؤنج میں آ گئی

ہر طرف اس محل میں افرا تفری کا سا سماء تھا

گھر کی صفائی

میں سارے ملازمین ہی غرک تھے

حیدر نفاست پسند لڑکا ہے

اگر گھر میں کہیں بھی اسے دھول نظر آئی تو ملازمین کے ساتھ ساتھ میری بھی شامت آئے گی

صالح بیگم نے مسکرا کر کہا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

بیٹے کے لیے ان کی آواز میں جھلکتی محبت سندس سے ڈھکی چھپی نا تھی

!آنٹی اگر آپ برا نہیں مانیں تو کیا میں ان سے کل مل سکتی ہوں پلیز

اس نے ملتجی لہجے میں کہا تو صالح بیگم نے بغور اس کا چہرہ جانچا پھر ہلکی سی مسکراہٹ لبوں پر سجا کر اسے جانے کا اشارہ کیا تو وہ مسرور سی واپس اپنے کمرے کی جانب بڑھ گئی

ماضی

رات کے نو بجے اس نے اپنے گھر میں قدم رکھا

رعب، دبدبا، سنجیدگی اور سپاٹ آنکھیں اس کی شخصیت کا اہم پہلو تھے

!اسلام علیکم موم اینڈ بابا

ایک ہاتھ میں جیکٹ دوسرے ہاتھ میں سیل فون لیے وہ ان کی جانب بڑھا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

ایک درمیانی عمر کا ملازم ہانپتا ہوا آیا اور اس کے ہاتھ سے جیکٹ لے کر مودب انداز میں ایک جانب کھڑا ہو گیا

اس کی صورت ایسی تھی کے بار بار نظر اتارنے کا دل کرے

صالح بیگم نم آنکھوں سے اس کے گلے لگ گئیں

جب کے محمود صاحب فخر یہ انداز میں اپنے خوبرو اور وجیہہ بیٹے کو دیکھ رہے تھے

اسلام علیکم بابا!

وہ مودب انداز میں ان کے سامنے سر جھکا کر کھڑا ہو گیا

محمود صاحب گرم جوشی سے اس سے بغلگیر ہوئے

جس کے بعد سب ہی لاؤنج کی طرف چل دیئے

محمود صاحب کو ضروری کال موصول ہوئی تو وہ اٹھ کر چلے گئے

حیدر! کیا ہوا پریشان لگ رہے ہو؟

صالح بیگم نے بیٹے کے پر سوچ چہرے پر نگاہیں گاڑھتے کہا

!سب ٹھیک ہے موم

وہ دھیمے لہجے میں بولا

میرا خیال ہے تم تھک گئے ہو

آرام کر لو کل باقی باتیں ہوتی رہیں گی

صالح بیگم نے اس کی پیشانی چوم کر کہا

تو اس کے عنابی ہونٹ مسکرا اٹھے

!موم سب ٹھیک ہے

آپ فکر مند نہیں ہوں

ان کی گود میں سر رکھنے کے بعد وہ آنکھیں بند کر گیا

اس کی بھاری گھمبیر آواز میں ایک عجیب سی کشش تھی

کسی کو بھی اپنے سحر میں جکڑنے والی

اتنا عرصے تمہیں یہ لاڈ یاد نہیں ہوتے سال میں کوئی تین سے چار بار گھر آتے ہو

اور اس میں بھی گنے چنے دن ہی رہ کر واپس چلے جاتے ہو

صالحہ بیگم نے دل کی بھڑاس نکالی

موم! آپ کی شکایتیں کب ختم ہوں گی؟

سنہری آنکھیں پھر سے کھلی

اور آنکھوں میں ماں کے لیے ڈھیر ساری محبت موجزن تھی

صالحہ بیگم کی قل کائنات وہی تھا

ان کا بس نہیں چلتا تھا کے وہ اپنے بیٹے کو کہیں چھپا دیں

انہیں آنے والے وقت سے خوف آتا تھا

وہ ہر پل ہر لمحا خوف زدہ رہتی تھیں

لیکن ان کی بات محمود صاحب نے بھی نہیں سمجھی تھی

اور نا ہی حیدر ان کی کسی ڈانٹ ڈپٹ کو سیریس لیتا تھا

موم!

کہاں کھو گئیں آپ؟

ان کے ہاتھ پر بوسہ دے کر اس نے صالح بیگم کو متوجہ کرنا چاہا

اپنے بیٹے کو اتنے عرصے بعد دیکھا ہے نا تو دل نہیں بھر رہا

اس کی صورت دیکھ کر

صالح بیگم نے اس کی آنکھوں پر لب رکھتے ہوئے بھیگے لہجے میں کہا

موم! آپ رو رہی ہیں؟

وہ بند آنکھوں سمیت ہی خفگی سے بولا

نہیں رو رہی بابا!

انہوں نے اس کے سنہرے بال بگاڑ کر کہا

مطلبی دنیاماں سے ملنے کے بعد تو

باپ کو لوگ بھول ہی جاتے ہیں

محمود صاحب نے مصنوئی ناراضگی سے کہا

اور سامنے رکھے صوفے پر بیٹھ گئے

بابا! میری موم زیادہ آپ کو ہی وقت دیتی ہیں میں نے کبھی شکایت کی ؟

گردن گھما کر اس نے شوخ لہجے میں پوچھا

تو محمود صاحب کا قہقہہ فلک شگاف تھا

جب کے صالح بیگم نے جھنپ کر اپنے بیٹے کو گھورا

موم گھورنا بند کریں سچ ہی کہہ رہا ہوں

آپ نے میری ماں پر جادو ٹونا کیا تھا؟


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

وہ شریر لہجے میں گویا تھا

یہ کہہ کر اس نے پھر سے آنکھیں بند کر لیں

صالح بیگم! بیٹے کا اشارہ سمجھ رہی ہیں آپ؟

لگتا ہے ان کی مصروفیت کا بھی سامان کر دینا چاہیے مستقبل قریب کی بہو بھی گھر میں ہی

موجود ہے نکاح کے دو بول پڑھا ہی دیتے ہیں

پھر شاید آپ کے لاڈلے کے دکھ درد کم ہوں

وہ صالح بیگم کو دیکھ کر شرارتی لہجے میں کہہ رہے تھے

وہ ایسے بنا رہا جیسے وہاں موجود ہی نا ہو

لیکن پل بھر کو اس کا دل رک سا گیا

پر وہ ماہر تھا تاثرات چھپانے میں تو لاتعلق ہی بنا رہا

ٹھیک کہہ رہے ہیں محمود صاحب!


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

کیوں حیدر؟

انہوں نے اس کے بالوں میں ہاتھ چلاتے ہوئے کہا

فلحال تو اپنی لاڈلی سے کہیں مجھ سے سلام دعا ہی کر لے

کسی اور رشتے سے نا ہی سہی

لیکن انکل آنٹی کے بیٹے کی حثیت سے مل لے

وہ سپاٹ لہجے میں بولا

تو صالح بیگم نے حیرانگی سے بیٹے کو دیکھا

جو اپنی عادت کے بر خلاف جا کر سندس سے ملنے کی خواہش ظاہر کر رہا تھا

کل اس کے کالج میں فنگشن ہے

اس لیے وہ آرام کرنے کی غرض سے چلی گئی تھی

کل صبح میں اس کی تم سے ملاقات کروا دوں گی

صالح بیگم نے اس تحمل سے جواب کہا

تب تک وہ اٹھ کھڑا ہوا

موم! کل میں خود ہی اس سے اچھی طرح سلام دعا کر لوں گا

اس نے مسکرا کر کہا

اس کی مسکراہٹ عجیب سی لگی صالح بیگم کو

حیدر کیا وہ تمہیں پہچان لے گی؟

مطلب ہم جب پاکستان گئے تھے

تب وہ چھوٹی سی تھی

صالح بیگم نے سنجیدگی سے پوچھا

موم! وہ مجھے ہزاروں میں پہچان لے گی

یقین رکھیں آہ

اوراب آپ لوگ بھی سو جائیں

مجھے بھی شدید نیند آرہی ہے

شب خیز!

اس نے صالح بیگم اور محمود صاحب سے کہا اور سیڑھیاں چڑھنے لگا

صالح بیگم وہ میرا بیٹا ہے

اس کی ذات کو لے کر خود کو زیادہ ہلکان نہیں کریں

وہ سب بھی اچھے سے جانتا ہے

اسے کب کیا کرنا ہے

اوراب آپ بھی چلیں تھک گیا ہوں میں بھی بہت

انہوں نے کہا تو وہ بھی سر ہلا کر ان کے ساتھ ہی آگے بڑھ گئیں


Do not copy or distribute without permission of the author
For More Novel Please Visit Our Website
www.classicurdumaterial.com

حال

کہاں؟

اس کا مرمری ہاتھ تھام کر وہ معنی خیزی سے اسے دیکھنے لگا

ناشتہ نہیں کرنا آپ کو؟

سندس نے منہ بنا کر پوچھا

تم ناشتہ بنانے جا رہی ہو؟

وہ حیران ہوا

اب اس سوال کا مطلب؟

اس نے عاجز آ کر پوچھا

مطلب یہ کے تم کھانا بھی بنا لیتی ہو؟

اس کا لہجہ ہرگز تمسخرانہ نہیں تھا

لیکن سندس نے آنکھیں سکیڑ کر پھر بھی اسے گھورا

جو بیڈ پر دراز تھا

سفید ٹی شرٹ اور بلو جینز میں ملبوس وہ ڈیشنگ لگ رہا تھا

جب کے سندس سرخ رنگ کے نفیس سے ڈریس میں پری پیکر لگ رہی تھی

میں بہت اچھا کھانا بنا لیتی ہوں

اس نے اپنی تیئں میں اس کی نالج میں اضافہ کیا

پرنس کے ہوتے اگر پرنسز کھانا بنائے گی تو کچھ عجیب سا نہیں لگے گا

بیڈ سے کھڑا ہونے کے بعد اس کے قریب آ کر اس نے سنجیدگی سے کہا

سندس کی آنکھیں پھیلی

آپ میرے ہاتھ سے بنا کھانا نہیں کھانا چاہتے نا

اس نے مشوک نگاہوں سے اس کو گھورا

پرنسز کبھی تو میری نیک نعیتی پر شک کرنے کے بجائے ٹھنڈے دماغ سے سوچا کرو

شاید وہ برا مان گیا تھا

اس لیے سندس کی گرفت سے ہاتھ کو آزاد کرتا

روم سے ہی باہر نکل گیا

سندس نے خود کو کوسا

اور اس کی جانب لپکی

ماضی

فنگشن شروع ہو چکا تھا

ہر طرف گلیمر تھا

بھانت بھانت کے لوگ اس کے آس پاس موجود تھے


Do not copy or distribute without permission of the author
For More Novel Please Visit Our Website
www.classicurdumaterial.com

ہر کوئی دوسرے سے زیادہ حسین اور بہتر لگنے میں سر دھڑ ایک کرنے کی کوشش میں تھا

اس سارے ماحول کو پرکھتے

وہ جا کر کونے میں رکھی چیئرز میں سے ایک چیئر پر ٹک گئی

صبح سے وہ کسی چیف گیسٹ کی شان میں قصیدے میں سن سن کر اب اکتا گئی تھی

اس کی ایک ہی فرینڈ تھی

پورے کالج میں اور اس کا نام حنین تھا

حنین کا تعلق ہانگ کانگ سے تھا

وہ بھی اسٹڈی کی وجہ سے لندن میں مقیم تھی

پارٹی اب اپنے عروج پر تھی

وہ پاگل سی شہزادی تھوڑی کے نیچے ہاتھ رکھے سب کو بے زاری سے دیکھنے میں مصروف تھی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

جب ہر طرف سے چیف گیسٹ کے پہنچ جانے کا شور سا برپا ہوا

باقی لڑکیوں کی طرح وہ چیف گیسٹ کی ایک جھلک دیکھنے کے لیے کسی کو دھکے نہیں دے رہی تھی

ناہی اسے چیف گیسٹ کو دیکھنے کا شوق تھا

حنین نے اسے اپنے ساتھ آنے کا کہا تو اس نے حنین کو بھی سختی سے جھڑک دیا

۔وہ بیچاری منہ بنا کر چلی گئی

انجان ہستی اب غیر معمولی سکیورٹی کے حصار میں اپنی جگہ پر جا کر بیٹھ گئی تھی

!ایچ۔ایس

بہت سی لڑکیاں اس خاص ہستی کو اس نام سے مخاطب کر رہی تھیں

اس نے ناگوار سی نگاہ سب پر ڈالی

وہ لڑکیاں تو کسی اور ہی جہاں میں تھیں


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اس کی صبر کا پیمانہ لبریز ہوا

سیل فون پرس سے نکال کر وہ چیئر دھکیل کر کھڑی ہو گئی

اور ان لڑکیوں کی جھرمٹ سے گزر کر آگے بڑھنے لگی

وہ کسی کو دھکے دینے سے گریز کرتی بی زاری سے آگے بڑھنے لگی

یہاں تک کے اس بے مثال اور چارمنگ سے چیف گیسٹ نے ایک بھرپور نگاہ اس کے غصے اور سرخ چہرے کو دیکھا

شہزادہ مسکرایا

لڑکیوں نے پھر سے حال میں ایک شور سا برپا کیا

اس شور شرابے سے نکل کر وہ سندس کے پیچھے لپکا

اور اس کے سامنے جا کر وہ کھڑا ہو گیا

سندس اگر بڑھتے قدم نہیں روکتی

تو دونوں کا تصادم ضرور ہو جاتا

آپ؟

آنکھوں میں الجھن در آئی

کہاں جا رہی ہو؟

ادھر ادھر نگاہ دوڑانے کے بعد وہ مخصوص سخت گیر لہجے میں پوچھ رہا تھا

آپ ہیں کون؟

سیاہ پر کشش آنکھیں سپاٹ تھیں

انسان ہوں "آپ کو کوئی اور مخلوق لگ رہا ہوں"؟"

لیکن خیر چلیں گاڑی میں بیٹھیں میں آپ کو گھر چھوڑ دوں گا

وہ حکم صادر کرتا واپس مڑ گیا

!او ہیلو مسٹر

میں آپ کے ساتھ کیوں جاؤں گی بھلا

وہ اپنے الفاظ پر زور دے کر بولی

سندس! احمر چپ چاپ گاڑی میں بیٹھ جائیں

وہی مغرور اور دوٹوک لہجہ

آپ جانتے نہیں ہیں میں کس کی بھتیجی ہوں

میرے انکل تمہارے ٹکڑے کروادیں گے

وہ استہزائیہ انداز میں کہنے لگی

مخصوص سی جان لیوا مسکراہٹ نے عنابی ہونٹوں پر احاطہ کیا

سنہری آنکھیں مسکرا رہی تھیں

لیکن سندس بلکل سنجیدہ تھی

چلیں پھر گھر چل کر آپ کے انکل سے فیصلا کروا لیتے ہیں


Do not copy or distribute without permission of the author
For More Novel Please Visit Our Website
www.classicurdumaterial.com

سزا کا تعین تو وہی کریں گے نا

اس نے مسخرائے لہجے میں کہا

اور لینڈ کروزر کو پارکنگ سے نکال کر اس کے سامنے روک دی

میرا ڈرائیور آگیا ہے

آپ جائیں اپنی دیوانیوں کے پاس

وہ غرا کر دوسری گاڑی میں بیٹھ گئی

اس گاڑی میں موجود ڈرائیور نے بیچارگی سے حیدر کو دیکھا

حیدر نے اسے اشارے سے روانہ ہونے کا کہا

تو ڈرائیور نے گاڑی اسٹارٹ کی

حال

وہ آئی سی یو میں تھی

بلیڈنگ زیادہ مقدار میں ضائع ہونے کی وجہ سے لیزا کی جان کو خطرہ لاحق تھا

عباد تو کاٹو تو لہو نہیں کی مصداق کھالی کھالی نگاہوں سے آئی سی یو کی ڈور کو گھور رہا تھا

کچھ ہی پل میں حیدر بھی ہاسپٹل پہنچ گیا

سنہری آنکھوں میں غصہ سا تھا

ڈاکٹرز تک لیزا کی کنڈیشن کو بد نظر رکھ کر کوئی تسلی آمیز بات نہیں کر رہے تھے

حیدر کا وجیہہ چہرہ زرد پڑ چکا تھا

آنکھوں میں ایک عجیب سی آسودگی تھی۔

گویا لیزا کی زندگی کے لیے وہ فکر مند تھا

چاہے جو بھی تھا

لیکن لیزا اس کی زندگی میں اہمیت رکھتی تھی

وہ لڑکی بچپن سے اس کے ساتھ تھی۔اس کی شوخی شرارتیں بدتمیزیاں تک برداشت کرتا تھا

لیکن آج شاید وہ ان سب ناانصافیوں کے بدلے لینے پر بضد تھی

بے شک وہ لیزا سے محبت نہیں کرتا تھا

لیکن وہ پھر بھی اس کے لیے خاص تھی

وہ اس کی موت جیسی خبر کبھی نہیں سننا چاہتا تھا

سینے پر بازو لپیٹے دیوار کے ساتھ کمر ٹکائے بے تاثر نگاہوں سے وہ زمین کو گھورنے میں مگن تھا

میں تو تم سے دل لگا بیٹھی ہوں اس لیے تم کبھی مجھ سے پیار سے پیار کرنا گوارا نہیں سمجھتے

کہیں سے سرگوشی سے ابھری

تم جن ہو اور تمہاری بیوی چڑیل

اور تم دونوں کی جوڑی کو رب نے بنادی جوڑی کا خطاب دینا چاہیے۔۔

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

ایک اور چنگھاڑتی آواز اس کی کانوں میں گونجی

!میں مر جاؤں گی حیدر

بے بس اور بیچارگی سے بھرپور لہجے میں کہے گئے

لیزا کے الفاظ پھر سے بازگشت کرنے لگے

وہ آنکھیں بند کیے خود کو ان سب سرگوشیوں سے چھٹکارا دلانا چاہتا تھا

لیکن فلحال تو یہ ناممکن سی بات تھی

تم اتنی آسانی سے نہیں مر سکتی

وہ بڑبڑایا

گویا وہ اس وقت بھی لیزا پر حکم چلا رہا تھا کے اسے ہر حال میں ٹھیک ہونا ہے

---

کوئی ہے پلیز مجھے اس درندے کی بربریت سے بچا لو


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

کوئی تو میری مدد کرو

ایک کانپتی اور سسکتی آواز تھی

جو کب سے فریادیں کر رہی تھی

لیکن وہاں اس سنسان اور ہیبت ناک سڑک

پر کوئی ذی روح موجود ہوتا تو اس کی حفاظت کے لیے پہنچتا

جب کے اس سانولی سی لڑکی کی آہ پکار کے ساتھ ساتھ کسی کے بلند و بالا خباثت زدہ قہقہے

بھی عروج پر تھے

وہ درندہ دھیرے دھیرے اس کی حرمت کو مجروح کرنے پر بضد تھا

جب ایک رعب دار آواز اس سنسان سڑک پر ابھری

لڑکی نے تو مشکور نگاہوں سے سامنے کھڑے انجان شخص کو دیکھا

جو اس کی عزت کا محافظ بن کر آیا تھا

شراب کے نشے میں دھت وہ کارل نامی بندہ غیض وغضب سے محمود شاہ کو دیکھنے لگا

شرم نہیں آتی تمہیں ایسی اوچھی حرکتیں کرتے ہوئے ؟

وہ استہزائیہ لہجے میں بولا

اور قدم بڑھاتا کارل کے پاس جانے لگا

تمہارا ذمے داری نہیں ہے یہ لڑکی

اس لیے میری زندگی میں تمہیں دخل اندازی کرنے کی کوئی ضرورت نہیں

کارل گھٹیا لہجے میں کہتے ہی اس لڑکی کو پھر سے اپنے پاس بلانے لگا

جب کے وہ لڑکی اب بھاگ کر محمود کے پیچھے چھپ گئی تھی

یہ لڑکی میری ذمے داری نا سہی

اس لڑکی سے نا ہی میری کوئی خونی وابستگی ہے اور نا ہی کوئی اور جربہ لیکن کسی بھی رشتے

سے اوپر انسانیت کا رشتہ ہوتا ہے

میں اسے لے کر جارہا ہوں

آئندہ اس سے دور رہنا ورنہ

تمہارے عمال ویسے بھی اچھے ٹریک ریکارڈ پر نہیں

وہ اس لڑکی کے سر پر بھاری ہاتھ رکھتے ہوئے واپس مڑ گئے

کارل نشے میں تھا

اس لیے اس وقت محمود کو کسی بھی قسم کا نقصان پہنچانے سے قاصر تھا

لیکن وہ سوچ چکا تھا

کے اب محمود کو سخت سے سخت سزا کیسے دینی ہے

♥♥♥♥♥

ماضی

اس لڑکی نے اپنا نام مریم بتایا تھا

محمود شاہ اسے اپنے عالیشان گھر میں لے کر آئے

اور صالح بیگم کو تمام تر تفصیلات سے آگاہ کیا

جس کے بعد صالح بیگم کے دل میں اپنے ڈیسنٹ اور وجیہہ شوہر پر مزید پیار آیا

محمود شاہ کے لئے صالح بیگم کے دل میں عزت کا گراف مزید بڑھا

اور اس دن کے مریم نے محمود شاہ کے محل میں پناہ لے لی تھی

ماضی

ایک دن محمود صاحب ضروری میٹنگ اٹینڈ کرنے کے بعد گھر واپس جا رہے تھے

جب انہیں احتشام صاحب کی کال موصول ہوئی

سلام دعا کے بعد احتشام صاحب مدعے پر آئے

دراصل وہ سندس کو واپس اپنے پاس پاکستان بلانا چاہ رہے تھے


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

ان کی خواہش کو مد نظر رکھتے محمود صاحب نے فورن حامی بھر لی

اور ساتھ ہی سندس کو جلد سے جلد پاکستان بھیجنے کی یقین دہانی کروائی

اسی شام وہ حیدر کی غیر موجودگی میں

ایک بار پھر سے پاکستان واپس چلی گئی

سندس نے بھی احتشام صاحب کی بے صبری کو دیکھتے ہوئے

واپس پاکستان جانا بہتر سمجھا

دوسری طرف محمود شاہ رات کے دو بجے تک گھر واپس نہیں لوٹے تھے

صالحہ بیگم نے بیٹے کو تمام تر صورت حال سے آگاہ کر دیا

جس کے بعد حیدر نے پورے لندن میں ایک افراح تفری سی برپا کر دی تھی

محمود شاہ لندن کے بہت بڑے ٹائیکون تھے

وہ پاگلوں کی طرح اپنے باپ کو ڈھونڈتا رہا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

عمیر اس کا بیسٹ فرینڈ تھا

وہ اس کے ہر سکھ دکھ میں شانہ بشانہ رہتا تھا

حیدر کا شک کارل کی جانب تھا

محمود صاحب بہت بار اس کے سامنے کارل کی گھٹیا حرکتوں اور ہتھکنڈوں کا ذکر کرتے رہتے تھے

عمیر اس کارل نے ضرور کوئی گیم کھیلی ہے

بابا کی طبیعت بھی ٹھیک نہیں تھی

وہ ریش ڈرائیونگ کرتے ہوئے کہہ رہا تھا

حیدر جسٹ کام ڈاؤن

وہ کچھ بھی نہیں کر سکتا انکل کو

اتنے گٹس نہیں ہیں


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اس کمینے انسان کے اندر

عمیر نے اس کے شانے پر ہاتھ رکھ کر تسلی آمیز لہجے میں کہا

اور اسی وقت حیدر کے نمبر پر انجان نمبر سے کال موصول ہوئی ی

اسلام علیکم!

لہجے میں مخصوص سی سختی سموئے سلام کیا گیا

دوسری جانب کال پر کوئی اور نہیں بلکے کارل ہی تھا

کارل نے اسے اپنے اڈے پر پہنچنے کا کہا جب کے دوسری طرف محمود صاحب کی منت

سماجت کرتی آواز اس کی سماعتوں سے ٹکرائی

وہ اسے منع کر رہے تھے کے کارل کے اڈے پر نہیں آنے کے لیے

حیدر! میری جان اپنی ماں کا خیال رکھنا

اور خدا کے لیے اس کمینے کی باتوں میں نہیں آنا

میں نے اس کمینے کے خلاف بہت پہلے ہی بیان قلم بند کروا دیا ہے

اس کے دن گنے جا چکے ہیں

لیکن تم۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

اس سے پہلے محمود صاحب مزید کچھ کہتے

چھے سات فائر کی آواز فون کے اسپیکر سے ابھری

کارل نے اپنی کمینگی پوری کر دکھائی تھی

اس کا باپ اب اس فانی دنیا سے رخصت ہو گیا تھا

اور وہ کچھ بھی نہیں کر سکا

غم غصے، دکھ کرب تڑپ،

بہت سے کرب ناک جزبے اس کی آنکھوں میں نمودار ہوئے

اس کا سیل فون ہاتھ سے گر چکا تھا

سنہری آنکھوں سے سفید موتی بہنے لگے

عمیر نے اس کے شانے پر تسلی آمیز انداز میں ہاتھ رکھا

پر وہ ہوش میں نہیں تھا

جب کے اب اس کمینے نے واٹس ایپ پر

سفاکی سے محمود شاہ کو قتل کرنے کے بعد

ان کے مردہ وجود کی تصاویر حیدر کو سینڈ کر دیں

اس نے سنہری آنکھیں رگڑ کر اپنی عزیز جان ہستی کو دیکھا

محمود صاحب کا مردہ وجود اس وقت پہنچاننے لائق نہیں تھا

اس نے پہلے فون کی اسکرین پر بے قراری سے ہاتھ پھیرا

پھر اس کے کھوکھلے قہقہے گاڑی میں گونجے

بے ہنگم اور خالی قہقہے سننے کے بعد عمیر نے اسے شانے پر دباؤ ڈال کر اسے متوجہ کرنا چاہا

پر وہ اس ماحول کا حصہ ہی نہیں لگ رہا تھا

اس نے آنسوں ہاتھ کی پشت سے صاف کیے

اور گاڑی کو اسٹارٹ کر دیا

اس کا رخ کارل کے اڈے کی جانب تھا

عمیر کے لاکھ منع کرنے کے باوجود

وہ کارل کے پاس جا رہا تھا

اس کے پاس اب کچھ بھی نہیں بچا تھا

جو نقصان اس کا ہونا تھا

وہ ہو گیا تھا

یہی بات عمیر نے اسے سمجھانے کی کوشش کی

پر اس نے زوردار تھپڑ الٹے ہاتھ سے عمیر کے گال پر رسید کیا

اتنا ہی بزدل اور ڈرپوک ہو

موت سے ڈر لگتا ہے تو

اترو میری گاڑی سے ابھی اور اسی وقت

وہ غیض و غضب لہجے میں دھاڑا

میں تمہیں اس درندے کے پاس اکیلے نہیں جانے دوں گا

عمیر نے چیخ کر کہا

میں پھر بھی جاؤں گا

اور اب کوئی بکواس نہیں

اس نے حتمی انداز میں کہا

وہ اپنے باپ کی لاش وصول کرنے جا رہا تھا

کارل کے بتائے گئے اڈریس پر پہنچتے ہی

وہ گاڑی سے باہر نکلا اور اندھا دھن ایک ہی سمت میں بھاگنے لگا

عمیر بھی اس کے ساتھ ہی تھا

لیکن اس ہیبت ناک کمرے میں محمود صاحب کی لاش کے علاوہ اور کوئی بھی نہیں تھا

وہ باپ کی جانب لپکا

اور ہزیانی سی کیفیت میں اس نے رونا چیخنا چلانا شروع کر دیا

عمیر بھی آنکھوں میں نمی لیے اپنے جگری یار کو دیکھنے لگا

وہ صرف کچھ ہی منٹ اپنے ناقابل تلافی نقصان پر ماتم کناں ہوا تھا

جس کے بعد اس کی سنہری آنکھیں سپاٹ ہو گئیں

چہرے پر وحشت اور سفاکی نے پنجے گاڑھے

محمود صاحب کی لاش کو لے کر وہ گھر روانہ ہو گیا

صالح بیگم نے اپنے شوہر کو اس حالت میں دیکھا

تو ان پر سکتا سا طاری ہو گیا

وہ ماں کو بھینچ کر خود کے مضبوط حصار میں لے کر کھڑا رہا

جوان جہان اور بہادر بیٹے کا سہارہ ملتے ہی صالح بیگم بکھرتی چلی گئیں

لیکن اس کا ضبط قابل دید تھا

سنہری آنکھیں سپاٹ تھیں

ایک بھی قطرہ اس کے گالوں پر نہیں بکھرا تھا

زندگی کا مشکل ترین اور المناک سانحے کا اس نے بہادری سے مقابلہ کیا

اس کی توجہ کا مرکز صرف صالح بیگم کی ذات تھی

ہر گزرتے دن کے ساتھ صالح بیگم کی طبیعت گرتی جا رہی تھی

محمود شاہ لندن کے ایک مشہور معروف ٹائیکون تھے

ان کی دل دہلا دینے والی موت کتنے ہی دن نیوز چینلز

کی شے سرخیوں میں چلتی رہی

کارل کو پولیس نے اپنی تحویل میں لے لیا تھا

کارل کے خلاف محمود شاہ نے بہت پہلے ہی گواہی دے دی تھی

وہ بہت سے گھنونے کاموں میں ملوث تھا

کارل کے سیاہ گناہوں کی لسٹ کافی لمبی تھی

لیکن محمود صاحب نے ایک بار کارل کو کسی نہتی لڑکی کی زندگی تباہ کرتے دیکھ لیا تھا

بد قسمتی سے وہ اس لڑکی کی زندگی نہیں بچا سکے

لیکن اس نہتی لڑکی کا مجرم جیل کی سلاخوں کے پیچھے پہنچانے میں ضرور کامیاب ہو گئے

اس نے اپنی ماں کی خراب ہوتی حالت پر پیسہ پانی کی طرح بہایا تھا

لیکن پھر بھی صالح بیگم کچھ ہی عرصے میں اسے چھوڑ کر ہمیشہ ہمیشہ کے لیے آنکھیں موند گئیں


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اب اس کی ذات مسیخ ہو رہ گئی

کب سورج نکلتا کب سیاہ چادر آسماں پر پھیل جاتی تھی

اسے پتا ہی نہیں لگتا

وہ صرف اپنے کمرے میں محدود ہو کر رہ گیا تھا

اور جب ایک سال بعد اس کا دماغ جگہ پر آیا

تو سندس کی ہی ذات تھی

جس نے اس کی توجہ اپنی جانب کھینچی

اب اسے کسی بھی اور رکاوٹ کو اپنے راستے میں حائل ہونے نہیں دیا تھا

وہ ایک ہی ہفتے کے اندر پاکستان پہنچ گیا تھا

حال

حیدر ! کہاں ہیں آپ ؟

سندس نے اسے کال کی

اور منہ بسورتے استفسار کرنے لگی

! جان حیدر

ضروری کام کی وجہ سے عجلت میں گھر سے نکلنا پڑا

تم نے ناشتہ کر لیا؟

اس نے سنجیدگی سے پوچھا

میں آج آپ کے ساتھ ناشتہ کرنا چاہتی ہوں

وہ اس وقت ہاسپٹل کے کوریڈر میں موجود تھا

لیزا کی جان اب خطرے سے باہر تھی

لیکن سندس ابھی بھی اس پورے واقعے سے بے خبر ہی تھی

ٹھیک ہے میں پہنچتا ہوں گھر!

اس نے لہجے میں چاشنی سموئے کہا

اور ہاسپٹل کے خارجی دروازے کی جانب بڑھا

عباد یار کچھ تو کھالو

اب وہ مصیبت ٹھیک ہے

عمیر نے مزاحیہ انداز اختیار کیا

عمیر!

وہ چڑھ کر گویا ہوا

اچھا یار سوری


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

لیکن تم کچھ کھا پی لو

اتنا مجنوں بننے کی ضرورت نہیں

ویسے بھی وہ ہمارا ہٹلر دوست اسے تمہارے حوالے کرے گا

بھی یا نہیں کچھ پتا نہیں

عمیر نے مصنوعی افسردگی سے کہا

تم سے بات کرنا ہی فضول ہے

ہارٹ اٹیک کروا دو گے میرا

عباد نے کڑ کر کہا

جس پر عمیر نے مسکراہٹ دبائی

اور عباد کے سامنے چائے کا مگ رکھ کر خود ڈاکٹر کے کیبن کی طرف بڑھا

گھر پہنچتے ہی اس کے محافظوں سے پھرتی دکھائی

ڈرائیور نے مودب انداز میں گاڑی کا دروازا کھولا

مغرور اور شاہانہ چال چلتا وہ اپنے محل کے اندر داخل ہوا

اور بغیر کوئی وقت ضائع کیے کمرے میں داخل ہوا

سندس منہ بسورے بیڈ پر بیٹھی تھی

تکیہ گود میں دھرا ہوا تھا

حیدر کو دیکھ شہزادی نے ناک بھون مزید چڑائے

وہ ہنسی ضبط کرتا ڈریسنگ روم کی جانب بڑھا

فریش ہو جانے کے بعد وہ ڈریسنگ ٹیبل کے سامنے کھڑے کو ہر بالوں کو جیل کے ساتھ

سیٹ کرنے لگا

اور اپنی ناراض سی بیوی کے پاس آیا

ناشتہ نہیں کرنا کیا؟

اس کی چھوٹی سی ناک دبا کر اس نے استفسار کیا

بڑی جلدی یاد آگئی آپ کو اپنی ایک عدد بیوی کی

طنزیہ انداز اپنایا گیا

بیوی بُھولی کب تھی

جو یاد آتی؟

وہ اس سے جڑ کر بیٹھتے ہوئے سنجید گی سے بولا

بس یہ چھچھورے کمنٹس پاس کر لیں

وہ بگڑ کر بولی

وہ اسے اکیلے چھوڑ کر غائب ہو گیا تھا

وہ بھی بتائے بغیر

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

تمہاری ناراضگی میں بعد میں دور کردوں گا

فلحال اٹھ کر ناشتہ کرلو

اس نے گہری اور جمکتی سنہری نگاہوں سے التجا سی کی تھی

لیکن یادرکھنا سزا ضرور ملے گی

وہ بھی پاؤں میں سلیپرز اڑستی دھمکی دینے والے انداز میں بولی

بندہ ناچیز حاضر ہے!

وہ سینے پر ہاتھ رکھ کر تھوڑا سا جھکا

تو سندس کھلکھلا کر ہنس پڑی

اور دونوں ہی ڈائینگ روم میں داخل ہوئے

مریم بی نے ناشتہ ڈائینگ ٹیبل پر سجا دیا تھا

وہ پوری توجہ اور خاموشی کے ساتھ ناشتہ کرنے لگے

سندس کا جی خراب ہونے لگا

چند لقمے ہی حلق میں اتارنے کے بعد اسے قے آنا شروع ہو گئے

واش روم کی طرف بھاگی

حیدر بھی ہواس باختہ سا اس کے پیچھے لپکا

سندس آدھے گھنٹے میں ہی ادھ موہو کر رہ گئی تھی

حیدر نے جوس کا گلاس اس کی جانب بڑھایا

اور اسے خود سے لگا کر صوفے کی طرف بڑھا

پہلے جوس ختم کر لو

پھر ڈاکٹر کے پاس چلتے ہیں

اس کا لہجہ ہمیشہ کی طرح سخت ہی تھا

شاید اب سندس کو بھی عادت پڑ گئی تھی

اس کے سخت لب ولہجے کی

سندس نے خاموشی سے اس کے ہاتھ سے جوس کا گلاس لے لیا

اور پھر حیدر نے اسے سیاہ چادر پکڑائی

سندس نے صوفے سے اٹھتے ہی اس چادر کو اپنے گرد لپیٹا

دبلی پتلی جسمانت ہونے کی وجہ سے کچھ ہی لمحوں میں زرد پڑ گئی تھی

حیدر نے ڈائیور سے گاڑی نکالنے کا کہا اور نرمی اور آہستگی کے ساتھ سندس کو لیے گاڑی کی

بیک سیٹ پر بیٹھ گیا

اور سندس نے بغیر کسی کی پرواہ کیے

سر اس کے شانے پر ٹکا کر آنکھیں بند کر دیں

ہاسپٹل پہنچتے ہی ڈاکٹر نے

ایک گھنٹے تک اس کا مکمل چیک اپ کیا

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

اور جو خبر اسے سنائی گئی تھی

اس خبر کو سنتے ہی سندس کے شدت جزبات کی وجہ سے آنکھیں بھر آئیں

اس نے مشکور نگاہوں سے ڈاکٹر کو دیکھا

جو پیشاورانہ انداز میں اسے بہت سے احتیاطی تدابیر بتارہی تھیں

اس نے دھیمی مسکراہٹ کے ساتھ ڈاکٹر کی باتیں سنی

اور پھر روم سے باہر نکل آئی

حیدر بے چینی سے ہاسپٹل کی کوریڈور میں ٹہل رہا تھا

اسے دیکھ کر بے قراری سے اس کے پاس گیا

کیا کہاڈاکٹر نے؟

لہجے میں بے چینی اور پریشانی جھلکنے لگی

ہمارے محبت کو نام دینے اس محبت کو ایک الگ پہچان دینے کوئی آنے والا ہے


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

جو ہم دونوں کو مکمل کردے گا شاہ

شرمگیں سے لہجے میں کہہ کر اس کی پلکیں سیاہ فگن ہو گئیں

جب کے لہجہ گلوگیز ہونے لگا

حیدر نے بے ساختہ اسے خود سے لگا لیا

ارد گرد کے ماحول سے بے خبر وہ صرف سندس کی باتیں اور موجودگی کو محسوس کرنے لگا

اسے لگ رہا تھا کچھ دیر پہلے سندس نے اس کے کانوں میں کوئی سور پھونکا ہو

کیا کر رہے ہیں

سب دیکھ رہے ہیں

یہ آپ کا لندن نہیں بلکے کراچی ہے

اس نے خبردار کرنا چاہا

او سوری!

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

حیدر نے کھسیا کر بالوں میں ہاتھ پھیرتے ہوئے کہا

تو سندس نے جاندار سکراہٹ لبوں پر سجا کر اپنے خوبرو شوہر کو گھورا

کچھ ہی دیر میں دونوں گھر واپس روانہ ہو گئے

اس کے محافظوں نے محل کا خارجی دروازا کھول دیا

سیاہ رنگ کی چمچماتی لینڈ کروزو گھر کے اندر داخل ہوئی ی

سندس کا ہاتھ تھامے وہ لاؤنج کی جانب بڑھا

دونوں کے چہرے تمتمار ہے تھے

ابھی انہوں نے لاؤنج میں پاؤں رکھا ہی تھا جب پورا شاہ مینشن فائرنگ کی تڑتڑاہٹ سے گونج اٹھا

مریم بی ہواس باختہ سی کچن سے باہر نکل آئی

سندس نے اس کا ہاتھ دونوں ہاتھوں سے مضبوطی سے تھام لیا

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

وہ خوف کے مارے پوری طرح لرز رہی تھی

!پرنسز !کام ڈاؤن۔۔۔ میں ہوں نا

میری طرف دیکھو

وہ اس کے کانپتے ہاتھوں کو سہلا کر نرمی سے گویا ہوا

اور حیدر شاہ اپنی زندگی کی رکھوالی کرنا جانتا ہے

خارجی دروازے پر گارڈز بھی اب جوابی کاروائی کرنے لگے

وہ لرز رہی تھی

تم کہیں نہیں جاؤ گے شاہ! پلیز

اس نے ملتجی سی کیفیت میں کہا

میری جان! تم روم میں جاؤ

اور جب تک میں خود تمہارے پاس نہیں آؤں


Do not copy or distribute without permission of the author
For More Novel Please Visit Our Website
www.classicurdumaterial.com

!کمرے سے ایک قدم بھی باہر نہیں نکالنا

اس نے سخت گیر لہجے میں دوٹوک کہا

!نہیں شاہ

یہ لوگ کون ہیں

اور ہمارے گھر پر حملہ آور کیوں ہوئے ہیں؟

وہ اس کے ساتھ لگ کر گڑگڑاتے لہجے میں بولی

!مریم بی! اسے لے کر جائیں آپ

بغیر اس کے سوال کا جواب دیے وہ مریم بی سے مخاطب ہوا

!آپ کو میں نہیں جانے دوں گی شاہ

ہماری زندگی کی اتنی بڑی خوشی ہمیں آج کے دن ملی ہے

!اور تم موت کے منہ میں جانا چاہتے ہو

وہ نفی میں سر ہلاکا ہزیانی سی کیفیت کے زیر اثر بولی

مریم بی کو اس نے اشارے سے سندس کو لے جانے کا کہا

سندس تو حوش میں ہی نہیں لگ رہی تھی

! شاہ ! تمہیں ہمارے ہونے والے بچے کی قسم تم سہی سلامت میرے پاس واپس آؤ گے

وہ گڑ گڑانے لگی

میں تم دونوں کو کبھی تنہا نہیں چھوڑ سکتا

اور اس کمینے کی گیدڑ بھپکیوں سے تو حیدر شاہ ڈرنے والا ہے نہیں

اس کی سنہری آنکھوں میں چنگھاریاں جل رہی تھی

میں اگر ڈر کر گھر کے کونے میں چھپ کر بیٹھ گیا

تو وہ کمینہ اسے میں کمزوری سمجھے گا

اس لیے مجھے اپنی دعاؤں کے سائے میں اجازت دو

میری نیت میں کوئی کھوٹ نہیں رہی اس خبیث انسان کی بیوی اور بیٹی میری دسترست

میں ہیں لیکن میں نے آج تک ان پر غلیظ نگاہ نہیں ڈالی

مجھے میرے خدا سے بھی اچھے کی امید ہے اب چلتا ہوں

اپنا اور تناوش کا خیال رکھنا سندس!

اس نے کھڑے کھڑے ہی اپنے ہونے والی بچے کا نام بھی تجویز کر دیا تھا

اور اسے خود سے لگا کر

آندھی طوفان کی طرح غائب ہو گیا

اس بار کارل نے اپنی زندگی عظیم غلطی سر انجام دی تھی

اس کے محافظ کارل ک سخت ٹرننگ آفتہ اور موٹے تڑنگے کارندوں سے بھڑ چکے تھے

لیکن کارل صرف حیدر کے لیے گھات مار کر بیٹھا تھا

اس نے کلیشن کوف کا رخ لاؤنج کے دروازے کی جانب کیا ہوا تھا

حیدر کے نکلنے کی دیر تھی وہ اپنے لائحہ عمل کو عملی جامہ پہناتا

لیکن وہ ابھی تک گھر سے باہر نہیں نکلا تھا

⚘⚘⚘⚘⚘⚘⚘⚘

حیدر! خدا کے واسطے خارجی دروازے کی جانب مت جانا اس کمینے کی گاڑی خارجی

دروازے کے سامنے موجود ہے

عمیر نے اسے باخبر کیا

گارڈز کہاں ہیں

اتنی سخت سکیورٹی حصار کے باوجود وہ کمینہ یہاں تک کیسے پہنچ جاتا ہے

حیدر نے چلا کر پوچھا

خارجی دروازے پر موجود رہنے والے چار گارڈز میں سے تین جان بحق ہو گئے ہیں

عمیر نے اسے افسوس ناک خبر سنائی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

ٹھیک ہے تم کہاں ہو اس وقت ؟

وہ چھلاوے کی طرح بیک ڈور دروازے کی جانب بڑھا

میں گھر کے باہر ہی موجود ہوں۔

اس وقت کوئی ہتھیار نہیں ہے میرے پاس ورنہ وہ خبیث انسان میرے ہاتھوں سے قتل ہو گیا ہوتا

عمیر نے روہانسہ لہجے میں کہا

تم پیچھے والے دروازے سے گھر کے اندر داخل ہو جاؤ

اسے حکم صادر کرتا وہ

اپنے خفیہ کمرے کی جانب بڑھا

جہاں ہر اقسام کا اسلحہ موجود تھا

گولیوں کی تڑتڑاہٹ اب اور بھی زیادہ بڑھنے لگی

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

اس کے فون پر کارل کی کالز آنے لگیں

پہلی فرصت میں اس نے کال وصول کی

چچچچ! محمود شاہ کا بیٹا موت سے اتنا خوف زدہ ہے

کے بزدلوں کی طرح بیوی کی چوڑیاں پہن کر بیٹھ گیا ہے

گویا وہ اس پر طنز کرنے سے باز نہیں آ رہا تھا

تمہاری بیوی اور بیٹی تمہیں عزیز نہیں تھے

تو اس میں میرا کوئی قصور نہیں

اس کا ہشاش بشاش لہجا

کارل کو انگاروں پر لوٹ پوٹ ہونے پر مجبور کر گیا

تم انہیں کبھی نہیں مار سکتے

کارل کے لہجے میں یقین بول رہا تھا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

کیوں سالے تمہاری بیوی سے میرا کونسا تعلق ہے

اسے درندگی سے مار دینے سے میرے ہاتھ بلکل بھی نہیں کانپیں گے

یقین رکھو

اس نے مسکراتے لہجے میں کارل کو آگ لگانی چاہی

عمیر بھی اب اس کے پاس آ گیا تھا

تمہارے خارجی دروازے پر گارڈز نام کی کوئی چیز باقی نہیں رہی

اور میں اس وقت تمہارے گھر کی سیڑھیوں پر موجود ہوں

کارل نے خباثت زدہ لہجے میں اسے افسوس ناک اطلاع دی

خبیث انسان!

وہ طیش میں چلا اٹھا

اور خود بھی گھر کے اندورنے حصے کی جانب بڑھا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

عمیر نے پسٹل لوڈ کر لی

عمیر ضرور میرا کوئی اپنا بندہ غداری کر گیا ہے

ورنہ وہ کمینہ اتنی جلدی میرے گھر تک رسائی حاصل نہیں کر سکتا تھا

وہ ہزیانی سی کیفیعت میں کہتا گھر کے اندر داخل ہوا

شاہ!

سندس کی دل خراش چیخیں اس کی سماعتوں سے ٹکرائی

کارل کے آدمی بھی گھر کے اندر داخل ہو چکے تھے

عمیر سب کے ساتھ اکیلا ہی مقابلہ کرنے لگا

جب کے اسے تو اپنا ہوش تک نہیں تھا

اسے جلد از جلد سندس کے پاس پہنچنا تھا

سندس کی دل خراش چیخیں بڑھتی جا رہی تھیں

سیڑھیوں سے اپنے کمرے تک کا فاصلہ اسے میلوں پر مقید لگا

وہ کمرے میں داخل ہوا

مریم بی کی لاش اس کی آنکھوں کے سامنے بے بسی کی مثال پیش کر رہی تھی

جب کے سندس بھی خون آلود بیڈ کی دائے جانب درد اور تکلیف کے مارے بلبلا رہی تھی

اس کے سر میں خون رواں تھا

کارل خباثت زدہ اور بے ہنگم قہقہے لگا رہا تھا

وہ اس پر جھپٹا

اس نے پسٹل کا رخ کارل کی آنکھوں کی جانب کیا

کارل بھی اب اس پر پسٹل تان کے کھڑا تھا

حیدر نے کمال مہارت سے اس کے بازو پر فائر کیا

پسٹل کارل کے ہاتھ سے چھوٹ کر دور جا گرا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

وہ پھر بھی باز نہیں

اور غیض غضب انداز میں حیدر پر جھپٹا

حیدر نے میز پر رکھا چاقو اٹھایا

اور چھلاوے کی طرح کود کر اس کی ایک آنکھ میں چاقو گھسیڑ دیا

کارل چیخا

ح۔۔۔ح۔۔۔حی۔۔۔۔حید۔۔۔۔حیدر۔۔۔۔۔۔

اس کے منہ سے خر خراتی چیخ بر آمد ہوئی ی

جب کے اب وہ اس کی دوسری آنکھ میں بھی چاقو گھسیڑ کر اس کی آہ پکار سے محضوض ہونے

سنہری آنکھوں میں آنسو تھے

وہ کارل کے ہاتھوں کی جانب بڑھا

اس کی انگلیاں کاٹ دینے کے بعد اس کے وجود پر لاتعداد ضربیں لگانے کے بعد اس نے سات سے آٹھ فائر کھول دیے

حیدر!

سندس نے اسے دھیمی آواز میں پکارا

خون آلود ہاتھ بلند کر کے اس نے حیدر کو اپنے پاس آنے کا اشارہ کیا

جب وہ ہوش میں آیا تو اس نے آنسوں شرٹ کی آستین سے صاف کیے

اور سندس کی جانب لپکا

اسے آہستگی سے اٹھا کر وہ کمرے سے باہر کی جانب بھاگا

سندس کی سانسیں مدھم چل رہی تھیں

تم مجھے چھوڑ کر نہیں جا سکتی

وہ غصے سے چیختا سیڑھیاں عبور کرنے لگا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

سندس نے کانپتے ہاتھوں سے اس کے چہرے کو چھوا

جب کے اس کی آنکھیں تاحال بند تھیں

لیکن پھر بھی وہ حیدر کو اپنی موجودگی کا احساس دلانا چاہ رہی تھی

عمیر کی ٹریننگ حیدر نے خود کی تھی

وہ کارل کے کارندوں کے لیے اکیلا ہی کافی تھا

لیکن اس کا بازو زخمی تھا

حیدر کو دیکھ کر وہ بھونچال رہ گیا

بھابھی!

سندس کا خون آلود وجود دیکھ کر وہ ہواس باختہ سا حیدر کے پیچھے بھاگا

لیکن کارل کا خاص آدمی جو اچانک سے منظر سے غائب ہوا تھا

ہتھیاروں سے لیس ایک بار پھر سے گھر کے اندر داخل ہوا

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

اس کی برق رفتاری سے دوڑتے قدم ساکت ہوئے

سندس کی سانسیں مزید مدھم ہوتی چلی جا رہی تھیں

پلیز! میرے راستے سے ہٹ جاؤ میری بیوی مر جائے گی

پلیز راستہ دے دو

اس وقت حیدر کے پاس کوئی ایسا ہتھیار نہیں تھا

جس سے وہ اپنا دفاع کرتا

سوائے اس کے وہ اس درندے سے اپنی محبت کی زندگی کی بھیک مانگتا

تمہیں اپنے خدا کا واسطہ ہے مجھے جانے دو

ایک بار پھر سے اس کا التجا کرتا لہجہ لاؤنج میں گونجا

ایسے کیسے چھوڑ دوں تمہیں

تم نے میرے باس کو مار ڈالا

اب تم بھی مرو گے

اور ساتھ میں تمہاری یہ بیوی بھی عبرت ناک موت مرے گی

وہ بھدا سا آدمی غرایا

مجھے بے شک مار دینا

میں وعدہ کرتا ہوں اف تک نہیں کروں گا

لیکن ابھی مجھے جانے دو

میری بیوی کی حالت بہت خراب ہے

اس کا وقت پر ہاسپٹل پہنچنا لازمی ہے

میں تمہارے آگے بھیک مانگتا ہوں

حیدر شاہ جیسا شخص اپنی محبت کے لیے اس قدر مجبور اور بے بس تھا

کے اس کا صبیح چہرہ آنسوں سے بھیگنے لگا

پر اس درندہ صفت انسان کے خباثت زدہ چہرے پر ہمدردی کوئی رمق موجود نہیں تھی

اس آدمی نے پسٹل لوڈ کر کے

حیدر کی عین کنپٹی کے سامنے پسٹل تان کر کھڑا ہو گیا

حیدر نے سندس کو مضبوطی سے تھاما

لیکن تب تک فضا میں فائر کی آواز گونجی

حیدر!۔۔

عمیر کی کرب ناک آواز لاؤنج میں گونجی

پورے ماحول میں سیاہی سی پھیلنے لگی

پرندوں کی چہچہاہٹ اس خونی جنگ کو محسوس کرنے کے بعد سہم سی گئی تھی

چار سوں عجیب و غریب اور ہیبت ناک خاموشی چھا گئی

سر سراتی خاموشی کسی سانپ کی طرح پورے محل میں زہر بکھیرنے لگی

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

.......................................

حیدر!

تم جاؤ یہاں سے میں نمٹ لوں گا اس سے

عمیر دھاڑا اور اس کے ساتھ ہی

وہ اس بھدے سے آدمی پر حملہ آور ہوا

کارل کے آدمی نے عمیر کو نہیں دیکھا تھا

اسے صرف حیدر ہی لاؤنج میں نظر آیا تھا

عمیر اسی چیز کا فائدہ اٹھاتے

اس درندے پر جھپٹ پڑا

کارل کے آدمی کی پسٹل بھی اب دور جا کر گری تھی

وہ دونوں آپس میں بھڑ گئے


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

حیدر بغیر کسی تاخیر کے خارجی دروازے کی جانب بھاگا

وہ عمیر کی صلاحیتوں سے آگاہ تھا

عمیر اس کالفٹ ہینڈ یونہی تو نہیں کہا جاتا تھا

سیاہ رنگ کی لینڈ کروزر میں

اس نے اپنی متاع جان کو کسی کانچ کی گڑیا کی طرح ڈالا

اور خود ڈرائیونگ سیٹ پر بیٹھا

ریش ڈرائیو کرتا وہ ہاسپٹل پہنچا

اس پیچ سندس کا ایک ہاتھ وہ مضبوطی سے تھام کر بیٹھا رہا

خون سے لت پت سندس کو دیکھ کر اس کا دل چاہ رہا تھا چیخ چیخ کر روئے

جب کی اس کیا سفید بے داغ شرٹ پوری خون آلود تھی

وہ بھاگ کر اس کے قریب آیا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

آنسوں متواتر رواں تھے

وہ انسان جو اپنی زندگی میں اتنے سارے مشکل اور کٹھن حالات کا بہادری سے مقابلہ کرتا آیا تھا

ایک بل تک اپنی پیشانی پر ظاہر نہیں ہونے دیتا تھا

لیکن وہی بہادر رونڈر انسان پاگلوں کی برح رو رہا تھا

سندس کو اٹھائے وہ ہاسپٹل کے اندر داخل ہوا

سندس کو ہاسپٹل کے عملے نے اسٹریچر پر ڈالا

اور ایمرجنسی وارڈ میں لے گئے

وہ ایک جانب جا کر زمین پر ہی بیٹھ گیا

آج صبح کا منظر اس کی آنکھوں کے سامنے چھن سے آیا

کیسے وہ بچے کی خوشی سن کر پھولے نہیں سما رہی تھی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

سندس کے چہرے پر جو چمک تھی

اسے دیکھ کر وہ پل بھر کو آنکھیں چرا گیا تھا

صرف اس ڈر کی وجہ سے کے کہیں اس کی ہی نظر

اس کی شہزادی اور خوشیوں کا نہیں لگ جائے

وہ ہاتھ کی پشت سے آنکھیں صاف کرتا پھر سے خود کو سخت گیر اور سفاک انسان کے

سانچے میں ڈھالنے میں کامیاب ہو گیا تھا

اب اس کی آنکھیں ساکت تھیں

گویا وہ سکتے سی کیفیت کے زیر اثر تھا اب بھی

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

♥♥♥♥♥♥♥

!لیزا! کیا چاہیے تھا تمہیں بتا دیتی تم

عباد اسے بیڈ سے اترتے دیکھ کر بولا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

وہ اب بھی ہاسپٹل میں ہی تھی

عباد کو دیکھ کر وہ کوفت کا شکار بھی ہو رہی تھی

لیکن پھر بھی زہر کے گھونٹ پی کر رہ گئی

اب بھی اسے پانی پینا تھا

تو اس نے عباد کی موجودگی کو سرے سے نظر انداز کیا

اور خود پانی پینے کے لیے آہستگی سے بیڈ سے کھڑی ہونے کی کوشش کرنے لگی

عباد نے اسے لڑکھڑاتے دیکھا تو بے ساختہ اس کے پاس آیا

اس کا مرمری ہاتھ تھام کر وہ نرمی سے پوچھ رہا تھا

تم میرے پھوپھو کے بیٹے لگتے ہو

جو تمہیں اپنی سکھ دکھ بتاتی پھروں؟

وہ تو ہتھے سے اکھڑ گئی تھی

لو جی عباد صاحب ہو گئی عزت افزائی

اب تو ٹھنڈ پڑ گئ ہو گی

گستاخ دل کو

وہ بڑ بڑایا

اب کونسے جادو ٹونے بڑ بڑانے لگ گئے

چھوڑو میرا ہاتھ

معزور نہیں ہوں

خود اٹھ کر پانی پی سکتی ہوں

زیادہ ہیرو بننے کی کوشش مت کرو

وہ اسے ایک جانب دھکا دیتی آگے

بڑھ گئی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

عباد نے غصیلی آنکھوں سے اسے گھورا

♥♥♥♥♥♥♥♥

آپریشن ہو گیا تھا

ڈاکٹرز کی ٹیم آئی سی یو روم سے باہر نکل آئی

وہ ان کی جانب لپکا

اس کے بڑھتے قدموں میں لڑکھڑاہٹ واضع تھی

ڈاکٹر میری بیگم کی حالت کیسی ہے اب؟

وہ بے چینی سے بولا

مسٹر حیدر شاہ! آپ کی وائف کی زندگی اب خطرے سے باہر ہے

ڈاکٹر کے چند الفاظ اسے

ایک نئی زندگی ایک نئی امنگ کی ترجمانی لگے


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

لیکن بیک وقت ڈاکٹر کے چہرے پر مایوسی بھی در آئی

وہ اس کی وجہ جاننے سے قاصر تھا

ڈاکٹر اور میرا بے بی بھی ٹھیک ہے نا؟

وہ بے تاثر اور سپاٹ انداز میں گویا ہوا

!سوری حیدر صاحب

لیکن ہم آپ کے بچے کو نہیں بچا سکے

آپ کی بیوی کے سر سے خون کافی مقدار میں ضائع ہوا تھا

جس کی وجہ سے ان کی اپنی جان کو بھی خطرات تھے

لیکن آپ پھر بھی رب کے حضور شکر ادا کریں

انہوں نے آپ کی بیوی کی زندگی بخش دی

سینئر ڈاکٹر اس کی پشت تھپتھپا کر آگے بڑھ گیا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اس کا دماغ سائیں سائیں کرنے لگا

صرف چند ہی گھنٹوں کا فرق تھا

جب سندس نے تمتماتے چہرے اور خوبصورت لہجے میں اسے خوشخبری سنائی تھی

لیکن وہی خوشی اللہ پاک نے چند ہی لمحوں میں واپس لے لی تھی

ایک آخری سفید موتی سنہری آنکھوں سے گالوں پر بکھرا

وہ سندس کے سامنے جانے سے کترا رہا تھا

سندس کے تمتماتے اور روشن چہرے پر کرب ناک سوال وہ نہیں پڑھنا چاہتا تھا

اس کا دل کر رہا تھا

آج کا دن اس کی زندگی کے کسی برے خواب کی شکل اختیار کرلے

اسے اپنے بڑے نقصان کا بھی غم تھا

لیکن وہ اللہ کی حکمت سمجھ کر صبر کرنے کو تیار تھا

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

پر کیا سندس اتنی آسانی سے اس خوفناک حقیقت کو تسلیم کر لیتی؟

اس کے دل نے سرگوشی کی

سیل فون جینز کی جیب سے نکال کر عمیر کے نمبر پر اس نے کال کی

چند ہی لمحوں میں عمیر کال وصول کر چکا تھا

اسکی آواز سن کر حیدر کے وجود میں سکون کی لہر دوڑ گئی

دوسری جانب وہ کہہ رہا تھا

کے وہ بلکل ٹھیک ہے

اور کچھ ہی دیر میں ہاسپٹل پہنچ جائے گا

حیدر نے خدا حافظ کہہ کر رابطہ منقطع کر دیا

سر آپ کی مسز آپ کو بلا رہی ہیں

وہ ہوش میں آچکی تھی

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

نرس نے آکر اسے پیغام دیا

اور خود وہاں سے چلی گئی

وہ گہرہ سانس کھینچتا گلاس ڈور کے سامنے کھڑا ہو گیا

شاید وہ اپنے اندر سندس کے متوقع تمام تر سوالات کے جوابات دینے کی ہمت جمع کر رہا تھا

♥♥♥♥♥♥♥♥

وہ جیسے ہی روم میں داخل ہوا

سندس نے آنکھیں میچ لیں

وہ چند لمحے بت بنا کھڑا رہا

لیکن یوں دور کھڑے ہونے سے کچھ ٹھیک نہیں ہونا تھا

وہ پاس رکھی کرسی پر ٹک گیا

سندس کی بند آنکھوں سے سفید موتی رواں دواں ہونے لگے

حیدر کو لگا جیسے اس کے دل پر کسی نے تیز دھار سے وار کیا ہو

پرنسز!

اس کے سلکی بالوں میں نرمی سے ہاتھ پھیرتا

وہ بے بسی سے اسے پکار رہا تھا

لیکن وہ تو شاید اپنی سیاہ پر کشش جھیل جیسی آنکھیں کھولنے سے انکاری تھی

مجھ سے بات کرو میری جان!

اس کے لہجے میں مخصوص سی سختی اور رعب پہلی بار مقصود تھا

مجھے فلحال آپ سے کوئی بات نہیں کرنی شاہ!

اس نے بھیگی آواز میں کہا

لہجہ سپاٹ ہی رہا

نیند کی گولیوں کی وجہ سے غنودگی اب بھی اس پر حاوی تھی

پانی چاہیے؟

حیدر نے اس کی التجا پر کان نہیں دھرے

وہ اپنا ضبط آزما رہا تھا

دل تو دونوں کے ہی ریزہ ریزہ تھے

لیکن اس نے سیکھا ہی نہیں تھا اپنے زخموں کی نمائش کرنا

اس نے آنکھیں اوپر کیں

زخمی اور کرب زدہ نگاہوں سے اس نے اپنے ہمسفر کو دیکھا

سنہری آنکھوں کے نیچے ہلکے نمایاں تھا

سنہری بال جو ہمیشہ اچھے سے سیٹ رہتے تھے

اس وقت پیشانی پر بکھرے ہوئے تھے


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

جب کے اس کی سنہری آنکھیں سرخ تھیں

گویا جیسے وہ کتنا ہی وقت روتا رہا ہو لیکن اس وقت اس کے چہرے پر افسردگی اور کرب کا

کوئی عنصر موجود نہیں تھا

حیدر! نرس نے کہا میرا بچہ نہیں رہا

اس نے سسکی بھری

وہ اس کی حالت دیکھ کر تڑپ اٹھا

تم کچھ بھی نہیں سوچو میری جان

سب ٹھیک ہو جائے گا

وہ اس کے ساتھ بیڈ پر جگہ بنا کر بیٹھتے ہوئے بول رہا تھا

سندس نے سر اس کے شانے پر ٹکایا

اس کے آنسوں بے اختیار بکھرے

میں نے آپ کا مان توڑ دیا نا

آپ نے کہا تھا سندس میرے بچے کا خیال رکھنا۔۔۔۔ل۔۔۔لیک۔۔۔۔۔لیکن میں

ہمارے بچے کی حفاظت نہیں کر سکی۔۔۔۔شاہ

حیدر کا مضبوط حصار محسوس کر کے وہ بکھرتی چلی گئی

اس کی آواز میں کرب،دکھ،بے بسی اور ایک خالی پن سا تھا

وہ اس کی باتیں سن کر تڑپ ہی تو گیا تھا

پرنسز!تم خود کو قصور وار تصور مت کرو

وہ سب میری غلطی تھی

کارل کے ساتھ میری دشمنی تھی

اور ایک بار پھر سے وہ میری زندگی کا اتنا بڑا نقصان کر گیا

وہ جب بولا تو اس کی آواز سپاٹ جب کے آنکھوں میں چنگھاریاں جل رہی تھیں


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

سندس نے محسوس کی کیا اس کے دل کی دھڑکنوں کی رفطار کافی تیز ہے

وہ اس سے الگ ہوئی ی

حیدر کے آنسوں اس نے اپنے ہاتھوں سے صاف کیے

شاید خدا کو یہی منظور تھا

لیکن تم ایسے غم زدہ نہیں ہو شاہ۔

پلیز خود کو سنبھال لیں نا

وہ اس کی پیشانی پر محبت کی مہر ثبت کر کے

التجا آمیز لہجے میں گویا ہوئی ی

وہ بند آنکھوں سمیت ہی ہلکا سا مسکرایا

لیکن اس کی مخصوص سی جان لیوا مسکراہٹ اور اس پھیکی سی مسکراہٹ میں زمین آسمان کا فرق تھا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

!سندس کا پرنس

وہ لہجے میں ڈھیروں محبت و چاشنی سموئے حیدر کو اپنا پرنس کہہ رہی تھی

حیدر سر جھکائے بیٹھا رہا

وہ جانتا تھا

سندس کا دل رو رہا ہے

وہ جانتا تھا ایک عورت کے اندر ممتا کا احساس منہ زور ہوتا ہے

وہ صبح کی خوشی شام کو کھو بیٹھی تھی

لیکن کتنی پاگل تھی وہ حیدر کے چہرے پر چند پل کرب کے آثار دیکھنا اسے گوارا نہیں تھا

حیدر نے اس کے سر سے اپنا سر ٹکا دیا

ہلکی کرب زدہ مسکراہٹ دونوں ہی کے لبوں پر رقصاں تھی

اور ویسے بھی وہ کب تک اسی سانحے کے پیچھے روتے تڑپتے رہتے


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

زندگی کا نام ہی پانی کی لہروں کی طرح بہتے چلے جانا ہے

♥♥♥♥♥♥♥♥

!! تین سال بعد

لیزا کی شادی دو ماہ بعد عباد کے ساتھ ہو گی

اس لیے میم مزید کوئی بحث نہیں سننا چاہتا

لیزا کے اندر اس تین سالوں میں غیر معمولی تبدیلیاں رونما ہوئی تھیں

وہ اب حیدر کے ساتھ بھی بات کرنا کم کر گئی تھی

اس کا سارا دن شیلٹر ہوم میں گزر جاتا تھا

حیدر نے غریب یتیم اور بے سہارا لوگوں کے لیے یہ ادارہ کھولا تھا

اس وقت وہ سب لاؤنج میں موجود تھے

لیزا تھوڑی دیر پہلے ہی گھر واپس لوٹی تھی

عباد اور عمیر ڈیڑھ سالا تناوش کے ساتھ کھیل رہے تھے

سندس حیدر کے ساتھ ہی تھیری سیٹر صوفے پر بیٹھی تھی

حیدر کی بات پر عباد کو شدید کھانسی کو دورہ پڑا

عمیر نے اس کی غیر ہوتی حالت دیکھ کر ہنسی دبائی

سندس نے بھی یہی عمل کیا

بلکے سندس نے تو باقائدہ لبوں پر ہاتھ رکھ کر مسکراہٹ ضبط کی

اس سارے ماحول میں صرف لیزا ہی تھی جو لاتعلق سی اپنے سیل فون میں بزی رہی

ابے گدھے! یوں گڑبڑانے کی کیا ضرورت ہے

اگر تمہیں یہ رشتہ منظور نہیں تو صاف کہہ دو

وہ مخصوص سی سرد مہری سے گویا ہوا

اس کی گھبیر آواز میں سختی کا عنصر زیادہ تھا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

نہیں سر! ایسا تو کچھ نہیں جیسا آپ کا حکم

وہ فوراً سے مسکینی صورت بنا کر بولا تو

عمیر کا فلک شگاف قہقہہ لاؤنج میں چھائی خاموشی کو غائب کر گیا

حیدر نے تیکھی نظروں سے اسے بھی گھورنا ضروری سمجھا

وہ کندھے اچکا کر پھر سے تاوش کی معصوم حرکتوں سے لطف اندوز ہونے لگا

لیزا تمھیں کوئی عتراض؟

اب وہ برائے راست لیزا سے مخاطب تھا

مجھے کیا عتراض ہونا ہے

اور ویسے بھی آخر عباد میں کمی ہی کیا ہے

انسانیت کا جزبہ اس لڑکے کے اندر کوٹ کوٹ کر ہے

اور میرے لیے یہی چیز بہت ہے کے لڑکا مجھے پسند کرتا ہے

وہ جب بولی تو اس کا لہجہ مضبوط تھا

عباد کو عمیر نے شریر نگاہوں سے گھورا

عباد ایسے بیٹھا رہا جیسے اس کی سوچ کے مطابق ہی لیزا نے جواب دیا ہو

وہ پہلے سے باخبر تھا کے لیزا ہاں میں جواب دے گی

ایک سال پہلے وہ لیزا کو پرپوز کر چکا تھا

اور حیرت انگیز طور پر لیزا کا جواب ہاں میں ہی تھا

!گڈ! تو پھر شادی کی تیاریاں شروع کر دو سندس

وہ اب اپنے پاس بیٹھی ہنسی ضبط کرتی بیوی سے بولا

جس کا چہرہ سرخ انار ہو رہا تھا عباد کو دیکھ کر

!جی ٹھیک ہے

وہ سعادت مند انداز میں بولی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اور تم الو کے پٹھے

کوئی لڑکی ڈھونڈتے ہو یا پھر یہ بھی نیک کام میں ہی سرانجام دوں؟

میز پر سے کافی کا مگ اٹھا کر وہ عمیر کو لتاڑنے لگا

عمیر شادی کے ذکر پر اچھل ہی پڑا تھا

اس کے اس طرح اچھلنے پر تناوش کھلکھلائی

حیدر نے سندس کو اشارہ کیا کے وہ تناوش کو اٹھا کر اس کے پاس لے کر آئے

تم دوست اور بھائی ہو وہی بن کر رہو

یہ رشتے جوڑنے والی آنٹی کا رول رہنے ہی دو

عمیر نے بے نیازی سے کہا

تمہیں کوئی لڑکی پسند نہیں میرا خیال ہے

مایا میر کو تمہارے لیے سلیکٹ کر لیتے ہیں کیا خیال ہے؟

اس نے بیٹھے بیٹھے ہی عمیر کے سر پر بم پھوڑا

وہ کھسکے ہوئے دماغ کی لڑکی تمہیں میرے لیے پسند ہے حیدر؟

عمیر کو یقین نہیں آرہا تھا حیدر کے انکشاف پر

کیوں کیا کمی ہے اس میں؟

تمہیں پسند کرتی ہے

آفس میں بھی سب سے زیادہ محنتی لڑکی وہی ہے

۔بظاہر تو مجھے تمہارے ناک منہ چڑانے کی سمجھ نہیں آرہی

تناوش کے گال پر بوسہ دیتے اس نے سختی اور اکتاہٹ سے کہا

لیکن وہ بہت زیادہ بولتی ہے

اور میرے پاس اتنا اسٹیمنا نہیں ہے کے خاموشی سے اس کی اتنی ساری باتیں سنوں

وہ منمنایا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

شرم کرلو

یہ کوئی جواز نہیں ہوا

میں اس رشتے کو واوکے کرتا ہوں

اگر پھر بھی تمہیں اپنی من مانی کرنی ہے تو نکلو میرے گھر سے

وہ سنجیدگی سے گویا ہوا

عمیر کی آنکھیں پھیلی

اسے حیدر کے اس قدر جزباتی

ری ایکشن کی امید نہیں تھی

اس کی بات پر ہال میں موجود ہر نفوس کے چہرے پر بے یقینی سی ابھری

سب یک دھک سے حیدر کے سپاٹ اور سخت گیر چہرے کو دیکھ رہے تھے


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

مجھے اس شادی پر کوئی اعتراض نہیں لیکن اگر اس لڑکی نے نان اسٹاپ میرے سامنے بولنا شروع کیا

تو میں نے وہیں گلا گھونٹ دینا ہے اس کا

وہ اپنی بھڑاس نکال کر واک آؤٹ کر گیا

لیزا نے عباد پر ایک نظر ڈالی

اور سندس کا گال چوم کر اپنے کمرے کی جانب بڑھ گئی

سندس کے ساتھ اس کی زیادہ بنتی تھی

اور سندس نے بھی سب باتیں بھلا کر اسے معاف کر دیا تھا

حیدر سندس کی گھوریوں کو نظر انداز کرتا تناوش کو لیے اپنے کمرے کی جانب بڑھ گیا

♥♥♥♥♥♥♥♥

کیا ہوا یار سر نے غصے میں کہہ دیا ہو گا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

عباد نے اسے لان میں ٹہلتے دیکھا تو اس کے پاس ہی آ گیا

میری چھوڑو کمینے انسان تم اپنی بکواس کرو

کب سے یہ سب چل رہا؟

اور لیزا کی اس رشتے کو لے کر رضامندی دینا

مجھے ابھی تک سمجھ نہیں آ رہا

وہ سنجیدہ تھا

لیکن اس میں حیران ہونے والی بات نہیں

مجھے لگتا ہے وہ سب اس کا بچپنا تھا

اور کچھ نہیں

اور میرا انہیں خیال کے وہ حیدر کو لے کر اس قدر سیریس تھی

عباد نے دور افق کو گھورتے کہا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

تمہارے کہنے کا مطلب کیا ہے

!کیا تم اتنے نا سمجھ ہو یا ایکٹنگ کر رہے ہو

عمیر نے استزاہیہ لہجے میں کہا

خیر چھوڑو فلحال ان سب باتوں کو چلو کہیں گھومنے چلتے ہیں

ویسے بھی سر آج کا دن تناوش کے ساتھ گزارتے ہیں

عباد نے کہا تو عمیر بھی سر ہلا کر رہ گیا

اور دونوں ہی خارجی دروازے کی جانب بڑھ گئے

عمیر نے پھر بھی کھوجتی نگاہوں سے عباد کو گھورا پر وہ بے نیازی سے گاڑی میں بیٹھ گیا

♥♥♥♥♥♥♥♥

شاہ یہ سب کیا تھا؟

آپ نے عمیر کو وہ سب کیوں کہا

خفگی سے بھرپور لہجے میں اس نے پوچھا

کیونکہ ایسے وہ راضامند نہیں ہوتا

وہ بے نیازی سے بولا

تناوش اس کے سینے پر دراز تھی

سندس بیڈ کی پائینتی پر ٹک گئی

تو پھر اور بھی بہت سے طریقے تھے اسے راضامند کرنے کے لیے

لیکن آپ نے سیدھا سیدھا اسے گھر سے نکل جانے کا کہا

پیار محبت والے لہجے میں وہ گدھا کبھی نہیں مانتا

اور اس کا شادی کرنے کا کوئی ارادہ بھی نہیں تھا

یہ بات مجھے گوارا نہیں کے وہ ساری زندگی کنوارا ہی رہے

اس لیے تھوڑی سی سختی دکھانی پڑی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

وہ صاف گوئی سے بولا

سو گئی ہے؟

سندس نے گہرا سانس خارج کر کے خود کو پر سکون کیا

اس کا شوہر عجیب تھا یہ بات اس نے خود کو تین سال پہلے ہی سمجھالی تھی

اس لیے وہ تناوش کے بارے میں پوچھا

جو ہمیشہ کی طرح اس بار بھی باپ کے سینے پر ہی سو گئی تھی

سندس نے اسے نرمی سے اٹھا کر بیڈ پر لیٹا دیا

آپ کی بیٹی سارا دن مجھے ہلکان کرتی ہے

لیکن آپ کے سینے پر تو ایسے سو جاتی ہے

جیسے سارا دن میں نے اس سے پورے گھر کا کام کروایا ہو

اس نے مصنوعی غصے سے کہا

تم میری بیٹی سے جیلس ہو رہی ہو؟

مخصوص سی جان لیوا مسکراہٹ عنابی لبوں پر سجا کر اس نے پوچھا

نہیں ہو سکتی کیا؟

سندس نے بھی اسی کے انداز میں کہا

سنہری آنکھیں چمکی

مسکراہٹ اور گہری ہوئی ی

شوخی چہرے پر نمودار ہوئی ی

میری قل کائنات تم دونوں ہی ہو

تو میری باربی سے جیلس ہونا بند کر دو

وہ دھیمے مگر مسکراتے لہجے میں بولا

آپ کی باربی کو بھی سمجھا دیں میں اس کی سگی ماں ہوں

مجھے دیکھ کر کبھی اس کی آنکھوں وہ والی چمک نمودار نہیں ہوئی ی

جو اپنے باپ کو دیکھنے کے بعد اس کی آنکھوں میں بکھرتی ہے

سندس نے تناوش کی بند آنکھوں کو چومتے کہا

وہ کسمسائی

اور پھر سے نیند کی حسین وادی میں اتر گئی

جب کے حیدر نے سندس کو اپنے قریب کر لیا

وہ اس لیے کیونکہ میری باربی کو معلوم ہے اس کا باپ معصوم شریف اور سیدھا سادھا ہے

لیکن اس کی ماں تیز تراز اور چلاک عورت ہے

وہ سنجیدگی سے بول رہا تھا

شاہ۔۔۔۔۔۔۔

وہ غصے میں چلائی

حیدر نے بے ساختہ اس کے منہ پر ہاتھ رکھ دیا

آہستہ میری باربی کی نیند خراب کرو گی

وہ دبے دبے غصے میں بولا

سندس کی آنکھیں پھیلی

سدھر جائیں شاہ صاحب!

تیکھی نگاہوں سے اسے گھورتے ہوئے بولی

سدھر تو گیا ہوں اور کتنا سدھارنا ہے؟

اس کے بال بیگاڑ کر پوچھنے لگا

سندس خاموش رہی نجانے کن سوچوں میں الجھ گئی تھی وہ

حیدر آپ اگر چاہتے ہیں کے ہم لندن شفٹ ہو جائیں تو مجھے کوئی اعتراض نہیں ہو گا اس

بار


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

وہ اس کی سنہری آنکھوں میں جھانکتے ہوئے بولی

دو سال پہلے جب حیدر نے اسے کہا تھا کے وہ لندن واپس جانا چاہتا ہے

تو سندس نے اسے دوٹوک جواب دے دیا تھا

کے وہ اپنا ملک نہیں چھوڑ سکتی

حیدر نے تب سے لے کر آج تک اس کے سامنے یہ خواہش پھر سے نہیں دہرائی

لیکن آج سندس نے خود سے اسے کہا تھا

میرا نہیں خیال کے اب میرا واپس جانا ممکن ہے

کیونکہ میرا دل بھی اب یہیں لگ گیا ہے

اور جو پیسہ میں لندن کی فرم میں انویسٹ کروں گا

وہ اگر پاکستان میں کروں تو میرے ساتھ ساتھ اس ملک اور شہر کو بھی فائدہ ملے گا

اس کی بھاری گھبیر آواز سندس کے دل کے تار مسلسل چھیڑ رہہ تھی

حیدر کی سوچ اس کی شخصیت کے ہر پہلو سے محبت نہیں عشق تھا سندس کو

وہ ایک اعلیٰ کردار اور اعلیٰ سوچ رکھنے والا بندہ تھا

سندس نے فخریہ نگاہوں سے اسے دیکھا اور اس کے شانے پر سر ٹکا دیا

♥♥♥♥♥♥♥

وہ لوگ شیلٹر ہوم آئے ہوئے تھے

تناوش کو حیدر نے اٹھایا ہوا تھا

سیاہ جینز پر سیاہ شرٹ میں ملبوس وہ کسی ریاست کا شہزادہ لگ رہا تھا

سندس وہاں موجود ہر چھوٹے بڑے انسان کو تحائف تقسیم کر رہی تھی جب ایک عورت کے پاس پہنچ کر اس کے ہاتھ کانپنے لگے

آنکھیں پتھرا گئیں

چہرے پر بے یقینی کے جال بچھنے لگے


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اس کے سامنے ایک ادھیڑ عمر کی عورت ہاتھ پھیلائے کھڑی تھی

ان کے بال الجھے ہوئے تھے

گندمی رنگت کئی گنا زیادی گندمی لگ رہی تھی

!تائی امی

اس نے پہلے اپنے ہونٹوں کو زباں سے تر کیا پھر سرگوشی سے بولی

اس کی سرگوشی سامنے کھڑی عورت نے بھی بخوبی سن لی تھی

اس لیے ان کا جھکا سر اونچا ہوا

اور سامنے کھڑی پاکیزہ چہرے اور بھیگی آنکھوں کے ساتھ سندس ان کے سامنے موجود تھی

سفید رنگ کے ڈریس میں وہ کسی ملکہ سے کم نہیں لگ رہی تھی

لیکن نبیلا بیگم کو اس حالت میں دیکھ کر سندس کا دل کٹ کر رہ گیا

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/
CLASSIC URDU MATERIAL

تناوش نے رونا شروع کر دیا تھا تو حیدر تناوش کو لے کر باہر کھلی فضا میں نکل گیا

تائی امی آپ یہاں کیسے ؟

وہ نم اواز میں پوچھنے لگی

نبیلا بیگم نے پہلے اسے اپنے گلے سے لگا لیا

اور کتنی ہی دیر وہ خاموشی سے روتی رہیں

سندس نے اس کے چہرے پر ندامت کے آثار دیکھے

تو اس کو برداشت نہیں ہوا

آپ رونا بند کریں پہلے!

انہیں اپنے ساتھ لگائے وہ اس کمرے سے باہر نکل آئی

اور کچھ ہی دیر میں نبیلا بیگم نے شروع سے لے کر آخر تک ہر بات اس کے گوش گزار کر دی

کے کس طرح اس پاک ذات نے انہیں آئینہ دکھایا

حیدر نے جو پیسے خرم کو سندس سے دور رہنے کے لیے دیئے تھے

یہ کہہ کر کے وہ خود اور نبیلا بیگم دونوں کبھی بھی سندس کی زندگی میں واپس نہیں آئیں گے

اور وہ پیسے خرم لے کر دبئی روانہ ہو گیا

پھر دبئی جانے کے دو ماہ بعد ہی اس نے اپنی ماں کو چھوڑ دیا

اور عفت (نبیلا بیگم کی بھانجی) کے ساتھ نکاح کر کے ہمیشہ کے لیے دبئی شفٹ ہو گیا

لیکن نبیلا بیگم کے پاس جو شوہر کا گھر تھا

وہ بھی خرم نے پاکستان سے فرار ہوتے وقت بیچ دیا تھا

یوں نبیلا بیگم دربدر ہو کر رہ گئیں

لیکن پچھلے چھ ماہ سے وہ اس شیلٹر میں رہ رہیں تھیں

ان کی ساری باتیں تفصیلاً سننے کے بعد سندس کے دل کے کئی ٹکڑے ہوئے

اس نے آج تک نبیلا بیگم کو کبھی بد دعا نہیں دی تھی

لیکن ان کے اپنے خون نے ان کے پیروں تلے زمین کھینچ لی تھی

سندس نے انہیں بے ساختہ خود میں بھینچ لیا۔

---

اچھا ابھی آپ رونا بند کریں میں آ گئی ہوں نا آپ کے پاس

آپ اپنی سندس کے پاس رہیں گی

وہ لہجے میں نرمی سموئے کہنے لگی

نبیلا بیگم اس سے الگ ہوئیں اور نفی میں سر ہلانے لگی

نہیں بیٹا!

میں اس لائک ہی نہیں کے تم مجھے عزت دو

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

میں جہاں ہوں وہیں ٹھیک ہوں

سہی کہتے ہیں خدا کے گھر دیر ہے پر اندھیر نہیں

میں نے ایک یتیم بچی کے ساتھ ہمیشہ زیادتی کی

اور اسی کا سبق مجھے سود سمیت اللہ پاک نے لوٹا دیا

وہ تلخی سے گویا ہوئیں

ایسا نہیں ہے تائی امی

آپ میرے لیے امی جیسی ہیں

میرا رب گواہ ہے

میں نے آج تک آپ کو بددعا نہیں دی

بڑوں سے بھی غلطیاں ہو جاتی ہیں کبھی کبھی

وہ انہیں اپنے ساتھ لگائے حیدر کو ڈھونڈتی لیزا کے پاس پہنچی

وہ جو ایک معزور بچے کو گود میں لیے مگن سی تھی

سندس کی آواز پر گردن گھما کر اسے دیکھنے لگی

جو کسی ادھیڑ عمر کی خاتون کو خود سے لگائے کھڑی تھی

لیزا تم نے حیدر کو کہیں دیکھا؟

وہ ادھر ادھر نگاہ دوڑا کر پوچھنے لگی

تھوڑی دیر پہلے وہ آفس کی جانب جا رہا تھا

لیزا نے عجیب نظروں سے نبیلا بیگم کو گھورتے جواب دیا

اچھا ٹھیک ہے

میں بھی وہیں جا رہی ہوں

سندس دھیمے مگر نرم گو لہجے سے کہتی آگے بڑھ گئی

یار بلکل کوئی گھٹیا قسم کے انسان ہو

کب سے گھورے جا رہے اس کو

بھولو مت وہی چڑیل ہے

جس نے بغیر کچھ سوچے سمجھے تمہیں چپیڑ دے ماری تھی

عمیر نے گاڑی کی بونٹ پر بیٹھتے شرارتی لہجے میں اسے چڑایا

یار کیوں بار بار وہی منحوس دن یاد دلاتے رہتے ہو

رات گئی بات گئی کے مصداق بھول جاؤ نا سب اور مجھے بھی بھولنے دو

ویسے بھی وہ لڑکی تھوڑی جنگلی ٹائپ ہے

عباد نے بالوں میں ہاتھ پھیرتے

منہ بسورتے کہا

بڑے ہی کوئی ڈرامے باز لڑکے ہو


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

حیدر کے سامنے تو گلا پھاڑ کر حامی بھر لی تھی

اب کیا ہوا؟

عمیر نے اس کے سر پر چپت مارتے کہا

وہ محبت ہے یار میری

تم نہیں سمجھ سکتے یہ سب

عباد نے لان کی جانب بڑھتے کہا

عمیر اور عباد کے علاوہ باقی سب شیلٹر ہوم دیکھنے گئے تھے

جب کے وہ دونوں وسیع و عریض سرسبز لان میں ہی مورچہ لگا کر بیٹھ گئے

مر گیا۔

عمیر کا ناگوار لہجہ اس کی سماعتوں سے ٹکرایا

عباد نے بھی گردن گھما کر پیچھے دیکھا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

عمیر نے مایا کو اپنی جانب آتے دیکھا

وہ اپنی تمام تر خوبصورتی اور سادگی سمیت اسے زہر سے کم نہیں لگی

گندمی رنگ چھوٹی کھڑی ناک شانوں تک آتے سلکی سیاہ بال

جھیل جیسی بڑی بڑی آنکھیں وہ گندمی رنگت کے باوجود بھی ایک عجیب سے کشش رکھتی تھی

اس کی آنکھیں مسمزائیر کر دینے کے لیے کافی تھی

فروزی رنگ کے نفیس سے ڈریس میں ملبوس وہ غضب ڈھا رہی تھی

عمیر نے اسے ایک نظر دیکھنے کے بعد اپنی پوری توجہ سیل فون کی اسکرین پر مرکوز کر کے بیٹھ گیا

جب کے عباد کے چہرے پر شیطانی سی چمک نمودار ہوئی ی

اسلام علیکم

آتے ساتھ ہی مایا نے دونوں پر سلامتی بھیجی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

وعلیکم اسلام!

مایا صاحبہ کوئی حکم؟

وہ عمیر کو تپانے کے لیے شرارتی لہجے میں گویا ہوا

مجھے حیدر سر نے بلایا تھا

کیا آپ مجھے بتا سکتے ہیں وہ اس وقت کہاں ہوں گے

مایا کی سریلی آواز عمیر کی کانوں میں کسی مدھر سی غزل کی طرح گونجی

لیکن پھر بھی بظاہر وہ سیل فون میں ہی مصروف رہا

سر آفس میں ہی ہوں گے

آئیں میں آپ کو ان کے پاس لے چلتا ہوں

عباد نے فوراً سے اپنی خدمات پیش کیں

مایا نے دھیمی مسکان لبوں پر سجا کر اسے آگے بڑھنے کا کہا اور ایک اچٹکتی نگاہ اس نے عمیر پر ڈالنا نہیں بھولی تھی

اور یہیں عمیر صاحب کے سارے دعوے دھرے کے دھرے رہ گئے

مایا کی آنکھوں کی مخصوص چمک اسے اپنے سحر میں جکڑنے میں کافی تھی

وہ اب گردن گھمائے خوبصورت مسکراہٹ عنابی ہونٹوں پر سجائے فرصت سے مایا کو اپنی آنکھوں کے سامنے سے اوجھل ہوتے دیکھتا رہا

!عمیر بیٹا تو گیا کام سے

دل نے بے ساختہ سرگوشی کی

وہ گڑبڑا کر لینڈ کروزر کے بونٹ سے اتر کر خود بھی عباد اور مایا کے پیچھے روانہ ہوا

شاید کی دل کی آواز اسے پسند نہیں آئی تھی


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

سندس نے گلاس ڈور دھکیلا

کمرے میں داخل ہوتے اس کے لبوں پر دلکش سی مسکراہٹ رینگ گئی

کمرے کا منظر دیکھ وہ حیرانگی اور جزباتی احساسات کے زیر اثر تھی

وہ اپنی مخصوص نشت پر بیٹھا تاوش کو اپنے سینے سے لپٹائے

مگن سا اپنی باربی کو کھلکھلانے میں مصروف تھا

گلاس ڈور کھلنے کی آواز پر وہ سر اونچا کر کے اپنی بیوی اور اس کے ساتھ کھڑی عورت کو بغور دیکھنے لگا

سندس کو دیکھ کر اس کی آنکھوں میں جو چمک نمودار ہوئی تھی

لیکن نبیلا بیگم کو دیکھنے کے بعد

مخصوص سی سرد مہری نے سنہری آنکھوں کو جکڑا

شاہ! میری تائی امی سے ملیں


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

وہ اس کے ہاتھوں سے تناوش کو لے کر گویا ہوئی ی

حیدر نے سخت نگاہوں سے پہلے اپنی شہزادی کو گھورا

لیکن وہ اسکی گھوریوں سے بے پرواہ نیبلا بیگم کے پاس جا کر کھڑی ہو گئ

تناوش اپنے باپ سے دور ہوئی ی

توماں کو منہ بسور کر دیکھنے لگی

اس کی کھلکھلاہٹ اب غائب ہو چکی تھی

وہ خاموش ہی رہا تو سندس نے تیکھی نگاہوں سے اسے گھورا

ایسے گھورنے سے کچھ حاصل نہیں ہو گا

تمہاری تائی امی ہے اس لیے اب تک ضبط کر رہا ہوں

ورنہ میں کس قدر بد تمیز ہوں تم اچھے سے جانتی ہو

چیئر سے کھڑے ہو کر اس نے سختی سے کہا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

لیکن شاہ۔۔۔۔

سندس نے کچھ کہنا چاہا پر اس نے ہاتھ بلند کر کے اسے کچھ بھی کہنے سے باز رکھا

چیئر کی پشت سے جیکٹ اٹھا کر روم سے باہر جانے لگا

سندس نے اس کا ہاتھ تھام لیا

وہ غصے سے اسے دیکھنے لگا جو التجائی نگاہوں سے اسے دیکھ رہی تھی

کیا کچھ نہیں تھا اس کی سیاہ پرکشش آنکھوں میں

منت، التجا، اور یقین

اسے پورا یقین تھا کے حیدر اس کی کوئی بات ٹال نہیں سکتا

حیدر نے اس کے ہاتھ سے بازو آزاد کروایا

اسلام علیکم مسز احتشام صاحبہ!

مرتا کیا نا کرتا کے مصداق اس نے نبیلا بیگم کو مخاطب کیا

بیٹا میں جانتی ہوں تمہاری بیوی کی گناہ گار ہوں

میں نے اس سے اپنے کیے کی معافی مانگ لی ہے

اور تم سے معذرت خواہ ہوں

تم جیسا شوہر اللہ پاک ہر لڑکی کے نصیب میں لکھے

یہ پاگل بہت خوش نصیب ہے تم جیسا لڑکا اس کا ہمسفر بنا

نبیلا بیگم کے لہجے میں سچائی تھی

بغیر کسی بناوٹی جملوں کے وہ حیدر کو اتنی بھی بری نہیں لگیں

لیکن پھر بھی وہ سندس کی طرح وسیع دل کا مالک نہیں تھا

وہ لوگوں سے جلد متاثر ہونے والا انسان ہی نہیں تھا

جب سندس نے آپ کو معاف کر دیا تو میں کیا کہہ سکتا ہوں

سندس پر بے تاثر نظر ڈال کر وہ سپاٹ لہجے میں کہنے لگا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

پلیز! شاہ

سندس نے اسے ٹوکا

جو دل میں آئے کرو لیکن مجھے فلحال اس سب سے دور رکھو

تمہاری فیلنگز سمجھ سکتا ہوں

اس لیے خاموش ہوں

انہیں بے شک اپنے ساتھ گھر لے کر چلو مجھے کوئی مسئلہ نہیں

یہی بات اگر تم سیدھے طریقے سے کہہ دیتی تو بھی میں مان جاتا

وہ سندس پر ایک غلط نگاہ ڈالتا مخصوص سخت لہجے میں کہتا

کمرے سے باہر چلا گیا

سندس نے تاسف سے اسے جاتے دیکھا

سر! مایا میڈم آپ سے ملنے آئی ہیں

عباد ایک دم سے اسے کے سامنے آکر کھڑا ہو گیا

اس نے ناگوار سی نظر عباد پر ڈالی

!اسلام علیکم سر

مایا نے بھی اپنا حصہ ڈالا

وعلیکم۔اسلام

عباد تم اپنی بھابی اور لیزا کو لے کر گھر پہنچو

اور مایا تم عمیر کے ساتھ آجانا

باقی کی باتیں گھر پر ہی ہوں گی

آنکھوں پر گلاسس لگاتا وہ مختصر بولا

عباد نے ایک بھرپور نظر اس کے سپاٹ چہرے پر ڈالی


Do not copy or distribute without permission of the author
For More Novel Please Visit Our Website
www.classicurdumaterial.com

تھوڑی دیر پہلے تک وہ تناوش کے ساتھ زندگی سے بھرپور قہقہے لگا رہا تھا

اور اب کچھ ہی لمحوں میں وہ تین سال پہلے والا حیدر شاہ بن گیا تھا

اپنی بات مکمل کرنے بعد وہ رکا نہیں تھا

کیا کہا حیدر نے؟

عمیر بھی تب تک ان کے پاس ہی پہنچ گیا اس لیے پیچھے مڑ کر حیدر کی پشت کو گھورنے کے ساتھ ساتھ وہ استفسار بھی کر رہا تھا

مجھے تو لگتا ہے پھر سے کوئی بڑی گڑبڑ ہوئی ہے

لیکن خیر فلحال ان سب باتوں کو چھوڑو تم مایا کو لے کر گھر پہنچو میں بھی بھابھی کو لے کر پہنچتا ہوں

عباد کہتے ساتھ ہی واپس مڑ گیا

مایا نے چور نگاہ اس کے بے تاثر چہرے پر ڈالی

!آجائیں

گھمبیر لہجے میں اس نے مایا سے کہا

تو وہ بھی سر ہلا کر چل دی

حیدر چاہتا ہے ہماری شادی ہو جائے

آپ کا کیا جواب ہے اس معاملے پر

اس کی توجہ کار ڈرائیو کرنے پر مبزول تھی

مجھے کوئی اعتراض نہیں

مایا نے شرمگیں لہجے میں جواب دیا

آپ آج زیادہ بول نہیں رہی ہیں

اس کی زبان سے بے ساختہ پھسلا

پتا نہیں کیوں آپ کے آگے میری بولتی بند ہو جاتی ہے

مایا نے بیچارگی سے کہا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

عمیر کو خوش گوار حیرت ہوئی ی

لیکن وہ خاموش رہا

ان شاءاللہ اب تب ہی ملاقات ہو گی

جب آپ مایا میرے سے مایا عمیر کا خطاب حاصل کر چکی ہوں گی

مایا کے گھر کے آگے لینڈ لروز رروکتے اس نے نرمی سے کہا

مایا پیاری سی مسکراہٹ لبوں پر سجائے گھر کے اندر داخل ہوئی ی

حیدر کے علاوہ باقی سب شاہ مینشن پہنچ گئے تھے

لیکن وہ جو دھڑلے سے اپنا حکم سب پر صادر کرتا چلا گیا تھا

ابھی تک دور دور تک اس کے آنے کے کوئی آثار نہیں تھے

سندس تناوش کو سُلا دینے کے بعد نبیلا بیگم کے پاس آکر بیٹھ گئ

نبیلا بیگم کھوئی کھوئی سی تھی

تائی امی کیا سوچ رہی ہیں آپ؟

اس نے آہستگی سے دریافت کیا

میں کب سے انتظار کر رہی ہوں

تمہارے بڑے ابو کا

وہ ابھی تک مجھے دکھائی نہیں دیے کہاں پر ہیں وہ؟

ان کے لہجے میں ندامت تھی

سندس کی آنکھیں بھر آئی

اس نے بہت مشکل سے خود کو قابو کیا

تائی امی!

بڑے ابو اب اس دنیا میں نہیں رہے


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

آخر میں اس کی آواز بھیگ گئی

نبیلا بیگم نے بے یقینی سے اس کی جانب دیکھا

جیسے پوچھنا چاہ رہی ہو

یہ کیسا مذاق کر رہی ہو سندس

لیکن ان کی آنکھوں میں رقم تحریر پڑھ کر سندس کا دل کٹ سا گیا

آپ دعا کریں اللہ پاک انہیں جنت میں اعلیٰ مقام عطا فرمائیں

اس نے آنسوؤں پر بند باندھتے کہا

یہ کیسی باتیں کر رہی ہو سندس!

انہوں نے اسے بری طرح جھڑکا

سچ کہہ رہی ہوں تائی امی!

اس نے اس بار آنسوؤں پر بند نہیں باندھے تھے

لیکن وہ مجھے اتنی بڑی سزا کیسے دے سکتے ہیں؟

مجھے معافی تلافی کرنے کا موقع دے دیتے

نبیلا بیگم نے روتے ہوئے کہا

سندس سے برداشت نہیں ہوا تو وہ انہیں خاموش کروانے میں لگ گئی

حیدر بھی اسی وقت کمرے میں داخل ہوا

اچٹتی نگاہ سندس پر ڈالتا

وہ کمرے سے واپس ہو لیا

جاؤ بیٹا!

اسے کوئی کام ہو گا

نبیلا بیگم نے اس کے چہرے کو ہاتھوں کے پیالے میں بھرتے کہا

سندس نے بھی فلحال انہیں تنہائی فراہم کرنا ضروری سمجھا تو کمرے سے باہر نکل گئی

کمرے میں داخل ہوتے ہی سندس نے محبت پاش نگاہوں سے اسے دیکھا

بیڈ پر آڑا ترچھا لیٹا وہ ناراضگی کا اظہار بھرپور انداز میں کر رہا تھا

ناراض ہیں ؟

وہ اس کے قریب بیٹھتے بولی

دوسری جانب خاموشی تا حال رہی

شاہ !

وہ منہ بسورتے گویا ہوئی

مجھے تنگ نہیں کرو اور جاؤ یہاں سے

سرد مہری اور سخت گیر لہجے میں کہا

گیا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

کہیں نہیں جا رہی میں

اور جب ایسے ہی اکتا جانا تھا تو شادی ہی نہیں کرتے نا

سندس نے تلخ انداز اختیار کیا

!میرا دماغ خراب نہیں کرو سندس

اس کی سخت آواز سندس کو زخمی کرنے کے لیے کافی تھی

آپ مجھ سے اس طرح کبھی بات نہیں کرتے

لیکن شاید شادی کو وقت زیادہ ہو گیا ہے

آپ کا اکتاہٹ کا اظہار کرنا بنتا ہے

وہ استہزائیہ لہجے میں کہتی اٹھ کھڑی ہوئی

بیٹھ جاؤ واپس

اس نے حکم صادر کیا

وہ خاموشی سے بیٹھ گئی

آئندہ اگر کوئی بھی فضول گوئی کی تو پھر پڑے گی ایک الٹے ہاتھ کی

اس کے سامنے بیٹھتے وہ سنجیدگی سے بولا

تم مجھے تھپڑ مارو گے؟

اس کی آنکھیں پھیلی

جی بلکل میں انسان سے زیادہ حیوان ہوں

تو مجھ سے اچھائی کی زیادہ امید رکھنا بچکانی حرکت ہے

اس نے کندھے اچکائے

مجھے یقین نہیں آرہا

سندس نے اس کا ہاتھ تھامتے کہا

عمل کر کے دیکھا دوں پھر شاید آجائے یقین بھی

حیدر نے اسی کی انداز میں جوابی کاروائی کی

جائیں میں بات نہیں کرتی آپ سے

سندس نے اس کا ہاتھ چھوڑتے کہا

وہ کب تک یہاں رہیں گی؟

اس کا اشارہ کس کی جانب تھا سندس کو سمجھنے میں ایک سیکنڈ نہیں لگا

کیا وہ ہمیشہ ہمارے ساتھ نہیں رہ سکتیں؟

سندس نے سوال برائے سوال ہی کیا

اور ایسا کیوں ہو گا؟

اس نے بے زاری کا اظہار کیا

کیونکہ پرنسز اپنے پرنس سے التجا کر رہی ہے

ایک آخری التجا حیدر پلیز!


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اس نے متلجی لہجے میں کہا

اس بار حیدر نے کوئی جواب نہیں دیا

شاہ!

ٹھیک ہے میں کہہ دیتی ہوں

تائی امی سے کے وہ واپس چلی جائیں

اس نے زبردستی مسکراہٹ لبوں پر سجالی

'انہوں نے تمہارے ساتھ بہت غلط کیا تھا سندس

وہ جب بولا تو آنکھیں اور چہرہ بے تاثر تھے

لیکن میں انہیں معاف کر چکی ہوں

سندس بضد تھی

ہممممم۔۔اوکے


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

اس کے ہمممم اوکے ست مراد تھی کے جیسے تمہیں ٹھیک لگے

سندس نے اس کی سنہری بال بگاڑے اور محبت پاش نگاہوں سے اس کی جانب دیکھنے لگی

ایسے دیکھنا بند کرو اب

وہ چِڑھ کر بولا

سندس نے ہنسی کو لبوں پر اور گہرہ کیا

حیدر نے اسے گھورا پر پرواہ کسے تھی؟

www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

آج لیزا عباد اور عمیر مایا

کا ولیمہ تھا

لیزا کی خواہش پر سب نے ہی سیاہ رنگ کی تھیم سلیکٹ کی تھی

سندس نے پاؤں تک آتا گولڈن اور سیاہ امتزاج کا ڈریس زیب تن کر رکھا تھا

حیدر بھی سیاہ ڈنر سوٹ میں کسی ریاست کا شہزادہ معلوم ہو رہا تھا

عباد نے سیاہ پینٹ کوٹ پر سفید شرٹ زیب تن کر رکھی تھی

عمیر بھی عباد کی طرح سیاہ پینٹ کوٹ پر سفید شرٹ میں وجیہہ اور خوش دکھائی دے رہا تھا

عمیر اور عباد کے کپڑے حیدر نے اپنی پسند سے لیے تھے

اسی طرح لیزا اور مایا کے ڈریس بھی ایک ہی جیسے تھے

تقریب بڑے پیمانے پر منعقد کی گئی تھی

عباد اور عمیر اپنی بیگمات کے ساتھ خوش گپیوں میں مصروف تھے

وہ سندس کے ساتھ تناوش کو اٹھائے ایک جانب کھڑا تھا

اسی وقت خارجی دروازے سے سندس کی دوست ثناء اپنے شوہر ارسلان کے ساتھ حال میں داخل ہوئی ی

سندس کا چہرہ گلنار ہونے لگا

وہ تیزی سے ثناء کی جانب لپکی

حیدر اپنی جگہ پر کھڑا گہری نگاہوں سے اس کی بے صبری کو دیکھ رہا تھا

وہ سوچ رہا تھا اگر سندس یوں دوڑ کر ثناء کے پاس نہیں جاتی تو کیا وہ دونوں آپس میں مل نہیں سکتی تھیں

لیکن اپنی سوچ پر وہ خود بھی مسکرا دیا

سندس ثناء کا ہاتھ تھامے اس کے پاس آ گئی

اسلام علیکم بھائی!

ثناء نے شائستگی سے سلام کیا

وعلیکم سلام!

دھیمی مسکان عنابی لبوں پر سجا کر جواب دیا گیا

آپ نے تو میری دوست کو غائب ہی کر دیا تھا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

ناچاہتے ہوئے بھی ثناء کی زبان پر شکوہ در آیا

آپ کی دوست خوبصورت ہی اتنی تھی دیکھتے ہی دل ہار بیٹھا تھا

وہ سنجیدگی سے گویا ہوا

سندس نے بے ساختہ اس کی سنہری آنکھوں میں دیکھا

لیکن سنہری آنکھوں میں مخصوص سی چمک تھی

سندس کی آنکھیں بھیگنے لگیں

جب کے ثناء کو ارسلان نے بُلایا تو وہ اس کے پاس چلی گئی

سندس آپ سے محبت نہیں بلکے عشق کرتی ہے شاہ!

اس کی آنکھوں میں آنکھیں گاڑھ کر سندس نے کہا

میں جانتا ہوں مائن لائف لائین!

اس کو اپنے حصار میں لے کر وہ جان لیوا مسکراہٹ کے ساتھ بولا


*Do not copy or distribute without permission of the author*
*For More Novel Please Visit Our Website*
**www.classicurdumaterial.com**

تناوش کے گال کو چومتے سندس نے حیدر کو سیلفی لینے کا کہا

وہ اس کی عجیب خواہش سن کر اپنے قیمتی سیل فون کا فرنٹ کیمرہ آن کر کے سیلفی کھینچنے لگا

تناوش اب سندس کے پاس تھی

وہ دونوں اس کے مضبوط حصار میں کھلکھلا رہی تھیں

لیزا نے تینوں کو دیکھا

گہری مسکراہٹ اس کے لبوں پر نمودار ہو کر معدوم بھی ہو گئی

اور تناوش کی معصوم حرکتوں سے دونوں ہی محظوظ ہو کر ہنس رہے تھے

کچھ ہی دیر میں گروپ فوٹو سیشن کا شور اٹھا تو وہ تینوں بھی اسٹیج کی جانب بڑھے

دور افق پر چاند بھی

آج بے حد خوش دکھائی دے رہا تھا

ہوائیں گنگناتی پھر رہی تھیں

CLASSIC URDU MATERIAL
www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/

کیونکہ دو محبت کرنے والے ایک ہو چکے تھے

دونوں کی زندگی میں اب صرف و صرف خوشیوں کا ہی راج تھا

ختم شد

CLASSIC URDU MATERIAL
www.classicurdumaterial.com
support@classicurdumaterial.com
https://www.facebook.com/ClassicUrduMaterial/